تذکارِ
شاہ امین

بہاول نگر میں سلسلہ سہروردیہ کی صوفیانہ روایت

حسن نواز شاہ

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

تذکارِ
شاہِ امین

بہاول نگر میں سلسلہ سہروردیہ کی صوفیانہ روایت، برصغیر میں سہروردیہ غزنویہ
کی مختصر تاریخ اور سہروردیہ غزنویہ سلسلے کے مرشد طریقت،
خواجہ صوفی محمد امین شاہ مدظلہ العالی کے احوال وتعلیمات کا تذکرہ

ذخیرہ محمد اقبال مجددی

حسن نواز شاہ

مخدومہ امیر جان لائبریری نڑالی

Marfat.com

13712 2

۲۹۷.۴۲

ش ا ہ   شاہ، حسن نواز (پ: یکم جنوری ۱۹۷۲ء)

تذکار شاہِ امین/حسن نواز شاہ

نڑالی: مخدومہ امیر جان لائبریری، مارچ ۲۰۱۴ء، ۳۱۲صفحات

۱-تذکرہ

۲-تصوف-سلسلہ سہروردیہ   ۳-بہاول نگر-جنوبی پنجاب

ISBN: 978-969-9928-01-7

سلسلہ اشاعت (۲)

TAZKAR-E SHAH-E AMIN/

HASAN NAWAZ SHAH.- NARALI: MAKHDUMA AMIR-JAN

LIBRARY,MARCH.2014, 312PP,SERIES OF PUBLICATION(2)

ISBN: 978-969-9928-01-7

سرورق: سید شاکر القادری

طبع اول: مارچ ۲۰۱۴ء

ناشر: مخدومہ امیر جان لائبریری، نڑالی/گوجر خان

قیمت: پانچ صد (۵۰۰) روپے

دست یابی کا پتا:

۱مخدومہ امیر جان لائبریری

بہ مقام وڈاک خانہ، نڑالی، تحصیل: گوجر خان، ضلع: راول پنڈی، پاکستان

۲شاہ رضوان اختر سہروردی، منڈی صادق گنج، تحصیل: منچن آباد، ضلع: بہاول نگر

صوتی رابطہ: +92-300-5174010:+92-300-7640087

برقی پتا: suhraward@yahoo.com

Marfat.com

''صوفی کو اپنا راز فاش نہ کرنا چاہیے۔ کشف و کرامت بتلانا ہلکی ہے۔ غیب کا حال بتلانا منجمی ہے۔ راز فاش کرنا دیوانہ پن ہے۔ دعا کرنا لجاجت اور صبر کرنا جہاد ہے۔ ایثار کرنا دوستی ہے۔ خلق سے منت کرنا مفلسی ہے۔ تصوف میں تصرف کی طرف متوجہ ہونا کافری ہے۔'' (سید جلال الدین حسین ملقب بہ مخدوم جہانیاں جہاں گشت)(۱)

---☆☆☆---

ہم باسی اس دیس کے، جہاں پار برہم کا کھیل
دیپک جرے اگم کا، بن باتی بن تیل
ہم باسی اس دیس کے، جہاں جاتی برن کل ناہیں
شبد ملاوا ہوئے رہا، دیہہ ملاوا ناہیں

(کبیر داس)(۲)

Marfat.com

حوالہ جات

۱۔ سلطان پوری، تاج الدین احمد سیاہ پوش، مرتب، مقرر نامہ، خطی، حیدر آباد دکن، آصفیہ سنٹرل لائبریری، ۱۴ رجب ۱۱۵۹ھ، ۵۷۷ تصوف، ص ۲۹

۲۔ شانتی سیٹھی، کبیر صاحب، امرت سر، رادھا سوامی ست سنگ بیاس، ۱۹۹۳ء، اول، ص ۳

Marfat.com

انتساب

دادی صاحب

مخدومہ امیر جان

کے نام

ھے گن وتی بیلاری! تو گن برن نہ جائے

(کبیر داس)*

---

* [illegible] کبیر و چناولی [illegible] ۱۹۹۰ [illegible]

Marfat.com

بہ یاد

پھوپھا صاحب
خواجہ صوفی لعل محمد شاہ

(۸ ستمبر ۱۹۳۰-۶ نومبر ۲۰۱۳ء، حیدرآباد)

عمِ طریقت
صوفی سائیں محمد شاہ

(۱۹۳۲-۱۱۲ اکتوبر ۲۰۱۲ء، ٹھٹھہ سرداراں/ضلع: حافظ آباد)

مرتے مرتے جگ موا، اورس موا نہ کوئے
داس کبیرا! یوں موا، بُہر نہ مرنا ہوئے
(کبیر داس) *

* ہری اودھ، کبیر وچناولی، ص ۷۶

Marfat.com

فہرست

پیش لفظ	۱۵
مقدمہ	۱۹
حوالہ جات وحواشی	۳۰

باب اول

شیخ الاسلام میر سید نور الدین مبارک غزنوی	۳۳
میر سید نظام الدین غزنوی	۴۰
میر سید نجم الدین قلندر غوث الدہر	۴۱
شیخ قطب الدین بینادل سر انداز غوثی	۴۲
میر سید فضل اللہ عرف سید گوسائیں	۴۲
میر سید محمود بہاری	۴۲
میر سید نصیر الدین بہاری	۴۲
میر سید تقی الدین	۴۲
میر سید نظام الدین	۴۳
میر سید اہل اللہ	۴۳
میر سید دیوان محمد جعفر قطبی	۴۳
میر سید خلیل الدین	۴۳
مخدوم شاہ محمد منعم	۴۳
مخدوم شاہ حسن علی	۴۴
حکیم فرحت اللہ شاہ ونی طب بہ حسن دوست	۴۶
حکیم شاہ مظہر حسین	۴۷
شاہ محمد مہدی فاروقی	۴۸

Marfat.com

شاہ امداد علی بھاگل پوری	۴۸
شیخ العارفین شاہ محمد مخلص الرحمان ملقب بہ جہاں گیرشاہ	۴۹
فخر العارفین شاہ محمد عبدالحئی جہاں گیری	۵۱
شاہ محمد نبی رضا خاں ملقب بہ اسد جہاں گیری ومعروف بہ دادا میاں	۵۷
شاہ محمد عنایت حسن خاں	۵۹
سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ	۶۰
خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ	۶۱
حوالہ جات وحواشی	۷۵

باب دوم

خاندانی پس منظر	۹۰
والدین	۹۰
مولد	۹۲
ولادت	۹۴
تعلیم/ہجرت	۹۴
سید روشن علی شاہ مداری	۹۷
فکر معاش	۱۰۳
شادی	۱۰۵
اولاد	۱۰۵
حوالہ جات وحواشی	۱۰۶

باب سوم

بیعت طریقت	۱۰۸
مجاہدات	۱۱۰
خلافت	۱۱۰
صوفی اور شاہ کے القابات کا پس منظر	۱۱۱
من تو شدم تو من شدی	۱۱۳
بیعت لینے کا آغاز	۱۱۵

Marfat.com

اسفار ۱۱۹

ذوق مطالعہ ۱۲۱

بیٹھک ۱۲۲

زبان خلق ۱۲۳

ذوق سماع ۱۲۴

معاصرین

خواجہ صوفی ملک امان شاہ معروف بہ لالا صاحب ۱۳۵

خواجہ صوفی محمد نواز شاہ ۱۳۷

صوفی ولی محمد شاہ ۱۳۹

صوفی ڈاکٹر محمد اقبال جمیل شاہ ۱۴۰

صوفی حشمت علی شاہ ۱۴۴

صوفی بشیر احمد شاہ ۱۴۵

صوفی محمد یاسین شاہ ۱۴۵

خواجہ صوفی لعل محمد شاہ ۱۴۶

سجادہ نشین و خلفائے کرام

☆ - سجادہ نشین صاحبزادہ شہزاد فرید شاہ ۱۵۰

روہانہ (تحصیل: منچن آباد/ضلع: بہاول نگر)

☆ - صوفی سعید احمد شاہ ۱۵۰

رینالہ خرد (ضلع: اوکاڑہ)

☆ - صوفی محمد صادق شاہ ۱۵۰

مرزے کا (تحصیل: منچن آباد/ضلع: بہاول نگر)

☆ - صوفی محمد عارف شاہ ۱۵۰

☆ - صوفی غلام حسین شاہ ۱۵۱

منڈی صادق گنج

☆ - صوفی نعمان اختر شاہ ۱۵۱

☆ - صوفی محمد ارشد شاہ ۱۵۱

Marfat.com

☆ -صوفی امجد حسین شاہ ۱۵۱
☆ -صوفی محمد حسین شاہ ۱۵۲
☆ -صوفی اشفاق احمد شاہ ۱۵۲
☆ -صوفی محمد عمران شاہ ۱۵۲
☆ -صوفی ارشد ندیم شاہ ۱۵۲
☆ -صوفی محمد عمران شاہ ۱۵۲
☆ -صوفی محمد خان شاہ ۱۵۳
☆ -صوفی محمد آصف شاہ مرحوم ۱۵۳
☆ -صوفی محمد ساجد شاہ ۱۵۳
☆ -صوفی پرویز اختر شاہ ۱۵۳
☆ -صوفی محمد حنیف شاہ ۱۵۴
☆ -صوفی عبدالرشید شاہ ۱۵۴
☆ -صوفی دل شاد اختر شاہ ۱۵۴
☆ -صوفی فقیر حسین شاہ ۱۵۴
☆ -صوفی محمد سجاد شاہ ۱۵۴
☆ -صوفی محمد مصطفا شاہ ۱۵۴
☆ -صوفی محمد اسماعیل شاہ ۱۵۵
☆ -صوفی محمد سرفراز شاہ ۱۵۵
ہارون آباد (ضلع: بہاولنگر)
☆ -صوفی محمد وکیل شاہ ۱۵۵
☆ -صوفی مظہر فرید شاہ ۱۵۵
☆ -صوفی محمد آصف شاہ ۱۵۵
حوالہ جات وحواشی ۱۵۶

باب چہارم
افکار و تعلیمات ۱۶۶
تفہیم قرآن ۱۶۶

Marfat.com

امام عالی مقام، پیکر تسلیم و رضا ۱۶۶
سب کی مانگے خیر ۱۶۷
تصوف و صوفی ۱۶۹
کبیر داس و گورو نانک ۱۶۹
جمہوریت یا بادشاہت ۱۷۰
سفر العشق یعنی قصہ سیف الملوک ۱۷۰
موسیقی ۱۷۰
عشق نہ دیکھے این وآں ۱۷۱
سجدۂ تعظیمی ۱۷۱
زہد و تقویٰ چیست اے مرد فقیر! ۱۷۲
چیدہ و چنیدہ ۱۷۲
ارشادات ۱۷۷
مکتوبات ۱۸۰
مناقب ۱۸۵
اختتامیہ ۱۹۹

مکتوبات

☆ - خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ ۲۰۲
☆ - سجادہ نشین، صوفی محمد عظمت اللہ شاہ ۲۰۴
☆ - صاحب زادہ محمد حبیب اللہ شاہ ۲۰۷
☆ - صوفی محمد اقبال جمیل شاہ ۲۰۸

نامے میرے نام

☆ - ڈاکٹر مختار الدین احمد ۲۱۲
☆ - ڈاکٹر محمد اختر چیمہ ۲۱۳
☆ - ڈاکٹر منیر الدین احمد ۲۱۵
☆ - ڈاکٹر عارف نوشاہی ۲۱۷

Marfat.com

ضمیمہ جات

ضمیمہ-الف/سہروردیہ غزنویہ	۲۲۱
ضمیمہ-ب/سہروردیہ	۲۲۲
ضمیمہ-ج/قادریہ	۲۲۳
ضمیمہ-د/کبرویہ فردوسیہ	۲۲۵
ضمیمہ-ہ/چشتیہ صابریہ	۲۲۶
ضمیمہ-و/چشتیہ نظامیہ	۲۲۸
ضمیمہ-ز/شطاریہ	۲۳۰
ضمیمہ-ح/ابوالعلائیہ نقش بندیہ	۲۳۱
ضمیمہ-ط/مجددیہ نقش بندیہ	۲۳۲
ضمیمہ-ی/شاذلیہ	۲۳۳
ضمیمہ-ک/عیدروسیہ مدینیہ	۲۳۴
ضمیمہ-ل/قلندریہ	۲۳۶
ضمیمہ-م/مداریہ	۲۳۷
ضمیمہ-ن/رفاعیہ	۲۳۸
ضمیمہ-س/مطبوعہ کتب میں چچا صاحب کا ذکر	۲۴۰
ضمیمہ-ع/اشعار دکتر محمد حسین تسبیحی ''رہا''	۲۴۰
ضمیمہ-ف/غزل، تضمین (میر قاتل شاہ-میر فرزند علی علوی)	۲۴۱
ضمیمہ-ص/باباصاحب کے لیے (مبشر سعید)	۲۴۵
ضمیمہ-ق/غزلیات (یوسف عسکری)	۲۴۸
ضمیمہ-ر/مکتوب راقم	۲۵۱
استدراک	۲۵۵
کتابیات	۲۵۹
قطعۂ تاریخ/میاں فضل فرید لالیکا	۲۶۸
عکس ہائے کتب و دستاویزات	۲۶۹
تصاویر	۲۸۹

Marfat.com

پیش لفظ

بابا صاحب (حضرت والد گرامی) کے برادر خرد ولادت کے بعد دو دن ہی زندہ رہ پائے، مگر فطرت نے انھیں دو ایسے دوست عطا کئے کہ یہ تینوں حضرات ہمیشہ یک جان سہ قالب بنے رہے۔ ان تینوں میں سے ایک لالا صاحب (خواجہ صوفی ملک امان شاہ معروف بہ لالا صاحب) جن کا مزار نواکلی کوئٹہ میں ہے اور دوسرے چچا صاحب (خواجہ صوفی محمد امین شاہ مدظلہ العالی، منڈی صادق گنج /ضلع: بہاول نگر)۔ گو یہ دونوں بزرگ بابا صاحب کے پیر بھائی اور دوست تھے لیکن ان کا آپسی پیار ہمیشہ بھائیوں جیسا ہی رہا بلکہ اس سے کچھ زیادہ ہی تھا۔ ہم تینوں بہن بھائی ایک کو تایا جی اور دوسرے کو چچا جی کہتے اور سمجھتے ہیں۔ اور اس کا کبھی شمہ بھر بھی احساس نہیں ہوا کہ ان بزرگوں کے ساتھ ہمارا کوئی خونی رشتہ نہیں۔

میں بچپن سے اب تک ان تینوں بزرگوں کے باہمی اخلاص و اعتماد، اتفاق و اتحاد، اور انس و احترام کا مشاہدہ کرتا چلا آیا ہوں۔ لالا صاحب سے میری بہت کم ملاقاتیں رہیں، وہ ہم سب بہن بھائیوں پہ بہت شفقت فرماتے تھے۔ اگرچہ ان کا رویہ بھی ہم سے بہت دوستانہ تھا لیکن ایک تو ان کے شخصی رعب اور بزرگی کے سبب، دوسرے تعلیمی مصروفیات کی وجہ سے، کم از کم میرا ان سے کوئی مفصل مکالمہ نہیں ہو پایا۔ وہ جب بھی گانو تشریف فرما ہوتے، حال احوال دریافت فرماتے، سر پہ دست شفقت رکھتے اور کوئٹہ سے ہمارے لیے لائے گئے پھلوں کے بڑے بڑے پیکٹ ہمارے حوالے کر دیتے۔ جاتے ہوئے کورے کورے نوٹ ہمارے نہ نہ کرنے کے باوجود ہمیں تھما کے چل دیتے۔ یہاں تک کہ ۱۹۹۱ء میں انھوں نے عالم خاک و باد کو خیرباد کہہ دیا۔

چچا صاحب کے ساتھ بھی تفصیلی مکالمات لالا صاحب کی وفات کے بعد ہی شروع ہوئے۔ ۱۹۹۵ء میں بابا صاحب کے ہمراہ لالا صاحب کے عرس میں دوسری بار شریک ہونے کا اتفاق ہوا۔ منڈی صادق گنج سے چچا صاحب بھی وہاں تشریف لائے۔ عرس کی تقریبات سے فراغت پر منڈی صادق گنج جانے کا پروگرام بن گیا۔ کوئٹہ سے بہاول پور تک ریلوے کے سفر میں بابا صاحب اور چچا صاحب کے باہمی مکالمے سے استفادہ کا موقع ملا۔ اسی سفر میں پہلی بار چچا صاحب سے کھل کے بات کرنے کا اتفاق بھی ہوا۔ ہم بہاول پور سے بذریعہ روڈ پہلے بہاول نگر اور اس کے بعد منڈی صادق گنج پہنچے۔ مجھے پہلی بار چچا صاحب کی جائے سکونت کو دیکھنے کا اتفاق ہو رہا تھا۔ منڈی میں ان کی

Marfat.com

دن ہمارا قیام رہا، اس دوران وہاں گزارا گیا وقت کئی پہلوؤں سے یادگار رہا تب سے اب تک چچا صاحب سے درجنوں بار تفصیلی مکالمات کا شرف حاصل رہا. انھوں نے بہ طور چچا ہمیشہ اپنی شفقتوں سے نوازا. **گوجرخان کے سہروردی مشایخ** میں بابا صاحب کے احوال حیات کی اشاعت کے بعد، اب چچا صاحب کے حالات زندگی اور اس کے بعد لالا صاحب کی احوال و تعلیمات پر مشتمل تذکروں کی ترتیب و اشاعت دراصل ان تینوں بزرگوں کی باہمی دوستی اور یگانگت کی نذر ایک ہدیۂ تبریک ہے. گر قبول افتدز ہے عز و شرف

(II)

گوجرخان کے سہروردی مشایخ شایع ہوئی تو سب سے پہلے بابا صاحب (خواجہ صوفی محمد نواز شاہ مدظلہٗ العالی) کے حضور اس کا نسخہ پیش کیا گیا اور کتاب کا دوسرا نسخہ بہ ذریعہ ڈاک چچا صاحب مدظلہٗ العالی کی خدمت میں بھجوادیا. ارادہ تھا کہ کچھ دن آرام کے بعد نو دریافت اردو مثنوی **گلزارِ محبت** اور **تذکرہ لالا صاحب** (خواجہ صوفی ملک امان شاہ معروف بہ لالا صاحب) کو مکمل کروں گا لیکن صاحب! آرام کہاں؟ بنا کسی وقفے کے دونوں کتب پہ کام شروع ہوگیا. اس بات کو چند دن ہی گزرے ہوں گے کہ ایک دن بیٹھے بیٹھے خیال آیا، بابا صاحب کی سوانح حیات کا خلاصہ **گوجرخان کے سہروردی مشایخ** میں چھپ چکا اور لالا صاحب کے تذکرے پہ بھی کام جاری ہے، کیوں نہ چچا صاحب کی سوانح حیات کو بھی قلم بند کردیا جائے. اس خیال کو برادر عزیز شاہ رضوان اختر سہروردی کے آگے رکھا تو انھوں نے امنا و صدقنا کے مصداق مواد کی فراہمی میں دن رات ایک کردیا اور یوں تقریباً تین ماہ میں یہ منصوبہ پایۂ تکمیل کو پہنچا.

گو اس تذکرے کی باقاعدہ ابتدا و تکمیل گذشتہ تین ماہ میں ہوئی، لیکن اس کا آغاز ۲۰۱۰ء میں ہی ہوگیا تھا. وہ یوں کہ چچا صاحب، ہر سال سلسلہ سہروردیہ غزنویہ کے بزرگ مخدوم حکیم فرحت اللہ شاہ مخاطب بہ حسن دوست کا عرس مناتے ہیں. ۲۹ نومبر ۲۰۱۰ء کو میں عرس میں شرکت کے لیے منڈی صادق گنج پہنچا. عرس اگرچہ ۵ تا ۶ دسمبر کو ہونا تھا مگر ہفتہ بھر قبل پہنچنے کی خاص وجہ یہ بھی تھی کہ مجھے چچا صاحب کا ایک طویل انٹرویو کرنا تھا نیز اس علاقے میں بابا صاحب اور لالا صاحب کی مصروفیات سے متعلق معلومات جمع کرنا تھیں. راقم نے چچا صاحب کا مختلف اوقات میں ایک طویل انٹرویو لیا. انٹرویو کے اس حصے میں جہاں راقم نے ان کے ذاتی احوال کے سلسلے میں سوالات کیے، ان میں سے ایک سوال کے جواب میں انھوں نے بتایا: قرآن پاک اور بنیادی دینی تعلیم

Marfat.com

انھوں نے سید روشن علی شاہ سے حاصل کی. اب اگلا سوال یہ تھا کہ یہ بزرگ کون ہیں؟ تو اس کے جواب میں انھوں نے بتایا کہ سید روشن شاہ کا تعلق سلسلہ مداریہ سے تھا.

اب بہاول نگر کے علاقے میں مداریہ سلسلے کے درویش کی ماضی قریب میں موجودگی میرے لیے حیران کن بھی تھی اور دلچسپی کا باعث بھی. میں نے چچا صاحب اور دیگر حضرات سے سید روشن علی شاہ مداری کی زندگی کے کوائف جمع کیے. سید روشن شاہ چوں کہ ہرن والا کے سکول میں پڑھاتے بھی رہے تھے اس لیے دوسرے ہی دن سکول کے رکارڈ سے ان کی ملازمت کا دورانیہ معلوم کرنے گورنمنٹ مڈل سکول ہرن والا پہنچا. سکول میں دیگر رکارڈ کے ساتھ رجسٹر داخل خارج بھی منگلوایا کیوں کہ میں چچا صاحب کی تاریخ ولادت کی بھی پڑتال کرنا چاہتا تھا. انٹرویو کے دوران تاریخ ولادت کے سوال پہ انھوں نے شناختی کارڈ دکھایا، جس پہ سال ولادت ۱۹۳۴ء درج تھا. چچا صاحب چوں کہ بابا صاحب سے عمر میں چھوٹے ہیں اور بابا صاحب کی تاریخ ولادت ۱۰ دسمبر ۱۹۳۶ء ہے، اس صورت میں سال ولادت ۱۹۳۴ء کسی صورت بھی صحیح نہیں ہو سکتا تھا.

خیر! جب رجسٹر داخل خارج کو دیکھنا شروع کیا تو ایک صفحے پہ چچا صاحب کی تاریخ ولادت ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء درج تھی اور دیگر صفحات پر بھی مذکورہ بالا تاریخ ہی مرقوم تھی. واپسی پہ چچا صاحب کی خدمت میں ان کی صحیح تاریخ ولادت کی بابت عرض کیا تو ان کے چہرے پہ در آنے والی خوشی کو الفاظ بیان کرنے سے عاجز ہیں، اور اس تاریخ کے صحیح ہونے کی تصدیق کچھ یوں فرمائی ”مجھے والد صاحب سکول میں داخل کرانے گئے تھے اور انھوں نے ہی تاریخ پیدائش لکھوائی تھی اس لیے سکول میں درج تاریخ بالکل صحیح ہے.“ عرس سے واپس گاؤں پہنچا اور سید روشن علی شاہ مداری پہ ایک مضمون ترتیب دے کر ماہ نامہ روہتاس رنگ میں شائع کرا دیا. اس مضمون کے حواشی میں چچا صاحب کے مختصر حالات بھی شائع ہو گئے.

چچا صاحب کے انٹرویو کے دوران ہی ایک دن ذہن میں آیا کہ کیوں نہ کسی عزیز کو یہ ذمہ داری سونپی جائے کہ وہ چچا صاحب کے ملفوظات بھی جمع کرے. میں نے اس منصب کے لیے جناب شاہ رضوان سہروردی کے سامنے رکھا اور چوں کہ وقت کی بحث و تمحیص کے بعد ہی کے پاس ملفوظات تحریر کرنے کی ذمہ داری بھی وہی تھی سو اور تب سے اب تک وہ اس فریضے کو نہایت احسن طریقے سے انجام دے رہے ہیں. ان کے جمع کردہ ملفوظات کی بدولت بھی کتاب ہذا کی تالیف میں بہت زیادہ آسانی میسر آئی اور یوں وہ دن میں یہ منصوبہ پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا

Marfat.com

خدا تعالیٰ برادرم شاہ رضوان کو مزید توفیقات سے نوازے، ان کی صلاحیتوں میں مزید نکھار اور اضافہ عطا فرمائے۔ ان کی اپنے شیخ طریقت اور پیران سلسلہ سے محبت نہایت خوش آیند ہے۔ اپنی تعلیم کی تکمیل کے ساتھ ساتھ پیران سلسلہ اور اپنے علاقے کے اصحاب علم و عرفان کے احوال، ان کے آثار کی جمع آوری اور تحفیظ میں ان کی لگن اور کوششیں بہت خوش آیند ہیں۔

راقم کے چچا صاحب سے مختلف اوقات میں لیے گئے انٹرویوز تحریری صورت میں لائبریری میں موجود تھے نیز بہت سی باتیں حافظے میں بھی محفوظ تھیں لیکن محض حافظے پہ اعتماد کرنے کے بجائے ہم نے محفوظ معلومات کی دوبارہ تصدیق کے لیے ایک طویل انٹرویو مختلف اوقات میں لیا۔ یہ فریضہ بھی شاہ رضوان نے سرانجام دیا۔ وہ ہر روز صبح و شام مجھ سے سوالات پوچھتے اور چچا صاحب سے ان کے جوابات رکارڈ کر کے بہ ذریعہ برقی میل مجھے بھیج دیتے۔ یہاں ہم دونوں چچا صاحب کے از حد شکر گزار ہیں کہ کتاب کی ترتیب کے سلسلے میں جب ہم نے ان سے طویل انٹرویو کی درخواست کی تو نہ صرف انھوں نے بہ خوشی آمادگی ظاہر فرمائی، بل کہ اس کے لیے خصوصی وقت بھی عنایت فرمایا۔

آخر میں ان تمام اصحاب کا از حد ممنوں ہوں جنھوں نے کتاب کی تکمیل میں معاونت کی، ان محسنین کے اسمائے گرامی بہ لحاظ حروف تہجی درج ذیل ہیں:

ارشاد احمد خاں عباسی (فتح گڑھ/ضلع: بہاول نگر)

ارشد محمود ناشاد، دکتر (اسلام آباد)

اویس علی سہروردی، سید (لاہور)

حامد نواز شاہ، صاحب زادہ (نڑالی/تحصیل: گوجر خان، ضلع: راول پنڈی)

رضوان اختر سہروردی، شاہ (منڈی صادق گنج)

سعید احمد نقیبی، صوفی (منچن آباد)

سمن مشرا/ بریہا- بہار، حال مقیم: دہلی

فضل فرید لالیکا، میاں (لالے کا/ضلع: بہاول نگر)

حسن نواز شاہ

-سہرورد-

نڑالی/تحصیل گوجر خان

suhraward@yahoo.com

یکم جنوری/۲۰۱۴ء

Marfat.com

مقدمہ

(ا)

بہاول نگر کے بارے میں سلیم شہزاد لکھتے ہیں:

''سرزمین بہاول نگر گھاگھرا اور ستلج کی زرخیز مٹی اپنے اندر صدیوں پرانی تہذیبوں کی وراثت سنبھالے ہوئے ہیں۔ دنیا کی قدیم ترین معاشرت کے مراکز موہنجوداڑو، ہاکڑہ اور ہڑپہ میں موہنجوداڑو اور ہڑپہ کے درمیان چار صد میل کی طویل پٹی میں ہاکڑہ واقع تھا، جس کا قدیم نام گھاگھرا ہے۔ گھاگھرا تہذیب یہاں پھولی پھلی اور زوال پذیر ہوئی۔ ضلع بہاول نگر کی سرزمین کا تعلق بعد الذکر تہذیب و معاشرت سے ہے۔ یہ سرزمین شمال سے آکر دہلی جانے والے فوجی قافلوں کی گزرگاہ پر واقع ہونے کی وجہ سے حملہ آوروں کی آماجگاہ بنی رہی ہے۔ ضلع بہاول نگر کی تاریخ کے بارے میں عام طور پر یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ اس کی تاریخ محض ایک صدی پرانی ہے جب کہ حقائق اس کے برعکس ہیں۔ اس کی تاریخ پانچ ہزار قبل مسیح سے شروع ہوتی ہے۔''(۱)

سلیم شہزاد مزید لکھتے ہیں:

''بہاول نگر کے بارے میں یہ بات غلط لکھی اور کہی جاتی ہے کہ اس کا نام روجھاں والی سے تبدیل کر کے بہاول نگر پڑا۔ بمطابق ریکارڈ محکمہ مال بہاول نگر کی بنیاد ۱۸۹۸ء میں والیٔ ریاست بہاول پور صادق محمد خان چہارم کے دور میں رکھی گئی۔ مواضعات امر سنگھ اور امیر سنگھ سے رقبہ نکال کر نیا علاحدہ موضع قائم کر کے اسے موضع بہاول نگر کا نام دیا گیا جو بعد میں قصبہ اور ضلعی ہیڈ کوارٹر بنا۔''(۲)

بہاول نگر مغربی پنجاب کے جنوب میں واقع ہے۔ لاہور سے ۲۸۱ کلومیٹر جنوب اور بہاول پور سے ۱۷۶ کلومیٹر مشرق کی طرف واقع ہے۔ اس کے شمال میں اوکاڑہ، پاک پتن اور وہاڑی سے

Marfat.com

اضلاع کی سرحدات ہیں. جب کہ اس کے مغرب میں ضلع بہاول پور اور اس کے جنوب مشرق میں ہندستان واقع ہے. ضلع کا کل رقبہ ۱۱۲،۱۱،۱۱۰ ایکڑ ہے اور سطح سمندر سے تقریباً ۳۰۵ فٹ بلندی پر ہے. بہاول نگر ۵۵-۲۸،۲۰-۳۰ ڈگری عرض بلد اور ۲۰-۲-۷۲،۵۸-۳-۷ طول بلد میں واقع ہے. ضلع کی کل لمبائی ۱۲۲ مربع میل ہے.(۳)

ضلع بہاول نگر پانچ تحصیلوں اور چار سب تحصیلوں پر مشتمل ہے. تمام تحصیلوں اور سب تحصیلوں کے نام درج ذیل ہیں: بہاول نگر (سب تحصیل: ڈونگا بونگا)، منچن آباد (سب تحصیل: منڈی صادق گنج)، چشتیاں (سب تحصیل: ڈہراں والا)، فورٹ عباس، ہارون آباد (سب تحصیل: فقیر والی).(۴)

(II)

ضلع بہاول نگر میں سہروردیہ سلسلے کی صوفیانہ روایت تو کجا اب تک دیگر سلاسل کی آمد اور ان کی خدمات کے بارے میں باضابطہ طور پر کسی نے بھی قابل ذکر کام نہیں کیا. لے دے کے ارشاد احمد خاں عباسی کا ایک تذکرہ **بزرگان دین ضلع بہاول نگر** اولین کوشش ہے لیکن اس میں صوفیانہ سلاسل کی ترتیب اور پس منظر کو ملحوظ نہیں رکھا گیا.

سلیم شہزاد کی **تاریخ ضلع بہاول نگر** میں ایک باب مشائخ عظام پہ ہے. چند مشائخ کے تفصیلی احوال کے علاوہ دیگر مشائخ کے ناموں کی فہرست دے دی گئی ہے.

بہاول نگر کے سب سے زیادہ باخبر محقق میاں **فضل فرید لالیکا**، نے بہاول نگر کے آثار قدیمہ اور پنجابی ادب کی روایت پہ مفصل داد تحقیق دی ہے اور اس سلسلے میں ضمناً کئی مشائخ اور ان کے سلسلوں کا بھی تذکرہ کیا ہے لیکن انھوں نے بھی کسی سہروردی بزرگ کی نشان دہی نہیں کی.

میاں **فضل فرید لالیکا** نے **گزیٹیئر سٹیٹ بہاول پور ۱۹۰۴ء** کے حوالے سے اور ان کے تتبع میں سلیم شہزاد نے بھی سخی شوق الٰہی جن کا مزار ماڑی شوق (چشتیاں) میں زیارت گاہ خلایق ہے کا سلسلہ طریقت قادریہ سہروردیہ لکھا ہے اور انھیں سید سخی شاہ جمال (مزار: ہریاول شیر موضع ملک واہن/تحصیل: میلسی۔ضلع: وہاڑی) کا خلیفہ تحریر کیا ہے.(۵)

ارشاد احمد خاں عباسی نے البتہ ان کے قادری ہونے کے بارے میں مختلف (باہم متضاد) روایات نقل کی ہیں لیکن ان کے فراہم کردہ کوائف بھی درجۂ استناد کو نہیں پہنچتے. مثلاً وہ لکھتے ہیں:

''سید غلام مصطفیٰ شاہ گیلانی اپنی کتاب ''تاریخ راول پنڈی'' میں تحریر

Marfat.com

> فرماتے ہیں کہ" آپ سید چراغ شاہ قادری کے مرید تھے، جن کا مزار اسلام آباد اسمبلی ہال کے عقب میں ہے۔ سید چراغ شاہ حضرت امام عبداللطیف بری قادری کے خلیفہ تھے۔"(٦)

سید غلام مصطفیٰ شاہ خالد گیلانی (۱۹۰۷-۲۰ نومبر ۱۹۸۹ء، راول پنڈی) کی تالیف کا نام **افکار راول پنڈی ڈائریکٹری** (مطبوعہ: ۱۹۶۲ء) ہے اور اس میں ایسی (تخی شوق کی آپ سے بیعت کی) کوئی اطلاع درج نہیں۔ دوسرے شاہ چراغ مشہدی جو شاہ چن چراغ کے نام سے معروف ہیں ان کا مزار راول پنڈی میں ہے نہ کہ اسمبلی ہال اسلام آباد کے عقب میں۔ تیسرے شاہ چراغ اپنے ماموں شاہ عنایت ولایت مشہدی جن کا مزار مظفر آباد (آزاد کشمیر) میں ہے ان سے سلسلہ سہروردیہ مرتضا شاہیہ میں بیعت تھے نہ کہ امام بری سے۔ شاہ چراغ کے تفصیلی احوال راقم کی تالیف **گوجر خان کے سہروردی مشائخ** (مطبوعہ: دسمبر ۲۰۱۳ء) میں ملاحظہ کئے جائیں۔ اولیاے بہاول پور میں بھی تخی شوق الٰہی کو قادریہ سلسلے کا بزرگ لکھا گیا ہے۔(۷)

تخی شوق الٰہی کا جو شجرۂ طریقت درگاہ کے معروف سجادہ نشین سید فیض علی شاہ بخاری (۹ مارچ ۱۹۰۸-۱۸ ستمبر ۱۹۷۲ء/۹ شعبان ۱۳۹۲ھ) نے اپنی تالیفات میں دیا ہے اس کے مطابق تخی شوق الٰہی کا تعلق دراصل سلسلہ سہروردیہ کی شاخ مرتضا شاہیہ، جس کے بانی شاہ مرتضا آنند بخاری معروف بہ آنند چرخی والا (م: ۱۰۷۳ھ/۱۶۶۲ء، سوتی تحصیل جنگ پورہ ضلع مرشد آباد- مغربی بنگال) ہیں، سے ہے۔ تخی شوق الٰہی کا شجرۂ طریقت درج ذیل ہے:

> "تخی شوق الٰہی - تخی شاہ جمال - تخی لطف اللہ شاہ - تخی حبیب اللہ - شاہ اسماعیل - شاہ مرتضا آنند بخاری - شاہ عبدالرزاق یوسف - شاہ اللہ داد بندگی معروف عارف شاہ - شاہ میران جیون بندگی - شاہ محمد گوشہ نشین - شاہ محمد تخی نشین - شاہ اسحاق مغربی - شاہ داؤد قریشی - مخدوم صدر الدین راجو قتال - سید جلال الدین حسین ملقب بہ مخدوم جہانیاں جہاں گشت - شیخ رکن الدین رکن عالم - شیخ صدر الدین عارف ملتانی - شیخ الاسلام بہاء الدین ابو محمد زکریا ملتانی - شیخ شہاب الدین عمر بن محمد سہروردی۔"(۸)

مخدوم جہانیاں جہاں گشت، شیخ رکن الدین رکن عالم کے علاوہ بھی کئی دوسرے مشائخ سے مستفیض ہوئے اور ان مشائخ نے انھیں اپنے سلاسل کی اجازات سے بھی نوازا۔ قادریہ سے

Marfat.com

ایک بزرگ شیخ محمد عیسا فاضل نے آپ کو قادریہ سلسلے کی خلافت عطا کی تھی. اب سخی شوق الٰہی کے جملہ وابستگان کے ہاں رائج شجرۂ طریقت میں سخی شوق الٰہی سے مخدوم جہانیاں تک سہروردیہ مرتضا شاہیہ کے مشایخ کے اسما درج ہیں اور مخدوم جہانیاں سے اوپر بہ واسطہ شیخ محمد عیسا فاضل تا غوث الاعظم شیخ عبدالقادر گیلانی، قادریہ سلسلے کا شجرہ رائج رہا ہے. یہی وجہ ہے کہ مختلف کتب میں جن میں آپ کے احوال ملتے ہیں انھیں قادریہ سہروردیہ سلاسل کا بزرگ لکھا گیا ہے.(۹)

سخی شوق الٰہی کے مزار سے متصل ان کے ایک خلیفہ سائیں بسم اللہ شاہ کا بھی مزار ہے. ریاست بیکانیر کے راجا مہاراجا سورت سنگھ (۱۷۶۵-۱۸۲۸ء/ ۶ پوہ ۱۸۲۲-۹ چیت ۱۸۸۵) ان کے از حد عقیدت مند تھے، اِن کی دعا و توجہ کی بہ دولت اُن کی کوئی مراد پوری ہوئی تھی. مہاراجا نے اپنی جاگیر میں سے موضع ڈوڈا والا میں سے کچھ زمین انھیں بہ طور نذرانہ پیش کی تھی.(۱۰)

اس درگاہ کے معروف سجادہ نشین سید فیض علی شاہ بخاری ہوئے ہیں. سید فیض علی سے قبل اس درگاہ کے سجادہ نشین مجرد رہتے تھے اور کوئی بھی ایسا فرد جو رشتہ ازدواج میں منسلک ہو چکا ہوتا، سجادہ نشینی کا مجاز نہیں تھا. سلیم شہزاد اس سلسلے میں رقم طراز ہیں:

''سید فیض علی شاہ سے قبل آپ کے سجادہ نشین مجرد ہوتے تھے اور کسی شادی شدہ کو گدی نشین نہیں بنایا جاتا تھا. روایت کے مطابق مجرد سجادہ نشینوں کی تعداد دس ہے. گیارہ ویں سجادہ نشین سید فیض علی شاہ صاحب کو حضرت سید سخی شوق الٰہی صاحب نے خواب میں تجرد ختم کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی تھی. جس کے بعد مجرد گدی نشینوں کا سلسلہ ختم ہوا.''(۱۱)

سید فیض علی سے سلسلے کی خاصی اشاعت ہوئی اور بہ قول حاجی محمد سعید فیضوی:

''آپ نے بہت سی کتب تصانیف فرمائیں، جن کی تعداد تیس سے اوپر ہے. جن میں سے چند ایک کے...... نام یہ ہیں: ا.تفسیر اسرار البیان، ۲.آداب المشایخ ۳.تاریخ سخی شوق الٰہی ۴.مجموعہ وظایف سورۂ مزمل و حزب البحر ۵.درود تاج بمعہ شجرہ شریف، ۶.علاج القلوب. ان میں سے اول الذکر پانچ مطبوعہ ہیں اور باقی تمام غیر مطبوعہ یا نایاب.''(۱۲)

آپ کے ملفوظات آپ کے دست گرفتہ اللہ زندہ گوھر نے جمع کیے تھے جو **المجالس المرشد** (مطبوعہ: ملتان، چودھری غلام حسین فیضی، ۱۹۹۲ء) کے نام سے طبع ہو چکے ہیں.(۱۳)

137122

Marfat.com

حاجی محمد سعید فیضوی نے آپ کے درج ذیل خلفائے کرام کے نام نقل کیے ہیں: سید عبد القادر کاظمی، سید محمد عبداللہ گیلانی (گنجال/ضلع: سرگودھا)، سید مراد حسین، سید صفدر حسین، سید احمد حسن، سید حسن محمد (فیصل آباد)، سید جہاں گیر شاہ، خواجہ عبدالرحمان، صوفی عبدالشکور، ڈاکٹر سردار قریشی، صوفی برکت علی شاہ (امام مسجد، بنگلا دہراں والا)، عاشق رسول، سید طفیل شاہ (چشتیاں)، خواجہ غلام سرور، صوبے دار احمد حسن، محمد حفیظ بٹ، محمد امین بٹ، محمد افضل القادری، نور محمد (ٹاہو والی) مولانا گوھر علی۔ آپ کی وفات کے بعد آپ کے صاحب زادے سید مظہر علی بخاری سجادہ نشین ہوئے۔(۱۴) **المجالس المرشد** میں آپ کے دو اور خلفا چودھری غلام حسین (ملتان) اور میاں محمد بخش کے اسما ملتے ہیں۔

سید فیض علی کے ایک خلیفہ خواجہ عبدالرحمان کا مزار بھی ماڑی شوق الٰہی کے قریب ہی بستی رحمت مدینہ **فیض آباد** میں ہے۔ وہ موضع ککروالا (ضلع: گنگا نگر، ریاست بیکانیر) کے رہنے والے تھے اور قیام پاکستان سے قبل وہیں سے آ کر سید فیض علی کے دامن سے وابستہ ہوئے۔(۱۵) خواجہ عبد الرحمان کے ایک دست گرفتہ حافظ محمد اقبال قادری کا اپنے شیخ طریقت کے مناقب پر مشتمل پنجابی شعری مجموعہ **معارف شوق** طبع ہو چکا ہے۔

میاں فضل فرید لالیکا کے بہ قول: بہاول نگر میں کوٹ مخدوم اور غوث پور کے نام سے دو گاؤں ہیں جن میں شیخ الاسلام بہاءالدین ابو محمد زکریا ملتانی کی اولاد آباد ہے۔ ان میں سے کسی کا سہروردیہ سلسلے سے بھی تعلق ہے یا نہیں یہ معلوم نہیں ہو پایا۔(۱۶)

(III)

منڈی صادق گنج کے بارے میں مؤلف **آئینہ منڈی صادق گنج** رقم طراز ہیں:

"تحصیل منچن آباد کا معروف قصبہ منڈی صادق گنج ہے۔ "ہر کمال را زوال" کے مصداق خدا معلوم اس قصبے کو کس کی نظر بد لگی۔ یہ قصبہ قیام پاکستان کے ساتھ ہی زوال کا شکار ہو گیا۔ قیام پاکستان سے قبل یہ منڈی ریاست بہاول پور کی اول منڈی شمار ہوتی تھی۔ اس منڈی کی بنیاد نواب صادق محمد خان خامس عباسی کی پیدائش پر رکھی گئی۔ نواب صادق محمد خان خامس عباسی کی پیدائش ۱۹۰۴ء میں ہوئی اور اس منڈی کا سنگ بنیاد نواب صادق محمد خان خامس عباسی کے باپ نواب بہاول خان عباسی خامس نے ۱۲ نومبر ۱۹۰۴ء، ۲۱ ھ تا ۱۹۶۱ء، ۳۰ ...

۱۳۲۲ھ بروز ہفتہ کو اپنے ہاتھوں سے رکھا. عالی شان دربار منعقد ہوا، رسم نچھاور ادا کی گئی. علاقہ بھر کے معززین شامل اجلاس ہوئے تھے. اس اجلاس میں استقبالیہ پڑھا گیا. استقبالیہ کا جواب نواب محمد بہاول خان عباسی نے درج ذیل کلمات میں دیا: آج ہم بعض باہمت لوگوں کی سعی کی وجہ سے یہاں شہر صادق گنج کی بنیاد رکھنے کے لیے آئے ہیں. آپ کو معلوم ہے کہ ہم ایسے موسم سردی میں دور ایسی جگھوں میں جہاں پورے طور پر آبادی بھی نہیں پائی جاتی اور پانی تک بھی بہ مشکل ملتا ہے، محض اس وجہ سے دورہ کرتے ہیں کہ ہم خود دیکھیں کہ ملک کی آبادی میں ترقی کیوں کر ہو سکتی ہے. ہم تیار ہیں کہ لوگوں کے خیالات معلوم کریں کہ لوگوں پر کسی قسم کی تکلیف تو نہیں اور جب ہم رعایا پر کسی قسم کی تکلیف دیکھیں تو اُس کے رفع کرنے کی تجویز کریں. اس شہر صادق گنج کو بہ یادگار تولید سعید ولی عہد صاحب آباد کرنے کا خیال آپ لوگوں میں پیدا ہوا اور آپ کی درخواست اس غرض سے پہنچی کہ ہم اس کا بنیادی پتھر نصب کریں تو ہمیں آپ کی محبت اور دلی وفاداری پر اطمینان ہوا اور ہم نے بہ خوشی یہاں آنے کے لیے وقت دیا تمھاری اور خصوصاً لالا ارجانی مل کی جو اس تجویز کا محرک ہوا ہے ہمت کا اعتراف کرتے ہیں اور اُمید کرتے ہیں کہ آپ لوگوں نے جس گرم جوشی سے اس شہر کو آباد کرنے کا ارادہ کیا اگر آئندہ بھی اسی طرح اپنی کوشش جاری رکھیں گے تو یہ غیر آباد خطہ تھوڑے ہی عرصہ میں ایک پر رونق شہر ہو جائے گا. اور جب ہم پھر کبھی یہاں آئیں گے تو اس جگہ پر جو اس وقت میدان کی صورت نظر آتی ہے ایک شان دار شہر پائیں گے. ہمیں اس بات کی خوشی ہوئی ہے کہ شہر کی آبادی کے محرک سب اس فرقہ کے لوگ ہیں جو تجارت پیشہ ہیں. ہم کو یقین ہے کہ ہندو مسلمان سب اس کے آباد اور بارونق کرنے کے واسطے بہ دل و جان کوشش کریں گے. تولید سعید ولی عہد صاحب کے موقعہ پر ریاست کے جن لوگوں نے ایک خاص طور پر اظہار خوشی کیا ہے ہم نے تجویز کیا ہے کہ ہم انھیں اس یادگار میں تمغے دیں. ارجانی مل نے بھی ایک خاص صورت میں اظہار خوشی کیا ہے، اس لیے بڑی خوشی سے ہم اس کو چاندی کا تمغہ عنایت کریں گے. آپ نے ابھی ظاہر کیا ہے کہ نقشہ میں دو کانوں اور سڑکوں کی جگہ تنگ رکھی گئی ہے. آپ کا یہ خیال درست ہے، جب ہم یہاں

Marfat.com

پہنچے تو گاڑی سے اُترتے ہی داغ بیل دیکھ کر ہمیں خود یہ نقص محسوس ہوا تھا، اس نقشہ میں جو ہم نے دیکھا، اسے موقعے پر دیکھا ہمیں ایک نقص بھی معلوم ہوا ہے، وہ یہ ہے کہ شہر اسٹیشن کے بالکل قریب ہے اگر شہری آبادی بہت بڑھی تو جانب جنوب ایسی گنجائش نہیں، دوسری اطراف میں آبادی کا زیادہ زور ہوگا اور شہر بالکل بدوضع ہو جائے گا. اس لیے جو بنا ہم اب رکھتے ہیں وہ شہر کے وسط چوک کی بنا نہ ہوگی بل کہ شہر کے جنوبی دروازہ کی ہوگی. شہر کی آبادی اس کے شمال کی طرف ہوگی ،جنوبی جانب کسی قسم کی عمارت مثلاً بنگلا وغیرہ بن سکتے ہیں. ان باتوں کے لیے ہم نے تحصیل دار صاحب کو سمجھا دیا ہے کہ وہ ایک نقشہ تیار کر کے ہمارے سامنے پیش کریں. منظوریٔ نقشہ کے بعد دوکانات کی تقسیم ہوگی ،جن رعایات کا آپ نے ذکر کیا ہے اُن پر ہم پوری توجہ سے غور کریں گے اور اس کے بعد حکم مناسب دیں گے.'' (۱۷)

منڈی صادق گنج کی حدود اربعہ اور موجودہ صورت حال کے بارے میں ارشاد احمد خان عباسی لکھتے ہیں:

''یہ قصبہ عرض بلد سے ۱۱۵۹۱ اعشاریہ ۳۰ اور طول بلد ۳۱۹ سے اعشاریہ ۷۳ پر واقع ہے. اس کے شمال میں مسے خان، جنوب میں حمید والا، نیلیوں والا، مشرق میں تب گڑا اور مٹ والا، مغرب میں بیروالا، ڈوبانہ اور جان والا ہیں. یہ علاقہ زراعت کے حوالے سے بڑا مشہور ہے لیکن بارش کا زیادہ تر علاقہ پانی کی کمی کی وجہ سے بنجر پڑا ہے. یہاں کی زمین بہت زرخیز تھی لیکن ۱۹۵۱ء کے شدید سیلاب کی وجہ سے یہ علاقہ سیم و تھور کا شکار ہو گیا. یہاں پر زیادہ تر ملک، شیخ، جٹ، کھوکھر، بلوچ وغیرہ برادریوں کے لوگ آباد ہیں. سیاست میں کوئی قابل ذکر نام پیدا نہیں ہوا. ابھی تک زیادہ تر لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت ہے. زیادہ لوگ شہر میں استعمال کرتے ہیں اور تجارت سے وابستہ ہیں.'' (۱۸)

(IV)

منڈی صادق گنج سے جن بزرگوں کو سب سے زیادہ شہرت ملی اور ان کا صادق آباد سے بھی خاص تعلق رہا وہ ہیں خواجہ محمد عبدالحئی المعروف خواجہ نور الدین چشتیہ نظامیہ سلسلے سے تعلق رکھتے تھے. وہ ۱۲۰۹ھ ۱۱۶۳ء کو خواجہ محمد عبداللہ چشتی ملتانی کے ہاں بمقام ... (ضلع ...) پیدا

برادری میں پیدا ہوئے. آپ کے والد گرامی خواجہ نور محمد معنوی (نکی مانے کی/ضلع: اوکاڑہ) کے دست گرفتہ تھے. خواجہ نوری علوم ظاہری کی تحصیل کے بعد خواجہ نور محمد معنوی (۱۹) کے دامن سے وابستہ ہوگئے اور بعدازاں خلافت و اجازت بیعت سے بھی سرفراز ہوئے. حج و روضۂ نبوی کی زیارت کے بعد اپنے شیخ طریقت کے حسب ارشاد بہ مقام جنڈ ولا (ضلع: فاضل کا) قیام اختیار کیا. جنڈ ولا میں قیام کے دوران ہی آپ کے والد گرامی نے عالم خاک و باد کو خیر باد کہا اور وہیں ان کی تدفین عمل میں لائی گئی. کچھ عرصہ جنڈ والا میں قیام کے بعد آپ نے منڈی صادق گنج میں مستقل قیام کا فیصلہ کیا اور اپنے والد گرامی کے جسد مبارک کو اپنے ہمراہ منڈی لے آئے جہاں ان کی دوبارہ تدفین کی گئی. منڈی میں قیام کے دوران خلق خدا خوب آپ سے فیض یاب ہوئی اور دور ونزدیک کے ہزاروں مرد و زن آ آ کے آپ سے مستفید ہوئے. ۵ شوال ۱۳۶۰ھ/ ۲۶ اکتوبر ۱۹۴۱ء بروز اتوار آپ نے وفات پائی اور اپنے والد گرامی کے مزار میں ان کی قبر کے دائیں پہلو میں آپ کی تدفین عمل میں لائی گئی. محمد حسن میرانی (۲۶ اکتوبر ۱۹۲۶-۲ جون ۲۰۰۳ء) نے درج ذیل قطعہ وفات کہا: (۲۰)

"خواجہ عبدالحکیم نوری مرحوم"

۱۳۶۰ھ

حضرت نوری میاں عبدالحکیم
حیف! اکمل عارف دوراں گذشت
گفت ہاتف سال رحلت اے حسن!
"جانب فردوس آہ نوری برفت"

۱۳۶۰ھ

آپ کے چند خلفا کے نام درج ذیل ہیں: خواجہ فخر الدین (بھابڑا-پاک پتن)، سید مصباح علی (مظفر گڑھ)، میاں سلطان محمود (حویلی لکھا)، میاں غلام مصطفیٰ (بستی بچے کی/تحصیل: منچن آباد)، میاں اللہ دین (بستی کھوسہ/تحصیل: منچن آباد)، میاں محمد نواز (کراچی)، میاں شیر محمد (میکلوڈ گنج/منچن آباد). (۲۱)

آپ کی تصانیف و تالیفات کی تعداد ایک درجن سے زائد تھیں. کچھ تو اخلاف کی لاپرواہی کے سبب دیمک کی نذر ہوگئیں اور کچھ عقیدت مندوں کی عقیدت کی بہ دولت کہاں کہاں پہنچیں اس

Marfat.com

کی کچھ خبر نہیں. آپ کی منظوم تالیف **بیعۃ الرضوان** (۲۲) آپ کی حیات میں دو بار شایع ہوئی. (۲۳)

آپ کی وفات کے بعد آپ کے فارسی، اردو اور پنجابی کلاموں کے انتخاب **دردِ دل نوری** (۲۴) اور **دردِ دل** (تین حصص) (۲۵) کے نام سے شایع ہوئے. آپ کے ملفوظات **مجالس نوری** (جامع: گل محمد) کے نام سے شایع ہو چکے ہیں. (۲۶) آپ کی ایک تالیف **ولولہ عشقیہ** کا اصل نسخہ کہاں ہے یہ نہیں معلوم ہو پایا البتہ اس کے مصورے میاں فضل فرید لالیکا (بہاول نگر) اور ارشاد احمد خاں عباسی (فتح گڑھ/ضلع بہاول نگر) کے ذخیرۂ کتب میں محفوظ ہیں. جب کہ **مجالس نوری** کے قلمی نسخے کی فوٹو کاپیاں میاں فضل فرید، ارشاد عباسی اور شاہ رضوان اختر سہروردی کے پاس ہیں. (۲۷) شاہ رضوان اختر سہروردی نے اپنی تالیف **علماء و مشائخ منڈی صادق گنج** میں آپ کی سات اور تالیفات کے نام تحریر کیے ہیں، جن کے قلمی نسخے خواجہ نوری کے اخلاف کے پاس موجود ہیں. (۲۸)

بیعۃ الرضوان اور **دردِ دل** سے سے چند اشعار بہ طور نمونہ یہاں نقل کیے جاتے ہیں: (۲۹)

جھڑے پنج ست پیر بنانے جائز آکھن بھائی
فقہ فتاویاں دا ایہ مسلہ سند عشاق نہ کائی
عشقوں پاسے ہی ایہ گل جو دوجا پیر بنائے
مقصد وحدت والا دوجہ تھیں ہرگز کدی نہ پائے
عشق کماون اوکھا ایہی دعوی کرنا سوکھا
تے جھاں عشق کمایا دعوی کرن تنہاں نوں اوکھا
دعوی کرنے والے ہوندے عشق، ایہانوں خالی
بھاویں نال فریب بناون عزت دنیا والی

مکاں لا مکاں سے ہم آئے ہوئے ہیں
نشاں بے نشاں میں سمائے ہوئے ہیں
نہ پہچانا لوگوں نے ہم کو نہیں تھی
انہی صورتوں میں سمائے ہوئے ہیں
نہیں بن سے درویش اپنی ہی جانب
مراقب بنے سر جھکائے ہوئے ہیں

Marfat.com

ہمارے سوا دو جہاں میں نہیں ہے
اگر ہے تو ہم ہی چھپائے ہوئے ہیں
ہمارا نہیں غیر بے چارہ نوری
یہ راز اس کو ہم نے بتائے ہوئے ہیں

مطلق وجود پاک ز نام و نشان منم
الحق ورا ورا ز کون و مکان منم
کثرت همه گم است بدریای وحدتم
موجود هر چه هست عیان و نهان منم
هر هست هست نیست به هستي ذات من
آن هست کوست هستي مطلق همان منم

ای که هر دم از غمت حالم بحال دیگر است
بشنو حالم با توجه کین مقال دیگر است
غرق عصیان گشته ام از هستي خود لا جرم
هستیم را دور افگن این ملال دیگر است
نے مشیخت خواهم و نے دلق و تسبیح و عصا
این براهد بخش و عاشق را خیال دیگر است
طلب زاهد جنت است و طلب عاشق وصل یار
آن سوال دیگر است و این سوال دیگر است
مذهب نوری چه پرسی مشرب رندی بس است
بند این و آن گزیدن انفصال دیگر است

منڈی صادق گنج میں ایک اور مزار سید ارشد گنج ترب دار معروف بہ سندر قلندر کا ہے۔ یہ بزرگ مجذوب تھے، ان کا تعلق کس علاقے سے تھا وثوق سے کچھ کہا نہیں جا سکتا، کچھ حضرات کا کہنا ہے کہ وہ بنگلا دیش کے رہنے والے تھے۔ دونوں ہاتھوں میں کنگن پہنتے تھے جو آخر دم تک پہنے رہے۔

Marfat.com

جب زیادہ گرمی ہوتی تو کسی کھلی جگہ پہ رضائی اوڑھ کے لیٹ جاتے اور سردیوں میں ٹھنڈا پانی اپنے اوپر ڈالا کرتے تھے۔ برادرِ طریقت ہاشم علی سندر کے والد گرامی شیخ قاسم علی سے بہت مانوس تھے اور انہی کی گود میں آخری سانس لیا۔ آپ ۱۳ مارچ ۱۹۷۰ میں عالم قدس کو سدھارے، مولانا غلام محمد (پاک پتن) نے آپ کا جنازہ پڑھایا۔ آپ کا مزار منڈی صادق گنج میں ہے۔ شیخ قاسم علی کے صاحب زادگان ہر سال آپ کا عرس مناتے ہیں۔(۳۰) چچا صاحب کے ملفوظات مرتبہ شاہ رضوان اختر سہروردی میں ان کے خاصے حالات درج ہیں۔

مولانا محمد رمضان تونسوی (۱۸۹۵-۲۱ فروری ۱۹۷۱ء) کی تربت ریلوے اسٹیشن کی طرف واقع مدینہ مسجد میں ہے۔ آپ کے والد گرامی کا نام مولانا محمد حامد تھا اور آپ کی ولادت تونسہ مقدسہ میں ہوئی۔ آپ کانجو قبیلے سے تعلق رکھتے تھے، آپ کے دادا مولانا محمد عثمان شمالی وزیرستان کے علاقے میرن شاہ کے قصبہ ٹل سے ہجرت کر کے تونسہ میں آ کر آباد ہوئے تھے۔ مولانا رمضان، علامہ انور شاہ کاشمیری (۲۷ شوال ۱۲۹۲-۳ صفر ۱۳۵۲ھ/ ۱۱۵ اکتوبر ۱۸۷۵-۲۹ مئی ۱۹۳۴ء) کے ارشد تلامذہ میں سے تھے۔ آپ دارالعلوم دیوبند کے فارغ التحصیل اور سلسلہ قادریہ میں شاہ عبد القادر رائے پوری (م: ۱۴ ربیع الاول ۱۳۸۲ھ/ ۱۶ اگست ۱۹۶۲ء) کے دست گرفتہ و خلیفہ تھے۔ ۱۳۵۶ھ/ ۱۹۳۶ء میں منڈی صادق میں آپ کی آمد ہوئی اور اسی سال آپ نے مدرسہ عربیہ نعمانیہ تعلیم القرآن اور مدینہ مسجد منڈی صادق گنج کی بنیاد رکھی۔ مسجد و مدرسے کے لیے جگہ نواب صاحب بہاول پور نے دی۔ بعد از وفات اپنی ہی مسجد میں دفن کیے گئے۔ آپ کی نماز جنازہ مولانا نیاز احمد ترکستانی نے پڑھائی۔(۳۱) آپ کے تفصیلی احوال شاہ رضوان اختر سہروردی نے اپنی تالیف علماء و مشائخ منڈی صادق گنج میں جمع کیے ہیں۔

حسن نواز شاہ

-سہرورد-
نڑالی تحصیل گوجر خان
suhraward@yahoo.com

یکم جنوری ۲۰۱۴ء

Marfat.com

حوالہ جات وحواشی

۱. سلیم شہزاد، تاریخ بہاول نگر، معدوم سے معلوم تک، لاہور، بک ہوم، ۲۰۱۱ء، ص ۴۴

۲. ایضاً، ص ۵۹ ۳. ایضاً، ص ۶۳

۴. ایضاً، ص ۶۹

۵. سلیم شہزاد، ص ۱۴۹

لالیکا، فضل فرید، آثار قدیمہ، مشمولہ، تماہی پنجابی ادب، لاہور، جنوری - مارچ ۱۹۹۳ء، ج ۷: ش ۲۵، ص ۲۷

لالیکا، فضل فرید، چھچھ پتر، لاہور، سانجھ پبلی کیشنز، فروری ۲۰۱۱ء، ص ۲۳۳

۶. عباسی، ابوالممتاز ارشاد احمد خاں، بزرگان دین ضلع بہاول نگر، فتح گڑھ، عباسی لائبریری، ۱۹۹۲ء، ص ۹۰-۹۱ (سال اشاعت گو ۱۹۹۲ء لکھا ہے مگر پس سرورق پہ مولف کی تصویر کے نیچے مارچ ۱۹۹۵ء رقم ہے)

ایضاً، ٹیلی فونک مکالمہ از راقم، فتح گڑھ/ضلع بہاول نگر، ۱۲ دسمبر ۲۰۱۳ء

۷. شہاب، مسعود حسن، اولیاے بہاول پور، بہاول پور، اردو اکیڈمی، ۱۹۸۴ء، دوم، ص ۶۴

۸. حسن نواز شاہ، گوجر خان کے سہروردی مشائخ، نزالی، مخدومہ امیر جان لائبریری، دسمبر ۲۰۱۳ء، ص ۱۱

فیضوی، محمد سعید، تحفہ کیمیا فیضویہ اہل ذکر، بہاول نگر، مولف خود، ربیع الاول ۱۴۱۴ھ، ص ۵۰۴، ۵۰۶

سخی شوق کے کتبۂ قبر پہ کندہ تاریخ وفات ۱۰۳۷ھ بہ عمر ۹۹ سال، قراین وآثار سے راست نہیں لگتی۔ بالفرض اگر اس تاریخ کو صحیح مان بھی لیا جائے تو پھر آپ کا جو شجرہ طریقت کتب میں ملتا ہے اس کے بارے میں کئی اشکالات جنم لیتے ہیں جس پہ تفصیلی کلام کا یہ محل نہیں۔ البتہ صرف ایک نقطے کی نشان دہی کرتا چلوں کہ سخی شوق الٰہی اور موسس سلسلہ مرتضا شاہیہ شاہ مرتضا آنند بخاری کے درمیان چار واسطے ہیں اور شاہ مرتضا کا سال وفات محققین نے ۱۰۷۳ھ قیاس کیا ہے۔ اب اگر اس قیاسی سال وفات کو عارضی طور پر تسلیم کر بھی لیا جائے تو یہ کیسے طے ہوگا کہ موسس سلسلہ تو ۱۰۷۳ھ میں وفات پائیں اور ان سے پانچ ویں پشت پہ ان کا روحانی خلف ان سے کئی سال قبل ۱۰۳۷ھ میں وفات پا گیا ہو۔

۹. ایضاً، ص ۵۰۴

۱۰. لالیکا، فضل فرید، آثار قدیمہ، مشمولہ، تماہی پنجابی ادب، ص ۲۷

لالیکا، فضل فرید، چھچھ پتر، ص ۲۳۳

سلیم شہزاد، ص ۱۵۰

Marfat.com

۱۱. سلیم شہزاد، ص ۱۵۰ ۱۲. فیضوی، ص ۲۶۵

۱۳. ملفوظات کی نشان دہی نیز اس کی اشاعت کی اطلاع میاں فضل فرید لالیکا صاحب نے دی۔ راقم ان کا ممنون ہے۔ (لالیکا، میاں فضل فرید، ٹیلی فونک مکالمہ از راقم، بہاول نگر، ۷، ۸ جنوری ۲۰۱۴ء)

۱۴. فیضوی، ص ۲۹۴-۲۹۷، ۳۰۴

۱۵. اقبال قادری، حافظ محمد، **معارف شوق**، بہاول نگر، شاعر خود، س ن، ص ۶-۷

۱۶. لالیکا، میاں فضل فرید، **ٹیلی فونک مکالمہ از راقم**، بہاول نگر، ۲۵ دسمبر ۲۰۱۳ء

۱۷. عباسی، ارشاد احمد خاں، **آئینۂ منڈی صادق گنج**، غیر مطبوعہ

سلیم شہزاد نے تاریخ تاسیس ۱۴ نومبر لکھی ہے۔ (**تاریخ بہاول نگر، معدوم سے معلوم تک**، ص ۷۹)

۱۸. عباسی، **آئینۂ منڈی صادق گنج**، غیر مطبوعہ

۱۹. خواجہ نور محمد معنوی، خواجہ غلام رسول توگیروی (۱۲۳۰-۲۸ رمضان ۱۲۸۳ھ/ ۱۸۱۵-۳ فروری ۱۸۶۷ء) کے مرید وخلیفہ تھے۔ (الٰہی بخش، خواجہ عبدالحلیم، **تذکرہ مشائخ توگیرہ**، توگیرہ ضلع بہاول نگر، انجمن خدام یہ توگیرویہ، ۱۴۰۶ھ/ ۱۹۸۵ء، اول، ص ۱۹۵) خواجہ غلام رسول اپنے جد امجد خواجہ حافظ محمد عظمت اللہ توگیروی (اندازاً ۱۱۷۵-۱۸۳۸ء، ۲۳ ذیقعد ۱۲۵۳ھ) سے بیعت تھے اور خلافت واجازت بیعت شاہ محمد سلیمان تونسوی سے تھی۔ (ایضاً، ص ۱۲۸) خواجہ محمد عظمت، خواجہ نور محمد مہاروی (۱۱۴۲-۳ ذی الحجہ ۱۲۰۵ھ/ ۱۷۳۰-۱۳ اگست ۱۷۹۱ء) کے مرید وخلیفہ ہیں۔ (ایضاً، ص ۵۲)

۲۰. میرانی، محمد حسن، **قندیل تواریخ**، بہاول پور، اردو اکیڈیمی، ۱۹۹۱ء، اول، ص ۴۷

۲۱. سہروردی، شاہد رضوان اختر، **علماء ومشائخ منڈی صادق گنج**، غیر مطبوعہ

۲۲. **بیعۃ الرضوان** کی دوسری اشاعت جنرل برقی پریس جالندھر سے ہوئی تھی اس کا ایک نسخہ مخدوم امیر جان لائبریری نزالی اور ایک میاں فضل فرید لالیکا کے ذاتی ذخیرہ کتب میں محفوظ ہے۔

۲۳. سہروردی، **علماء ومشائخ منڈی صادق گنج**، غیر مطبوعہ

۲۴. **درود لِ نوری**، باہتمام پیر محمد حسن نوری، منڈی صادق گنج سے شائع ہوئی اور ۵۰ صفحات پر مشتمل ہے سالِ اشاعت مرقوم نہیں۔

۲۵. **درود ل** تین حصوں میں باہتمام صاحب زادہ محمد نور الحق نوری شائع ہوا حصہ اول ۲۰۰۱ء (۱۴۲۱ھ) ۵۲ صفحات پر مشتمل ہے سنہ اشاعت درج نہیں، حصہ سوم باہتمام صاحب زادہ محمد نور الحق نوری یکم محرم ۱۴۱۶ھ کو شائع ہوا، اس کے چالیس صفحات ہیں۔

۲۶. **مجالس نوری** ۲۰۰۹ء میں مکتبہ اسلامیہ لاہور سے شائع ہوئی مجالس نوری کے بارے میں ارشاد احمد عباسی

Marfat.com

لکھتے ہیں: ''مجالس نوری جس کو صاحب زادہ مقصود احمد صابری نے اپنی تالیف لکھ کر ۲۰۰۹ء میں شائع کیا، اس کے ساتھ جو سوانحی خاکہ دیا گیا ہے، اس میں بہت ہی افراط و تفریط کی گئی مجالس نوری مرتبہ مولوی گل محمد کی فوٹو سٹیٹ میرے پاس موجود ہے، اس کو بھی کئی مقامات پر تبدیل کیا گیا ہے۔ مجھے پڑھ کر اشد افسوس ہوا کہ واقعات کو توڑ مروڑ کر پیش کیا گیا۔ راقم الحروف ۱۹۶۳ء سے دربار نوری پر حاضری دیتا رہا ہے، موجودہ سجادہ نشین مولوی محمد مشتاق نوری کو اس بات کا بہ خوبی علم ہے۔'' (سہروردی، علماء و مشائخ منڈی صادق گنج، غیر مطبوعہ)

۲۷۔ سہروردی، علماء و مشائخ منڈی صادق گنج، غیر مطبوعہ ۲۸۔ ایضاً

۲۹۔ نوری، محمد عبدالحکیم، بہجۃ الرضوان نو ترمیم، جالندھر، جنرل برقی پریس، س ن، دوم، ص ۷۵، ۸۴

ایضاً، وردول، منڈی صادق گنج، صاحب زادہ محمد فخر الحق نوری، یکم محرم ۱۴۱۶ھ/ ۳، ۵-۷، ۳۱-۳۲

۳۰۔ سہروردی، علماء و مشائخ منڈی صادق گنج، غیر مطبوعہ

راقم الحروف نے اپریل ۲۰۰۴ء میں برادرِ طریقت ہاشم علی سندر کی فرمائش پہ بابا سندر کی مدح میں تین قطعات کہے تھے جو ذیل میں نقل کیے جاتے ہیں:

سراپا راز ہیں کتنے کمال ہیں سندر
یہ کس کا حسن ہیں کس کا جمال ہیں سندر
جنابِ غوث بھی ہیں ان پہ مہرباں **ہاشم**!
غریقِ جلوۂ نورِ بلال ہیں سندر

عجیب طور سے کچھ دل نواز ہیں سندر
کسی میں ناز، کسی میں نیاز ہیں سندر
یہ کہہ رہا تھا سرِ راہ کون اے **ہاشم**!
کہ حج کسی کا، کسی کی نماز ہیں سندر

سلوک و جذب کا اک امتزاج ہیں سندر
کہ اہلِ عشق کے ہر سر کا تاج ہیں سندر
قریب و دور کا **ہاشم** یہ تذکرہ کیسا
کہ جیسے کل کو تھے، ویسے ہی آج ہیں سندر

۳۱۔ ایضاً

Marfat.com

باب اول

(۱)

شیخ الاسلام سید نورالدین مبارک بن عبداللہ غزنوی معروف بہ میر دہلی سے سلسلہ سہروردیہ کی جس شاخ کا اجرا ہوا وہ سہروردیہ غزنویہ کے نام سے معروف ہوئی۔ شیخ احمد برنی (جامع: سراج الہدایہ ملفوظات: سید جلال الدین حسین معروف بہ مخدوم جہانیاں جہاں گشت بخاری) نے شیخ الاسلام غزنوی کا ذکر ان الفاظ میں کیا:

"سید السادات، منبع العلوم والسعادات، فخر آل یٰسین، قدوۃ کبار البتول، نور عین الزہراء، نور الارض والسماء، مظہر الحق فی العالمین، شیخ الملوک والسلاطین، المخصوص بعنایت رب العالمین، نور الحق والدین سید مبارک غزنوی اظلہ اللہ تحت ظلال مغفرتہ و نور قبرہ بنور رحمتہ کہ یکی از بزرگان سادات خطۂ حضرت دارالسلطنت دہلی بودہ اند۔"(۱)

شیخ الاسلام غزنوی، ابوالفضل سید عبداللہ حاجی بن سید شرف الدین محدث کے ہاں حسینی زیدی خانوادے میں پیدا ہوئے۔ آپ کا شجرۂ نسب درج ذیل ہے:

"سید نورالدین مبارک غزنوی معروف بہ میر دہلی۔ سید عبداللہ ابوالفضل ملقب بہ میر حاجی۔ سید شرف الدین محدث مکہ۔ سید ابوالحسن محمد ساوی۔ سید حسن ابو محمد الفارسی نقیب کوفہ۔ سید ابوالحسن یحییٰ۔ سید حسین ابوعبداللہ۔ سید احمد المحدث الشاعر۔ سید عمر۔ سید یحییٰ بزرگ۔ سید حسین۔ سید زید شہید۔ امام زین العابدین۔ امام حسین۔ حضرت علی المرتضیٰ۔"(۲)

آپ کے مولد کے بارے میں دو روایات ملتی ہیں۔ خیر المجالس کی روایت کے مطابق آپ غزنی میں پیدا ہوئے۔ تفصیل اس امر کی یوں ہے:

"بزرگی بودہ در غزنی نام شیخ محمد [illegible]

Marfat.com

مبارك غزنوی نعمت ازو یافته بود.بعدازاں فرمودند که درآنوقت بازرگانی بود، از مریدانِ ایشان،آمدو گفت:در خانۂ من پسرمتولد شده، بنده زادۂ شما است،نعمتی همراه اوبکنید.خواجه محمداجل شیرازی فرمود: نیکو باشد، چون من فردانماز بامدادبگزارم،پیش من خردك رابیاری، ازجانب راست بیاری ودرنظرمن داری.و همان روزپدرسید مبارك درآن مجلس حاضر بود،این حدیث شنید.سیدمبارك غزنوی متولد شده بودوپدرشیخ مبارك باخود گفت:من نیز این پسرك خود را بیارم و در نظر شیخ دارم.گوکه به طفیل آن بازرگان بچه شیخ نعمتی همراه او کند.چون وقت نماز بامدادشد،پدر سید مبارك پیشتر حاضر بود.مؤذن تکبیرگفت.شیخ نماز تمام کرد.پدرسید مبارك غزنوی ازجانب راستاء شیخ درآمدو سیدمبارك رادرنظر شیخ آورد،شیخ در نظر کرد.آن نعمتها از آنجا بود. بعدازان بازرگان درآمد.شیخ گفت:"نعمت نصیب سیدزاده شد، توباز گرد."(۳)

ترجمہ:''غزنی میں ایک بزرگ شیخ محمد اجل تبریزی [شیرازی] نام [کے] تھے. سید مبارک غزنوی نے ان سے نعمت پائی ہے.ان کا ایک سوداگر مرید تھا،ایک دن اس نے عرض کیا: میرے گھر میں لڑکا پیدا ہوا ہے اور آپ کا بندہ زادہ ہے، کچھ نعمت اس کو عطا فرمائیں.خواجہ محمد اجل تبریزی [شیرازی] نے فرمایا: اچھا! جب میں کل صبح نماز پڑھ لوں تو اس لڑکے کو دائیں طرف سے میرے آگے لانا. اتفاقاً اسی روز سید مبارک غزنوی بھی پیدا ہوئے تھے،ان کا باپ اس مجلس میں حاضر تھا، یہ بات سن کر دل میں کہا: میں بھی اپنے لڑکے کو شیخ کے آگے لاؤں کہ بہ طفیل اس سوداگر بچہ کے شاید شیخ کچھ نعمت اس کو بھی عنایت کریں.شیخ نے جب فجر کی نماز تمام کی تو یہ دائیں طرف سے آئے اور سید مبارک کو پیش نظر رکھ دیا، شیخ نے ان پر نظر محبت ڈالی. یہ سب نعمتیں ان کو وہاں سے ملیں. بعد اس کے وہ سوداگر اپنے لڑکے کو لایا، شیخ نے فرمایا: وہ حصہ سیدزادہ کو مل گیا، اب تم لوٹ جاؤ.''(۴)

درر نظامی کی ایک روایت کے مطابق شیخ بدرالدین غزنوی کے والد گرامی شیخ اجل سرزی کے مرید تھے.خواجہ نظام الدین اولیا راوی ہیں:

Marfat.com

''شیخ بدر الدین غزنوی سے سنا ہے، فرماتے تھے کہ میرے والد خواجہ اجل سرزی کے قدیم مریدان سے تھے۔'' (۵)

راقم کا خیال ہے کہ مذکورہ بالا خیر المجالس کی روایت اصلاً شیخ بدر الدین غزنوی کے بارے میں ہے، جسے دونوں حضرات کے اسما میں غزنوی کے لاحقے کے سبب گڈمڈ کر دیا گیا اور شیخ بدر الدین کی جگہ نور الدین نقل ہو گیا۔ شیخ الاسلام غزنوی کی بغداد میں ولادت کے بھی مضبوط شواہد موجود ہیں جنھیں آگے نقل کیا جا رہا ہے۔ ان ہر دو حوالہ جات میں تطبیق کی ایک ہی صورت ہے کہ خیر المجالس کی روایت کو شیخ بدر الدین غزنوی سے متعلق سمجھا جائے اور شیخ الاسلام غزنوی کا مولد بغداد ہی تسلیم کیا جائے۔ اگر خیر المجالس کی روایت کو مانتے ہوئے ہم شیخ الاسلام غزنوی کی جائے ولادت غزنی فرض کر لیں تو اس سے شیخ الاسلام غزنوی کے احوال سے متعلق کئی الجھنیں جنم لیتے ہیں جن پر تفصیلی کلام کا یہ محل نہیں۔

اخبار الجمال معروف باشجار الجمال میں ملفوظات عز الدین دہلوی، غوثیہ از شاہ حسین جون پوری اور انساب الاتقیا از عبد اللطیف کے حوالے سے لکھا ہے کہ شیخ الاسلام غزنوی بغداد میں پیدا ہوئے آپ شیخ الشیوخ سہروردی کے بھانجے نیز ان سے بیعت و خلافت سے بھی سرفراز تھے:

''اصل مولد و منشاء سید سادات سید نور الدین مبارک غزنوی نیز بغداد، خلیفہ و خواہرزادۂ حضرت شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردی است۔'' (٦)

اخبار الجمال کی روایت کی تتبع میں صاحبان روض الازہر فی مآثر القلندر، نفحات العنبریہ من انفاس القلندریہ، انقشاح عن ذکر اہل الصلاح اور فصول مسعودیہ نے بھی آپ کی جائے ولادت بغداد ہی قرار دی ہے۔ سابق الذکر مناقب کے مطابق جس دن سید نور الدین مبارک کی ولادت ہوئی، ان کے والد گرامی انھیں شیخ الشیوخ کی خدمت میں لے گئے۔ شیخ الشیوخ نے نومولود کو دیکھ کر فرمایا: یہ مجھ سے ہے۔ چند دنوں بعد سید مبارک بیمار ہو گئے اور اس حد تک علیل ہوئے کہ اہل خانہ کو آپ کی وفات کا یقین ہو گیا مگر آپ کے والد گرامی نے تدفین میں اس لیے تاخیر کی کہ شیخ الشیوخ کا فرمان: یہ مجھ سے ہے، ان کے دھیان میں تھا۔ آپ کے والد گرامی آپ کو لے کر شیخ الشیوخ کی خدمت میں لے گئے اور تمام معاملہ گوش گزار کیا۔ شیخ الشیوخ نے دیکھتے ہی فرمایا: شدید سکتہ ہو گیا ہے، اور حاضرین سے کہا: آؤ دیکھتے ہیں۔ شیخ الشیوخ نے آپ کے چہرے سے پردہ

Marfat.com

اتارا اور آپ کو دیکھ کے فرمایا: یہ تو ٹھیک ہے. اس پر آپ نے رونا شروع کر دیا:

''سیدمبارک غزنوی از خلفای شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین السہروردی است، چون بوجود آمد، والدماجداو رابخدمت شیخ برد، شیخ دیدوفرمود: ہومنا (وی از ماست). چون بخانہ آمد بعد ازچند روز بیمار شد و بظاہر چنان شد کہ گویا مردہ است، مگر والداو درتدفین توقف ساخت و گفت کہ شیخ در حق او فرمودہ است: ہو منا، او راازشیخ نصیبی خواہدبود. او چگونہ پیش ازین بمیرد و بخدمت شیخ حاضرشدہ حال بعرض رسانیدہ، حضرت شیخ فرمود کہ شاید سکتہ باشد و یاران را گفت بیایید بہ بینم، آمدہ، دیدو چادرازروی او کشید و فرمود: صحیح است، پس بافاقت آمد و گریہ کرد و ہرگاہ بہ بلوغ رسید شیخ تربیت فرمود و خلیفۂ خود گردانید و بغزنین برای ہدایت و ارشاد فرستاد.''(۷)

آپ نے علوم متداولہ کی تحصیل کن اساتذہ سے کی اس بارے میں اب تک میسر ماخذ خاموش ہیں. البتہ آپ کے شیخ الاسلام کے عہدے پہ فائز ہونے سے آشکار ہے کہ آپ نے علوم مروجہ کی تحصیل بغداد کے نامور اساتذہ سے کی ہوگی. علوم ظاہری کی تحصیل کے بعد آپ شیخ الشیوخ سہروردی سے بیعت وخلافت سے سرفراز ہوئے اور شیخ نے ہدایت خلق کے لیے آپ کو غزنی بھیج دیا. آپ نے کچھ عرصہ غزنی میں قیام کیا اور راجی محمد کے بہ قول: اکثری انام را بپایہ ہدایت کہ نہایت و لایت است رسانیدند. (۸)

انہی دنوں سلطان شہاب الدین محمد بن سام غوری (م: یکم شعبان ۶۰۲ھ/ ۱۳ مارچ ۱۲۰۶ء)، رائے پتھورا پہ فتح ونصرت کی درخواست کے ساتھ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے. آپ نے فتح کی بشارت کو شیخ الشیوخ سہروردی کے اذن سے مشروط کر دیا. شیخ الشیوخ نے فتح کی یوں بشارت عطا فرمائی: ھوالمبارک، مبارک القدوم. راجی محمد نے لکھا ہے:

''دران ایام بادشاہ معزالدین محمد سام عرف شہاب الدین غوری از پتہور نام راجہ' ہندوستان انہزام یافتہ. بغزنین کہ شتافت از سید السادات استدعافتح و نصرت درخواست. سید نوالدین موقوف بر اذن حضرت شیخ الشیوخ داشت، چون بادشاہ عرایض متضمن بطلب فتح و

Marfat.com

نصرت یکی از خلفا نیز برفاقت خود تحایف و هدایادرجناب حضرت شیخ الشیوخ ببغداد ارسال نمود.حضرت شیخ الشیوخ نقول نصرت بخشیده، درباب ارسال خلیفۂ خود فرمود که هو المبارک مبارک القدوم."(۹)

قاضی عبدالحلیم اثر افغانی (جون ۱۹۱۰-۸دسمبر ۱۹۸۷ء) نے بغیر کسی حوالے کے لکھا ہے کہ سلطان غوری کوشہاب الدین کا لقب بھی شیخ الشیوخ نے عطا کیا تھا۔ وہ لکھتے ہیں:

"چنانچه دحضرت معزالدین محمدابن سام غوری د دے درخواست په جواب کښې حضرت شیخ الاسلام والمسلمین په کمال مهربانی سره په دے موقع باندے خپل لقب"شهاب الدین"په محمدابن سام غوری باندے کیښوده۔او جواب ے ورقه رااولیږه۔"(۱۰)

شیخ الشیوخ کے حسب حکم، آپ اپنے خویش و اقربا سمیت ۵۸۸ھ ۱۱۹۲ء میں سلطان غوری کے لشکر کے ہمراہ غزنی سے برصغیر تشریف لائے۔ اخبار الجمال میں مذکور ہے:

"حسب الامر حضرت شیخ الشیوخ [illegible] مبارک مع اقربا خویش مقدمه لشکر پادشاه شهاب الدین غوری [illegible] هندوستان رسیدند سلطان مذکور به برکت قدوم [illegible] حضرت شیخ الشیوخ دانسته در [illegible] هجریه مصطفویه [illegible] رحایتهم [illegible] گشت."(۱۱)

بعدازاں آپ دہلی تشریف لائے اور سلطان شمس الدین التمش (م ۲۰ شعبان ۶۳۳ھ ۲۸ اپریل ۱۲۳۶ء) کے دور میں شیخ الاسلام ہندوستان و دہلی کے لقب سے معروف ہوئے۔(۱۲) التمش کس حد تک آپ سے عقیدت رکھتے تھے اس کا اندازہ اخبار الجمال میں مرقوم ایک روایت سے ہوتا ہے جو راقم نے شرف السادات کے حوالے سے لکھی ہے:

"در نسخه شرف السادات [illegible]

[illegible]"

رسول آید،دامن شما گرفته ام،فردا قیامت،این عاصی رااز دست خود نگهدارید که تااز سید نورالدین مبارك عهد نامهٔ شفاعت رسول مقبول ﷺ نویسانده،گفته بود که در قبربر سینهٔ من نهاندد."(۱۳)

شرف السادات کے پیش نظر نسخے میں مذکورہ بالا اقتباس کچھ تفاوت کے ساتھ آیا ہے:

"سلطان شمس الدین.....هر بار سید السادات سید مبارك غزنوی را ببار خاص و عام متصل خود شاندی و سید قطب الدین را راستان خود بشاندی. بارها دست در دامن سید مبارك غزنوی زدی و بتواضع شکستگی گفتی که من ترك عجمی ام ببرکت جد شما ببادشاهی رسیده ام و بمعاصی نفس گرفتارم دست در دامن شمازده ام که فرزندان و جگر گوشگان رسول اید و با سرور عالم ﷺ نازی و انبساطی کلی دارید که فردا قیامت مرا از دست مگذارید از سید مبارك عهد نامه سید تا فردا قیامت شفاعت کند."(۱۴)

ضیاء الدین برنی کی تاریخ فیروز شاہی میں آپ سے منسوب ایک طویل خطبہ منقول ہے. برنی کے بہ قول: آپ نے ایلتتمش کے دربار میں ایک طویل خطاب فرمایا تھا.خطبے کے آپ سے انتساب پہ پروفیسر خلیق احمد نظامی (۲۵ دسمبر ۱۹۲۵-۵ دسمبر ۱۹۹۷ء) کا موقف بہت راست ہے ،وہ رقم طراز ہیں:

''برنی نے یہ مواعظ بالتفصیل اپنی تاریخ میں نقل کیے ہیں.یہ طے کرنا مشکل ہے کہ یہ ساری گفت گو [سیدنورالدین مبارک غزنوی ملقب بہ] میر دہلی کی ہے، یا برنی نے خود اپنے افکار و خیالات ان کی زبان سے ادا کر دیے ہیں. فلسفہ کی تعلیم کے خلاف جو کچھ سیدنورالدین مبارک کی زبان سے کہلوایا گیا ہے، وہ برنی کا اپنا خیال معلوم ہوتا ہے.اس لیے کہ فلسفیوں کا عروج اور فلسفہ کی ترویج کا مسئلہ عہد تغلق کا ہے اور ایلتتمش کے عہد میں کسی نوعیت اور شکل میں بھی موجود نہ تھا.اسی طرح کے خیالات برنی نے فتاویٰ جہان داری میں بھی ظاہر کیے ہیں.سیدنورالدین مبارک کے متعلق تفصیلی معلومات موجود نہ ہونے کی وجہ سے یہ طے کرنا مشکل ہے، کہ برنی نے کہاں تک ان کے خیالات کی صحیح ترجمانی کی

Marfat.com

ہے. غیر مسلموں کے متعلق جن خیالات کا اظہار انھوں نے کیا ہے، وہ قابل غور ہیں. برنی کی ایک اور تصنیف **صحیفۂ نعت محمدی** کے ساتھ ان کو پڑھا جائے تو اس مسئلہ کے کئی پہلو واضح ہو جاتے ہیں.'' (۱۵)

اگرچہ آپ سے **سلسلہ سہروردیہ غزنویہ** کا اجرا ہوا (۱۶) لیکن یہ **سلسلہ قادریہ سہروردیہ** کے نام سے ہی موسوم رہا، اور اس سلسلے میں اب تک قدیم ترین حوالہ اسی شاخ کے گیارہویں صدی کے اواخر کے ایک صوفی بزرگ ابوسعید دیوان سید محمد جعفر (مدفون: باڑھ/ضلع پٹنہ- بہار) کی تالیف **اوراد مطلوب الطالبین** میں درج شجرہ ہے، جس میں بالترتیب شیخ الشیوخ کے بعد غوث اعظم شیخ عبد القادر گیلانی کا اسم گرامی ملتا ہے. (۱۷) بہ نسبت شیخ الشیوخ کے دوسرے خلفائے کرام کے، جب کہ دیگر خلفا کے شجرات میں شیخ الشیوخ کے بعد شیخ ضیاء الدین ابوالنجیب عبد القاہر سہروردی (۴۹۰ - ۱۷ جمادی الثانی ۵۶۳ھ/ ۱۰۹۷-۱۹ مارچ ۱۱۶۸ء) کا اسم گرامی آتا ہے. قادریہ و سہروردیہ کا یہ مشترکہ شجرہ کب اور کس شیخ سلسلہ نے رائج کیا اور اس کا پس منظر کیا تھا، یہ ابھی زیر تحقیق ہے. البتہ **انتصاح عن ذکر اہل الصلاح** کی روایت کے مطابق شیخ غزنوی، شیخ الشیوخ سے سلسلہ قادریہ و سہروردیہ میں خلافت سے سرفراز ہوئے:

" حضرت ایشاں سلسلہ قادریہ و سہروردیہ ہر دو از حضرت شیخ الشیوخ دارند." (۱۸)

اسی طرح **اصول المقصود** اور دیگر تذکروں میں مرقوم ہے کہ سید نجم الدین قلندر نے سلسلہ قادریہ و سہروردیہ کی خلافت اپنے والد گرامی سید نظام الدین غزنوی سے پائی:

" اجازت و خلافت سلسلہ قادریہ و سہروردیہ از پدر بزرگوار خود سید نظام بن سید مبارک غزنوی یافتہ و وی از جد خود سید مبارک غزنوی و وی از شہاب الدین سہروردی یافتہ و حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی از عم خود ابو النجیب سہروردی یافتہ و سلسلہ قادریہ حضرت قطب ربانی بلاواسطہ از عم خود یافتہ و هم [illegible] خود یافتہ و این ہر دو روایت ثابت و محقق و در صحائف [illegible] است." (۱۹)

ان دونوں روایات پہ تفصیلی بحث کا یہ موقع نہیں ایسی تمام روایات پہ آنے والی کتاب

Marfat.com

(شیخ الشیوخ سہروردی کے خلفائے کرام سے متعلق) میں مفصل کلام کروں گا۔

شیخ غزنوی نے یکم محرم ۶۳۲ھ/ ۲۶ ستمبر ۱۲۳۴ء کو وفات پائی اور دہلی میں حوض شمسی کے پاس سرائے لاڈو میں آپ کا مزار زیارت گاہ خلایق ہے۔(۲۰) ذکر جمیع اولیای دہلی میں آپ کا سال رحلت یکم محرم ۶۷۰ھ (۲۱) جب کہ خزینۃ الاصفیا میں ۶۴۷ھ مرقوم ہے۔(۲۲)

افضل الفواید میں آپ کی وفات سے متعلق ایک روایت ملتی ہے۔اس روایت کے مطابق آپ نے اپنی وفات سے ایک ہفتہ قبل ہی دنیا کو خیر باد کہہ دینے کی اطلاع دے دی تھی:

''سید نورالدین مبارک غزنوی نوراللہ مرقدہٗ پنجشنبہ (جمعرات) کو وعظ کرتے تھے۔مولانا علاء الدین کرمانی بھی حاضر تھے۔جب سید نورالدین نے وعظ تمام کیا (تو) لوگوں کی طرف منہ کر کے فرمایا: اے عزیزو! پنجشنبہ آیندہ کو میں جہاں سے سفر کروں گا۔اس ہفتے تمھارا مہمان ہوں۔اسی اثنا میں مولانا علاء الدین کرمانی نے اٹھ کر کہا کہ لوگو! اسی طرح ہی (ہے) جیسا کہ سید صاحب کہتے ہیں۔ پنجشنبہ کے روز سید صاحب کا انتقال ہے اور جمعے کے روز اس دعا گو کا انتقال ہے۔ یہ سن کر مجلس سے نعرے بلند ہوئے اور ایسا ہی ہوا جیسا کہ سید صاحب اور مولانا علاء الدین کرمانی فرماتے تھے۔''(۲۳)

شیخ الاسلام غزنوی کی اولاد میں ان کے تین صاحب زادوں کے اسمائے گرامی ملتے ہیں یعنی: سید جلال/ سید نظام الدین/ سید عزیز اللہ صاحب تاج۔ان میں سے منجھلے فرزند سید نظام الدین غزنوی سے آپ کا سلسلہ چلا۔ان کی تربت بھی دہلی میں اپنے والد گرامی کے جوار میں غربی سمت میں واقع ہے۔اخبار الجمال میں ہے:

''سیدنظام الدین کہ پسردوم سیدنورالدین مبارک است۔مزارایشان نیز دردھلی بجانبِ غربی،متصل وبرابر مزارِ پدرِ بزرگوارخوداست،و ایشانرا پسری بود نجم الدین قلندرنام۔''(۲۴)

راجی محمد نے شیخ نظام الدین ابوالموید کو بھی شیخ الاسلام غزنوی کا خلیفہ لکھا ہے۔شیخ نظام الدین ابوالموید آپ کی ہمشیرہ سیدہ بی بی ساراں کے صاحب زادے تھے۔اخبار الجمال میں ہے:

''پس ازین کنایہ معلوم میشود کی حضرت نظام الدین ابو الموید همراهی مرشد وخال خود کہ سیدالسادات امیر سید نورالدین مبارک

Marfat.com

غزنوی امیر دهلی است بودند." (۲۵)

سید نظام الدین غزنوی کے صاحب زادے سید نجم الدین غوث الدہر قلندر (م: ۲۰ ذی الحجہ ۸۳۷ھ/ ۲۷ جولائی ۱۴۳۴ء) کا مزار نالچھہ/ضلع دھار (مدھیہ پردیش) میں ہے۔ انھوں نے سلسلہ قادریہ وسہروردیہ کی نسبتیں اپنے والد گرامی سے حاصل کیں (۲۶) جب کہ چشتیہ قلندریہ کی نسبت سید خضر رومی سے پائی۔ (۲۷) اس طرح یہ سلسلہ قادریہ سہروردیہ قلندریہ کے نام سے موسوم ہوا۔

اگرچہ آپ پہ قلندری مشرب غالب تھا اور آخری عمر تک آپ داڑھی اور مونچھیں منڈایا کرتے تھے، لیکن وفات سے پندرہ سال قبل آپ نے داڑھی رکھ لی تھی۔ آپ نے شادی بھی کی اور صاحب عیال بھی ہوئے۔ (۲۸)

ذیل میں آپ کے چند ارشادات پیش خدمت ہیں، جن سے آپ کے مشرب تصوف پہ روشنی پڑتی ہے:

☆- ہم نے تم کو روٹی دی، تم بھی علما سے حاصل کرو، تم سے مراد علم ظاہر ہے۔

☆- سلوک سے مراد اپنی یافت ہے۔

☆- ہمارے سامنے کثیر جواہرات پیش ہوتے ہیں اور ہم کنکھیوں سے بھی نہیں دیکھتے۔

☆- ہم جب خدا سے باتیں کرتے ہیں تو اس مقام کی شدید دشواری کے باعث دیر تک ٹھہرا نہیں ہوتا۔ جس قدر کلام سننا میسر ہوتا ہے، اس میں بشریت پیچھے لگتی ہے۔

☆- کسی کو بہ حالت ریاضت مختلف فرشتے نظر آئیں تو اعتبار نہ کرنا چاہیے اور ان پر مغرور نہ ہونا چاہیے۔

☆- جو آدمی مرتا ہے تو نہ کہیں سے آتا ہے نہ کہیں جاتا ہے، یہ بات بہت باریک ہے۔

☆- جملہ حظوظ نفسانی کے ترک کو تصوف کہتے ہیں۔

☆- ہر وہ عمل جس کی گواہی قرآن و سنت میں نہ ہو باطل ہے۔

☆- قلندر چار اک فقیر است واصل درین راہ فراست

☆- آپ بیعت لینے کے بعد یہ نصیحت فرماتے تھے کہ کسی حال میں خدا کی نافرمانی نہ [illegible] اور حرام و حلال کو پہچاننا اور نماز پنج وقتہ بعد جماعت [illegible] نماز [illegible] تنہا پڑھنا، کبھی نماز نہ چھوڑنا اور علما و مشائخ سے [illegible]

☆- ایک روز یہ شعر پڑھا:

Marfat.com

کفر کافر را و دین دیندار را
ذرّہ دردت دل عطّار را

پڑھ کر فرمایا: مراداز درد، دردِطلب است.(۲۹)

سید نجم الدین کے احوال وارشادات ان کے خلیفہ شاہ حسین جون پوری نے **رسالہ غوثیہ** میں جمع کیے ہیں.(۳۰) آپ کے معروف خلیفہ شیخ قطب الدین بینا دل قلندر سرانداز غوثی فاروقی (۲۹ شعبان ۸۷۷-۲۵ شعبان ۹۲۵ھ/ یکم فروری ۱۴۷۵-۲۱ اگست ۱۵۱۹ء، جون پور) ہیں. بینا دل لقب کے بارے میں صاحب **نفحات العنبر یہ من انفاس القلندریہ** رقم طراز ہیں:

''بہ ظاہر آپ کی آنکھوں کے نشاں تک نہ تھے لیکن آنکھ والوں سے زاید آپ دیدۂ دل سے دیکھتے تھے اس لیے بینادل مشہور ہوئے.''(۳۱)

نفحات العنبر یہ من انفاس القلندریہ میں **مراد المریدین** کے حوالے سے سرانداز غوثی کی وجہ تسمیہ کے بارے میں درج کیا گیا ہے:

''مراد المریدین میں ہے کہ قاضی محمد تقی قلندر فرماتے تھے کہ آپ سرانداز غوثی اس لیے مشہور ہوئے کہ اثنائے ذکر غوثیہ میں سراندازی کے وقت آپ کا سر الگ ہوجاتا تھا اور یہ مرتبہ غوث کو حاصل ہے.''(۳۲)

شیخ قطب الدین بینا دل کو سلسلہ سہروردیہ بہائیہ میں شیخ شمس الدین بڈھن ظفرآبادی سے بھی خلافت حاصل تھی.(۳۳)

شیخ قطب الدین کے کئی خلفا کے نام مختلف کتب میں درج ہیں، ان میں سے ایک بہار میں مدفون میر سید فضل اللہ حسنی معروف بہ سید گوسائیں (م: ۵ جمادی الثانی ۹۲۵ھ/۳ جون ۱۵۱۹ء، محلہ دائرہ) ہیں. آپ کی جون پور سے بہار آمد پہ آپ کے قدم کی برکت سے اس جوار کے لاولد راجا کے ہاں لڑکے کی ولادت ہوئی اس لیے وہ آپ کو ارادتاً **سید گوسائیں** کہنے لگا اور یوں یہ لقب آپ کے نام کا حصہ بن گیا.(۳۴) آپ، شیخ قطب الدین بینا دل کے داماد بھی تھے اور یکے بعد دیگرے ان کی دو صاحب زادیاں (بی بی راضیہ و بی بی امینہ) آپ کے عقد میں آئیں.(۳۵)

میر سید فضل اللہ کا سلسلہ ان کے صاحب زادے میر سید محمود سے چلا اور میر سید محمود کے بعد ان کے صاحب زادے میر سید نصیر الدین مسند ارشاد پہ فائز ہوئے.(۳۶)

میر نصیر الدین کے دو خلفا سے سلسلہ جاری ہوا. ایک شیخ ابراہیم اور دوسرے میر سید تقی

Marfat.com

الدین سے۔(۳۷)

میر سید تقی الدین کا سلسلہ میر سید نظام الدین سے چلا. آگے میر سید نظام الدین کے خلیفہ میر سید اہل اللہ ہوئے جن سے سلسلے کا اجرا ہوا. میر سید اہل اللہ، میر سید نصیر الدین بن محمود کی صاحب زادی بی بی مریم زوجہ میر سید اشرف عرف پیر محمد کے بطن سے تھے.(۳۸)

میر سید اہل اللہ کی وفات کے بعد ان کے صاحب زادے دیوان سید محمد جعفر قطبی مسند ارشاد پہ متمکن ہوئے. آپ سے کئی کتب یادگار ہیں جو ابھی تک غیر مطبوعہ ہیں. دیوان سید جعفر کے بعد ان کے صاحب زادے میر سید خلیل الدین سجادہ نشین ہوئے. آپ معروف بزرگ مخدوم شاہ محمد منعم (شعبان-رمضان ۱۰۸۲-۱۱ رجب ۱۱۸۵ھ/دسمبر-جنوری ۲-۱۶۷۱ء-۳ دسمبر ۱۷۶۷ء) کے شیخ طریقت ہیں.(۳۹)

میتن گھاٹ پٹنہ میں مدفون مخدوم شاہ محمد منعم کے دور میں یہ سلسلہ قادریہ ابوالعلائیہ منعمیہ کہلانے لگا. شاہ محمد منعم سلسلہ قادریہ سہروردیہ میں میر سید خلیل الدین (بارھ، بہار)(۴۰) سے بیعت و خلافت سے سرفراز ہوئے. عطائے خلافت کے بعد شیخ طریقت کے حسب حکم علوم ظاہری کی تکمیل کے لیے دہلی تشریف لے گئے، جہاں انھیں کچھ عرصہ ابوالعلائی بزرگ شاہ محمد فرہاد دہلوی (م: ۲۵ جمادی الآخر ۱۱۴۵ھ/۱۳ دسمبر ۱۷۳۲ء، دہلی) کی صحبت میسر آئی. ان کی وفات کے بعد ان کے سجادہ نشین میر سید اسد اللہ (م: ۱۱۴۷ھ/۵-۱۷۳۴ء، دہلی) سے اکتساب علوم کیا نیز سلسلہ ابوالعلائیہ کی خلافت سے بھی سرفراز ہوئے. شیخ استفاضہ کی وفات کے بعد انہی کے مدرسے (جو جامع مسجد دہلی کی پشت پہ واقع تھا) میں کئی سال عالم کو سیراب کیا. بعد ازاں پٹنہ تشریف لائے اور محلہ بخشی گھاٹ کی مسجد میں قیام فرمایا. مختصر عرصہ وہاں قیام کے بعد میتن گھاٹ کے پاس میتن کی مسجد میں مقیم ہوئے اور خانقاہ کی بنیاد رکھی. اب وہیں آپ کا مزار زیارت گاہ خلائق ہے. آپ کی تصانیف **مکاشفات منعمی** (مصنفہ: ۱۱۱۹ھ)، **الہامات منعمی** (مصنفہ: ۱۱۲۰ھ) اور **مشاہدات منعمی** (مصنفہ: ۱۱۲۳ھ) کے نسخہ ہائے خطی خانقاہ منعمیہ اور برصغیر پاک و ہند کے کئی کتب خانوں میں موجود ہیں.(۴۱) مخدوم شاہ منعم نے **الہامات منعمی** میں تصوف کے بارے میں لکھا ہے

"تصوف خود را صاف کردن است یعنی صاف کردن نیت و قول و فعل خود از ماسوی اللہ"(۴۲)

الہامات منعمی میں ہی سالکِ راہِ سلوک کو یوں ہدایت فرماتے ہیں

Marfat.com

''ای سالک! طریق ہدایت در اول سلوک محنت ،خلوت ومجاہدات و ریاضات باید کشید وتنہائی وگرسنگی و درد والم ومحنت وغم باید ساخت: والذین جاهدوا فینا لنهدینهم سبلنا تا غول نفس سرکش از طریق برنخیزد سالک بیچارہ بمنزل مقصود نرسد:

نفس خود را کش جہانی زندہ کن
خواجہ را کشتہ است او را بندہ کن

لا و الله ان یکون لصاحب النفس الیه سبیلا. آخر کار ای عزیز! از خود تا بحق دو قدم راہ بیش نیست قدم اول از خود گذشتن ودوم بحق پیوستن دع نفسک وتعال:

تو خود حجاب خودی حافظ از میان برخیز

تا کل از خود نگذری بکل نرسی تا موی از خودداری بوی از خدا نیابی المکاتب عبدان بقی علیہ درہم والسلام''(۴۳)

مخدوم شاہ محمد منعم کے کئی خلفا سے ان کا سلسلہ چلا.ان میں سے مخدوم شاہ حسن علی اور صوفی شاہ محمد دایم (م:۱۲۱۴ھ/۱۷۹۹ء،ڈھاکا/بنگلادیش) زیادہ معروف ہوئے.یہاں ضمناً اس امر کا ذکر کرتا چلوں کہ فخر العارفین شاہ محمد عبدالحیٔ نے اپنے ہم عصر مشائخ یعنی سید احمد اللہ مائجبھنداری (۱۵ جنوری ۱۸۲۶ء-۲۳ جنوری ۱۹۰۶ء،مائجبھنڈار/ضلع:چٹاگانگ) مرید وخلیفہ شاہ محمد صالح لاہوری (کول کتہ) اور سید احمد اللہ کے خلفا میں شاہ وصی الرحمان فاروقی (چرن دیپ-بواکھالی/چٹاگانگ) یا سید غلام الرحمان معروف بہ بابا بھنڈاری (۱۰ جنوری ۱۸۶۵-۱۵اپریل ۱۹۳۷ء، مائجبھنڈار) کے مرید حافظ فیض الرحمان (سات باریہ/ضلع: چاٹگام) کی فقیری کو راز فنا میں غیر شرعی قرار دیا ہے،ان سب کا تعلق شاہ محمد دایم کی روحانی ذریت سے تھا.(۴۴)

مخدوم شاہ حسن علی (۱۱۴۳-۲۸ ربیع الاول ۱۲۲۴ھ/۱۷۳۰-۱۸۰۹ء) کا مزار خواجہ کلاں گھاٹ پٹنہ میں ہے.ڈاکٹر مظفر اقبال اپنی تالیف بہار میں اردو نثر کا ارتقا (۱۸۵۷ء سے ۱۹۱۴ء تک) میں مخدوم شاہ حسن کے بارے میں رقم طراز ہیں:

''حضرت مخدوم شاہ حسن علی قدس سرہٗ فرزند حضرت مخدوم شاہ شعیب قدس سرہٗ شیخ پوروی کا شمار ریاست بہار کے مشہور صوفیوں میں ہوتا ہے.آپ کے فارسی مکاتیب کا ایک قلمی نسخہ خانقاہ اسلام پور (پٹنہ) میں موجود ہے.اس میں

Marfat.com

یہ اردو مکتوب بھی شامل ہے جو حضرت کے مرید اور خلیفہ حضرت حکیم شاہ فرحت اللہ ملقب بہ حسن دوست قدس سرہٗ کے نام ہے اور جس کا نمبر نو دو سوم ہے۔'' (۴۵)

آپ کے مکتوبات کے تین عدد قلمی نسخے راقم کے علم میں ہیں: کتب خانہ قادریہ خانقاہ اسلام پورہ کا نسخہ، خانقاہ منعمیہ ابوالعلائیہ رام ساگر گیا اور خانقاہ قمریہ منعمیہ میتن گھاٹ پٹنہ کے نسخے۔ اس مجموعے میں ایک سو اکتیس خطوط شامل ہیں۔ ان میں سے یک سو چار مکتوبات آپ کے مرید و خلیفہ حکیم شاہ فرحت اللہ معروف بہ حسن دوست کریم چکی (م: ۹ شعبان ۱۲۲۶ھ/ ۲۸ اگست ۱۸۱۱ء) کے نام ہیں۔ مکتوبات میں آپ نے شاہ فرحت اللہ کو: برخوردار من، برادر من، حسن دوست اور برخوردار نور چشم شاہ فرحت اللہ سلمہٗ اللہ تعالیٰ کے الفاظ سے مخاطب فرمایا ہے۔ (۴۶) ڈاکٹر مظفر نے اپنی تالیف میں آپ کے اردو مکتوب کا متن نقل کیا ہے۔ ذیل میں اس اردو خط کو پروفیسر مذکور کی کتاب سے نقل کیا جاتا ہے:

''حسن دوست کو اپس (کذا) کا دکھ اللہ کوں علم حضوری ہے یا جس کو اللہ دے عقل سے دوا کرنا راست آوے تو خوب معلوم کرنا مرض کا دشوار ہے۔ دو یہ نہ ہو تو کیا ہوئے اللہ علم حضوری دے تو شتاب ارام ہوئے۔ جو کہ دیں تو سبھ (کذا) کا احوال و مرض کہنا پڑے اور تم سب کا احوال اور مرض پوچھو تم حکیم ہو کہیں تم بندے یا خدا بندے کو کہنا قبول کرے یا نہ کرے اللہ کرے پھر کرنے کا تم سوال کرتے ہو جس کو ہم دعا کردیں یا دوا کریں اوس کو آرام ہو یا اوس کا کام بندگی سے دور ہے۔ ولی آخر ... کیسے دعا کرتے تھے اور اون کو حکم تھا ہو تم سبھ (کذا) قبول کریں یا نہ کریں تم نے آخر دیکھتے حکم ہے تم کو دعا کرو یا دوا کرو ... دیکھو باطن کو کیا ہے اوس کو دیکھنے کے عمل کرو زیادہ والدعا۔'' (۴۷)

ابوالکلام رحمانی (پ: ۱۲ اگست ۱۹۴۹ء) مذکورہ مکتوب کے بارے میں یوں اظہار خیال کرتے ہیں:

''اب تک کی تحقیق کے مطابق علاقۂ پورہ خطۂ شرقی مدھ میں اردو نثر نگاری کی تاریخ بھی آپ ہی سے شروع ہوتی ہے۔'' (۴۸)

آپ کی اردو شاعری کے بارے میں ابوالکلام رحمانی کا بیان ہے:

''اس خطے میں اردو شاعری کے اولین نقوش آپ کے ہی مرہون منت

Marfat.com

ہیں.........آپ سے منسوب ان.........دوہروں، اشعار اور فقروں کو اگر آپ کی اپنی تخلیق نہ بھی تسلیم کیا جائے تو بھی آپ کے مکتوبات میں ان کا برمحل استعمال کم از کم اٹھارہ ویں صدی عیسوی کے صوبۂ بہار کی اردو کا پتا تو دے ہی دیتی ہے۔'' (۴۹)

آپ کے مکتوبات سے چند اقتباسات ذیل میں نقل کئے جاتے ہیں. شاہ فرحت اللہ کو ایک خط میں وقت کی قدر و قیمت اور فکر آخرت کے بارے میں تحریر فرماتے ہیں:

''وقت را غنیمت شمار و کار آخرت راز ود زود کنید وگرنہ در این راہ راہزن بسیار اند و اکثر ہمراہ اند و خبردار باشند از فضل افضل بشر کہ نام پاک آن محمد علیہ الصلوۃ والسلام است امیدوار رابندہ ہم جلوہ گر خواہد شد.'' (۵۰)

شاہ فرحت اللہ کو ایک اور خط میں لکھتے ہیں:

''ہر کہ از خود میرو د واللہ مولی میشود لیکن علم مولی شدن نہ باشد، چنانچہ قطرہ بہ دریا میرو د و دریا نامی شود علم دریا شدن نباشد علم و جہل ہر دو خوب نیست.'' (۵۱)

مولوی عماد الدین حسین کے نام ایک مکتوب میں لکھا ہے: (۵۲)

''عاشقی چیست از خود رفتن و معشوق شد بلکہ از عاشق و معشوق ہم بگذشتن می نویسم درین منزل مارا گذر نہ:

زمیں آسماں کو تو آخر عدم ہے
یہ دونوں سے باہر ہمارا قدم ہے

دوہرا یاد آیا:

کو لکھے کس کو لکھے یہاں دوئی ذرا نہ سمائے
یہاں تو ایک ہی ایک ہے وہ کبھی لکھا نہ جائے

شاہ فرحت اللہ کو ایک اور مکتوب میں رقم طراز ہیں:

''اول توحید خیالی میشود بعد از ان صفاتی بعد از ان ذاتی. روح دیدن می گویند روح را روح دید باشما دیدند ہنوز علم باقی است. خود سجدہ کردم سجدہ کہ کرد کرا کرد و دیگر درمیان نہ بود.'' (۵۳)

حکیم شاہ فرحت اللہ فاروقی کریم چکی مخاطب بہ حسن دوست کی خانقاہ محلہ کریم چک چھپرہ میں ہے. آپ کا شجرہ نسب شاہ حسام الدین مانک پوری (الہ آباد) سے ہوتا ہوا خلیفہ دوم امیر

Marfat.com

المومنین سیدنا عمر فاروق تک منتہی ہوتا ہے۔ (۵۴)

علوم ظاہری کی تحصیل کے بعد مخدوم شاہ منعم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: اگر میرے نصیب میں سلطنت ہے تو سکندر رومی بننا چاہتا ہوں، اگر قسمت میں طبابت ہے تو افلاطون و جالینوس وقت ہو جاؤں، اور اگر درویشی عنایت ہو تو بایزید وقت ہو جاؤں۔ مخدوم نے فرمایا: جو تم چاہتے ہو ان شاء اللہ ویسا ہی ہوگا لیکن اس کے لیے تمھیں شاہ حسن علی کے پاس جانا ہوگا۔ بہ حکم مخدوم آپ شاہ حسن کی خدمت میں حاضر ہوئے اور مدعا گوش گزار کیا۔ شاہ حسن علی نے آپ کا مدعا سن کے نعرہ بلند کیا جس کے سبب آپ تین روز عالم ہوش سے بے نیاز و بے سدھ پڑے رہے۔ بعد ازاں طویل مدت خدمت شیخ میں حاضر رہے (۵۵) اور بہ قول صاحب تذکرۃ الکرام:

''آپ سیف زبان تھے جو زبان سے نکلا اس کا ظہور ہوا۔'' (۵۶)

شاہ فرحت اللہ کے مکتوبات سید عطا حسین منعمی نے ترتیب دیے اور ان کا نام دستور العمل رکھا۔ اس کا ایک مخطوطہ (۱۲۶۶ھ، سید رضی الدین حسین بیتھوی) خانقاہ منعمیہ ابو العلائیہ گیا میں ہے۔ زیادہ تر مکتوبات ان کے صاحب زادے حکیم شاہ مظہر حسین کے نام ہیں۔ اور چند ایک دیگر وابستگان کے نام۔ (۵۷) اپنے صاحب زادے کو ایک مکتوب میں تحریر فرمایا ہے:

''اے عزیز! سالک کی باتیں سالک کو ہی بتائیں اور اسی پر ظاہر کریں۔ جب تک سلوک سے وابستہ نہ ہو اسے ہرگز نہ بتائیں کہ ایسے لوگ سارق الطریقت ہوتے ہیں۔'' (۵۸)

اپنے مرید عنایت حسین کو ایک خط میں لکھتے ہیں:

''(مراقبہ کے دوران) اپنے آپ کو فراموش کر دیں اور فقیر کو یاد رکھیں، اپنے تمام جسم و جان کو فقیر کا جسم و جان سمجھ کر مشغول ہوں۔ جس قدر ایسا خیال غالب آتا جائے گا اپنی فراموشی حاصل ہوگی اور خود فراموشی ہی کامیابی کی ضامن ہے۔'' (۵۹)

شاہ فرحت اللہ کے دو رسایل کا فارسی متن مظہر الاسرار کے نام سے مخدوم شاہ منعم کے خلیفہ حکیم سید احمد جہاں گیری نے ترتیب دیا تھا۔ یہ فارسی متن مع اردو ترجمہ (مترجم مولانا محمد عارف کمال نقش بندی) مارچ ۲۰۰۰ء میں کراچی سے شائع ہو چکا ہے۔

حکیم شاہ مظہر حسین، حکیم شاہ فرحت اللہ کے صاحب زادے ہیں اور ان کا مزار خواجہ کلاں

گھاٹ پٹنہ میں ہے۔(۶۰) آگے ان کا سلسلہ ان کے بھتیجے (بعض کے نزدیک آپ سگے بھتیجے نہیں تھے) اور داماد حکیم شاہ محمد مہدی (م:۶ جمادی الاول ۱۲۸۱ھ/ ۱۶ اکتوبر ۱۸۶۴ء) سے چلا۔ شاہ مہدی کا مزار بھی خواجہ کلاں گھاٹ پٹنہ میں ہی ہے۔(۶۱) آپ اردو میں شعر بھی کہتے تھے، آپ کے دست یاب چند اشعار بہ طور تبرک یہاں نقل کئے جاتے ہیں:(۶۲)

محمد سر بسر نور خدا ہے ۔۔۔ محمد مظہر رب العلا ہے
محمد شافع ہر دو سرا ہے ۔۔۔ اسی کے در کا ہر سائل گدا ہے
محمد حاکم ارض و سما ہے ۔۔۔ محمد مالک ملک خدا ہے
وہی تھا پردۂ وحدت میں پنہاں ۔۔۔ وہی کثرت میں ما و من بنا ہے
بوقت نزع ہو دیدار احمد ۔۔۔ یہی مہدی کا یا رب! مدعا ہے

شاہ محمد مہدی کا سلسلہ ان کے خلیفہ شاہ امداد علی بھاگل پوری سے چلا۔ شاہ امداد علی نے ۱۸۲۹ء میں برطانوی دور حکومت میں گورنمنٹ کی ملازمت اختیار کی۔ ابتدائی کئی سال محکمہ مال میں بہ حیثیت ڈپٹی کلکٹر ملازم رہے۔ ۱۸۴۸ء میں منصف مقرر ہوئے اور صدر اعلا کے عہدے تک ترقی کی۔ ۱۸۵۷ء میں بہ طور صدر اعلا ملازمت سے سبک دوش ہوئے۔ ۱۸۵۷ء کے غدر میں آپ بہ مقام آرا صدر امین کے عہدے پہ فائز تھے۔(۶۳) آپ کے پڑپوتے شاہ عنایت حسین (مدفون: کراچی) کے بہ قول:

> ''آپ اس خیال کے حامی تھے کہ مغربی سائنس کی تعلیم مادری زبان میں رائج ہوتا کہ لوگ جدید سائنس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کر سکیں۔ مندرجہ بالا نظریہ کے پیش نظر حضرت امداد علی نے ۱۸۶۸ء میں مظفر پور میں ایک ایسوسی ایشن قایم کی جس کا پہلے پہل نام **برٹش انڈیا ایسوسی ایشن** رکھا گیا۔ بعد میں **بہار سائنٹیفک سوسائٹی** کہلائی۔ اس کا خاص مقصد مغربی سائنسی کتابوں کو مادری زبان میں ترجمہ کرنا تھا۔ آخر کار گورنمنٹ آف انڈیا نے مارچ ۱۸۰۷ء میں ایک حکم جاری کیا کہ تعلیم مادری زبان میں ہونی چاہیے۔ سوسائٹی کے اہتمام سے بہت سی مغربی سائنٹیفک کتابوں کا ترجمہ مادری زبان میں کیا گیا۔ مظفر پور اور گیا وغیرہ میں اسکول قایم کئے گئے۔ اردو زبان میں ایک پندرہ روزہ اردو اخبار [بھی] جاری کیا گیا۔''(۶۴)

Marfat.com

شاہ امداد علی کو ان کی عوامی خدمات پہ گورنمنٹ بنگالہ نے از حد سراہا اور ملازمت سے سبک دوشی کے بعد آپ کو خان بہادر کے خطاب سے نوازا۔ ۱۸۷۸ء میں آپ کو دہلی دربار میں مدعو کیا گیا اور آپ کی خدمات پہ شاہی تمغہ بھی دیا گیا۔ (٦٥)

آپ نے ٦ ذیقعدہ ۱۳۰۴ھ / ۲۷ جولائی ۱۸۸۱ء کو وفات پائی اور محلہ قاضی ولی چک بھاگل پور میں آپ کا مزار زیارت گاہ خلائق ہے۔ (٦٦) شاہ امداد علی کے معروف خلیفہ شیخ العارفین شاہ محمد مخلص الرحمان جہاں گیر ہوئے ہیں۔

تیرہ ویں صدی ہجری کے ابتدا میں اسی سلسلے کی ایک شاخ شیخ العارفین شاہ محمد مخلص الرحمان ملقب بہ جہاں گیر شاہ (۱۲۲۹-۱۲ ذیقعدہ ۱۳۰۲ھ / ۱۸۱۳-۴-۲۳ اگست ۱۸۸۵ء: مرزا تحصیل ضلع چاٹگام - بنگلادیش) کی نسبت سے جہاں گیری کہلائی انھیں یہ لقب ان کے مرشد طریقت شاہ امداد علی بھاگل پوری نے عطا فرمایا تھا۔ بہ قول حکیم سکندر شاہ:

> "حضرت شیخ الشیوخ العالم شاہ امداد علی بھاگل پوری نے بہ اشارت غیبی آپ کو خلافت اور اجازت دی اور لقب جہاں گیر شاہ سے ملقب فرما کر رخصت فرمایا۔" (٦٧)

شاہ محمد مخلص الرحمان سے شرح الصدور فی دفع الشرور یادگار ہے جو تقویۃ الایمان (مؤلفہ شاہ محمد اسماعیل دہلوی) کے رد پر مشتمل ہے۔ شرح الصدور کا فارسی متن چودھویں صدی ہجری کے اوائل میں شائع ہوا تھا اور اس کا تلخیص اردو ترجمہ حافظ مقبول احمد متخلص بہ کوکب بناری (م: ۱۹۵۱ء، مرزا تحصیل) نے ۱۳۶۸ھ / ۱۹۴۸ء میں مکمل کیا اور ۱۳۶۹ھ / ۱۹۴۹ء میں پہلی بار باہتمام مولانا محبوب الرحمان اسلام آبادی، دہلی سے طبع ہوا۔ بعد ازاں دہلی ہی سے بالترتیب فروری ۱۹۶۵ء، جولائی ۱۹۸۲ء میں اس کی مزید اشاعتیں عمل میں آئیں۔ نومبر ۱۹۹۹ء میں اس کی چوتھی اشاعت قادری جہاں گیری ٹرسٹ کراچی سے ہوئی۔ شاہ ابوالحسن زید فاروقی (م: ستمبر ۱۹۹۳ء) شرح الصدور کے بارے میں رقم طراز ہیں:

> "ایک کتاب مولانا شاہ مخلص الرحمان ملقب بہ جہاں گیر شاہ نے شرح الصدور کے نام سے فارسی میں تیرھویں صدی کے آخر میں لکھی ہے۔ ان کے مخلصین نے اس کے ترجمے کا خلاصہ اردو میں شائع کیا ہے۔ کاش اصل کتاب بھی طور پہ چھپ جاتی۔ اس کتاب میں تعصب نام کو نہیں ہے اور مقالات کی شان ہی

Marfat.com

بہ وجہ احسن کی گئی ہے۔'' (۶۸)

شاہ عبد العزیز محدث دہلوی (۲۵ رمضان ۱۱۵۹-۷ شوال ۱۲۳۹ھ/ ۲۰ ستمبر ۱۷۴۶-۵ جون ۱۸۲۳ء، دہلی) کی نامکمل تفسیر میں ایک مقام (وما اہل بہ لغیر اللہ) ایسا ہے جس کے بارے میں کئی علما و محققین کا خیال ہے کہ اس مقام پہ تحریف کی گئی ہے۔ شاہ مخلص الرحمان کی تحقیق کے مطابق تفسیر عزیزی میں اس مقام پہ تبدیلی یا اضافہ شاہ محمد اسماعیل دہلوی (۲۶ اپریل ۱۷۷۹-۶ مئی ۱۸۳۱ء، بالاکوٹ/ ضلع: ہزارہ) نے کیا تھا:

''اگر کہو کہ شاہ عبد العزیز صاحب قدس سرہ نے بھی تو آیت مذکور کی تفسیر اسی معنی میں کی ہے۔ میں کہوں گا کہ یہ تفسیر ان ہی مولوی صاحب کا کلامِ شاہ صاحب میں الحاق و تصرف ہے جسے شاہ عبد العزیز صاحب قدس سرہ کی وفات کے بعد حاشیہ پر بہ علامت (ص) صحیح بڑھا دیا گیا ہے۔ اس زیادتی کا قصہ علماے ہند میں مشہور ہے۔'' (۶۹)

آپ کے احوال پہ **سیرت جہاں گیری** اور مناقب و تواریخ وفات پہ **یادگار جہاں گیری مع آئینۂ جہاں گیری** (مولفہ: شاہ محمد بدیع العالم اسلام آبادی) شایع ہو چکی ہیں۔

یادگار جہاں گیری میں نواب سراج الدین احمد خان سائل دہلوی (۱۸۶۸-۱۵ ستمبر ۱۹۴۵ء) کا کہا ہوا ایک چوبیس اشعار کا منظومۂ تاریخ وفات بھی شامل ہے۔ اس منظومے کا ایک مصرعہ: اُن کا دم کردہ آب، آبِ حیات، تو بہت معروف ہے۔ ذیل میں تین اشعار پیش خدمت ہیں: (۷۰)

ان کا دم کردہ آب آبِ حیات — تھی زباں منہ میں چشمۂ حیوان
تھی لقب میں صفت جہاں گیری — اسم اقدس تھا مخلص الرحمان
کیوں نہ سائل کہے یہ سالِ وصال — **مالک الملک مخلص الرحمان**

سیرت جہاں گیری تو راقم کی نظر سے نہیں گزری البتہ **یادگار جہاں گیری مع آئینۂ جہاں گیری** کا پہلا اڈیشن ربیع الاول ۱۳۳۵ھ/ جنوری ۱۹۱۷ء میں شاہ عبد القدیر جہاں گیری دہلوی (شوال ۱۲۹۹ - ۹ جمادی الثانی ۱۳۷۸ھ/ اگست، ستمبر ۱۸۸۲-۲۰ دسمبر ۱۹۵۸ء، دہلی) نے دلی پرنٹنگ ورکس دہلی سے شایع کرایا تھا۔ اور دوسرا اڈیشن ڈاکٹر سید رحمت علی شاہ (اکتوبر ۱۸۸۶-۲ ستمبر ۱۹۷۷ء/ ۷ رمضان ۱۳۹۷ھ، کراچی) نے ۱۲ ربیع الاول ۱۳۸۲ھ/ ۱۳ اگست ۱۹۶۲ء کو ایجوکیشنل پریس کراچی سے طبع کرایا اور اس کا خلاصہ ڈاکٹر سید رحمت علی کے مرید و خلیفہ ڈاکٹر عبد الحمید قریشی

Marfat.com

جہاں گیری (اسلام آباد) نے ربیع الاول ۱۴۳۴ھ کو اسلام آباد سے شایع کیا۔

شاہ مخلص الرحمان کی وفات کے بعد ان کے صاحب زادے فخر العارفین شاہ محمد عبدالحئی جہاں گیری (۱۲۶۷-۱۷ ذی الحجہ ۱۳۳۹ھ/ ۵۱-۱۸۵۰-۲۱ اگست ۱۹۲۱ء) مسند ارشاد پہ فائز ہوئے۔ آپ بلاشبہ اس سلسلے کے مجدد ہیں۔ آپ نے سلسلے کی از سر نو تنظیم بندی کی اور قواعد وضوابط طے کیے نیز سلسلے کو عہد موجود کے تقاضوں کے مطابق ڈھالنے میں بھی کئی مفید اقدامات فرمائے۔ علاوہ ازیں آپ نے شریعت وطریقت کو بھی ہم آہنگ کرنے میں بھرپور سعی فرمائی۔ آپ سے سلسلے کی بہت زیادہ اشاعت ہوئی اور لاکھوں افراد آپ کے دامن سے وابستہ ہوئے۔ خود آپ کا ارشاد ہے:

''...... جب لوگوں نے انتہا درجے کی مخالفت اختیار کی تو اس وقت، اس لیے کہ آخر ہم بھی بشر ہیں، ہماری زبان سے صرف اتنا نکلا کہ اگر ہمارے خیالات اللہ اور اللہ کے رسول کی مرضیات کے موافق ہیں، تو ہمارے خیالات لوگوں کے سینے شق کر کے ان کے قلوب کو چیر کر ان میں گھس جائیں گے اور سما جائیں گے اللہ کا شکر ہے کہ آج ہمارے خیال کے لاکھوں آدمی ہو گئے۔'' (۷۱)

شاہ عبدالحئی نے اپنے عہد میں عوام کو خصوصی طور پر اپنی توجہ کا مرکز بنایا، جس کی وجہ سے یہ سلسلہ اب تک عوام پسند رہا ہے اور ابھی تک نچلے ومتوسط طبقوں کے افراد کو مسند ارشاد کی زینت بنانے کی سعی میں مشغول ہے۔ اس تناظر میں آپ کا ارشاد ہے:

''میرے مریدوں میں بے پڑھے لوگ زیادہ ہیں۔ بعض وقت یہ وسوسہ لاحق ہوتا ہے کہ ان لوگوں سے دنیا میں کوئی اچھا اور اہم کام ہو سکتا ہے یا نہیں؟ مگر ساتھ ہی جنگ بدر کا واقعہ یاد آجاتا ہے کہ (اس جہاد کے ہنگامہ میں) دو کم عمر لڑکے آئے اور صحابہ سے پوچھا کہ ہمارے حضرت ﷺ کا دشمن ابوجہل کہاں ہے؟ شناخت اور پہچان کرا دیجیے اور پھر (اسلام کے ان دو جان بازوں نے) آن واحد میں اسلام کے سب سے بڑے دشمن ابوجہل کو قتل کر دیا (جس کے بعد میدان صاف تھا) پس قدرت کاملہ کے سامنے رنگوں ہونا پڑتا ہے اور معلوم نہیں ہے کہ مصلحت خداوندی کیا ہے۔ ممکن ہے کہ ان امیوں سے کوئی اچھا فعل صادر ہو جائے (جس سے قدرت کاملہ الہیہ کا ظہور ہو)۔'' (۷۲)

مؤلف سیرت فخر العارفین کو ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں:

Marfat.com

''بہ تاریخ ۷ اربیع الاول بروز سہ شنبہ کو ہم نے بدر الاسلام صاحب و نور الحق و پیارے کو مع ان کی نانی اور والدہ کے رخصت کیا. اگر ہم کو ان لوگوں کے آنے کا حال پہلے سے معلوم ہوتا تو ہم منع کر دیتے. اب آپ کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ اگر امرا لوگ یہاں پر آنے کا قصد کریں تو ان کو منع کر دیجیے، کیوں کہ ہم غریب آدمی ہیں، امرا لوگوں کے انتظامات میں ہم کو تردد کرنا پڑے گا. اور ان سے کہہ دیجیے کہ ہمارے پیر غریب آدمی ہیں، آپ لوگوں کو کھانے پینے میں تکلیف ہوگی اور چٹائی پر سونا ہوگا، ان کا کام دعا کرنا ہے وہ وہیں سے دعا کر دیں گے، وہاں جانے کی ضرورت نہیں. اور اگر کوئی صاحب بہ اصرار آنا چاہیں تو ان سے کہہ دیجیے کہ اپنے کھانے پینے کا سامان ہمراہ لیتے جائیں، وہاں پر غریب لوگوں کو کھانا ملتا ہے اور جو امرا لوگ ہیں وہ خود اپنا انتظام کریں.'' (۷۳)

آپ کے اس طریقے اور منشور پہ اس زمانے میں اعتراضات بھی وارد ہوئے. آپ نے ایک صاحب کے اعتراض کے جواب میں فرمایا:

''ایک مولوی صاحب نے ہم سے کہا کہ '' آپ تو امتحان اور جانچ ظاہراً کیے بغیر ہر شخص کو مرید کر لیتے ہیں.'' ہم نے کہا '' آپ نے کسی مکتب میں پڑھا ہے؟ جس مکتب سے آپ پڑھ کر نکلے ہیں. خیال تو کیجیے کہ اس مکتب سے کتنے لڑکے پڑھ کر اور کامیاب ہو کر نکلے، کتنے جاہل کے جاہل ہی رہے. کتنے وہاں سے نکل کر اور بھی خراب ہو گئے اور چور اور بدمعاش بن گئے. ہم جو ہر ایک کو مرید کر لیتے ہیں، تو یوں سمجھیے کہ اللہ کے بندوں کو مکتب میں بٹھا لیتے ہیں. اب جس کے جو نصیب میں ہے، ویسا ہو جائے گا. کوئی ولی اور کامل و اکمل ہو جائے گا. کوئی معمولی مسلمان ہی رہے گا. کوئی پھر جائے گا اور کوئی بدوضع ہو جائے گا. مریدی تو کلمۃ الحق ہے، اگر کوئی کافر قبول اسلام کے لیے آئے، تو کیا اسلام میں اس سے دریغ رکھا جائے گا اور کلمۃ الحق اسے نہ بتایا جائے گا؟ ضرور بتایا جائے گا. حضرت سرور کائنات فخر موجودات علیہ التحیۃ و التسلیمات کے پاس قبول اسلام کے لیے جو کوئی بھی آیا، آپ نے اسے کلمۃ الحق تلقین کیا (داخل اسلام فرمایا). ان اسلام قبول کرنے والوں میں جو جس کے نصیب میں تھا ہوا. ان ہی میں حضرات خلفاے راشدین (رضوان اللہ علیہم اجمعین) اور بڑے بڑے جلیل

Marfat.com

القدر صحابی بھی ہوئے کہ جن کے ایک نعرۂ تکبیر سے قلعہ کی دیواریں گر پڑتی تھیں اور جن کا قرآن سننے کو آسمان سے فرشتے اتر آتے تھے۔ اور انھیں اسلام قبول کرنے والوں میں ایسے بھی تھے کہ منافق نکلے اور ایسے بھی تھے کہ آپ کے سامنے اور آپ کے بعد مرتد ہو گئے۔ جس نے بھی اسلام قبول کرنا چاہا، آپ نے کسی سے بھی انکار نہ فرمایا۔'' (۷۴)

آپ نے اپنے خلیفہ حکیم سید احمد شاہ جہاں گیری (۱۳۰۴-۱۷ جمادی الثانی ۱۳۹۶ھ ۷-۱۸۸۶-۱۵ جون ۱۹۷۶ء، کراچی) کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا:

''احمد شاہ! اگر ہو سکے تو طب فارسی میں پڑھ کر مطب کرنا۔ دعا اور دوا سے مخلوق کو فائدہ پہنچاؤ۔ اور اس میں آزادی بھی ہے۔ اور لوگوں کو تعلیم و تلقین بھی کرنا۔ یہ نہ خیال کرنا کہ ہم بڑے آدمیوں کو کیوں کر مرید کریں۔ شروع اسلام ایسے ہی لوگوں سے جاری ہوا ہے۔ اور یوں کہنا کہ آؤ بھائی! ہم تم کو خدا کا راستہ بتلائیں۔ جب تم ان کو تعلیم و تلقین کرو گے تو خود ان کے دل میں تمھاری طرف سے محبت پیدا ہوگی، پھر رفتہ رفتہ نماز روزہ کی بھی تعلیم کرنا۔ ہم نماز روزہ کو بہت پسند کرتے ہیں۔'' (۷۵)

اگرچہ یہ صحیح ہے کہ آپ نے عوام کو اپنی خصوصی توجہ کا مرکز بنایا، مگر یہ بھی درست ہے کہ اس زمانے کے اشراف بھی آپ کے دامن سے وابستہ ہوئے۔ آپ نے ان کی تربیت بھی ایک خاص انداز میں فرمائی۔ نواب حیدر علی خان ٹپی، رئیس کروسیہ ضلع میمن سنگھ (یہ نواب سر سلیم اللہ خان کے بڑے برادر زادہ تھے) جب بیعت ہونے آئے اور بعد از بیعت کچھ روپے نذر پیش کیے تو آپ نے فرمایا:

''نذر دینا فرض نہیں ہے۔ قرض کا ادا کرنا فرض ہے۔ تمھاری ریاست پر بار قرض ہے۔ اپنا قرض ادا کرو، قرض کا ادا کرنا فرض ہے۔ نواب صاحب نے بہت اصرار کیا اور دل گیر ہوئے تو آپ نے فرمایا: اچھا، ہم مرید ہوتے ہیں، ایک یا دو روپے نذر دیتے ہیں، ہم لے لیتے ہیں تاکہ آپ خیال نہ کریں کہ پیر و مرشد نے ہماری نذر رد کر دی۔ یہ فرما کر آپ نے دو روپے لے لیے اور باقی روپیہ نواب صاحب کو واپس کر دیے۔'' (۷۶)

نواب سر خواجہ سلیم اللہ خان (۷ جون ۱۸۷۱ء-۱۶ جنوری ۱۹۱۵ء) آپ سے خاص ارادت

Marfat.com

محمد نبی رضا خان ملقب بہ اسد جہاں گیری ومعروف بہ دادا میاں (۲۵ ربیع الاول ۱۲۸۴-۲۴ ربیع الاول ۱۳۲۹ھ/ ۲۷ جولائی ۱۸۶۷-۲۵ مارچ ۱۹۱۱ء، لکھنؤ) کے بہت زیادہ عقیدت مند تھے۔ نواب سلیم اللہ کے چھوٹے برادرزن نواب امیر حسن خان اور ان کے خاندان کے کئی مرد وزن شاہ نبی رضا خان سے بیعت تھے۔ نواب سلیم اللہ خان چوں کہ شاہ عبدالحئی کے احوال سنتے رہتے تھے، سو ایک بار انھوں نے شاہ عبدالحئی کی خدمت میں حاضر ہونے کی اجازت طلب کی۔ آپ نے منع فرمادیا۔ کچھ وقت بعد انھوں نے دوسری بار، اپنے ایک عزیز کے ذریعے اجازت طلب کی تو آپ نے دوبارہ منع فرمادیا البتہ آخر میں اتنا فرمایا: ''اگر بہت ذوق ہے تو صرف دو نوکر ساتھ لے کے آسکتے ہیں، نوابی تزک واحتشام کے ساتھ نہ آئیں۔''(۷۷)

حاذق الملک حکیم محمد اجمل خان (۱۸۶۳-۲۹ دسمبر ۱۹۱۷ء) نے جب نواب وقار الملک مولوی مشتاق حسین (۲۴ مارچ ۱۸۴۱- ۲۸ جنوری ۱۹۱۷ء) سے آپ کے احوال سنے تو شاہ عبدالقدیر دہلوی جو اس زمانے میں ہندستانی دواخانہ دہلی کے اسسٹنٹ منیجر تھے اور حکیم صاحب انھیں بہت عزیز رکھتے تھے، کو حکیم صاحب نے بیعت کے لیے مرزا کھل بھیجا اور تاکید کی: میری طرف سے اسلام کے عروج واقبال کے لیے بھی عرض کرنا۔ اسی زمانے میں حکیم صاحب نے ایک منظوم عریضہ بھی آپ کی خدمت میں روانہ کیا، اس کے چند اشعار یہاں نقل کیے جاتے ہیں:

طوطیِ آزاد بودم در قفس انداختند
از فرازِ آسماں گویا فتادم بر زمیں

جادہ گم کردم ز بد بختی درین تاریک شب
راہبر، از من جدا و راہزن اندر کمیں

ای مسیحای زماں! دردِ دلم را چارہ ای
باختم تاب و توان در پنجہ ای دیو لعین

چون زحال من کسی پرسد بگویم در جواب
از وصالِ یار دورم با رقیباں ھمنشین

آپ نے حکیم صاحب کے وفورِ عقیدت کے جواب میں فرمایا:

''ان سے کہہ دیا جائے کہ انھیں خود اتنے بڑے سفر کی تکلیف گوارا کرنے اور یہاں آنے کی ضرورت نہیں۔ انھیں ابھی بہت سا کام کرنا ہے اور وہ ایسا کام

Marfat.com

ہے، جسے وہ ہی پورا کر سکتے ہیں. ایسا نہ ہو کہ دنیا سے ان کا دل پھیکا ہو جائے اور وہ کام رہ جائے. پس وہ طبیہ کالج بنانے کی اسکیم کو پورا کرنے سے پہلے یہاں آنے کا ارادہ نہ کریں. ہم ان کے حق میں دعا کرتے ہیں. (اور ان کے ساتھ جو معاملہ حق سبحانہ تعالا کو منظور ہے ان کے آنے کے بغیر ہی جاری ہو جائے گا)۔'' (۷۸)

حکیم صاحب نے اپنے قریبی احباب سے فرمایا: ''میں دو سو فقرا اور درویشوں سے ملا ہوں لیکن میری روح نے تسلی و اطمینان کا پیغام اب پایا ہے۔'' (۷۹)

حکیم صاحب نے ایک منقبت شاہ محمد مخلص الرحمان کی شان میں بھی کہی اور شاہ عبدالحیٔ کی خدمت میں ارسال کی. وہ منقبت شاہ عبدالحیٔ کو بہت پسند آئی. منقبت کے ہر ہر شعر پہ ان کے تبصرے کو سیرت **فخر العارفین** میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے. اگرچہ حکیم صاحب کی شاہ عبدالحیٔ سے بہ ظاہر ملاقات تو نہ ہو پائی، البتہ ان کے دل میں حکیم صاحب کی عقیدت مندی کی قدر ضرور تھی. حکیم صاحب کے بارے میں آپ کے کئی ارشادات ملتے ہیں. یہاں چند ارشادات نقل کیے جاتے ہیں:

> ''حکیم اجمل خان بلا دید غائبانہ مجھ سے بہت محبت رکھتے ہیں. میری بیماری سن کر متعدد تار بہ دریافت خیریت بھیجے. بہت خلیق آدمی ہیں. حکیم اجمل خان صاحب پیش تر ہمیں جب خط لکھتے تو القاب بہت بڑا ہوا کرتا تھا لیکن ان کے آخری خط میں اب انھوں نے القاب صرف مولائے من لکھا ہے. ہمیں سخت تعجب ہوا کہ یہ القاب تو صرف مرید ہی لکھ سکتے ہیں. اس لیے کہ مرید پیر کے جمال کو دیکھ نہیں سکتا ہے. مرید تو پیر کے سامنے اندھوں کی طرح ہوتا ہے. مرید تو صرف اتنا جان سکتا ہے کہ پیر مالک ہے اور میں صرف مملوک ہوں. اس لیے وہ صرف مولائے من ہی (اپنے شیخ کو) لکھ سکتا ہے. یہ ارشاد حکیم صاحب سے دلی محبت و اعتقاد کا آئینہ ہے. جس طرح تم لوگ ہمارے مرید ہو اسی طرح حکیم صاحب بھی ہیں.'' (۸۰)

یہاں ایک وضاحت بھی ضروری ہے. مؤلف سیرت **فخر العارفین** [illegible]

'' [illegible] اغنیا اور [illegible] ملاقات آپ کو پسند نہ تھی [illegible] وہاں سے نہ تو خود [illegible] ملاقات [illegible] آپ نے [illegible] ان [illegible] آپ کی خدمت میں [illegible]

Marfat.com

کے موقعے پر جب ڈھاکا میں دربار کیا تو اس دربار کی دعوت آپ کو بھی دی گئی، مگر آپ تشریف نہیں لے گئے۔ .... ایک بار نواب وقار الملک مولوی مشتاق حسین (سابق سکریٹری علی گڑھ کالج) کی معرفت بیگم صاحبہ بھوپال کا پیغام بہ ذریعہ تار موصول ہوا، جس میں نہایت آرزومندی کے ساتھ آپ کو بھوپال تشریف لانے کی دعوت دی گئی تھی۔ اس کا خادموں نے ہی جواب دے دیا کہ ہمارے حضرت کہیں تشریف نہیں لے جاتے۔ ...... پھر ایک بار انھیں بیگم صاحبہ کے ارادے کی اطلاع موصول ہوئی کہ شاید عن قریب وہ خود حضرت قبلہ کی خدمت میں حاضر ہوں، مگر آپ کے فرمانے کے موافق بیگم صاحبہ کو اس غرض سے سفر کرنے کی ممانعت بھجوادی گئی، کہ جو کام ہو ہمیں خط میں لکھ دیں۔ ہم دعا کریں گے، اتنے بڑے سفر کی تکلیف نہ کریں۔'' (۸۱)

شاہ عبدالحئی کا طریقۂ تصوف فروتنی اور ترک دعوا پر مبنی تھا۔ انھوں نے وابستگان کو واضح ہدایت فرمائی:

''فقیری کرنا مگر خدائی اور پیغمبری کا دعوا نہ کرنا۔ خدائی کا، دعوا کرنا یہ ہے کہ آدمی یہ چاہے کہ ہر کام اس کی خواہش کے موافق ہو جائے۔ یہ شان خدا کی ہے۔ ہر کام خدا کی مشیت کے موافق ہوگا۔ بندہ کی خواہش اور مرضی کے مطابق نہ ہوگا۔ اور پیغمبری کا دعوا یہ ہے کہ وہ چاہے کہ سب لوگ عقیدت و ارادت لے آئیں اور ہمیں مقتدا اور پیشوا سمجھیں۔ درویشی کے اوصاف تواضع اور فروتنی اور عاجزی اور بے کسی ہیں۔ اس بات کا کبھی اور ہرگز خیال نہ لانا کہ یہ ہوا اور وہ نہ ہوا (سالک) کو اطمینان بہت زمانے کے بعد نصیب ہوا کرتا ہے۔'' (۸۲)

شاہ عبدالحئی نے ایک رسالہ **سالک کی فنا اور ولادت معنوی** بنگلا زبان میں مولوی ابوالحسن مستفیض الرحمان خان (شاہ عبدالحئی کے مرید و داماد) کو املا کرایا جو آپ کی حین حیات ۱۳۳۵ھ/ ۱۹۱۷ء کو شایع ہوا۔ بعد ازاں اس کا اردو ترجمہ مولوی شہاب اللہ (شاہ عبدالحئی کے مرید اور ان کی بھتیجی کے شریک حیات) نے کیا جو شعبان ۱۳۳٦ھ/ جون ۱۹۱۸ء میں **رازِ فنا** کے نام سے شایع ہوا۔ شاہ عبدالحئی اس کا انگریزی ترجمہ بھی شایع کرانا چاہتے تھے، آپ کی اس خواہش کی تکمیل، حکیم سید سکندر شاہ مولف **سیرت فخر العارفین** (۱۲ مئی ۱۸۸۱ - ۱۰ اپریل ۱۹۵۹ء، کان پور) نے کی۔

Marfat.com

انھوں نے انگریزی میں اس کا تشریحی ترجمہ لائٹ آف دی ورلڈ (Light of the world) کے نام شایع کرایا. علاوہ ازیں یہ رسالہ بڑے پیمانے پہ کئی اخبارات میں بھی بہ طور ضمیمہ شایع ہوکر عوام الناس تک پہنچا. اس رسالے میں آپ نے مذاہب باطلہ اور گم کردہ راہ صوفیوں کے احوال پہ کلام فرمایا ہے. رازفنا پہ حکیم اجمل خان کی تقریظ بھی شامل اشاعت ہے.

علاوہ ازیں چالیس صفحات کا ایک عربی رسالہ تحقیق الاضابیر فی سماع المزامیر (غازی پور، مطبع اسلامی، ۱۳۱۲ھ) اور کچھ فتاواجات جو سیرت فخر العارفین میں شامل ہیں، آپ سے یادگار ہیں.

شاہ محمد نبی رضا خاں ملقب بہ اسد جہاں گیری و معروف بہ دادا میاں جن کا مزار لکھنو میں ہے، شاہ عبدالحیٔ کے خلیفۂ اعظم تھے. آپ کی روحانی ذریت سے سلسلے کی بہت زیادہ اشاعت عمل میں آئی. شاہ نبی رضا کے احوال سیرت فخر العارفین میں کئی مقامات پہ آئے ہیں. علاوہ ازیں آپ کے برادر خرد اور سجادہ نشین شاہ محمد عنایت حسن خاں (۲۲ محرم ۱۳۰۲ - ۴ شوال ۱۳۶۰ھ/ ۱۰ نومبر ۱۸۸۴ - ۲۵ اکتوبر ۱۹۴۱ء، جینسوری تحصیل بلک، ریاست رام پور) نے آپ کے احوال و تعلیمات پہ اعجاز جہاں گیری تالیف فرمائی، جس کا پہلا ایڈیشن محبوب المطابع بریلی سے شائع ہوا. بعد ازاں اسی ایڈیشن کی عکسی اشاعت کراچی سے باہتمام صوفی عثمان علی شاہ (مرید و خلیفہ سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ) عمل میں آئی. اس کا تیسرا ایڈیشن شاہ نبی رضا و شاہ عنایت حسن کی درگاہوں کے سجادہ نشین شاہ محمد فصاحت حسن نے دسمبر ۱۹۹۲ء میں لکھنو سے شائع کیا. اعجاز جہاں گیری کی ایک تلخیص صوفی امام الدین شاہ محمد پوری ساکن محمد پور ضلع بجنور نے [illegible] سے شائع کیا تھا. شاہ نبی رضا کے احوال پہ مخزن تصوف (مؤلفہ مولانا محمد وارث علی شاہ) کے نام سے ایک کتاب ۲۰۰۶ء میں لکھنو سے شائع ہوئی ہے. لیکن وارث علی شاہ کی یہ تالیف [illegible] سے زیادہ دیگر غیر متعلق مواد سے بھرپور ہے. شاہ نبی رضا کے بارے میں کوئی نئی بات اس میں نہیں ہے، اس نے [illegible] اعجاز جہاں گیری کو من و عن نقل کر دیا ہے.

شاہ محمد نبی رضا کے چند ارشادات ذیل میں نقل کیے جاتے ہیں:

☆- گو مذاہب اربعہ مذہب امام حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی برحق ہیں مگر ہندوستان کے اہل اسلام حنفی فقہ کے پابند ہیں اور ہمارا بھی یہی مذہب ہے اور [illegible] جماعت سے ہوتے ہیں. مذاہب اربعہ مذکورہ سے [illegible] حنفی فقہ مذہب امام [illegible]

Marfat.com

ہو گئے ہیں وہ سب افراط و تفریط سے پر ہیں۔ اور حسد کا مادہ اس میں ہے اس لیے اولیاء اللہ ان میں نہیں ہو سکتے۔ ایسے بدعقیدہ لوگوں کی صحبت سے پرہیز کرنا چاہیے۔

☆ - ایک روز فضیلت شیخین صحابہ کبار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے بارے میں ایک سائل نے دریافت کیا۔ حضرت نے ارشاد فرمایا: ہمارے عقیدہ میں ہر چار خلفاے راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ایک جان چار قالب ہیں، فضیلت کا حال خدا بہتر جانتا ہے، البتہ ترتیب خلافت کا معاملہ ظاہر ہے۔

☆ - مسلمان کا پیر نائب رسول کہلاتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا نائب تارک الصلوٰۃ نہیں ہو سکتا۔

☆ - رئیسوں اور مال داروں کی طرح بے دریغ روپیہ پیسہ خرچ کرنے کا عادی نہ بنے اور کسب و پیشہ و حرفہ کچھ نہ کچھ ضرور کرنا چاہیے۔ ذریعہ معاش وجہ حلال سے ہونا ضروری ہے، پھر متوکل بہ خدا رہے۔ اگر کسی وجہ سے قرضہ ہو گیا ہو تو اس کو جلد ادا کر دیا جائے۔

☆ - مرید کو صرف علم فقر میں ہی اچھا ہونے سے کام پورا نہیں ہوتا بلکہ دنیا داری، دین داری، خدا پرستی ہر پہلو سے بہتر اور عمدہ ہونا چاہیے اور بندگان خدا سے نہایت اچھا معاملہ ہونا چاہیے۔ محض عبادت کی نیت سے ریاضت کرنا اولیاے کرام کا منصب ہے اور ہر شخص اپنے اپنے پیشہ و حرفہ میں رہ کر خدا پرستی کرے تو زیادہ مناسب ہے۔

☆ - مسلمانوں میں اتفاق پیدا کرنے کی سعی کرنا چاہیے۔ اتفاق سے ترقی ہوتی ہے اور نفاق تنزلی کا پیش خیمہ ہے۔ اتفاق پیدا کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ ہر شخص دوسروں کو اپنے سے بڑا اور اچھا سمجھے اور اپنے آپ کو سب سے چھوٹا اور حقیر جانے۔ ہر شخص سے بہترین اخلاق کا برتاؤ رہے اور ہر معاملہ صاف رہے۔ سب کا خیر خواہ و دعا گو رہے۔

☆ - ایک روز راقم (شاہ عنایت حسن) نے عرض کیا کہ فلاں درویش صاحب طریقت نہیں اس لیے کہ صوم و صلوٰۃ کے پابند نہیں ہیں۔ اس پر فرمایا: تم کو ان باتوں سے کیا کام، تم کسی کی برائی بھلائی نہ دیکھو اور تم کو اعتراض کرنے کا بھی حق نہیں ہے۔ یہ ایک قسم کی نمازی ہے۔ تمھارا کام یہ ہے کہ اپنے پیران عظام کی مستقل طور سے پیروی کرتے رہو۔ البتہ بے شرع فقیر کی صحبت سے مجتنب رہنا چاہیے۔ (۸۳)

شاہ محمد نبی رضا کی روحانی اولاد سے مزید دو شاخیں وجود میں آئیں، یعنی:

Marfat.com

شکوریہ: تاج الاولیا شاہ محمد عبدالشکور جہاں گیری (۱۲۹۴-۱۰ ذی الحجہ ۱۳۷۴ھ/ ۱۸۷۷-۳۰ جولائی ۱۹۵۵ء، لاہور) کی نسبت سے، یہ شاہ محمد نبی رضا کے خلیفۂ اکبر تھے. (۸۴)

حسنیہ: سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ جہاں گیری (۱۱ ربیع الثانی ۱۲۹۸-۶ جمادی الاول ۱۳۷۹ھ/ ۱۲ مارچ ۱۸۸۱-۷ نومبر ۱۹۵۹، بھینسوڑی) کی نسبت سے. سلطان الاولیا کی نسبت بیعت شاہ محمد نبی رضا سے جب کہ خلافت شاہ محمد نبی رضا کے برادر خرد و سجادہ نشین شاہ محمد عنایت حسن خاں سے تھی. (۸۵)

شاہ نبی کی وفات کے بعد ان کے برادر خرد شاہ عنایت حسن مسند ارشاد پہ فائز ہوئے. آپ جوانی میں ہی شاہ محمد نبی رضا سے بیعت ہوئے گئے تھے. سلطان الاولیا اپنے مرشد طریقت شاہ محمد نبی رضا کی وفات کے بعد جد روحانی فخر العارفین شاہ محمد عبد الحئی کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انھوں نے سلطان الاولیا کو واپس بھیجا اور شاہ عنایت حسن کو ساتھ لانے کا حکم دیا. سلطان الاولیا واپس بھینسوڑی پہنچے اور شاہ عنایت حسن کی خدمت میں فخر العارفین کا حکم عرض کیا. یوں دونوں حضرات مرزا کھیل کے لیے عازم سفر ہوئے. مرزا کھیل پہنچنے پر شاہ عنایت حسن کو سجادہ نشینوں والے حجرے میں ٹھہرایا گیا. شاہ عنایت حسن ڈیڑھ ماہ مرزا کھیل میں خدمت فخر العارفین میں حاضر رہے. آپ کا اپنا ارشاد ہے: (۸۶)

> ''میں پردیس سے حضرت کی زیارت کے شوق میں مکان آیا تھا. یہاں یہ صورت ہو گئی کہ حضرت کا وصال شریف ہو گیا. اس صدمے سے نہ دل کو چین تھا نہ شب کو آرام. ایک تو حقیقی بڑے بھائی تھے یہ ہوا کہ والدہ کا سایہ میرے شیر خواری کے زمانے میں اٹھ چکا تھا. حضرت کے سایے میں پرورش پائی. جب سن شعور کو پہنچا تو سلسلہ طریقت کی غلامی میں حلقہ بگوش کر کے فیضان باطنی سے سرفراز کیا. میرے صدمہ و بے چینی و بے قراری کی کوئی انتہا نہ تھی. اسی حالت میں چہلم شریف کے بعد مرزا کھیل شریف ضلع چاٹگام اپنے دادا مرشد سیدنا فخر العارفین مولانا مولوی محمد عبد الحئی صاحب روحی فداہ کی خدمت سراپا برکات میں حاضر ہو گیا. حضرت سیدنا فخر العارفین نے ڈیڑھ ماہ تک حاضری دربار شریف کا شرف بخشا اور علم تصوف کے تمامی مسائل ذہن نشین کر دیے. بہر حال یہ بیان میں نہیں آ سکتا ہے کہ کیا ہوا. یہ لو معاملہ ہے. جب میں طرح تسلی ہو گئی رخصت فرما دیا.''

Marfat.com

یہاں ایک اور امر کی وضاحت بھی ضروری ہے شاہ عبدالشکور کی اولین سوانح عمری و مجموعہ ملفوظات: ذکر تاج الاولیا میں ان کا ایک ملفوظ نقل کیا گیا جس میں شاہ عنایت حسن اور سلطان الاولیا کا ان سے استفادے اور تکمیل کا دعوا کیا گیا ہے.(۸۷) یہ روایت بالکل بھی راست نہیں اور اس روایت کا ان شاء اللہ اپنی آنے والی کتاب: **تذکرہ لالا صاحب** میں تجزیہ کروں گا.

شاہ عنایت حسن سے ایک تالیف **اعجاز جہاں گیری** یادگار ہے. ان کے ملفوظات ان کے خلیفہ شاہ محمد صدیق حسن مرادآبادی نے جمع کئے تھے. یہ **ملفوظات فرمان مرشد** کے نام سے دو حصوں میں بالترتیب مرادآباد اور قصبہ جرول/ضلع بہرائچ سے شایع ہوئے. شاہ عنایت حسن کا ایک مفصل خط بہ نام سلطان الاولیا، سلطان الاولیا کی سوانح **حیات نگار یزداں** میں شامل ہے. شاہ عنایت حسن کا ارشاد ہے:

''اخلاص تصوف کی جان ہے اور تصوف خالص توحید کا سبق دیتا ہے.
تصوف کی تکمیل اخلاص ہی سے ہوتی ہے یعنی کامل توحید یہی ہے کہ ہمارا ہر کام اللہ کے لیے ہو اور صرف اللہ ہی کی رضا ہمارا مدعا ہو.''(۸۸)

شاہ عنایت حسن نے فخر العارفین کے حسب ارشاد سلطان الاولیا کی خلافت کا اعلان فرمایا. اور یوں سلطان الاولیا سے سلسلے کی اتنی زیادہ اشاعت عمل میں آئی کہ آج بھینسوڑی کی خانقاہ ہندستان کی چند نہایت معروف خانقاہوں میں سے ایک ہے. سلطان الاولیا کے احوال و تعلیمات پہ اب تک دو کتب ترتیب دی جا چکی ہیں: **سلطان الاولیا معروف بہ چراغ ابوالعلائی** (طبع اول: ۱۳۹۶ھ-ناگ پور، طبع دوم: ۱۴۱۹ھ/۱۹۹۹ء-لاہور) از مولانا شاہ غلام آسی پیا حسنی اور **نگار یزداں** از مولانا ظہیر احمد قریشی سہس پوری. یہاں یہ یاد رہے کہ مولانا ظہیر احمد قریشی وہی ہیں جنھوں نے مولانا عبدالرحمان فتح آبادی کی مثنوی **گنج راز** کا ترجمہ و شرح **کلید اعجاز** (مطبوعہ: ممبئی، مکتبہ الفاروق، جنوری ۱۹۸۴ء) کے نام سے کیا تھا. ذیل میں سلطان الاولیا کے چند ارشادات نقل کیے جاتے ہیں:

☆ -محبت یہ ہے کہ محب صفات محبوب سے متصف ہو جائے.
☆ -عشق یہ ہے کہ عاشق معشوق میں معدوم ہو جائے.
☆ -خرچ آمدنی کے اندازہ پر کرنا چاہیے.
☆ -غرور و تکبر نہ کرو، کیوں کہ تم کو ایسی جگہ جانا ہے جہاں آقا و غلام برابر ہوں گے.

Marfat.com

☆ - سچی دوستی ترکِ طمع میں ہے۔

☆ - سوائے کرم حق تعالا کسی پر اعتماد نہ کرو تو دو جہان کی دولت حاصل ہو۔

☆ - اپنے آپ کو درمیان میں نہ لاؤ، معرفت حق تعالا کو پہنچو۔

☆ - مسکین بنو، تو مقبول خلایق ہو جاؤ گے۔

☆ - کسی کے لیے بددعا نہ کرے اگرچہ اس سے آزار ہی کیوں نہ پہنچا ہو۔(۸۹)

سلطان الاولیا کے خلفا میں خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ [اس کے بعد: حضرت صاحب] نہایت ہی ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ آپ حسنی شاخ کا ایسا مبارک وجود ہیں، کہ جن کے ذریعے سلسلے کی بہت زیادہ اشاعت عمل میں آئی اور لاکھوں مرد وزن ان کے دامن سے وابستہ ہوئے۔ آپ کے بارے میں مولانا ظہیر احمد قریشی نے بجا طور پر لکھا ہے:

> ''آپ کی ذات گرامی سلسلہ عالیہ جہاں گیر یہ کے آسمان پر ایک ایسا روشن سورج ہے جس کی نورانی شعاعوں سے ایک عالم روشنی حاصل کر رہا ہے۔ قطب عالم، فخر العارفین، حضرت مولانا سید عبدالحیٔ شاہ صاحب قبلہ کی پیش گوئی کے مطابق: ''ایک نئی شان کا ظہور'' تو آپ کے مرشد گرامی حضرت سلطان الاولیا کی ذات سے منسوب ہے مگر اس ظہور کا عروج آپ کے ذریعے ہوا اور بحمد اللہ یہ عروج کا سلسلہ جاری ہے۔''(۹۰)

حضرت صاحب جنوری ۱۸۹۵ء(۹۱) کو بہ مقام بفل (ضلع: مانسہرہ، خیبر پختون خوا) میں میر زید اللہ شاہ (م: ۱۹۵۲ء) کے ہاں پیدا ہوئے۔(۹۲) آپ کے والد گرامی کی نسبت بیعت خواجہ محمد قاسم موہڑوی (م: ۲۵ نومبر ۱۹۴۳ء، موہڑہ، تحصیل: مری۔ ضلع: راول پنڈی) سے تھی۔ آپ امی محض تھے لیکن بچپن سے ہی آپ کا رجحان روحانیت کی طرف تھا۔ ۱۹۱۵ء سے ۱۹۲۰ء کے درمیان کسی سال آپ کی ملاقات موضع جس گراں (ضلع مانسہرہ) کے بابا رحمت اللہ معروف بہ مست بابا، ننگا بابا (م: ۱۹۴۳ء)(۹۳) سے ہوئی۔ انھوں نے آپ کو مجاذیب کے ہاں قسمت آزمائی سے منع فرمایا اور کسی سالک کی خدمت میں حاضر ہو کر مطلب براری کا حکم صادر فرمایا۔(۹۴)

۱۹۲۰ء میں تلاش روزگار کے سلسلے میں آپ کوئٹہ میں وارد ہوئے اور چمن میں ٹیلر نٹ کا کام شروع کیا۔ غالباً ۱۹۲۷ء کے بعد کسی سال آپ کی ملاقات خانقاہ غوث اعظم کے سجادہ نشین، سید علی سید القادری (۱۹۰۱-۱۹۶۸ء، بغداد)(۹۵) سے ہوئی۔ آپ ان کی خدمت میں حاضر ہونے لگے

Marfat.com

اور یوں ایک دن سید علی حیدر نے آپ سے فرمایا: آپ کا حصہ کسی اور شیخ کامل کے پاس ہے۔(۹۶)

۱۹۳۵ء کے اوائل میں آپ کوئٹہ میں ہی برطانوی ہند فوج میں بہ طور سپاہی ٹیلر ماسٹر بھرتی ہوئے۔ ۵ مئی ۱۹۳۵ء کو کوئٹہ میں جب ہول ناک زلزلہ آیا، اس وقت آپ کوئٹہ میں ہی تھے۔ اکتوبر ۱۹۳۵ء میں آپ کی یونٹ کا تبادلہ بریلی چھاؤنی میں ہوگیا اور اندازاً ۱۹۳۵ء کے اواخر میں آپ کی یونٹ فرید پور سکیم پر گئی اور وہیں آپ سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ کے ہاتھ پہ بیعت ہوئے۔ تین سال بعد ۱۹۳۸ء میں آپ کو خلافت سے نوازا گیا۔(۹۷) ۱۹۳۹ء میں دوسری جنگ عظیم کے دوران آپ نے بیعت لینے کا آغاز کیا۔(۹۸) قیامِ پاکستان کے بعد آپ بالترتیب کاکول ٹل اور پشاور میں بہ سلسلہ ملازمت قیام پذیر رہے اور ۲۱ اگست ۱۹۵۱ء کو آپ نے پشاور میں پہلا عرس منعقد کیا۔ اس عرس پہ آپ نے تین حضرات کو خلافت سے نوازا۔ ان تین اوّلین خلفاے کرام کے اسماے گرامی یہ ہیں:

صوفی عطا محمد شاہ/ بانڈی چمیالی/ ٹھنڈیانی، ضلع: ایبٹ آباد

صوفی فضل حسین شاہ/ بھون، ضلع: چک وال

صوفی محمد بوٹا شاہ معروف بہ عبدالرحمان شاہ/ جنڈالہ، ضلع: جہلم/ مدفون، لاہور(۹۹)

۱۹۵۲ء کے اواخر میں آپ پشاور میں فوج کی ملازمت سے سبک دوش ہوئے اور اسی سال کوئٹہ تشریف لے گئے۔ کوئٹہ میں آپ نے ای-ایم-ای سنٹر میں ٹیلرنگ کا ٹھیکا لے لیا نیز سلسلے کی اشاعت بھی جاری رکھی۔ آپ نے اپنے پیر بھائی صوفی محمد یعقوب علی شاہ (۱۹۱۰-۲۶ دسمبر ۱۹۷۴ء / ۱۱ ذی الحجہ ۱۳۹۴ھ) کو خصوصی طور پر کراچی سے کوئٹہ بلوایا اور انھوں نے بھی اوّلین خلفا و مریدین کی تربیت میں خصوصی دل چسپی لی۔ صوفی لعل محمد شاہ کے بہ قول ابتدائی مریدین کو صوفی یعقوب علی شاہ کے چھپوائے ہوئے شجرات طریقت دیے گئے۔ بعد ازاں صوفی لعل محمد شاہ نے حضرت صاحب کے شجرات طریقت چھپوائے اور شجرہ طریقت کی ترتیب میں بہزاد لکھنوی اور یوسف عسکری سے مدد لی گئی تھی۔(۱۰۰)

کوئٹہ میں مرید ہونے والے حضرات کو بہت سخت تربیتی عمل سے گزارا گیا۔ اور اس کے نتیجے میں ان حضرات کے ذریعے سلسلے کی اتنی زیادہ اشاعت عمل میں آئی کہ خلقت کی خلقت انگشت بہ دنداں رہ گئی۔ کوئٹہ میں آپ نے جن حضرات کو خلافت سے نوازا ان کے اسماے گرامی بہ لحاظ حروف تہجی درج ذیل ہیں:

Marfat.com

صوفی بشیر احمد شاہ / لاہور

صوفی رحمت اللہ شاہ / قصور

صوفی روشن دین شاہ / منڈھول، تحصیل: ہجیرہ، ضلع: پونچھ / آزاد کشمیر

صوفی سخی محمد شاہ / چھت ریہڑی، تحصیل: ہجیرہ، ضلع: پونچھ / آزاد کشمیر

صوفی سمندا خان شاہ / دولتالہ، تحصیل: گوجر خان، ضلع: راول پنڈی

صوفی شبیر حسین شاہ / کھمن کے، ضلع: قصور

صوفی عزیز الرحمان شاہ / بٹل، ضلع: مانسہرہ / راول پنڈی

صوفی علی محمد شاہ / کوئٹہ

صوفی عنایت حسین شاہ / ملوٹ، ضلع: جہلم

صوفی لال حسین شاہ / اکھوڑی، ضلع: اٹک

صوفی لال محمد شاہ / کوٹلی، آزاد کشمیر

صوفی محمد افضل شاہ / شیخو پور سریعہ، ضلع: گجرات

صوفی محمد امین شاہ / چونڈہ، ضلع: سیالکوٹ

صوفی محمد اورنگ زیب شاہ / نوشیروان، ضلع: ایبٹ آباد

صوفی محمد ایوب شاہ / کھریاں، ضلع: ایبٹ آباد

صوفی محمد تاج شاہ / کوروڈی، ضلع: خوشاب

صوفی محمد جمشید شاہ / کراچی

صوفی محمد صادق شاہ / کلاں (علاقہ غیر)، تحصیل: مری، ضلع: راول پنڈی

صوفی محمد صدیق شاہ / کھوکی

صوفی محمد فاضل شاہ / حسیٹ پور، ضلع: بھمبر، آزاد کشمیر

صوفی محمد فیروز شاہ قوال / کوئٹہ

صوفی محمد نذیر شاہ / جہلم

صوفی محمد نذیر شاہ عاصی / چونڈہ، تحصیل: پسرور، ضلع: سیالکوٹ

صوفی محمد نواز شاہ / نڑالی، تحصیل: گوجر خان، ضلع: راول پنڈی

صوفی مسکین محمد شاہ / کوئٹہ

Marfat.com

صوفی ملک امان شاہ/کوئٹہ

صوفی نور محمد شاہ/ چک p-۱۰۰،ضلع:رحیم یار خان

صوفی ولایت علی شاہ/ چنام، تحصیل:کلر سیداں،ضلع:رحیم یار خان

صوفی یوسف عسکری شاہ/کوئٹہ(۱۰۱)

مخدومہ امیر جان لائبریری نڑالی میں مندرجہ بالا خلفائے کرام میں سے چند حضرات کے بارے میں صوفی بشیر احمد شاہ (دوتھان، مدفون:لاہور) کا ایک منظومہ محفوظ ہے۔اس نظم میں مذکورہ بالا اصحاب میں سے چند کے خلافت پانے کا ذکر کیا گیا ہے۔اگرچہ اس منظومے کے اکثر مصاریع بے وزن ہیں لیکن اس کی تاریخی اہمیت کے بہ وصف اسے ذیل میں نقل کیا جاتا ہے:

مبارک ہو مبارک ہو کرم شاہانہ مبارک ہو
مبارک سائلوں کو تاج سلطانہ مبارک ہو
بشیر تجھ کو بشارت ملی تجھ کو خلافت جو
فنا فی الشیخ ہو کر راز پا جانا مبارک ہو
بنا تو لال پتھر سے لال بھی وہ جو لاثانی
کھا کر تیغ لا کو پھر بقا ہونا مبارک ہو
نذر کر دینا سر اور عشق میں بے نظیر ہونا
توحیدی مے جہاں پائی وہ مے خانہ مبارک ہو
محمدی عکس پانا اور مثال یوسفی ہونا
عساکر سے چنا جانا سالار ہونا مبارک ہو
فضیلت بافاضلوں کی سی ملی فاضل طریقت میں
حقیقت کو سمجھ کر حق ...... سما جانا مبارک ہو
سخاوت سے سخی تجھ کو ملا رتبہ ولایت کا
طریقت سے حقیقت، معرفت پانا مبارک ہو
بڑی قسمت ہے ان سب کی جہاں میں نسبت سے اس در سے
سنگ در رہ کر بشیر ہر دم جانانہ مبارک ہو

سید صوفی نور حسین شاہ (یکم جولائی-۴ جون ۲۰۰۹ء/۱۰ جمادی الثانی، بہاول پور)،صوفی

Marfat.com

سائیں محمد شاہ (۱۹۳۲-۱۲ اکتوبر ۲۰۱۲ء، ٹھٹھہ سرداراں/تحصیل وضلع: حافظ آباد)، صوفی محمد اقبال جمیل شاہ (شورکوٹ/ضلع: جھنگ)، صوفی اطہر علی شاہ (پ: یکم اپریل ۱۹۳۸ء، کوئٹہ) اور کرنل صوفی محمد یوسف شاہ (لاہور) بھی کوئٹہ کے اسی اولین گروہ سے متعلق ہیں لیکن ان پانچوں حضرات کی خلافت کا اعلان ۱۲ ذیقعد ۱۳۸۱ھ/ ۱۷-اپریل ۱۹۶۲ء کو نقیب آباد میں ہوا.(۱۰۲)

کوئٹہ میں صرف عوام ہی نہیں، صاحبان علم وادب بھی حضرت صاحب کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے، بل کہ شعرا میں ارشد امروہوی اور یوسف عسکری تو باقاعدہ آپ سے بیعت بھی ہوئے. اور حضرت صاحب نے تو ارشد امروہوی کے مجموعۂ کلام کی اشاعت کا بھی اہتمام کیا تھا لیکن یہ بیل منڈھے نہ چڑھ سکی. صوفی سلیم اللہ نقیبی نے اپنے ایک مضمون میں جناب یوسف عسکری کو حضرت صاحب کا خلیفہ تحریر کیا ہے. بعد ازاں یہ دونوں حضرات سلسلہ چھوڑ گئے تھے.(۱۰۳)

راول پنڈی کے معروف نقاد اور شاعر رشید نثار (۱۹۱۷-۲۴ جنوری ۲۰۱۳ء، راول پنڈی) کے بہ قول: ''میں اور تراب گوالیاری حیدرآباد کے ایک مست وار جنھیں لوگ قطب صاحب کہہ کر پکارتے تھے کی ہدایت پر کوئٹہ میں پیر نقیب اللہ شاہ سے ملے، میں نے اس ملاقات کی تفصیلات کو اپنی ایک کہانی کہانیوں کی کہانی میں بیان کیا ہے.''(۱۰۴)

صوفی لعل محمد شاہ راوی ہیں کہ معروف شاعر جناب سردار حسین خاں متخلص بہ بہزاد لکھنوی (۱۹۱۰-۱۰ اکتوبر ۱۹۷۴ء، کراچی) بھی کوئٹہ میں قیام کے دوران آپ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے.(۱۰۵)

۱۹۶۲ء میں آپ نے قصور شہر کے قریب لاہور روڈ پہ موضع بھلو کے بالمقابل خانقاہ کی بنیاد رکھی اور اسی سال کوئٹہ سے بھلو میں مستقلاً قیام اختیار فرمایا جسے سنت کا نام نقیب آباد تجویز ہوا جو اب عام میں معروف ہے.(۱۰۶)

۲۷ فروری ۱۹۹۵ء/ ۲۵ رمضان ۱۴۱۵ھ کو آپ نے عالمِ فانی سے پردہ فرمایا اور نقیب آباد میں ہی آپ کا مزار زیارت گاہِ خلائق ہے. آپ کی وفات کے موقع سے ہی دن راقم نے [illegible] کے حسب ارشاد جو قطعۂ وفات کہا اس کے چند اشعار درج ذیل ہیں:

آفتاب سالکاں، خواجہ نقیب اللہ شاہ
ماہتاب جذبیاں، خواجہ نقیب اللہ شاہ
بارگاہِ مصطفیٰ و مرتضیٰ سے باریاب

Marfat.com

ساقیِ بادہ کشاں، خواجہ نقیب الاولیا
شہ شہاب الدیں، محی الدین کے نورِ نظر
فرحت و تسکینِ جاں، خواجہ نقیب الاولیا
مہر طلعت شہنشاہ و ذاتِ منعم دست گیر
رفت سوے لامکاں، خواجہ نقیب الاولیا
مہر طلعت شہنشاہ (۱۴۱۵ھ)-ذاتِ منعم دست گیر (۱۹۹۵ء)

''میاں محمد امین - میاں نور حسن - میاں محمد خان - گہنے خان - کالے خان - جندے خان - سید خان - کمال خان - ممو خان - محمد خان - محمود خان - ملک رحمو خان.''(۵)

مولف وٹو قوم کا تاریخی ورثہ نے رحموں کے وٹوؤں کی نمایاں شخصیات میں چچا صاحب اور ان کے بھتیجے اور داماد میاں امیر حمزہ کا بھی تذکرہ کیا ہے.(۶)

والدین

آپ کے جد امجد میاں محمد خان (مدفون: پنج پیر قبرستان، پیر گھر- تحصیل: منچن آباد/ضلع:

Marfat.com

بہاول نگر) اپنے علاقے کے خاصے بڑے زمین دار تھے نو سو ایکڑ اراضی ان کی ملکیت تھی. انھوں نے دو شادیاں کیں: ایک زوج سے میاں نور حسن اور دوسری شریک حیات سے میاں محمد حسین پیدا ہوئے. میاں محمد خان ایک خدا رسیدہ بزرگ تھے، مذہب اور روحانیت کے ساتھ ان کی گہری دل چسپی تھی. وہ معروف چشتی نظامی بزرگ میاں علی محمد خان چشتی (۱۲۹۹- ۱۵ محرم ۱۳۹۵ھ/ ۱۸۸۱ - ۲۸ جنوری ۱۹۷۵ء، پاک پتن) (۷) سے بیعت تھے. انھیں اپنے مرشد گرامی سے بہت زیادہ عقیدت تھی اور ان کے مرشد گرامی کی بھی ان پہ خصوصی نگاہ کرم تھی. میاں علی محمد خان چند ایک بار میاں محمد خان کی دعوت پہ ان کے گانو موں کھیڑا تشریف فرما ہوئے.

چچا صاحب کے والد گرامی میاں نور حسن بہ مقام موں کھیڑا (ضلع: فاضل کا، مشرقی پنجاب) پیدا ہوئے. پرائمری تک تعلیم حاصل کی. ان کی نسبت بیعت بھی میاں علی محمد خان چشتی سے تھی. انھوں نے بھی دو شادیاں کیں. پہلی شادی محترمہ جنت بی سے اور دوسری محترمہ نیکاں بی سے. محترمہ جنت بی کے بطن سے میاں غلام محی الدین (م: ۱۱۳ کتوبر ۱۹۸۹ء، بستی کھوکھراں) (۸) اور میاں جادی محمد (م: ۲۸ فروری ۲۰۰۰ء، بستی کھوکھراں) (۹) پیدا ہوئے اور محترمہ نیکاں بی کے بطن سے صرف چچا صاحب کی ولادت ہوئی.

میاں نور حسن کی دوسری شادی منڈی ابوہر (ضلع: فاضل کا) کے میاں جان محمد (یہ ملکو کے وٹو تھے) اور محترمہ سکھاں بیگم (یہ سکھیرا برادری سے تھیں) کی صاحب زادی محترمہ نیکاں بی (م: ۱۹۳۴ء، ابوہر) سے ہوئی. محترمہ نیکاں کی پرورش دینی اور روحانی ماحول میں ہوئی. ان کے والد گرامی میاں جان محمد نہایت متقی بزرگ تھے اور خواجہ محمود تونسوی (۲۷ شعبان ۱۲۸۱ - ۱۳ ربیع الثانی ۱۳۴۸ھ/ ۲۶ جنوری ۱۸۶۵ - ۱۷ ستمبر ۱۹۲۹ء) (۱۰) سے بیعت تھے. ۱۹۶۰ء میں ان کا انتقال نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد ہوا. بہ وقت وفات ان کی تقریباً عمر سو سال تھی. ان کی تربت بہ مقام چک ۱۸۷/۹ ایل (تحصیل: چیچہ وطنی/ضلع: ساہی وال) میں ہے.(۱۱) یہاں یہ وضاحت ضروری ہے. میاں حافظ حبیب اللہ عرف حافظ بوا معروف بہ پیر وٹو (م: ۱۹۰۸ء) جن کا مزار چک ۱۰۴ (تحصیل: چیچہ وطنی/ضلع: ساہی وال) میں زیارت گاہ خلائق ہے، میاں جان محمد کے تایا ان کے والد گرامی میاں بدھو (مدفون: دبعلی راٹھاں والی) کے برادر کلاں تھے. میاں حبیب اللہ تونسہ مقدسہ کی خانقاہ چشتیہ سلیمانیہ کے سجادہ نشین خواجہ اللہ بخش تونسوی (۱۰ ذی الحج ۱۲۴۱ - ۲۹ ربیع الاول ۱۳۱۹ھ/ ۱۶ جولائی ۱۸۲۶ - ۱۳ ستمبر ۱۹۰۱ء) سے بیعت و خلافت سے سرفراز تھے اور ان کا

Marfat.com

سلسلۂ وابستگان خاصا وسیع تھا۔ (۱۲)

چچا صاحب ابھی چھے ماہ کے ہی تھے کہ آپ کی والدہ صاحبہ وفات پا گئیں۔ آپ کی پرورش آپ کی بڑی والدہ صاحبہ محترمہ جنت بی نے کی۔ محترمہ جنت بی، میاں نور حسن کے تایا صاحب میاں پٹھان دین (مدفون: مموں کھیڑا) کی صاحب زادی تھیں۔ ان کی نسبت بیعت سید سید محمد شاہ (بکھو کی، ضلع: فاضل کا) سے تھی۔ جنت بی صاحبہ کی والدہ محترمہ بھی سید سید محمد شاہ سے بیعت تھیں۔ بل کہ انھوں نے اپنے پیر صاحب سے وعدہ لیا تھا کہ جب وہ وفات پائیں گی تو ان کا جنازہ وہی پڑھائیں گے۔ جب انھوں نے وفات پائی تو پیر صاحب بنا کسی ظاہری اطلاع کے عین جنازے کے وقت پہنچ گئے اور حسب وعدہ جنازہ پڑھایا۔ (۱۳)

محترمہ جنت بی اپنی اولاد سے بھی زیادہ آپ سے پیار کرتی تھیں۔ چچا صاحب جب بھی بڑی والدہ صاحبہ کا ذکر فرماتے ہیں تو دوران گفت گو آپ کی آنکھیں نم اور آپ کا سر عقیدت و احسان مندی سے خم ہو جاتا ہے۔ چچا صاحب فرماتے ہیں: وہ مجھ سے بہت زیادہ محبت فرماتی تھیں، اپنی اولاد سے زیادہ میرا خیال رکھتیں۔ اپنی عمر کے آخری ایام میں فرمایا کرتیں: میرے حصے کی زمین تم اپنے نام لگوا لو، اور چچا صاحب ہنس کے ٹال جایا کرتے۔ (۱۴) میاں امیر حمزہ راوی ہیں: ''محترمہ جنت بی فرمایا کرتیں تھیں، میری خواہش ہے کہ جب میرا دم نکلے امین میرے پاس ہو لیکن ایسا ہونا نہیں۔ اور ایسا ہی ہوا، جب ان کی وفات ہوئی اس وقت آپ کہیں گئے ہوئے تھے۔'' (۱۵)

مولد

چچا صاحب کا مولد منڈی ابوہر (ضلع: فاضل کا) ہے۔ وٹو قوم کے مورث اعلا جناب وٹو بھی ابوہر میں ہی پیدا ہوئے تھے۔ میاں طفیل اس سلسلے میں رقم طراز ہیں:

> ''یہ بات [اب] پایۂ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ وٹو کی جائے پیدائش قصبہ ابوہر ہے۔ ابوہر ایک جاٹ عورت کا نام تھا جو جونھر کی بیوی تھی۔ جونھر جو بھٹی نسل سے تھا، کی چوتھی پشت سے وٹو پیدا ہوا۔ شجرہ نسب اس طرح ہے: وٹو ولد برھم ولد راج پال ولد اچل ولد جونھر۔ جونھر اپنی بیوی ابوہر کو لے کر اس مقام پر آ گیا جہاں آج کل ابوہر آباد ہے۔ اس نے وہاں قلعہ ابوہر تعمیر کیا۔ غالب گمان ہے کہ وٹو ۹۹۸ء میں پیدا ہوا۔'' (۱۶)

وکی پیڈیا میں منڈی ابوہر کے بارے میں درج ہے:

Marfat.com

"Abohar is a city and a municipal committee in Fazilka district of the Indian state of Punjab, north east of Sri Ganganagar and south east of Fazilka.Located near the junction of boundaries of Punjab, Haryana and Rajasthan and near the international border with Pakistan.Abohar is famous for being one of the biggest cotton producing belt in whole north India ."(17)

اس کے تاریخی پس منظر کے بارے میں وکی پیڈیا میں درج ذیل معلومات مہیا کی گئی ہیں:

"River Satluj streaming by its side, Abha Nagari, some 550 years ago, was a fabulous city of India. As one enters Abohar, one sees the remains of the ancient city Abha Nagri, a big mound of sand and stones which is known as Theh among local people. This mound is not just a dune of sand because a historical city and a big palace built by a Suryavanshi king Aabu-Chandni are buried under itAnother legendary dune named "Panjpeer" is just 150 m (490 ft) away from Theh with NIRAJ tombs of five pirs on this mound. The beautiful Aabu city was destroyed by the curse of these pirs (soothsayers). A big fair is held on this mound every Thursday. King Harichand ruled Aabu Nagar after King Aabu-Chandni and had only one daughter. She was very impressive, a good shooter and fond of riding also. Once the king fell victim to leprosy. Someone told the king that he could recover only with the blood of the horses of five pirs of Multan. The brave daughter of the king snatched 81 horses of five pirs along with their goods, but king Harichand succumbed to the disease. Five pirs sent many request to get their horses back, but the princess refused to give their horses back.At last, the five pirs came to Abu city from Multan to get back their horses and camped on a hillock of sand near present Abohar. Many days passed but the princess did not give back their horses. The wives of five pirs came to Aabu city in search of their husbands. The pirs became angry on seeing them and cursed them

Marfat.com

due to which they were buried under the earth.There is another mound at a distance of about 60 m (200 ft) from Panjpeer, where their tombs are erected. The five pirs got angry, for not being returned their horses, and destroyed the Aabu Nagar with their divine powers, according to popular legends".(18)

ولادت

آپ ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء/۱۳ صفر ۱۳۵۹ھ/ ۱۱ چیت ۱۹۹۶ب، بروز ہفتہ کو منڈی ابوہر میں میاں نور حسن کے گھر وٹو قبیلے میں پیدا ہوئے. اگر چہ شناختی کارڈ اور پاس پورٹ میں آپ کی تاریخ ولادت ۱۹۳۴ء درج ہے لیکن گورنمنٹ پرائمری سکول ہرن والا کے رجسٹر داخل خارج میں آپ کی تاریخ ولادت ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء مرقوم ہے اور یہی صحیح ہے.(۱۹) آپ کا ددیال اگر چہ مموں کھیڑہ (ضلع: فاضل کا) گانْو تھا مگر آپ کی ولادت اپنے ننیہال منڈی ابوہر میں ہوئی. آپ کے بچپن کے بارے میں آپ کی پھوپھی زاد بہن محترمہ امیر بیگم (بچپن میں چچا صاحب کی دیکھ بال میں ان کا بہت حصہ ہے) نے ایک بار بتایا تھا:

> ''یہ بچپن سے ہی بہت خوب صورت اور گورے رنگ کے تھے، کیوں کہ یہ ننیہال پہ گئے تھے اور ان کے ننیہال والے گورے تھے. ہمارے خاندان کے لوگ پکے رنگ کے ہوتے ہیں، یہی وجہ ہے پوری برادری میں آپ ہی سبھی کی توجہ کا مرکز تھے اور سبھی آپ سے بہت پیار کرتے تھے.''(۲۰)

تعلیم/ہجرت

جب آپ کی عمر پانچ سال ہوئی تو آپ کو قریبی گانْو جھمیاں والی (یہ آپ کے گانْو سے پانچ کلومیٹر دور واقع تھا) میں داخل کرا دیا گیا. آپ نے جماعت دوم تک وہاں پڑھا. اس زمانے کی یادوں کو تازہ کرتے ہوئے ایک بار آپ نے فرمایا:

> ''جھمیاں والی میں سکول کا رقبہ چار ایکڑ تھا. سکول نہایت خوب صورت تھا اور اس کی عمارت پختہ تھی. اساتذہ کی رہائش کے لیے علاحدہ کمرے بنے ہوئے تھے. جب کہ دو ایکڑ میں گلاب اور لیمن کے پودے لگائے گئے تھے. ہم ہر روز اپنے گانْو مموں کھیڑا سے پیدل جھمیاں والی جایا کرتے تھے. سکول کے استاد منشی رام جو والد صاحب کے بھائی بنے ہوئے تھے وہ، ان کا لڑکا مکھن، میاں محمد

Marfat.com

یاسین (قبر پٹ) اور گاؤں کے دس سے پندرہ لڑکے روزانہ پانچ کلومیٹر کی مسافت جاتے ہوئے اور اتنی ہی واپسی پہ طے کرتے تھے۔ سب کے اسباق ایک جیسے ہی تھے، صرف فرق یہ تھا جو اردو پڑھنا چاہتا اسے اردو میں اور جو ہندی پڑھنا چاہتا اسے ہندی میں پڑھا دیا جاتا تھا۔"

آپ نے مزید فرمایا:

"جھمیاں والی میں ایک بھی گھر مسلمانوں کا نہیں تھا۔ پورے گاؤں میں بیراگی قوم آباد تھی۔ یہ ہندوؤں میں فقیری قوم ہوتی ہے۔ گاؤں والے خاصے آسودہ حال تھے اور ان کا کافی رقبہ بھی تھا۔ ان کے زیادہ تر رشتے دار یہی مانگنے والے (بھکاری) تھے۔ وہ اکثر کہا کرتے تھے: ہماری بیٹی جہاں جائے، وہاں اسے سسرال والوں کے برتن صاف کرنے پڑتے ہیں، جو ہمارے ہاں بیاہ کر آتی ہے عیش کرتی ہے۔ جھمیاں والی کا بنواری نامی ایک لڑکا میرا ہم جماعت تھا۔ اس کے باپ کا نام گلاب داس تھا۔ میں اکثر بنواری کے ساتھ ان کے گھر چلا جایا کرتا تھا، میں نے ان کے ہاں چاندی کے برتن دیکھے تھے۔"

ماضی میں جھانکتے ہوئے، آپ مزید یوں گویا ہوئے:

"میں نے سکول میں ہندی نہیں پڑھی، بل کہ بہت بعد میں صوفی شیر محمد صاحب سے ہندی سیکھی اور ان کے ساتھ ہندی میں ہی خط و کتابت رہی۔ جس وقت ہم وہاں زیر تعلیم تھے اس زمانے میں تحریک آزادی زوروں پر تھی۔ ہمیں ۲۷ رمضان کو سکول سے فارغ کر دیا گیا تھا۔ ہر جگہ جلسے ہوتے، لیڈر آتے، تقریریں ہوتیں۔ ایک رات جھمیاں والی میں ذیلداروں کے باغ میں ہندوؤں کا جلسہ ہوا۔ وہاں ہندو نیتا نے نہایت اشتعال انگیز تقریر کی۔ اس نے دوران تقریر یہ کہا: مسلمانوں کے ایک بچے کو مارنا سو پنیہ کرنے کے مترادف ہے۔ جلسے میں ہی کسی نے کہا: یہاں مسلمانوں کے بچے پڑھنے آتے ہیں بل کہ جھمیاں والی سے زیادہ کھنڈ وال (قریبی گاؤں، جسے چھوٹا موں کھیڑا بھی کہا جاتا تھا) سے مسلمانوں کے بچے یہاں پڑھنے آتے ہیں۔ کھنڈ وال سے تعلق رکھنے والے ماسٹر خوشی رام صاحب (یہ اصلاً منگن آباد کے رہنے والے تھے) کو بلایا گیا اور ان سے پوچھ گچھ کی گئی۔ انھوں نے نیتاؤں سے کہا: آپ فکر ہی نہ کریں، ایسا وقت آیا تو میں ایسا

ہی تمام مسلمان بچوں کو ختم کر دوں گا. دوسرے دن تفریح کے وقت انھوں نے کھٹ واں اور مموں کھیڑا کے رہایشی بچوں سے کہا، آپ لوگ آج تفریح پہ نہیں جائیں گے، باقی سب جائیں. بعد ازاں انھوں نے حکم دیا کہ تمام بچے اپنے بستے باندھ کے ہال میں چلو. جب سب لڑکے ہال میں پہنچ گئے انھوں نے کھڑکیاں دروازے بند کروا دیے اور ہم سب کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: جس طرح مجھے میرا بیٹا مہندر [یہ چچا صاحب کا ہم جماعت بھی تھا] عزیز ہے ایسے ہی آپ سب میرے بیٹے ہو. اور رات والے واقعے کو دھراتے ہوئے کہا: تم سب اب واپس چلے جاؤ، جب تک میں خود تمھیں لینے نہ آؤں ہرگز نہ آنا، چاہے کوئی بھی پیغام لے کر آئے، بالکل مت آنا. جب حالات ٹھیک ہوئے اور مجھے کامل تسلی ہوگی کہ اب کوئی خطرہ نہیں تو میں خود تم لوگوں کو لینے آجاؤں گا. اس وقت عوام کے ذہنوں میں تقسیم ہند کا یہ تصور تھا کہ بس ایک سرحد مقرر ہوگی، اُدھر پاکستان اور اِدھر ہندستان. ہم سب نے اپنے اپنے بستے اٹھا لیے، گرمیوں کا موسم تھا، ماسٹر صاحب ہمارے ساتھ سائیکل لے کر دو مربعے کے فاصلے تک آئے، پھر جہاں سے دو راستے ہو جاتے تھے وہاں کھڑے رہے. جب تک ہم اپنے اپنے گھروں کو نہیں پہنچے ماسٹر صاحب وہیں کھڑے رہے. ۲۷ رمضان کو قیام پاکستان کا اعلان ہوا. لوگوں نے عید وہیں کی. پھر حالات زیادہ خراب ہونے لگے. لوگ عصر کے وقت سامان باندھ کر باہر نکلنا شروع ہو جاتے اور عشا کے بعد پاکستان کے لیے چل پڑتے.''

ہجرت کے بارے میں آپ نے اپنے مشاہدات بیان کرتے ہوئے فرمایا:

''لوگوں کے ذہن میں یہی تھا کہ صرف حد بندی ہوگی اور ملک ایک ہی رہے گا. چند ماہ بعد حالات ٹھیک ہو جائیں گے تو سبھی اپنے اپنے گھروں کو واپس ہو جائیں گے. یہی وجہ ہے زیادہ تر لوگوں نے نکلتے وقت زیادہ تر کھانے پینے اور ضرورت کی چیزیں جو دوران سفر کام آئیں ساتھ لیں. ہمارے گانو میں کوئی نا خوش گوار واقعہ پیش نہیں آیا. وہیں ہندوؤں اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات بہت اچھے تھے، ہر دو ایک دوسرے کی خوشی و غمی میں شریک ہوتے تھے. ہمارے گھر والوں نے بھی رخت سفر باندھا اور دوران سفر بہ مقام جنڈولا کھانے کے لیے

Marfat.com

قیام کیا۔ اتنے میں دو تین سکھ گھوڑوں پر سوار پاس سے گزرے اور کہا آپ روپ نگر آؤ پھر مقابلہ ہوگا۔ والد صاحب مع بندوق اپنے گھوڑے پہ سوار ہوئے اور باقی سب کو کہا: آپ لوگ چلو میں ذرا روپ نگر ہو کے آتا ہوں۔ والد صاحب روپ نگر پہنچے تو وہاں پرتھوی رام کی بیوی جو آپ کے پگڑی بدل بھائی جناب ہری رام کی بیٹی تھی نے ان کو دیکھا تو گلے لگ کے رونے لگی اور کہا: چچا یہ کیا ہو گیا ہے؟ والد صاحب نے بتایا تو اس نے لوگوں کو کہا کہ ہتھیار لے کے آ جاؤ۔ مزید اس نے راستوں میں گھڑے رکھوا دیے اور موضع کٹیاں والا تک چھوڑ کے گئے۔ کٹیاں والا میں دو تین روز قیام رہا، جو لوگ پیچھے رہ گئے تھے ان کا انتظار کیا گیا۔ اور یوں بہ خیر و عافیت سرحد پار کر آئے۔"

قیامِ پاکستان کے بعد آپ اپنے والدین کے ہمراہ موضع اکاں والی (تحصیل: منچن آباد ضلع: بہاول نگر) میں رہائش پذیر ہوئے۔ ڈیڑھ ماہ یہاں قیام کے بعد آپ چک ۲۸۳-بی ای نزد گھگو منڈی (تحصیل: بورے والا/ضلع: وہاڑی) منتقل ہو گئے اور چھے ماہ وہاں قیام پذیر رہے۔ اس کے بعد موضع ہرن والا (تحصیل: منچن آباد) میں سکونت اختیار کی اور وہیں پرائمری تک تعلیم حاصل کی۔ سید روشن علی شاہ مداری سکول میں آپ کے استاد تھے، جب وہ جے۔وی کرنے بہاول پور تشریف لے گئے تو اس دوران اسٹیشن ماسٹر منظور حسین پڑھاتے رہے۔ پرائمری پاس کرنے کے بعد آپ ہائی سکول منڈی صادق گنج میں داخل ہوئے لیکن صرف ایک ماہ کے بعد ہی رسمی تعلیم کو خیر باد کہہ دیا۔

آپ نے قرآن مجید اور بنیادی دینی تعلیم سید روشن علی شاہ مداری سے حاصل کی۔ سید روشن شاہ مداریہ سلسلے کے ملامتی مشرب صوفی بزرگ تھے۔ وہ چچا صاحب پہ نہایت خصوصی شفقت فرماتے تھے اور چوں کہ ان کی کوئی اولاد نہیں تھی اس لیے دونوں میاں بیوی نے چچا صاحب کو ہی اپنا بیٹا بنایا ہوا تھا۔ ذیل میں ان کے مختصر احوال بہ روایت چچا صاحب پیشِ خدمت ہیں:

سید روشن علی شاہ مداری

آپ خیبر پختونخواہ کے معروف ضلع نوشہرہ کے کسی گاؤں میں پیدا ہوئے۔ مڈل تک تعلیم حاصل کی۔ انہی دنوں آپ کے گاؤں میں کوئی بزرگ تبلیغی دورے پہ تشریف لائے تو ان کی واپسی پہ آپ بھی ان کے ساتھ ہو لیے۔ کئی سال آپ کے گھر والوں کو خبر نہ ہو سکی کہ آپ کہاں اور کس حال میں

Marfat.com

ہیں تقریباً آٹھ نو سال بعد آپ کے برادر کلاں کو کسی ذریعے سے خبر ملی کہ آپ شیخ علاء الدین علی احمد صابر کلیری کے سالانہ عرس مبارک پر کلیر تشریف لائیں گے. آپ کے بڑے بھائی آپ کی تلاش میں کلیر پہنچے اور آپ کو تلاش کر لیا. دونوں بھائی ایک دوسرے سے ملے اور آپ نے بھائی سے وعدہ کیا کہ اب اور کہیں نہیں جاؤں گا، فلاں تاریخ کو گھر پہنچ جاؤں گا. آپ حسب وعدہ اسی تاریخ کو گھر پہنچ گئے. آپ کو گھر آئے چند ہفتے ہی گزرے ہوں گے کہ آپ کی شادی آپ کی ماموں زاد محترمہ زرینہ بی بی (آگے: مائی صاحبہ) سے کر دی گئی.

آپ دراز قد، پتلا جسم، ستواں ناک، گورا رنگ، سفید داڑھی، لمبے سیاہ گیسو، صراحی دار گردن، دست و پا لمبے اور مخروطی انگلیاں، نیلی آنکھیں. زیادہ تر شلوار قمیض زیب تن فرماتے مگر گاہے گاہے دھوتی بھی استعمال کرتے تھے. دوران ملازمت پٹھانوں والی پگڑی بھی باندھتے تھے، بعد ازاں کالی پگڑی باندھتے، آپ کا لباس سیاہ ہوتا جس کی وجہ کچھ حضرات یہ سمجھتے تھے کہ آپ مکتب تشیع سے تعلق رکھتے ہیں مگر آپ فقہ حنفی کے پابند اور فکری طور پر مشرب تشیع کے سخت خلاف تھے. بہت صفائی پسند تھے اور مائی صاحبہ بھی آپ کو دو دن بعد لباس تبدیل کرنے کا اصرار فرماتیں. چچا صاحب فرماتے ہیں: مائی صاحبہ بھی بہت صفائی پسند تھیں، روزمرہ استعمال کے برتنوں میں چھے ماہ بعد مانجھنے کی وجہ سے سوراخ ہو جاتے تھے، وہ اس اہتمام سے برتن مانجھتی تھیں کہ برتن چم چم کرتے نظر آتے.

سید روشن علی شاہ مداریہ سلسلے میں بیعت تھے. ان کے شیخ طریقت بھٹنڈہ کے رہنے والے تھے. سید روشن، شادی کے کچھ عرصہ بعد جب بھٹنڈہ کے لیے عازم سفر ہوئے تو آپ کی شریک حیات بھی آپ کے ساتھ تیار ہو گئیں. اگرچہ آپ نے انھیں فرمایا کہ وہ گھر پر رہیں مگر وہ آپ کے ساتھ چلنے پر بہ ضد تھیں. خیر! ان کے اصرار پہ آپ نے ان کو ساتھ لیا اور ریل کی پٹڑی کے ساتھ ساتھ پیادہ پا لاہور کے لیے روانہ ہو گئے. آپ کی شریک حیات کے پاؤں پیدل چلنے سے لہولہان ہو گئے مگر انھوں نے ہمت نہ ہاری، اگرچہ بابا روشن شاہ ہر ریلوے اسٹیشن پہ انھیں فرماتے: اگر واپس گھر جانا چاہو تو واپسی کا ٹکٹ لے دوں؟ مگر وہ بہ ضد کہ میں آپ کے ساتھ ہی جاؤں گی. لاہور پہنچ کر آپ نے ریل کا ٹکٹ لیا اور مع شریک حیات اپنے شیخ طریقت کی خدمت میں بھٹنڈہ پہنچ گئے. شیخ طریقت نے آپ کو بھٹنڈہ کے مضافات میں واقع ''سرخ پیر'' کے مزار کا سجادہ نشین مقرر کیا اور حکم دیا کہ دونوں میاں بیوی وہاں مقیم ہو جاؤ. بابا روشن قیام پاکستان تک وہیں مقیم رہے.

Marfat.com

قیام پاکستان کے بعد آپ کے ایک ہندستانی پیر بھائی سید بشیر احمد شاہ جو بٹھنڈہ میں ریلوے گارڈ تھے، آپ کو اپنے ہمراہ سمہ سٹہ (بہاول پور) لے آئے جہاں آپ کچھ عرصہ قیام پذیر رہے۔ ۱۹۴۸ء میں بہ طور پرائمری سکول ماسٹر موضع ہرن والا (تحصیل: منچن آباد/ضلع: بہاول نگر) میں آپ کی تقرری ہوئی اور آپ ہرن والا میں آ کر رہائش پذیر ہو گئے۔ ہرن والا میں آپ کا قیام گانو کے سابقہ گوردوارے کی عمارت میں تھا، جس کے ایک حصے میں پرائمری سکول تھا۔ آپ صبح و شام گانو کے بچوں کو قرآن پاک اور ابتدائی دینی تعلیم سے سرفراز فرماتے۔ گرد و نواح کے سینکڑوں بچوں بچیوں نے آپ سے قرآن پاک کی تعلیم حاصل کی۔ دن میں سکول کے بچے بچیوں کو دنیوی تعلیم سے بہرہ مند فرماتے۔ آپ نے ۱۹۴۸ء سے ۱۵ ستمبر ۱۹۵۷ء تک سکول میں اپنے فرائض سر انجام دیے۔ (۲۱) ہرن والا میں قیام کے دوران آپ اپنی والدہ محترمہ کو اپنے ساتھ ہرن والا لے آئے تھے اور وہ آپ کی وفات تک آپ کے پاس مقیم رہیں۔ آپ کے ایک بھائی بھی آپ کے پاس مقیم رہے۔

ملازمت سے استعفا دینے کے بعد آپ نے موضع ہرن والا سے کوئی ڈیڑھ کلو میٹر کے فاصلے پہ واقع قدیم مزار جو عوام الناس میں "سائن پیر" کے نام سے معروف ہے (آپ کے بہ قول ان کا نام شان پیر تھا جو کثرت استعمال سے سائن پیر ہو گیا، لیکن قیاس ہے کہ یہ "سائرے وٹووں" کے جدِ اعلا کا مزار ہے) پہ مقیم ہو گئے۔ مزار کے ساتھ ایک چھوٹا سا کمرہ بنا تھا جس میں آپ کی شریکِ حیات رہائش پذیر ہو گئیں جب کہ آپ نے مزار کے سامنے چھوٹی سی جھونپڑی ڈال لی اور وہیں آپ کی نشست و برخاست ہوتی۔

آپ تا حینِ حیات تہجد گزار، ادائیگی صلاۃ اور تلاوت قرآن پاک میں نہایت مستعد رہے۔ آپ سیاہ لباس پہنتے تھے جو صاف ستھرا ہوتا۔ آپ کی زوجہ دو دن سے زیادہ آپ کو ایک جوڑا پہنے نہیں دیتی تھیں، وہ آپ کے کپڑوں کو خود کالا رنگ دیتی تھیں۔ آپ کی جھونپڑی میں الاؤ ہمہ وقت روشن رہتا تھا۔ آپ نے کوئی پانچ چھ بکریاں پالی ہوئی تھیں۔ مہمانوں کی تواضع بکریوں کے دودھ سے بنائی گئی چائے سے کی جاتی۔ جسے آپ کی شریکِ حیات خود بناتیں۔ جب سے مزار پہ رہائش پذیر ہوئے تھے انھوں نے باہر جانا ترک کر دیا تھا۔ نہ کسی کی شادی اور نہ کسی کی فوتگی میں شریک ہوتے۔ البتہ وہ برخلافِ معمول ایک نو مسلم دین کے ہاں تشریف لے گئے۔ وہ بھی اس کی دل جوئی کے لیے کہ اس کا کوئی رشتہ دار یہاں نہیں تھا۔ ایک بار اس کی شادی میں

Marfat.com

شریک ہوئے اور دوسری بار اس کی والدہ کی وفات کے موقعے پر آپ ہرن والا تشریف لے گئے.

آپ اگرچہ تہجد گزار، پابندِ صوم وصلات تھے مگر اس کے ساتھ ساتھ مسکرات کا بھی استعمال کرتے تھے. ان سب کے باوجود آپ ہمیشہ صاف ستھرے لباس میں ہوتے اور قریب بیٹھے ہوئے کسی اجنبی یا آپ کی اس عادت سے ناواقف کسی بھی فرد کو محسوس ہی نہ ہو پاتا کہ آپ نے نشہ آور شے استعمال کی ہوئی ہے. گو آپ نشہ کرتے تھے مگر اپنے تلامذہ کو سگریٹ نوشی تک سے بھی سختی سے منع فرماتے. اگر آپ کو معلوم ہو جاتا کہ فلاں لڑکا سگریٹ نوشی کرتا ہے تو آپ اسے بلا کر سختی سے سرزنش کرتے. آپ فرمایا کرتے تھے: ''فقیر جو کہے اسے گرہ میں باندھ لو اور جو خود کرے اس کے نزدیک مت جاؤ.''

چچا صاحب راوی ہیں:

''ایک شام میں آپ سے ملنے گیا تو مجھے فرمانے لگے: بیٹا! آج شام کا بندوبست تو ہے مگر صبح کا نہیں. اماں جی فرمانے لگیں: شاہ جی! لے آئے گا، ابھی آیا ہے بیٹھنے تو دیں، چائے تو پی لے. خیر! میں اماں جی کے پاس ہی بیٹھ گیا اور چائے نوش کرنے کے بعد سائیکل لے کے منڈی صادق گنج افیم لینے چل پڑا. راستے میں شاہ صاحب کے ایک عقیدت مند سے ملاقات ہوئی جو ایکسائز کے محکمے میں ملازم تھا. اس نے ناوقت منڈی جانے کی وجہ پوچھی تو میں نے معاملہ گوش گزار کیا. اس نے کہا: واپس چلو، میں شاہ صاحب کی طرف ہی جا رہا ہوں، ان کی ضیافت کا سامان میرے پاس ہے. اس نے کسی سے ایک پاؤ افیم پکڑی تھی اور سوچا کہ شاہ صاحب کی خدمت میں پیش کردوں. خیر ہم دونوں شاہ صاحب کے پاس پہنچے، اس نے افیم آپ کی خدمت میں پیش کی. مجھے شاہ جی نے فرمایا: اماں سے کہو کہ چائے بنائے. اماں جی چائے بنانے لگیں تو میں چائے کے انتظار میں وہیں چولہے کے پاس بیٹھ گیا. اتنے میں اونچی آواز میں گالیاں دینے کی آواز آئی، ہم باہر نکلے تو دیکھا کہ شاہ جی چپل اٹھائے پیچھے پیچھے ہیں اور وہ شخص آگے آگے. میں نے شاہ جی کو پکڑا اور واپس جھونپڑی میں لے آیا. جب آپ کچھ شانت ہوئے تو میں نے عرض کیا کہ سرکار! کیا ہوا؟ آپ نے فرمایا: یار! وہ مجھے قاتل بنانا چاہتا تھا، مجھے کہتا ہے کہ میں فلاں عورت پہ عاشق ہوں اور اس سے شادی کا خواہش مند

Marfat.com

ہوں، آپ تعویذ دیں یا دعا فرمائیں کہ اس کا خاوند مر جائے. تم ہی بتاؤ یہ کوئی انسانیت ہے، کیا دیدہ دلیری ہے کہ مجھے قتل پہ اکسا رہا ہے.''

موسم گرما میں آپ کی جھونپڑی میں الاؤ والے گڑھے میں سانپ لیٹے رہتے جنھیں کسی کو مارنے کی اجازت نہیں تھی. الاؤ کے ساتھ بچھی چٹائی پہ آپ سوئے رہتے. اسی طرح بچھو، زنبور اور بھڑ کو بھی مارنے کی اجازت نہیں تھی، البتہ یہ بھی آپ کی واضح کرامت تھی کہ خانقاہ کے احاطے میں یہ تمام کسی کو بھی کاٹتے نہیں تھے. ایک بار ایک خاصا لمبا سانپ مائی صاحبہ کے کمرہ کی چوکھٹ پہ لیٹ گیا اور کئی گھنٹے لیٹا رہا. مائی صاحبہ نے اسے مارنا چاہا تو آپ نے منع فرما دیا کہ تجھے کیا کہتا ہے! اس پر مائی صاحبہ نے عرض کیا کہ شاہ جی! اسے حکم دیں کہ یہ یہاں سے چلا جائے. اور پھر آپ کے حکم پہ وہ سانپ وہاں سے ہٹ گیا.

آپ کوئی جان دار خود ذبح نہیں کر سکتے تھے، اگر مائی صاحبہ مرغی ذبح کرنے کا فرماتیں تو فرماتے: جو خود ہی ذبح ہو وہ کسی کو کیا ذبح کرے گا.

آپ بالعموم اردو زبان میں گفتگو فرماتے تھے مگر مائی صاحبہ کے ساتھ پشتو میں کلام فرماتے. اپنے شاگردوں کو پشتو سیکھنے کی ترغیب دیتے تھے کہ کل کام آئے گی. چچا صاحب کا فرمانا ہے کہ مجھے کچھ عرصہ پشتو اسباق لکھ کے دیتے رہے مگر میں اپنی کاروباری مصروفیات کی وجہ سے اسباق جاری نہیں رکھ سکا.

آپ کسی سے بھی ڈرتے نہیں تھے، کلمہ حق کہنے میں مجال ہے جو کبھی تحفظات کا شکار ہوئے ہوں. آپ گالیاں بھی بہت دیتے تھے. مائی صاحبہ اکثر چچا صاحب سے فرماتیں کہ اپنے باپ کو منع کرو کہ گالیاں نہ دیا کریں. ہم اکیلے ویرانے میں بیٹھے ہیں. جن ولی کو ہم نہیں [illegible] ہی نہ پہنچا دے. اس پر آپ جواب میں فرماتے: بھاگ وان! چپ نہیں ہو. مجھے کسی سے [illegible] [illegible] ضرورت ہے اور کسی کی اتنی مجال ہے کہ میرا کچھ بگاڑ سکے.

جب آپ [illegible] والا سکول میں پڑھاتے تھے تو ایک لڑکے [illegible] اپنی والدہ سے شکایت کی. اس کی والدہ نے آپ کو [illegible] ہوئے ہیں. کسی نے آپ کی خدمت میں عرض کی [illegible] رہی ہے. آپ نے فرمایا [illegible] کی. بعد میں اس نے بہت معذرت کی مگر آپ نے فرمایا کہ بی بی! اب تیرا مان [illegible]

Marfat.com

آپ ہر ماہ گیارہ ویں کا ختم دلاتے تھے. گوردوارے کے کڑاہ (جو سکھ جاتے ہوئے چھوڑ گئے تھے) میں نیاز پکائی جاتی. ایک بار علاقے کا ایک معروف زمین دار آپ سے وہ کڑاہ عاریتاً لے گیا اور ضرورت پوری کرنے کے بعد مکر گیا، بل کہ ہٹ دھرمی پہ اتر آیا کہ کون سا شاہ صاحب نے کڑاہ خود خریدا ہے. آپ نے فرمایا: گیارہ ویں کا ختم میرے باپ کا نہیں ہے، جس کا ہے وہ کڑاہ دلائے گا تو ختم دلا دیں گے. خیر دو ماہ بعد آپ کے ایک عقیدت مند نے آپ کی نذر کی ہوئی بھینس بیچی اور کڑاہ لا کے خدمت میں پیش کیا اور اس طرح دوبارہ گیارہ ویں کا ختم شروع کیا گیا.

آپ نے بابا ساہن پیر کا مزار نئے سرے سے بنوایا. آپ کا خیال تھا کہ ان کا اصل نام شان پیر تھا جو وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ بگڑ کے ساہن پیر بن گیا ہے.

آخری دنوں میں آپ خاصے علیل ہو گئے اور علاج کے لیے راضی نہیں ہوتے تھے. مائی صاحبہ نے چچا صاحب کو بلوایا کہ شاہ جی ان کی بات نہیں ٹالتے تھے. چچا صاحب کا بیان ہے:

''میں جب ملاقات کے لیے حاضر ہوا تو آپ کی آنکھ میں آنسو آ گئے، مجھ سے فرمانے لگے: بیٹا! زندگی میں ہزار تکالیف آئیں مگر میری آنکھ میں کبھی آنسو نہ آئے مگر اس نامراد درد کی وجہ سے آنکھ میں آنسو آ گئے. یہ دیکھ اور سن کر میری آنکھیں بھی نم ہو گئیں. اس پر مائی صاحبہ نے پشتو میں کہا: شاہ جی! امین رو رہا ہے اور کہتا کہ شاہ جی کو علاج کے لیے بہاول نگر جانا چاہیے. آپ نے فرمایا: اچھا! جاؤں گا، میں نے عرض کیا: میں صبح آ جاؤں گا، تو فرمانے لگے: میں فیض محمد (خانقاہ کا خادم) کو ساتھ لے جاؤں گا، تم اگلے دن آ جانا. اس پر میں نے کچھ روپے علاج کے لیے نذر کیے جو آپ نے قبول فرما لیے. دوسرے دن فیض محمد کے ہم راہ بہاول نگر ایک ملنگ کے مکان پہ تشریف لے گئے مگر علاج نہیں کرایا. اگلے دن فیض محمد کو کہا کہ جاؤ اسٹیشن پہ اور امین کو یہیں لے آؤ، یہ نہ ہو کہ وہ ہسپتال میں ہی ہمیں تلاش کرتا پھرے. مگر فیض محمد میرے بہاول نگر پہنچنے کے بعد اسٹیشن پہ پہنچا، میری اور اس کی ملاقات نہیں ہو پائی اور میں ہسپتالوں میں انھیں تلاش کر کے واپس گھر آ گیا. البتہ فیض محمد، جہاں جہاں میں معلوم کر کے آیا تھا، بعد میں وہاں وہاں پہنچا مگر ملاقات نہ ہونا تھی نہ ہوئی. فیض محمد نے تمام صورت حال شاہ جی کو عرض کی تو انھوں نے فیض محمد کو فرمایا: تم امین کے پیچھے جاؤ اور اسے بتاؤ میں ٹھیک

Marfat.com

ہوں اور کل آ جاؤں گا وہ نہ آئے، اور فیض محمد کو میرے پیچھے گھر بھیج دیا۔ رات گزری اور اگلے دن صبح دس بجے کے قریب ملنگ کو کہا کہ جاؤ دودھ لے کے آؤ اور چائے بناؤ۔ اسے بھیج کے خود کنڈی لگا کے لیٹ گئے، وہ ملنگ واپس آیا تو آپ وفات پا چکے تھے۔ آپ نے ۱۶ رمضان ۱۳۸۴ھ/ ۱۹ جنوری ۱۹۶۵ء کو اس عالم خاک و باد کو خیر باد کہا۔ فیض محمد حسب معمول بہاول نگر پہنچا اور آپ کا جسد مبارک خانقاہ لایا۔ مولانا فتح محمد (ہرن والا) نے جنازہ پڑھایا اور بابا سائیں پیر کے مزار کے اندر ہی ان کی تربت کے ساتھ آپ کی تدفین عمل میں آئی۔ آپ اور بابا سائیں پیر کے مزار سے متصل مائی صاحبہ کی تربت ایک قبہ میں ہے اور مائی صاحبہ کے مزار کے ساتھ مشرقی سمت احاطے میں بہادر شاہ کی تربت ہے۔" (۲۲)

فکرِ معاش

آپ نے سکول چھوڑنے کے کچھ عرصہ بعد لاہور میں ٹکٹ چیکر کی نوکری کے لیے ایک عزیز کے ہاں جانے کا ارادہ ظاہر کیا تو والد گرامی نے منع کر دیا۔ بعد ازاں والد صاحب سے دکان ڈالنے کی گزارش کی تو انھوں نے اجازت دے دی۔ گھر میں ماش کی دال موجود تھی، اسے فروخت کرنے کے لیے منڈی صادق گنج لے گئے اور ساٹھ روپے میں فروخت کر کے اس کا دکان کے لیے سامان لے آئے۔ یوں چھوٹی سی دکان سے روزگار کا سلسلہ چل پڑا۔ آپ کے استاد گرامی سید روشن علی شاہ ہر روز آتے اور آپ کو کھاتوں کے بارے میں سمجھاتے اور کھاتے بھی چڑھا جاتے۔ شاہ صاحب اکثر آپ سے فرمایا کرتے: "آپ دکان داری کے لیے ٹھیک رہیں گے"۔ چچا صاحب نے تقریباً دس بارہ سال دکان چلائی۔ دکان خوب چلی۔ آپ فرماتے ہیں:

> "میں نے کبھی ایسا نہیں کیا کہ چھوٹا گاہک آیا تو اس کے لیے اور نرخ اور اور کوئی بڑا آ گیا ہو تو اس کے لیے دوسری قیمت لگائی جائے۔ سب کے لیے یکساں نرخ مقرر تھے۔ کم منافع اور زیادہ تجارت کے اصول پر دکان کو چلایا۔ [illegible] چلتا تھا اور والد صاحب گھر کے اخراجات سے بے فکر ہو گئے تھے۔ جب دکان [illegible] جن گاہکوں کی طرف ادھار باقی تھا ان سے کبھی طلب نہیں کیا۔"

کچھ مدت بعد زمینوں کی الاٹمنٹ ہونے کی [illegible] سے [illegible] ہونے سے [illegible] یوں ۱۹۶۸ء میں آپ نے منڈی صادق گنج میں حاجی محمد یعقوب (۱۹۳۲ء-۲۲ [illegible] ۲۰۰۱ء)

Marfat.com

اور محمد سلیمان (م: ۴ جنوری ۱۹۸۸ء) کی شراکت میں آڑھت کا کاروبار شروع کیا. آڑھت کے کاروبار کی ابتدا کا پس منظر یوں ہے کہ منڈی صادق گنج میں ملک محمد ابراہیم (۱۹۱۵-۱۹۶۷)، ملک فضل دین (۱۹۱۰-۶ جون ۱۹۷۲ء) اور محمد سلیمان کا مشترکہ آڑھت کا کام تھا. چچا صاحب ان کے ہاں جنس فروخت کیا کرتے تھے. حاجی محمد یعقوب ان کے ہاں منشی تھے، ان کی تنخواہ ایک سو پچاس روپے تھی. ایک بار حاجی یعقوب نے ہر سہ مالکان سے تنخواہ بڑھانے کا مطالبہ کیا، چچا صاحب بھی اتفاق سے وہیں تشریف فرما تھے. آپ نے بھی فرمایا: بھائی! ان کی تنخواہ بڑھا دو، مہنگائی کی وجہ سے ضروریات دن بدن بڑھ رہی ہیں. اس پر ملک ابراہیم نے چچا صاحب سے کہا: میاں صاحب! آپ اپنی دکان کھول لیں اور حاجی یعقوب کو وہاں رکھیں، اپنی اور ان کی مرضی کی تنخواہ مقرر کر لیجے گا. میں خود پڑھا ہوا ہوں اور اپنا کام خود ہی سنبھال لوں گا. چچا صاحب کو ان کی یہ بات بہت ناگوار گزری. آپ واپس گھر پہنچے، اپنے والد گرامی سے مشورہ کیا اور موجودہ دکان جو کلیم (claim) کے نتیجے میں الاٹ ہوئی تھی، اس میں ملک فضل دین مقیم تھے. انھیں کہا گیا کہ آپ اب اپنے مکان میں منتقل ہو جائیں، ہم یہاں دکان شروع کر رہے ہیں اور ان سے مقرر شدہ کرایہ بھی نہ لیا. یوں ۱۹۶۸ء میں چچا صاحب، حاجی محمد یعقوب اور محمد سلیمان نے مشترکہ آڑھت کا کام شروع کر دیا.

۱۹۷۱ء میں حاجی محمد یعقوب اور دو سال بعد محمد سلیمان یکے بعد دیگرے کاروبار سے الگ ہو گئے. ۱۹۷۱ء میں آپ نے صوفی ولی محمد شاہ کو منشیانے کا کام سیکھنے کا فرمایا اور انھوں نے چند ماہ میں ہی حاجی محمد یعقوب سے کام سیکھ لیا. حاجی محمد یعقوب کی کاروبار سے علاحدگی کے بعد ۱۹۷۲ء میں صوفی ولی محمد شاہ بھی کاروبار میں شریک ہو گئے اور تا حال یہ شراکت قایم ہے. چچا صاحب اور چچا ولی صاحب میں کچھ اس طور برادرانہ مراسم رہے کہ ہم لوگ (راقم الحروف، بھائی صاحب اور ہمشیرہ صاحب) کو بھی پانچ سات سال قبل ہی یہ معلوم ہوا کہ چچا صاحب رحمو کے وٹو برادری سے ہیں اور چچا ولی صاحب ساہن کے وٹو قبیلے سے یعنی دونوں وٹو قبیلے کی دو مختلف شاخوں سے ہیں. چچا ولی صاحب کاروباری شراکت کے بارے میں فرماتے ہیں: ''بہ طور شریک کاروباری ایسا رہا کہ آپ نے کبھی یہ نہیں پوچھا کہ اتنے پیسے کہاں لگا دیے، کیوں لگا دیے.'' خدا تعالا اس بھائی چارے کو قایم دایم رکھے. علاوہ ازیں کئی مربعے زمین بھی معاش کا ایک بڑا ذریعہ ہیں. زمینوں کے معاملات کو صاحب زادہ میاں زاہد اقبال دیکھتے ہیں.

Marfat.com

شادی/اولاد

۱۹۶۲ء میں آپ کی شادی بہ مقام قبر پٹ، میاں غلام رسول اور آپ کی پھوپھی صاحبہ محترمہ لال بی کی صاحب زادی محترمہ حمیداں بیگم (پ:۱۹۳۹ء) سے ہوئی. خدا تعالیٰ نے آپ کو دو بیٹوں اور دو بیٹیوں سے نوازا. ان کے نام بہ لحاظ ولادت درج ذیل ہیں: میاں زاہد اقبال (پ: ۱۹۶۴ء)، میاں پرویز اختر (۱۹۶۸ء-؟)، نورین بی بی (پ: ۱۹۷۰ء) اور ناہید بی بی (م: ۲۷ جون ۲۰۱۲ء).

میاں زاہد اقبال کی شادی چک ۱۸۷/ ۹-ایل (تحصیل: چیچہ وطنی/ضلع: ساہی وال) سے میاں گوہر علی کی صاحب زادی محترمہ پروین اختر (پ: ۲۹ دسمبر ۱۹۶۵ء) سے بہ تاریخ ۲۷ مارچ ۱۹۸۷ء ہوئی. خدا تعالیٰ نے آپ کو دو بیٹوں اور تین بیٹیوں سے نوازا. بیٹوں کے نام درج ذیل ہیں شہزاد فرید شاہ (پ: ۱۵ فروری ۱۹۹۲ء) اور نعمان فرید شاہ (پ: ۹ نومبر ۱۹۹۹ء).

میاں پرویز اختر بچپن میں ہی وفات پا گئے تھے. محترمہ نورین بی بی کی شادی میاں امیر حمزہ ولد میاں غلام محی الدین (بستی کھوکھراں) سے ہوئی. جب کہ ناہید بی بی کی شادی میاں محمد احمد ولد میاں غلام مصطفا (قبر پٹ) سے ہوئی.

صاحب زادہ شہزاد فرید شاہ ۱۵ فروری ۱۹۹۲ء کو بہ مقام منڈی صادق گنج پیدا ہوئے میٹرک تک تعلیم حاصل اور اب النقیب کارپوریشن پہ کاروبار سنبھالے ہوئے ہیں.

صاحب زادہ نعمان فرید شاہ ۹ نومبر ۱۹۹۹ء کو بہ مقام منڈی صادق گنج پیدا ہوئے اس وقت ساتویں جماعت کے طالب علم ہیں. تعلیم کے ساتھ ساتھ روحانیت سے بھی محبت ہے. آپ بچپن سے ہی نہایت ذوق شوق سے اعراس و محافل میں شریک ہوتے ہیں. خدا تعالیٰ دونوں بھائیوں کو مزید توفیقات سے نوازے کہ وہ بزرگان سلسلہ اور اپنے شیخ طریقت سے فیض حاصل کر کے زیادہ سے زیادہ ترقی پائیں. آمین ثم آمین

Marfat.com

حوالہ جات و حواشی

۱. وٹو، پروفیسر میاں محمد طفیل اختر ،وٹو قوم کا تاریخی ورثہ، لاہور، دارالشعور، اگست ۲۰۱۰ء، ص ۳

۲. ایضاً، ص ۱

۳. ایضاً، ص ۱

۴. ایضاً، ص ۱۳۸

۵. ایضاً، ۱۳۹

۶. ایضاً، ص ۱۴۰

۷. ان احوال کے لئے دیکھیے:

افضل حیدر، سید، ذکر درویش، اسلام آباد، دوست پبلی کیشنز، ۲۰۰۷ء

فریدی، سائیں نذیر حسین، آفتاب بسی شریف، گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی، مکتبہ چشتیہ فریدیہ، ۱۲ محرم ۱۴۲۸ھ

فریدی، سائیں نذیر حسین، تذکرہ فرید العصر، گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی، مکتبہ چشتیہ فریدیہ، ۱۴ محرم ۱۴۲۳ھ

۸. میاں غلام محی الدین کی اولاد کی تفصیل درج ذیل ہے: میاں محمد عالم (پ: ۱۹۶۵)، میاں امیر حمزہ (پ: ۲۳ ستمبر ۱۹۶۸ء)، میاں محمد اکرم (پ: ۱۹۷۱ء)، امیرین بی بی (پ: ۵ مارچ ۱۹۷۵ء)

۹. میاں جادی محمد کی اولاد کے نام درج ذیل ہیں: میاں خدایار (پ: ۱۹۶۱ء)، میاں ذوالفقار علی (پ: ۱۲ اکتوبر ۱۹۸۵ء)، میاں محمد شاہد (پ: ۲ فروری ۱۹۹۰ء)، فرزانہ کوثر (پ: ۱۶ اکتوبر ۱۹۸۵ء)

۱۰. خواجہ محمود تونسوی، خواجہ اللہ بخش تونسوی کے صاحب زادے تھے اور انہی سے بیعت خلافت سے سرفراز تھے۔ (للہی، ڈاکٹر صاحب زادہ محمد حسین، فیض المشائخ، للہ/ ضلع جہلم، خانقاہ چشتیہ نظامیہ سلیمانیہ، ۱۹۸۵ء، ص ۱۷۷-۱۷۸)

۱۱. امین شاہ، صوفی محمد، ٹیلی فونک مکالمہ از راقم، منڈی صادق گنج، ۲۵ نومبر ۲۰۱۳ء

۱۲. ایضاً

چشتی سلیمانی، پروفیسر افتخار احمد، تذکرہ خواجگان تونسوی، فیصل آباد، چشتیہ اکادمی، ربیع الاول ۱۴۰۶ھ/ ۱۹۸۵ء، ۱/ ۱۳۵

اقبال مجددی، محمد، تذکرہ علماء و مشائخ پاکستان و ہند، لاہور، پروگریسو بکس، ۲۰۱۳ء، ۱/ ۴۵۷

للہی، فیض المشائخ، ص ۱۷۶

نظامی، پروفیسر خلیق احمد، تاریخ مشائخ چشت، اسلام آباد، دائرۃ المصنفین، س ن، ۵/ ۴۴۱

Marfat.com

آپ دبھلی رانھاں والی (ضلع: گنگانگر/ ریاست: بیکانیر- بھارت) میں پیدا ہوئے۔ پانی پت سے تحفیظ و تجوید کی تکمیل کی اور چک ۱۰۴/ ۷-آر (تحصیل: چیچہ وطنی/ضلع: ساہی وال) میں مرکز رشد وہدایت قائم کیا۔ آپ خواجہ اللہ بخش تونسوی سے بیعت وخلافت سے سرفراز تھے تقریباً ۱۹۰۸ء میں آپ نے جہان آب وگل کو خیر باد کہا اور مذکورہ بالا گاؤں میں آپ کا مزار زیارت گاہ خلائق ہے۔ اولاد میں چھے بیٹے اور دو بیٹیاں تھیں۔ آپ نے اپنی حیات میں ہی اپنے سب سے چھوٹے بیٹے مولانا محمد سعید اللہ (م: ۱۹۶۸ء)، فارغ دارالعلوم دیو بند کو اپنا سجادہ نشین مقرر کیا تھا۔ آپ کے دیگر خلفائے کرام کے اسمایہ ہیں۔ سید محمد الیاس (۱۳۲-۱۳۳/ ۹-ایل، مزان والا، نزد، بنگلا اوکاں والا/تحصیل: چیچہ وطنی)، صوفی احمد دین (قبولہ تحصیل عارف والا) اور مولوی روشن دین (بگالی کھوکھراں/ضلع: ساہی وال) مولانا سعید اللہ کے دو بیٹے تھے میاں پیر بخش اور میاں شیر محمد۔ مولانا سعید اللہ نے میاں شیر محمد کو اپنا سجادہ نشین مقرر کیا۔ میاں شیر محمد کو خواجہ خان محمد تونسوی (۲۱ ربیع الثانی ۱۳۳۴-۷ جمادی الثانی ۱۳۹۹ھ ۲۵ فروری ۱۹۱۶-۴ مئی ۱۹۷۹ء) سے بھی خرقۂ خلافت حاصل ہے۔ (وٹو، وٹو قوم کا تاریخی ورثہ، ص ۴۵۱-۴۵۲؛ چشتی سلیمانی، ا، ص ۱۳۵)

۱۳۔ امین شاہ، صوفی محمد، ٹیلی فونک مکالمہ از راقم، منڈی صادق گنج، ۲۹ نومبر ۲۰۱۳ء۔

۱۴۔ ایضاً

۱۵۔ امیر حمزہ، میاں، مکالمہ از شاہ رضوان اختر سہروردی، بستی [illegible]، یکم دسمبر ۲۰۱۳ء۔

۱۶۔ وٹو، وٹو قوم کا تاریخی ورثہ، ص ۳

17. http://en.wikipedia.org/wiki/Abohar

18. Ibid

۱۹۔ رجسٹر داخل خارج، گورنمنٹ [illegible] مڈل سکول [illegible]

۲۰۔ امیر بیگم، مکالمہ از راقم، [illegible] یکم دسمبر ۲۰۱۰ء۔

۲۱۔ ریفرنس بک، گورنمنٹ [illegible]

۲۲۔ حسن نواز شاہ، بابا سید روشن علی شاہ ضلع بہاول نگر میں سلسلہ مداریہ کی ایک کڑی، [illegible] ماہنامہ [illegible] رنگ، [illegible] جنوری ۲۰۱۱ء، [illegible] ص ۶-۱۰

Marfat.com

باب سوم

چچا صاحب کے دادا صاحب، میاں محمد خان اپنے علاقے کے بڑے جاگیردار تھے. ان کی نسبت بیعت سلسلہ چشتیہ نظامیہ کے معروف بزرگ میاں علی محمد خان چشتی (بسی شریف/ضلع: ہوشیار پور-شرقی پنجاب) سے تھی. اور وہ ان کے ازحد ارادت مند تھے. میاں علی محمد چند ایک بار ان کی دعوت پہ ان کے گانو موکھیڑہ میں تشریف فرما ہوئے. وہ میاں محمد خان پہ خصوصی شفقت فرمایا کرتے تھے. چچا صاحب کے والد گرامی میاں نور حسن بھی میاں علی محمد خاں سے ہی بیعت تھے. چچا صاحب کے بڑے بھائی میاں غلام محی الدین کی نسبت بیعت بھی میاں علی محمد صاحب سے تھی. آپ کے والد گرامی اور برادر کلاں آپ سے فرمایا کرتے تھے کہ تم بھی میاں صاحب سے بیعت ہو جاؤ لیکن آپ عرض کرتے: مجھے اپنے حال میں مگن رہنے دیجیے.

بیعت طریقت

چچا صاحب ۱۹۶۶ء میں موضع ہرن والا میں کریانے کی دکان چلا رہے تھے. صوفی شیر محمد شاہ(۱) کی بھانجی کی شادی تھی اور انھوں نے شادی پہ اپنے پیرومرشد خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ کو مدعو کیا. حضرت صاحب، صوفی توکل اور صوفی اقبال کے ہمراہ تشریف فرما ہوئے. صوفی شیر محمد شاہ موضع ہرن والا میں حضرت صاحب کے واحد مرید تھے. ان دنوں باراتی دو تین دن قیام کیا کرتے تھے. رات کو محفل سماع بھی تھی. چوں کہ اس موضع میں پہلی بار سماع ہو رہی تھی، لوگوں کو سماع کے آداب اور طریقہ معلوم نہ تھا. شب کو سماع ہوا، سردار قوال نے قوالی کی. چچا صاحب نے بھی رات دوران سماع کئی بار اس خیال سے قوالوں کے لیے نذر پیش کی کہ کہیں شیر محمد صاحب یہ نہ کہیں کہ میرے پیرومرشد آئے لیکن امین نے ان کے حضور نذر نہیں پیش کی. شب کو سماع کا انتظام کچھ اچھا نہ تھا سو حضرت صاحب نے ناراضگی ظاہر کی. دوسرے دن صبح کو محفل سماع کا انتظام ایک کمرے میں کیا گیا. چچا صاحب کی ذمے داری مہمانوں کے لیے کھانا تیار کرانے کی تھی. آپ باورچیوں کے پاس کھڑے نگرانی کر رہے تھے کہ اتنے میں ایک پھول بیچنے والا آ گیا. آپ نے پانچ روپے کے عوض اس سے سارے پھول لے لیے. محفل سماع شروع ہوئی تو چچا صاحب نے حضرت صاحب

Marfat.com

کی خدمت میں ہار پیش کیے۔ حضرت صاحب نے وہ ہار واپس چچا صاحب کے گلے میں ڈال دیے۔ محفل کے خاتمے پر چچا صاحب دیگوں والوں کے پاس تشریف لے آئے۔ وہاں بیٹھے بیٹھے اچانک آپ پہ نہایت زور کا گریہ طاری ہو گیا۔ آپ نے بڑی مشکل سے خود کو سنبھالا کہ لوگ کیا کہیں گے کہ انھیں بیٹھے بیٹھے کیا ہو گیا ہے؟ یہاں ضمناً ایک اور واقعہ بیان کرتا چلوں کہ ساٹھ کی دہائی میں حضرت صاحب، بابا صاحب کی دعوت پہ نڑالی تشریف لائے ہوئے تھے۔ حضرت صاحب نے اپنا خط بنوانا تھا۔ گاؤں کے حجام جناب صادق حسین مرحوم کو خط بنانے کے لیے بلوایا گیا۔ جب وہ خط بنانے لگے تو حضرت صاحب نے بے ساختہ فرمایا: تو ہمارا خط کر، ہم تمھارا خط کر دیتے ہیں۔ اس جملے کا ان پہ ایسا جادوئی اثر ہوا کہ وہ خط بنا کر گھر پہنچے ہی تھے کہ ان پہ غیب سے ایسا حال طاری ہوا کہ ہوش و حواس سے جاتے رہے اور ایک عرصہ ان پہ جذب طاری رہا۔ بعد ازاں وہ حضرت صاحب کے ہاتھ پہ بیعت بھی ہوئے۔

حضرت صاحب واپس تشریف لے گئے اور صوفی شیر محمد شاہ اپنی نوکری پر چلے گئے لیکن چچا صاحب کے دل میں اضطراب اور بے چینی روز افزوں ترقی کرنے لگی۔ آخر ایک دن دل سے ہاتھوں مجبور ہو کر آپ نے صوفی شیر محمد شاہ کو تار بھیجا کہ آپ کی ہمشیرہ بہت علیل ہیں، آپ جلد پہنچیں۔ صوفی صاحب گھر پہنچے تو ان کی ہمشیرہ تو بالکل بھلی چنگی تھیں۔ وہ سیدھے چچا صاحب کے پاس دکان پہ پہنچے اور معاملہ گوش گزار کیا۔ چچا صاحب مسکرا دیے اور فرمایا: تار تو میں نے بھیجا تھا۔ آپ مجھے اپنے پیر صاحب سے بیعت کروائیں۔ اس پر صوفی شیر محمد شاہ بہت خوش ہوئے اور دوسرے دن چچا صاحب، صوفی بشیر احمد شاہ، صوفی شیر محمد شاہ کی معیت میں نقیب آباد پہنچے لیکن حضرت صاحب دورے پر تھے سو ملاقات نہ ہو پائی۔ رات قیام کے بعد تینوں اصحاب واپس آ گئے۔ صوفی شیر محمد شاہ تو چھٹی ختم ہونے کے سبب واپس اپنی نوکری پہ چلے گئے لیکن چچا صاحب تین دن کے وقفے کے بعد صوفی بشیر صاحب کے ہمراہ دوبارہ نقیب آباد تشریف لے گئے۔ اس بار بھی حضرت صاحب سے ملاقات نہیں ہوئی۔ رات وہیں قیام کرنے کے بعد آپ واپس تشریف لے آئے اور پانچ دن کے وقفے کے بعد صوفی بشیر صاحب سے کہا کہ چلو چلتے ہیں۔ بشیر صاحب نے معذوری ظاہر کی تو آپ نے فرمایا: یار! چلتے ہیں، تیرا کرایہ بھی میں دوں گا اور دیگر خرچہ بھی میرے ذمے۔ اس پر بشیر صاحب بمشکل راضی ہوئے۔ دونوں بزرگان شب کو بس میں بیٹھے اور صبح دم نقیب آباد جا پہنچے لیکن اس بار بھی حضرت صاحب خانقاہ میں حاضر نہیں تھے۔ خیر! شام کو حضرت

Marfat.com

صاحب سفر سے واپس پہنچے اور موجود احباب سے ملاقات فرمائی. چچا صاحب شب بھر ایک کونے میں بیٹھے حضرت صاحب کے ارشادات سماعت فرماتے رہے. دوسرے دن نماز فجر کے بعد عرض گزار ہوئے کہ ہم ہرن والا سے بیعت ہونے کی نیت سے حاضر ہوئے ہیں. اس پر حضرت صاحب نے فرمایا: تم نے ہمیں رات کو بتانا تھا، ہم تمھیں سونے نہیں دیتے. چچا صاحب نے عرض کیا: سرکار! ہم تو ویسے ہی شب بھر نہیں سوئے. اور یوں ۱۹۶۶ء میں چچا صاحب، صوفی بشیر احمد شاہ اور صوفی محمد طفیل (یہ محکمہ زراعت میں بیل دار تھے)، ایک ساتھ بیعت ہوئے. صوفی طفیل کا زیادہ تر وقت آستانے پر ہی گزرا. وہ صاحب زادہ قدرت اللہ شاہ صاحب کا زمین داری میں ہاتھ بٹاتے تھے. (۲)

مجاہدات

کسی بھی بزرگ کے مجاہدوں کی تفصیلات کا بیان تصوف کی رو سے اخلاص کے منافی ہے. ایک صوفی کی ساری جدو جہد اپنے مالک کی رضا، خوش نودی اور قرب کے حصول کے لیے ہوتی ہے. مورخہ ۲۴ نومبر ۲۰۱۳ء کو مجاہدات کے بارے میں ایک سوال پر چچا صاحب نے فرمایا:

> ''ہمارے سلسلے میں اتباع شیخ کرنا ہی بنیادی مجاہدہ ہے. حضرت صاحب پہلے دن ہی بیعت کے بعد انسان کی حقیقت، اس کے ہونے کی غایت، خالق کے ساتھ اس کے تعلق کی نوعیت اور فنا و بقا کے اسرار بتا دیا کرتے تھے. ساتھ ہی یہ فرماتے یہ سب ابھی تمھیں سمجھ نہیں آئے گا لیکن اگر ذکر و فکر باقاعدگی سے کرتے رہے تو یہ سب آہستہ آہستہ تم پر کھل جائے گا. ہمہ وقت اس کی یاد، اس کے تصور میں رہنا، یہی تصوف کی روح بھی ہے اور سب سے بڑا مجاہدہ بھی. خلق خدا کی خدمت، خدا کی راہ میں مال کا خرچ کرنا، خدا کی راہ میں مشکلات کو خندہ پیشانی سے قبول کرنا، مجاہدات ہی کی شکلیں ہے. بندے کا ہر حال میں اپنے مالک کی رضا پہ راضی رہنا ہی سب سے بڑا مجاہدہ ہے.'' (۳)

خلافت

بیعت ہونے کے تین سال بعد ۳۱ جنوری ۱۹۶۹ء/۱۲ ذیقعد ۱۳۸۸ھ کو شاہ مخلص الرحمان جہاں گیر کے سالانہ عرس کے موقعے پر بہ مقام نقیب آباد/قصور آپ کی خلافت کا اعلان کیا گیا. اسی سال صوفی اقبال جمیل شاہ، حضرت صاحب کی طرف سے سلسلے کا لباس لے کے آئے. اس موقعے

Marfat.com

پہ موضع ہرن والا میں محفل سماع منعقد کی گئی اور سماع کے آغاز سے قبل اقبال جمیل شاہ صاحب نے آپ کو سلسلے کا لباس پہنایا۔ بعد ازاں آپ کو مسند پہ بٹھایا گیا اور یوں شب بھر محفل سماع ہوئی۔ قوالی کے لیے حضرت صاحب کے درباری قوال، صوفی محمد طفیل نقیبی قوال کو بلایا گیا تھا۔ چچا صاحب فرماتے ہیں: اس موقعے پہ کافی بڑھے قد کا دنبا ذبح کیا گیا اور علاقے بھر کے پیر بھائیوں کی دعوت کی گئی تھی۔ اگرچہ آپ کا بنیادی سلسلہ تو سہروردیہ غزنویہ ہے لیکن مشائخ سلسلہ کی طرف سے رائج دیگر معروف سلاسل کی اجازات بھی حاصل ہیں۔ تمام اسناد ضمیموں میں دے دی گئی ہیں۔ (۴)

صوفی اور شاہ کے القابات کا پس منظر

لفظ ''شاہ'' بادشاہوں اور فقرا کے لیے بہ طور لقب مستعمل رہا ہے۔ یہ فارسی زبان کا لفظ ہے اور بہ طور معاون بڑائی کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے: سوار سے شاہ سوار، درہ اور شاہ درہ، راہ اور شاہ راہ وغیرہ۔ فرہنگ آصفیہ میں درج ہے:

> ''شاہ، ۱۔ اصل، جڑ۔ ۲۔ مولا، خداوند، صاحب، آقا، مالک (چوں کہ بادشاہ، رعایا کی جڑ اور اس کا آقا ہے اس سبب سے بادشاہ کے معنی میں مستعمل ہو گیا۔ ۳۔ بادشاہ، سلطان، راجا، ملک، راؤ۔ ۴۔ فقیروں کا لقب، داتا، سوامی۔ ۵۔ نوشہ، دولھا۔ ۶۔ شاہ شطرنج کی کشت کرنے کو بھی شاہ کہتے ہیں۔ اردو میں شاہ اسی سے بنالیا ہے۔ ۷۔ بڑا، کلاں، عظیم جیسے شاہ راہ، شاہ رگ، شاہ نائی، شاہ توت، شاہ گام وغیرہ۔ ۸۔ تاش کے اس میر کا نام جو یکے سے کم اور سب میروں سے بڑا ہوتا ہے۔'' (۵)

برصغیر میں صوفیہ نے بہ طور لقب اس کا استعمال روا رکھا ہے بلکہ ماضی قریب کے علما کرام کے اسما کے ساتھ بھی اس کا استعمال نظر آتا ہے۔ جیسے: مولانا شاہ رشید احمد گنگوہی، امام شاہ احمد رضا خان بریلوی اور مولانا شاہ اشرف علی تھانوی وغیرہ۔

سلسلہ سہروردیہ غزنویہ کے مشائخ کے ہاں پچھلی ایک صدی سے یہ روایت جاری ہے کہ جب وہ اپنے دست گرفتہ کو خلافت عطا فرماتے ہیں تو اسے صوفی اور شاہ کے القابات سے نوازتے ہیں۔ ایسے ہی چشتیہ نظامیہ سلسلے کی شاخ وارثیہ میں بھی یہ روایت اب تک موجود ہے۔ جب وہ کسی مرید کو احرام عطا کرتے ہیں تو اس کا اصلی نام تبدیل کر دیا جاتا ہے جیسے بدرالدین اوگھٹ شاہ وارثی ہو گئے اور غلام حسنین، بیدم شاہ وارثی کہلائے۔ اوگھٹ شاہ وارثی نے اپنے ایک

Marfat.com

دوھے میں اس کا ذکر کیا ہے:(۶)

گھٹ گھاٹی گھاٹ نہ اوگھٹ جانے نہ جانے کونو راہ

کرپا بھئی گورو وارث کی جو ہو گئے اوگھٹ شاہ

پیر مہر علی شاہ گولڑوی (یکم رمضان ۱۲۷۵-۲۶ صفر ۱۳۵۶ھ/۱۴ اپریل ۱۹۵۹-۱۱ مئی ۱۹۳۷ء) نے علی بخش واعظ قوال (۷) کو جو سند عطا کی اس پہ ان کے لیے تحریر کیا:

''یہ صاحب اس فن قوالی میں بے نظیر ہونے کے علاوہ بہ وجہ ذوق باطن لقب صوفی شاہ کے مستحق ہیں.'' (۸)

مولانا اشرف علی تھانوی (۵ ربیع الثانی ۱۲۸۰-۱۶ رجب ۱۳۶۵ھ/۱۹ ستمبر ۱۸۶۳-۲۰ جولائی ۱۹۴۳ء) نے برصغیر میں صوفیہ کے ہاں رائج اس رسم کی اصل ایک حدیث کو قرار دیا ہے. رسم تبدیلی اسم، مناسب حال درویشی کے عنوان کے تحت انھوں نے لکھا ہے:

''حضرت قیس بن ابی غرزہ سے روایت ہے کہ ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ''سمار'' یعنی دلال کہلاتے تھے. حضور ﷺ نے ہم کو اس سے اچھے نام سے نامزد فرمایا کہ اے جماعت تاجروں کی! (وہ اچھا لقب یہی ہے) بیع وشرا میں گاہے لغو اور خلف کا اتفاق ہو جاتا ہے. تم لوگ اس میں صدقہ کی آمیزش کر دیا کرو. روایت کیا اس کو ابوداؤد، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ نے. (مشکوٰۃ:۱/ ۳۳۵)

فائدہ: بعض خاندانوں میں دیکھا ہے کہ بعد بیعت کے کسی مرید کو ایک نیا نام جس میں ''شاہ'' وغیرہ ہوتا ہے عطا فرماتے ہیں، مثلاً: برکت شاہ، رحمت شاہ وغیرہ، ذلک اس حدیث سے اس کا استنباط ممکن ہے. حضور ﷺ نے بجائے لقب ''سمار'' کے حالت موجودہ کے مناسب تاجر لقب عطا فرمایا.'' (۹)

یہاں ایک اور ایک غیر مصدقہ پہلو کی نشان دہی کرتا چلوں اگر چہ اس اطلاع کا زیر بحث عنوان سے بہ راہ راست کوئی تعلق نہیں. منصور احمد صدیقی رقم طراز ہیں:

''سلطان غیاث الدین بلبن نے حضرت بابا فرید الدین شکر گنج قریشی فاروقی کی ہدایت پر ایک شاہی فرمان جاری کیا تھا، جس میں یہ تحریر تھا کہ پہلے تین خلفا یعنی حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان غنی کی اولاد اپنے اظہار نسب کے لیے اپنے نام کے شروع میں شاہ لکھا کریں. اور حضرت علی کی اولاد اپنے نام کے آخر میں شاہ لکھا کریں. چناں چہ برصغیر کے بہت سے

Marfat.com

مشاہیر نے اس فرمان کے بہ موجب شاہ کا اضافہ اپنے نام سے پہلے اور بعد میں کیا مثلاً صدیقی، فاروقی اور عثمانی خانوادوں میں حضرت شاہ ولی اللہ، حضرت شاہ عبدالقادر، حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، شاہ بلیغ الدین، شاہ احمد نورانی اور شاہ تراب الحق وغیرہ شامل ہیں۔" (۱۰)

من تو شدم تو من شدی

مرشد اتے کیتا شاہ جی، تن من دھن قربان
ہر پل ''حضرت صاحب'' تائیں رکھدے وچ دھیان

(قاسم اقبال جلالی)

چچا صاحب کی اپنے شیخ طریقت سے عقیدت، محض محبت اور اس پر استقامت سے عبارت ہے۔ آپ نے کبھی بھی حضرت صاحب کے حضور کسی مسئلے یا پریشانی کا اظہار نہیں فرمایا حضرت صاحب نے جب بھی آپ سے پوچھا: لڑکے اتم نے کبھی کسی مسئلے یا پریشانی کا اظہار نہیں فرمایا۔ آپ ہمیشہ عرض گزار ہوتے: سرکار! آپ کے کرم کی بہ دولت کبھی کوئی مسئلہ بنا ہی نہیں جو عرض کروں۔ اور اگر کوئی مسئلہ ہو بھی تو اسے بھی آپ کی عطا سمجھتا ہوں اور ہر شے جب آپ کی عطا ہے تو عطا پر راضی بہ رضا رہنا ہی مشربِ ارادت ہے۔

جیسا کہ عرض کر چکا ہوں، چچا صاحب کی اپنے شیخ سے ارادت اور اس پر استقامت مثالی درجے کی ہے۔ بابا صاحب فرمایا کرتے ہیں: ایک وقت ایسا بھی آیا کہ حضرت صاحب کے مریدین بھی خلفا کی ارادت میں خلل آ گیا تھا، اس وقت صرف ایک امین صاحب ہی تھے جن کی ارادت جیسی تھی ویسی ہی رہی۔

بابا صاحب اور چچا صاحب دونوں لالا صاحب سے محبت رکھتے تھے۔ ایک بار حضرت صاحب اور لالا صاحب میں اختلافات در آئے۔ لالا صاحب نے اس بارے میں چچا صاحب کو ایک دو بہت سخت مکتوبات تحریر کیے لیکن چچا صاحب کی ارادت میں تزلزل نہ آیا۔ تاہم آپ اس بات پر بہت پریشان ہوئے کہ اختلاف کیوں در آیا۔ آپ نے بابا صاحب کو لالا صاحب کی شکایت کے بارے میں خط لکھا اور تنہائی میں اس مسئلے پر دعا کرتے رہے۔ بابا صاحب اور چچا صاحب کی کوششوں کے سبب لالا صاحب اور حضرت صاحب کے درمیان اختلاف جاتا رہا۔ اس واقعے کی چند تفصیلات کے ساتھ میں اپنی تالیف گوجر خان کے سہروردی مشائخ میں درج کر چکا ہوں۔

Marfat.com

صاحب کی زندگی میں سب سے مشکل مرحلہ یہی تھا جب لالا صاحب اور حضرت صاحب کے درمیان بہ ظاہر فاصلہ پیدا ہو گیا تھا. چچا صاحب چوں کہ لالا صاحب سے بہت مانوس تھے اور اسی انس کے سبب ان کی ارادت کے متزلزل ہونے کا خدشہ بہ ہر حال موجود تھا لیکن یہاں بھی چچا صاحب نے یہی فرمایا: جو بھی عزیز ہے وہ حضرت صاحب کی وجہ سے ہی عزیز ہے.

حضرت صاحب بھی ہمیشہ چچا صاحب پہ خصوصی اعتماد فرمایا کرتے تھے. ضلع بہاول نگر اور مضافاتی علاقوں میں جب بھی کسی قسم کا کوئی مسئلہ در آتا حضرت صاحب اس کے حل کی ذمے داری آپ ہی کو سونپتے. چچا صاحب، فخر العارفین شاہ عبدالحیٔ کے خلیفہ شاہ عبدالقدیر بنارسی کا درج ذیل شعر اکثر ارشاد فرمایا کرتے ہیں:(۱۱)

شوق ہے گر حق پرستی کا تو سن اے بے خبر!
کر پرستش ذات مولا، دیکھ صورت پیر کی

چچا صاحب زسرتا پا اپنے شیخ طریقت کی محبت میں غرق ہیں. ایک بار آپ نے فرمایا:

''یہ بات معروف ہے کہ سوہنی کی بھابیوں نے پکے گھڑے کی جگہ کچا گھڑا رکھ دیا. رات جب وہ مہی وال سے ملنے گئی تو دریا پار کرتے ہوئے کچا گھڑا اگھل گیا. ایسی بات نہیں ہے. حضرت صاحب اس بارے میں فرمایا کرتے تھے: سوہنی تو بغیر گھڑے کے بھی مہی وال سے ملنے جایا کرتی تھی. بس اس دن جاتے ہوئے راستے میں اسے خیال آیا کہ مہی وال خوب صورت تو ہے لیکن اس کے چہرے پہ جو تل ہے اگر وہ نہ ہوتا تو ٹھیک ہوتا. اس خیال کے آتے ہی مہی وال کا تصور اس کے ہاتھ سے جاتا رہا اور جہاں تصورِ دوست ہاتھ سے گیا سمجھو وہیں کشتی عقیدت غرق ہو گئی. اسی لیے تو طرفہ نے کیا عجیب بات کہی ہے:

عقیدت میں بقدر ذرہ طرفہ جس کی فرق آیا
اسے تا عمر فیض مرشد کامل نہیں ملتا

ذرہ سے مراد وہ چھوٹے سے چھوٹا ذرہ ہے جو نظر نہیں آتا.''

مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۱۲ء کو آپ بابا فرید کے مزار پہ تشریف لے گئے. آپ نے قوالوں کے ساتھ چادر چڑھائی اور چادر چڑھانے کے بعد صحن میں کچھ دیر قوالوں سے دو تین کلام بھی سنے. اس دوران لوگ جوق در جوق آپ سے ملتے رہے. واپسی پہ صوفی سعید احمد نقیبی (منچن آباد) نے آپ

Marfat.com

سے عرض کیا: سرکار! وہاں لوگوں نے دست بوسی کے شوق میں آپ کو ٹھیک طریقے سے قوالی بھی نہیں سننے دی۔ اس پر آپ نے فرمایا:

> ''یہ لوگ ہمیں نہیں ملتے بل کہ یہ تو ہمارے حضرت صاحب کا ہاتھ ہے جو لوگ اپنے سروں پر رکھواتے ہیں، اس میں ہمارا کوئی کمال نہیں، ہمارے جیسے لوگ تو یہاں ہزاروں کی تعداد میں گھومتے پھرتے نظر آتے ہیں۔''

۲۶ مارچ ۲۰۱۱ کو آپ اپنے خلیفہ صوفی مظہر فرید شاہ کی ہمشیرہ کی شادی پہ ہارون آباد تشریف لے گئے۔ وہاں بابا بلھا نام کے ایک درویش آپ سے ملے، وہ بابا نوروالی سرکار (صادق آباد) سے بیعت تھے۔ وہ آپ سے عرض کرنے لگے: حضور! جتنا پیار، محبت اور شفقت ہمیں اپنے مرشد سے ملا، ان کے بعد آپ سے ملا۔ اس پر آپ مسکرانے لگے اور فرمایا: ''اس میں ہمارا کوئی کمال نہیں یہ تو ہمارے پیرومرشد کی نظرِ کرم ہے۔''

شاہ رضوان اختر سہروردی نے گفتارِ شاہِ امین میں نقل کیا ہے۔

> ''مورخہ ۲۱ اگست ۲۰۱۱ء کو سرکار کی خدمت میں حاضر ہوا۔ تو سرکار نے فرمایا: ''میں کل دوپہر دو بجے کے قریب گھر آ کر لیٹ گیا تھوڑی دیر کے بعد نیند نے آ لیا، کیا دیکھتا ہوں کہ بیڈ تخت بن جاتا ہے اور اس پر سفید چادر بچھی ہوتی ہے۔ تخت پہ حضرت صاحب تشریف فرما ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ ہمارے پانچ چھے پیر بھائی بھی ہوتے ہیں، میں ان کو پہچان نہیں پاتا۔ وہیں حضرت صاحب جماعت کے لیے کھڑے ہوئے، میں بھی ایک کونے میں کھڑا ہوں، مجھے اشارہ کیا اور فرمایا: اعلان کرو کہ ایک لاکھ پچیس ہزار بار کلمہ شریف پڑھ کر دعا منگوائیں۔ میں جب اعلان کے لیے باہر نکلا تو اتنا رش تھا کہ تل دھرنے کی جگہ نہیں تھی۔ میں اعلان کرنے ہی لگتا ہوں کہ میری آنکھوں سے آنسو رواں ہو جاتے ہیں اور اسی دوران میری آنکھ کھل جاتی ہے۔'' سرکار نے ہمیں ایک لاکھ پچیس ہزار بار کلمہ طیبہ کے ختم کا فرمایا اور ۲۶ رمضان کی شام کو ختم خواجگان کے بعد دعا فرمائی اور وسیع پیمانے پہ افطاری بھی کروائی۔''

بیعت لینے کا آغاز

چچا صاحب کا ارشاد ہے:

Marfat.com

''حضرت صاحب نے کئی دفعہ فرمایا: دیکھو لڑکے! ہم کہتے ہیں کہ تم سلسلے کا کام کرو، میں ہر بار ہی عرض کر دیتا، جی حضور لیکن جو پہلے دو مرید ہوئے وہ بھی حضرت صاحب کا ہی کرم ہوا۔'' (۱۲)

آپ کے دامن سے وابستہ ہونے والے پہلے خوش نصیب ملتان کے جناب محمد صدیق تھے۔ وہ منڈی صادق گنج میں کپڑا فروخت کرنے آتے تھے۔ وہ جب بھی منڈی صادق گنج آتے تے چچا صاحب کی خدمت میں ضرور حاضر ہوتے۔ وہ جن صاحب کے گھر میں رہتے تھے وہاں جگہ کم تھی۔ ایک دن انھوں نے چچا صاحب سے عرض کیا: اگر اجازت ہو تو میں بھی یہیں سو جایا کروں، وہاں جگہ کم ہے؟ چچا صاحب نے فرمایا: ٹھیک ہے، یہاں چارپائیاں پڑی ہیں، سو جایا کرو۔ ان دنوں چچا صاحب شب کو آڑھت کی دکان پہ ہی سویا کرتے تھے۔ جناب محمد صدیق نے اول شب قیام کے بعد دوسرے دن صبح جناب محمد حیدر (۱۳) سے کہا: میاں جی کو کہو کہ مجھے مرید کر لیں۔ میاں جی تو سوتے ہی نہیں، ساری رات ذکر کرتے رہتے ہیں۔ جناب حیدر نے کہا: بھائی! میں نے تو اس سے قبل میاں جی کو کسی سے بیعت لیتے نہیں دیکھا اور نہ ہی سنا۔ خیر! دوسرے دن بہ تاریخ ۲۴ فروری ۱۹۸۱ء کو جناب محمد صدیق بیعت ہو گئے۔ وہ جب تک حیات رہے اپنے پیشوائے طریقت کی خدمت میں حاضر ہوتے رہے۔ ان کا ملتان میں ہی انتقال ہوا اور بعد از وفات ملتان میں ہی دفن کئے گیے۔ (۱۴)

دوسرے خوش نصیب جناب مہر دین (م: ۱۰ رمضان ۱۴۱۰ھ/ ۱۵ اپریل ۱۹۹۰ء) کا تعلق منڈی صادق گنج سے تھا۔ وہ بہ تاریخ ۳ جون ۱۹۸۱ء کو بیعت ہوئے۔ ان کے بیعت ہونے کی روداد یوں ہے: جناب مہر دین، چچا صاحب کی دکان کے قریب ہی گلی میں رہائش پذیر تھے۔ چچا صاحب کا ارشاد ہے:

''میں ایک دن دکان پہ بیٹھا تھا کہ اس [مہر دین] کا لڑکا آیا اور کہا: میاں جی! میرے ابو کو بہت تیز بخار ہے اور وہ آپ کا ہی نام لے رہے ہیں، آپ چلیں۔ جب میں وہاں پہنچا تو واقعتاً اسے بہت تیز بخار تھا، میں نے اسے پانی دم کر کے دیا۔ جسے اس نے پی لیا۔ اس کی بیوی نے بتایا: میاں جی! یہ کہتا ہے کہ کل جب میں مسجد سے نماز پڑھ کے نکلا ہوں تو مجھے سامنے سے میاں صاحب شیر پر بیٹھے ہوئے نظر آئے اور جب میں آیا تو یہاں اپنی گلی میں بھی ایسا ہی منظر نظر آیا۔ میں

Marfat.com

نے کہا: اللہ رحم کرے گا، اسے کچھ نہیں ہوگا۔''

جناب مہر دین اندازاً نوے سال کی عمر میں فوت ہوئے اور منڈی صادق گنج میں بابا سندر والے قبرستان میں ان کی تدفین عمل میں لائی گئی۔ ان کے بیٹے اور پوتے آڑھت کے کاروبار سے وابستہ ہیں اور چچا صاحب کے کافی عقیدت مند ہیں۔ (۱۵)

۱۹۸۱ء تا ۱۹۸۵ء آپ نے کل آٹھ آدمیوں کو بیعت کیا۔ ان میں سے ایک کا تعلق ملتان اور بقیہ سات کا منڈی صادق گنج سے تعلق تھا۔ اس کے بعد اپریل ۱۹۹۹ء تک آپ نے کسی بھی مرد و زن سے بیعت نہیں لی۔ لمبے تعطل کے بعد ۱۰ مئی ۱۹۹۹ء کو صوفی محمد اکرم شاہ آپ سے بیعت ہوئے اور ان کے علاوہ دیگر چوبیس لوگوں سے بیعت لی۔ ۱۹۹۹ء میں بیعت ہونے والے چند حضرات جنھیں بعد ازاں خلافت سے بھی نوازا گیا ان کے اسمایہ ہیں: صوفی محمد عمران شاہ (شیخ)، صوفی محمد عارف شاہ، صوفی ارشد ندیم شاہ اور صوفی پرویز اختر شاہ۔

سال ۲۰۰۰ء میں صرف دو حضرات آپ سے بیعت ہوئے البتہ ۲۲ مارچ ۲۰۰۱ء کو چھتیس حضرات آپ کے دامن سے وابستہ ہوئے۔ ۲۰۰۱ء سے اب تک لگاتار بغیر کسی تعطل کے آپ لوگوں کو سلسلے میں داخل فرما رہے ہیں۔ آپ کا ارشاد ہے:

''اب تک نہ کبھی سلسلے کی اشاعت کے لیے کہیں دورے پہ گیا اور نہ ہی کبھی کسی کو کہا کہ مجھ سے بیعت ہو جاؤ۔ کسی نے خود سے بیعت کی خواہش کا اظہار کیا تو اسے داخل سلسلہ کر لیا۔''

چوہدری عبدالحسین موضع گدی مار (تحصیل منچن آباد ضلع بہاولنگر) سے تعلق رکھنے والے ایک ریٹائرڈ پٹواری تھے۔ ۶ جولائی ۲۰۰۳ء کو پچانوے سال [illegible] انھوں نے وفات پائی۔ یہ وہ اپنی عمر کے آخری سالوں میں چچا صاحب سے بیعت ہوئے۔ ان کی بیعت کا قصہ یوں ہے کہ اسی موضع کے سعید احمد کو انھوں نے بیٹا بنایا ہوا تھا۔ ایک بار انھوں نے سعید احمد کو ایک شعر دیا اور کہا کہ منڈی صادق گنج چلے جاؤ، وہاں میاں امین صاحب ہوں گے، ان سے اس شعر کا مطلب پوچھ کر آؤ۔ وہ شعر انور علی رہتکی صاحب کا ہے جو ان کی کتاب پوتھی لا الٰہ الا اللہ میں شامل ہے۔ شعر درج ذیل ہے: (۱۶)

پہلے پڑھتے آپ تھا حق میں تھا سنسار

اب پڑھتے سنسار ہے حق میں ہے کرتار

Marfat.com

سعید احمد دوسرے دن منڈی صادق گنج پہنچے اور چچا صاحب کی خدمت میں آنے کا سبب بیان کیا. چچا صاحب نے انھیں شعر کی تشریح بتائی اور ساتھ ہی ایک شعر سعید احمد کو لکھوایا کہ اسے چودھری صاحب کو سنا دینا:

مالا جپوں نہ نام لوں، مکھ سے کہوں نہ رام
رام ہمارا ہم کو جپے اور ہم کریں بسرام

سعید احمد نے مندرجہ بالا شعر چودھری صاحب کو سنایا اور یوں چودھری صاحب، آپ کی خدمت میں حاضر ہونے لگے. ہر حاضری پہ عرض گزار ہوتے: سرکار! مجھے کچھ سبق دیا کریں. چچا صاحب مسکرا دیتے اور فرماتے:(۱۷)

یہ تو گھر ہے پریم کا خالہ کا گھر نا نہہ
سیس اتارے بھوئیں دھرے تب بیٹھے گھر مانہہ
سیس اتارے بھوئیں دھرے تا پر راکھے پانو
داس کبیرا! یوں کہے، ایسا ہوئے تو آؤ

ایک دن چودھری صاحب نے عرض کیا: سرکار! میں تو اب آپ ہی کا تصور کرتا ہوں، آپ کا ہی دیا ہوا سبق پڑھتا ہوں مجھے اب آپ بیعت کر لیں. اس طرح وہ اپنی عمر کے آخری حصے میں بیعت ہوئے. چچا صاحب کا ان کے بارے میں ارشاد ہے: ان کا یقین بڑا کامل تھا، اس لیے وہ قلیل مدت میں ہی یقین کے اعلا درجے پر فائز ہو گئے تھے.(۱۸)

چچا صاحب کے مطابق: پیر اور مرید کا رشتہ جہاں روحانی ہے، وہیں مریدین پیر کے لیے اولاد کے مانند ہوتے ہیں. جیسے ہر آدمی اپنی اولاد کی تربیت میں کوتاہی نہیں کرتا ایسے ہی پیر کو اپنے مریدین کی تربیت میں کوشش اور محنت کرنا ضروری ہے. اور اس کے لیے ضروری ہے کہ دونوں ایک دوسرے کو بہ خوبی جانتے ہوں، پہچانتے ہوں اور پیر کو مرید کے احوال کی کامل آگہی ہو. اسی تناظر میں آپ نے یہ واقعہ سنایا:

''ایک بار سجادہ نشین صاحب [خواجہ صوفی محمد عظمت اللہ شاہ] کی یونٹ جنگی مشق پہ للیانی آئی ہوئی تھی. وہ اس وقت فوج میں میجر کے عہدے پہ تعینات تھے. میں آستانے پہ گیا تو اس بارے میں معلوم ہوا، ہمارا ملاقات کا ارادہ بن گیا اور ہم تین حضرات یعنی حبیب اللہ شاہ صاحب، ڈاکٹر اقبال جمیل اور میں ان سے

Marfat.com

ملاقات کے لیے گئے. ملاقات پہ سجادہ نشین صاحب نے ایک واقعہ سنایا: ایک بار ہماری یونٹ خصوصی جنگی مشق کے سلسلے میں فورٹ عباس میں تھی. ایک دن صبح کے وقت میں نماز کی ادائیگی کے بعد ذکر خفی چار ضربی کر رہا تھا. ذکر سے فراغت کے بعد دیکھا کہ بوڑھا کچھ فاصلے پہ بہت غور سے مجھے دیکھ رہا ہے.. میں نے اسے پاس بلایا، پرسش احوال کی. اس نے کہا: بیٹا! جو ذکر تم کر رہے تھے، یہی ذکر کئی سال پہلے مجھے میرے پیر نے تعلیم کیا تھا. میں نے اس سے اس کے پیر کا نام دریافت کیا تو اس نے باباجی کا نام لیا. وہ بتانے لگا کہ ایک بار وہ اس طرف آئے تھے، ایک رات ہمارے ہاں قیام بھی فرمایا، مجھے سلسلے میں داخل کیا اور ایک کتابچہ بھی دے گئے تھے. میں نے اسے اپنا پتا لکھ کر دیا اور کہا کہ کسی وقت وہ کتابچہ میرے پاس لانا. کچھ دن بعد وہ کتابچے سمیت مجھے ملنے آیا اور کہنے لگا: مجھے نہیں معلوم کہ آج کل وہ کہاں ہیں؟ میں نے کہا: اگر میں تمھیں تمھارے پیر سے ملوا دوں تو؟ اس نے بے تابانہ کہا: مجھے ان سے دوبارہ ملاقات کی بہت آرزو ہے. تم میری بکریوں، گائے اور اونٹنیوں کے ریوڑ سے چاہے جتنی لے لو مگر مجھے ملوا دو یا پتا بتا دو. میں نے اسے تاریخ بتائی کہ فلاں تاریخ کو آ جانا میں تمھیں ساتھ لے جاؤں گا اور ملاقات کرا دوں گا. مقررہ تاریخ کو وہ اپنے ایک پوتے کے ہمراہ پہنچ گیا. میں اسے لے کے آستانے پہ آ گیا. باباجی سے عرض کیا کہ ایک بوڑھا آدمی آپ سے ملاقات کے لیے آیا ہے. میں اس بابے کے بارے میں باباجی کو پہلے بھی نہیں بتایا. میں یہ دیکھتا تھا کہ باباجی کے لاکھوں مریدین ہیں اور سب کو آپ ان کے نام سے ہی بلاتے ہیں. مجھے یہ اشتیاق تھا کہ کیا اس بابے کا نام بھی آپ کے حافظے میں ہوگا یا اس کی بھی یاد ہوگی آپ کو؟ وہ بابا جیسے ہی باباجی کے سامنے ہوا تو آپ نے اس کا نام لے کر فرمایا کیا حال ہے؟ اب تمھاری اونٹنیاں اور بکریاں کتنی ہوئی ہیں؟ اور مجھے فرمانے لگے کہ یہ ۱۹۶۰ سے پہلے کی بات ہوا تھا. پیری مریدی کوئی کھیل نہیں، جیسی پیری حضرت صاحب نے کی ایسی کوئی بات ہے."

استغفار

[illegible] شیخ الشیوخ شہاب الدین عمر سہروردی نے عوارف المعارف میں

سفر اور آداب سفر پہ تفصیل سے کلام کیا ہے۔ چچا صاحب نے بیرونی ممالک میں اب تک صرف سعودی عرب کا سفر کیا ہے اور وہ بھی ۱۹۹۰ء میں بہ سلسلہ حج۔ اس کے علاوہ پاکستان کے تینوں صوبوں پنجاب، بلوچستان اور سندھ نیز آزاد کشمیر میں بھی کئی بار تشریف لے گئے، البتہ ابھی تک خیبر پختون خوا میں نہیں جا پائے۔ ان دنوں بھی بہ سلسلہ عمرہ ۶ مارچ (۲۰۱۴ء) سے سعودی عرب میں ہیں۔ صوفی ولی محمد شاہ، صوفی محمد اکرم شاہ اور صوفی محمد حسین شاہ بھی آپ کے ہم راہ ہیں۔

جب تک حضرت صاحب حیات رہے آپ سال میں دو تین بار نقیب آباد کا سفر اختیار فرماتے۔ سالانہ عرس پہ تو باقاعدگی سے تشریف لے جاتے۔ اب بھی آپ کا یہی معمول ہے کہ آپ عرس کے تیسرے دن تشریف لے جاتے ہیں اور کچھ گھنٹے وہاں قیام کے بعد واپس تشریف لے آتے ہیں۔ ایسے ہی جب تک لالا صاحب حیات رہے، ان کے زیر اہتمام منعقدہ عرس میں شرکت کے لیے کوئٹہ کا سفر فرمایا کرتے۔ لالا صاحب کی وفات کے بعد ۱۹۹۲ء میں ان کے پہلے عرس میں شریک ہوئے اور ایسے ہی ۱۹۹۵ء میں آخری بار ان کے عرس میں شرکت فرمائی۔

اسی طرح بابا صاحب جب تک کشمیر میں مقیم رہے آپ ان کے پاس تشریف لے جاتے رہے۔ اور اب بھی سالانہ عرس منعقدہ بہ مقام نڑالی (تحصیل: گوجر خان) میں شرکت کے لیے تشریف لے جاتے ہیں۔

شیخ الاسلام بہاء الدین زکریا کے مزار پہ پہلی بار آپ ۱۹۵۵ء میں تشریف لے گئے، تب سے اب تک کئی بار وہاں حاضری کے لیے تشریف لے گئے۔ آپ کا معمول ہے کہ سال میں کم از کم ایک بار ضرور بابا فرید الدین مسعود کے مزار پہ تشریف لے جاتے ہیں۔ ایسے ہی خواجہ نور محمد مہاروی کے مزار پہ حاضری کے لیے اکثر اوقات چشتیاں تشریف لے جاتے ہیں۔ ۲۰۰۸ء میں آپ خواجہ غلام فرید کے مزار پہ حاضری کے لیے کوٹ مٹھن تشریف لے گئے۔

چچا صاحب، لالا صاحب اور بابا صاحب ہر سہ بزرگان پھوپھا صاحب خواجہ صوفی لعل محمد شاہ کے زیر اہتمام عرس میں شرکت کے لیے حیدر آباد تشریف لے گئے۔ عرس کے اختتام پہ حضرت صاحب کراچی کے لیے عازم سفر ہوئے اور چلتے وقت ہر سہ حضرات اور دیگر وابستگان سے فرمایا: لڑکو! حضرت لعل شہ باز قلندر کے ہاں جا کر چادر چڑھا آؤ۔ یہ تینوں بزرگان، صوفی اسلم کمال شاہ، صوفی محمد حیات شاہ، صوفی عبدالغنی شاہ وغیرہ کوئی درجن بھر صوفیہ حضرات سیوہن روانہ ہوئے۔ وہاں پہنچ کر چادر چڑھائی اور فاتحہ پڑھی۔ چچا صاحب فرماتے ہیں: وہاں ایک گھڑی ساز شبیر احمد

Marfat.com

لاکھا کی دکان تھی، وہ ہم پیر بھائیوں کے آپسی پیار سے بہت متاثر ہوا، بہ اصرار ہمیں اپنی دکان پہ لے گیا اور چائے سے ہماری تواضع کی۔ ہم نے اسے دعوت دی کہ تم بھی ہماری ہاں آؤ تا کہ تمھیں پنجاب کی سیر کرائی جائے۔ وہ ہنس کے کہنے لگا: سائیں! میں حیدر آباد بھی جاؤں تو میری ماں پریشان ہو جاتی ہے، کہاں پنجاب اور کہاں میں۔ اس سے کافی عرصے تک خط و کتابت رہی۔ ایسے ہی چچا صاحب، بابا صاحب اور لالا صاحب ہر سہ بزرگان نے حضرت سلطان باہو کے مزار پہ حاضری کے لیے بھی اکٹھے سفر کیا تھا۔

اسی طرح آپ کا معمول ہے کہ ہر سال ۱۰ محرم کو سب سے پہلے اپنے استاد سید روشن علی شاہ کے مزار پہ فاتحہ خوانی فرماتے ہیں اور اس کے بعد ہرن والا تشریف لے جاتے ہیں۔ ہرن والا میں اپنی پھوپھی صاحبہ اور ان کے دونوں بیٹوں کی قبور پہ فاتحہ خوانی کے بعد اپنے والد گرامی کی قبر پہ موضع ارڑاں والا پہنچتے ہیں، بعد از فاتحہ بستی کھوکھراں تشریف لاتے ہیں۔ وہاں اپنی بڑی والدہ صاحبہ، دونوں بھائیوں اور دیگر اہل خاندان کی قبور پہ فاتحہ خوانی کرتے ہیں، کچھ وقت عزیزوں کے ساتھ گزارنے کے بعد واپس گھر تشریف لے آتے ہیں۔

ایسے ہی سال میں چند ایک بار صوفی محمد یامین شاہ کے ہاں بورے والا تشریف لے جاتے ہیں۔ اکثر ایک آدھ دن وہاں قیام ہوتا ہے اور کبھی کبھار اسی دن واپس تشریف لے آتے ہیں۔

ذوق مطالعہ

آپ کو ابتدا ہی سے مطالعے کا شوق رہا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں فرمایا:

"ابتدائی ایام میں ماسٹر شاہ محمد کے والد کے پاس ایک کتاب آکہ عدل تھی، وہ کئی مرتبہ پڑھی، وہ حکایات اور کہانیوں پہ مشتمل ایک نہایت دلچسپ کتاب تھی۔ محمد شفیع سے ڈراموں کی کتب بھی منگوا کے پڑھا کرتا تھا۔ ایک بار تلسی داس کی رامائن منگوائی، وہ نواز صاحب لے گئے تھے شاید ان کے پاس اب بھی محفوظ ہو۔(۱۹) بعد ازاں جب سلسلے میں داخل ہوئے تو پھر زیادہ تر تصوف کی کتب ہی زیر مطالعہ رہیں یا دو۔ فارسی اور ہندی شاعری کے مجموعے کی فہرست خاصی طویل ہے۔"

دیگر کتب میں جو زیادہ زیر مطالعہ رہتی ہیں: عوارف المعارف، کشف المحجوب، فوائد الفواد، اسرار حقیقی، سیف الملوک، دیوان غلام فرید اور علامہ محمد اقبال کے مجموعہ ہائے کلام شامل ہیں۔

Marfat.com

راقم الحروف نے بھی مختلف اوقات میں کچھ کتب (**کلیات اصغر گونڈوی، نگار صادق از صادق دہلوی، بغاوت** از درشن سنگھ آوارہ) آپ کے مطالعہ کے لیے پیش کیں جن کا آپ نے اہتمام سے مطالعہ فرمایا۔ ایسے ہی کئی بار راقم کو کچھ کتب عنایت فرمائیں، جن میں خواجہ عبدالحکیم نوری کی منظوم پنجابی تالیف **بیعۃ الرضوان** کا جنرل برقی پریس جالندھر کا مطبوعہ نسخہ اور یحییٰ بھائی اے جسدن والا کا شعری مجموعہ **مضرابِ غم** (دہلی، حالی پبلشنگ ہاؤس، اپریل ۱۹۵۹ء) شامل ہیں۔

بیٹھک

منڈی میں عجب ماحول ہوتا ہے، ادھر اناج آ رہا، ادھر ٹرالیوں اور ریڑھوں سے اتارا جا رہا ہے۔ ایک سمت پلے دار اناج تول رہے ہیں، دوسری طرف اسے صاف کیا جا رہا، ایک اور مقام پہ بوریاں بھری جا رہی ہیں، کوئی بوریوں کے اوپر بیٹھا ہے، کوئی نیم کے سائے میں رکھے گھڑوں سے اپنی پیاس بجھا رہا ہے۔ کوئی منشی سے بھاؤ پوچھ رہا ہے تو کسی کو روپے لینے کی جلدی ہے۔ عجیب چل چلاؤ کا سلسلہ ہوتا ہے۔ ایسے ماحول میں چچا صاحب ایک سمت موڑھے پر تشریف فرما ہوتے ہیں۔ دائرے میں کئی موڑھے دھرے ہوتے ہیں اور ان کے وسط میں حقہ رکھا ہوتا ہے۔ آپ صبح کی نماز اور وظائف کے بعد منڈی میں تشریف لے آتے ہیں اور کسی بھی موڑھے پہ تشریف فرما ہوتے ہیں، اس کے ساتھ ہی محلے سے آہستہ آہستہ حضرات آتے ہیں اور سلام کر کے بیٹھتے جاتے ہیں۔ حقے کی نال دائرہ وار گھومنا شروع ہو جاتی ہے۔ حالاتِ حاضرہ، اجناس کی کیفیت، بھاؤ، دینی، دنیاوی، سیاسی امور پہ گپ شپ۔ چائے کا دور؛ جوں جوں سورج پورب سے اگنے لگتا ہے سبھی ایک ایک کر کے اپنے اپنے کاموں کو روانہ ہو جاتے ہیں۔ پھر دن بھر وہی سلسلہ اناج کی آمد، بھاؤ تاؤ۔ مغرب کی نماز کے بعد پھر صبح والا اکٹھ عشا کی نماز تک اور کبھی کبھار عشا کی نماز کے بعد بھی، وہی موضوعات، حال احوال، کام کاج کی روداد یں اور حقے کی نال کا گھڑی کی سوئیوں کے طور گھومنا۔ ابتدائی ایام میں اس بیٹھک کے مستقل اراکین میں محمد شریف، عبدالجبار، شیر محمد، مہر دین، ... خان، بابا عبدالستار وغیرہ تھے، یہ سبھی اسی محلے کے رہائشی تھے۔ اس مجلس کا ایک اہم رکن پیرا میراثی بھی تھا۔ پیرے میراثی کی بیوی فوت ہو گئی تھی۔ اسے اپنی بیوی سے بہت محبت تھی اور ... تھے وہ بہت خوب رو بھی تھی۔ پیرا جہاں بھی جاتا اسے ساتھ لے جاتا تھا یعنی ایک پل بھی اس کی فرقت اسے گوارا نہیں تھی۔ پیرے کی آواز میں سوز بہت تھا اور شاید یہ بیوی کے فراق کا بھی ... تھا۔ اس نے اپنی شریکِ حیات کی وفات پہ پنجابی میں ایک مرثیہ بھی لکھا تھا۔ چچا صاحب بتاتے

Marfat.com

ہیں: جب کبھی وہ لہر میں ہوتا تو وہ مرثیہ کچھ اس طور گایا کرتا تھا کہ اپنے ساتھ ساتھ ہمیں بھی رلا دیا کرتا تھا۔ اس کا ایک مصرعہ کچھ یوں تھا:

توں بول بھاویں نہ بول، اساں تنوں بلاندیاں رہناں ایں

ایک اور اہم رکن عبدالرزاق بھی تھا۔ سب اسے ناتھ کہہ کر بلاتے تھے۔ وہ بہت سریلا تھا۔ وہ بغیر کسی لوبھ کے سنایا کرتا تھا۔ لالا صاحب جب منڈی صادق گنج تشریف فرما ہوتے تو اس سے سماعت فرمایا کرتے تھے۔ بعض اوقات وہ اسے کوئی نہ کوئی کلام لکھ دیتے تھے جسے وہ یوں گاتا کہ لالا صاحب اور دیگر حضرات نہال ہو جاتے تھے۔ لالا صاحب اکثر اس سے سیماب اکبر آبادی کی یہ غزل سماعت فرمایا کرتے تھے اور کبھی کبھی ان پہ شدید گریہ طاری ہو جاتا تھا:

کلیجے میں بہت ڈھونڈا کہاں نوک سناں رکھ دی
پرائی چیز تھی اے درد! بتلا دے کہاں رکھ دی
مرا سر ان کے قدموں میں جھکا تو تم کو کیا شکوہ
ہماری چیز تھی ہم نے جہاں چاہی وہاں رکھ دی

راقم الحروف کو بھی بارہا اس مجلس میں بیٹھنے کا شرف حاصل ہوا ہے اور چچا صاحب میراثی سے سسی اور بیوی کے فراق میں کہا گیا مرثیہ سننے کا بھی اتفاق ہوا ہے۔ اس مجلس میں چچا صاحب کو نہایت کم کلام کرتے ہوئے دیکھا البتہ باقی احباب خوب محظوظ ہوتے ہیں۔ اب اس بیٹھک کے اراکین میں محمد بشیر سیالکوٹی، ملک محمد خان، میاں محمد [illegible] جان میواتی وغیرہ شامل ہیں۔

زبان خلق

وارثیہ سلسلے کے مؤسس حاجی وارث علی شاہ (۱۸۱۹ء — اپریل ۱۹۰۵ء) [illegible] کا ایک ارشاد ہے:

"بڑی بات یہ ہے کہ فقیر اپنی بستی میں نیک نام ہو۔" (۲۰)

چچا صاحب حاجی وارث علی کے ارشاد کا عملی نمونہ ہیں۔ ملاقات کرنے پر آپ کی شخصیت ہیں جن کا بلا تفریق مذہب و ملت سبھی احترام کرتے ہیں۔ آپ کی حیات سے [illegible] شاید ہی کوئی ایسا ہو جو کہے کہ میاں صاحب نے مجھ سے سخت لہجے میں بات کی ہے۔ آپ کے بچپن کے دوست اور چچا زاد بھائی صوفی بشیر احمد شاہ (پ ۱۹۱۱ء) کا آپ کے بارے میں ارشاد ہے:

"آپ بچپن سے ہی بہت خوب رو تھے۔ آپ کی جوانی بے مثال تھی

رہی، ابتدا سے ہی نہایت صفائی پسند واقع ہوئے ہیں. طبعاً غنی ہیں. جب حضرت صاحب اس علاقے کے دورے پہ تشریف لاتے تو ان کے شایان شان استقبال کرتے، تمام اخراجات خود ہی برداشت کرتے. ایسے ہی پیر بھائیوں، پڑوسیوں، برادری اور مستحقین کے ساتھ حسن خلق سے پیش آتے اور حتی الامکان ان کی خدمت و مدارات کرتے ہیں.''

صورت ورگی سیرت پائی، پاک جوانی ساری
مرشد دے فیضانوں کیتا، درس محبت جاری
(قاسم اقبال جلالی)

ذوق سماع

چچا صاحب کے جد امجد چشتیہ سلسلے میں میاں علی محمد خاں چشتی سے بیعت تھے اور چشتیہ سلسلے میں سماع کا رواج عام ہے. آپ کے دادا صاحب کا کس حد تک سماع یا موسیقی سے شغف تھا، اس بارے میں تو نہیں معلوم ہوا، البتہ آپ کے والد گرامی میاں نور حسن کا سماع اور موسیقی سے خاصا لگاؤ تھا. وہ بھی میاں علی محمد خاں سے بیعت تھے اور ہر سال مموں کھیڑے سے پاک پتن میں بابا فرید الدین مسعود اجودھنی کے سالانہ عرس میں شرکت فرمایا کرتے. چچا صاحب بتاتے ہیں:

''والد صاحب بتایا کرتے تھے. ایک بار پاک پتن عرس پہ ریاست بیکانیر سے موٹی موٹی پگڑیاں سروں پہ باندھے ہوئے اور پرانے کپڑوں میں ملبوس قوالوں کی ایک پارٹی آئی قوالوں کا نام موتی اور جوتی تھا. اس زمانے میں پیدل سفر ہوتے تھے، انھوں نے دیوان صاحب سے گزارش کی کہ ہمیں بھی وقت دیا جائے، ہم بہت دور سے آئے ہیں. خیر! دوسرے دن دیوان صاحب نے انھیں اجازت دے دی. انھوں نے جب گٹھڑیوں سے آلات سماع نکالے تو سبھی ان پر ہنسنے لگے. کچھ تو ان کی ہیئت ہی ایسی تھی اور دوسرے طبلے پکی ہوئی مٹی کے تھے. اتنے میں انھوں نے سارنگیاں نکالیں تو سبھی چونکے. انھوں نے ساز کھولے اور جب سازینہ شروع کیا تو گویا سبھی کو سکتہ طاری ہو گیا. بعد ازاں انھوں نے موقعے کی مناسبت سے بہزاد لکھنوی کی معروف غزل چھیڑی، یعنی:

Marfat.com

دیوانہ بنانا ہے تو دیوانہ بنا دے
ورنہ کہیں تقدیر تماشا نہ بنا دے

تو سماں باندھ دیا، ایسے لگتا تھا کہ پاک پتن کے ہر گھر میں قوالی ہو رہی ہے۔ طبلے کی تھاپ تو گویا سیدھے دل پہ پڑتی تھی۔ جب انھوں نے اسی غزل کا یہ شعر:

اے دیکھنے والو! مجھے ہنس ہنس کے نہ دیکھو
تم کو بھی محبت کہیں مجھ سا نہ بنا دے

پڑھا اور اس پہ گرہیں لگانی شروع کیں تو محفل میں ایک اودھم مچ گیا۔ دیوان صاحب نے محفل کے اختتام پہ ان کو پگڑی عطا کی اور یوں وہ ہر سال پاک پتن آنے لگے۔ کچھ عرصے بعد جوتی کی شادی موں کھیڑہ کے قریبی گانو سے ہوئی اور یوں سال میں ایک دو بار موکھیڑہ میں ہی سماع کا اہتمام ہو جایا کرتا۔"

ہجرت کے بعد ہرن والا میں آپ کے استاد سید روشن علی شاہ کے ہاں ہر ماہ گیارہویں سے ختم شریف محفل سماع کا اہتمام ہوا کرتا تھا، جس میں آپ بھی شرکت فرمایا کرتے۔ محمد حسین بہاولنگری قوال (۲۱) کے ماموں غلام محمد فیروزپوری قوال واحد بخش قوال (تلمیذ نتھے خاں قوال) سماع پڑھا کرتے تھے۔ سید روشن علی نے چوں کہ آپ کو بیٹا بنایا ہوا تھا سو ہر محفل میں آپ کی شرکت بھی لازم ہوتی۔ یہ تھا وہ پس منظر جس میں چچا صاحب کا ذوقِ سماع نمو پذیر ہوا۔

چچا صاحب، بابا صاحب اور لالا صاحب ہر سہ بزرگان تقریباً یکساں ذوقِ سماع کے حامل رہے ہیں۔ تینوں ہی امان اللہ نظامی قوال کو بالخصوص اور اس کے بعد محمد نفیس ٹیلی قوال کو زیادہ رغبت سے سنا کرتے تھے۔ ایک سوال کے جواب میں کہ آپ کو زیادہ کون سا قوال پسند ہے؟ آپ نے فرمایا:

"امان قوال۔ امان کو لالا ہی لے کے آئے تھے اور لالا ہی نے رکھایا تھا، چوں کہ وہ انھیں پسند تھا سو ان سے مجھے بھی وہی بھا گیا۔"

چچا صاحب کے ذوقِ سماع کے بارے میں شاہ رضوان اختر سہروردی رقم طراز ہیں:

"سرکار کا ذوقِ سماع بہت اعلیٰ ہے۔ آپ زیادہ تر غزل پسند فرماتے ہیں۔ محفلِ سماع کے دوران آپ کی زبانِ مبارک پہ [illegible] جاری رہتی ہے۔ کسی شعر پہ کیفیت ہو جائے تو قوال کے پاس تشریف لے جاتے ہیں، حال بھی کھیلتے ہیں اور

Marfat.com

بعض اوقات تو زاروقطار رونے لگتے ہیں۔ ۲۰۰۸ء میں بہ مقام منڈی صادق گنج میں محفل سماع کے دوران جب محمد حسین بہاول نگری قوال نے فنا بلند شہری کا درج ذیل شعر پڑھا تو آپ نے کافی دیر تک اس پر حال کھیلا:

اے نسیم سحر! جا ترا شکریہ، موسم گل کا نہ مجھ کو پیغام دے
میں نہ جاؤں گا اب اس چمن میں کبھی جس چمن میں مرا آشیاں لٹ گیا

عرس والے دن سرکار بہت خوش ہوتے ہیں، طبعیت مبارکہ میں ایک عجیب کیف اور انبساط سا ہوتا ہے۔ سرکار کو جگر مراد آبادی کا یہ کلام بہت مرغوب ہے، آپ فرماتے ہیں یہ کلام نفیس سلیمی قوال بہت اچھی دھن میں گایا کرتے تھے۔ آپ اب محمود صابری قوال سے یہی کلام نفیس کی دھن میں رغبت سے سماعت فرماتے ہیں:

بتا دوں عشق میں دیوانہ بن جانے سے کیا ہو گا
وہ بے پردہ ملیں گے پردہ دیوانے سے کیا ہو گا

محمود صابری قوال وہم نواسے استاد قمر جلالوی کی یہ غزل بارہا سماعت فرمائی اور ہر بار ہی اس پر آپ کو حال آیا:

اس تیرے سر کی قسم فرق سر مو بھی نہیں
جس قدر ہم ہیں پریشاں تیرے گیسو بھی نہیں

قمر جلالوی کی ایک اور غزل بھی آپ کو بہت پسند ہے:

مریض سوز غم اے چارہ گر! کب بچنے والے ہیں
کہ ہر آنسو کی رنگت کہہ رہی ہے دل میں چھالے ہیں

اسی طرح ایک بار سودائی ٹونکی کے اس شعر پہ سرکار کو نہایت زور کی کیفیت طاری ہوئی:

لگائی تھی جو تم نے آگ اس کو مدتیں گزریں
دھواں اب تک اٹھا کرتا ہے دل سے آہِ سوزاں کا

اس غزل کا مطلع اول کچھ یوں ہے:

خدا حافظ ہے سودائی ہمارے عہد و پیماں کا
کہ اک کافر سے سودا کر لیا ہے دین و ایماں کا

سرکار کو شعرا میں فنا بلند شہری کا کلام زیادہ پسند ہے اور پاک پتن میں ان سے کئی

Marfat.com

بار آپ کی ملاقات بھی ہوئی۔ سرکار فرماتے ہیں: ایک بار پاک پتن میں عرس پہ امان قوال ہمارے پاس آیا، اس کے ساتھ ایک صاحب تھے، ہم سمجھے شاید یہ کوئی نیا ہم نوا ہے۔ ہم نے امان سے کہا کہ آج کلام کچھ خاص نہیں تھا۔ دوسرے دن امان نے بالکل نیا اور بہت عمدہ کلام پڑھا، سب کو بہت کیفیت ہوئی اور محفل سماع میں ایک اودھم مچ گیا۔ محفل کے اختتام پہ امان قوال ہمارے پاس آیا تو اس کے ساتھ وہی رات والے صاحب تھے۔ وہ کہنے لگے: سرکار! آج تو کلام پسند آیا ہے ناں آپ کو؟ ہم نے کہا: آج تو بہت عمدہ کلام تھا۔ اس پر وہ کہنے لگے، رات آپ نے امان بھائی کو طعنہ جو دیا تھا کہ کوئی خاص کلام نہیں تھا، اس پر میں نے تازہ کلام لکھ کے دیا کہ امان بھائی یہ کلام پیش کرو، دیکھو پھر کیا ہوتا ہے۔ اس پر معلوم ہوا کہ یہ صاحب تو فنا بلند شہری ہیں جن کے کلاموں سے ہم اب تک لطف اندوز ہوتے رہے ہیں۔'' (۲۲)

چچا صاحب اکثر اوقات دوران گفتگو سماع کے بارے میں کلام فرمایا کرتے ہیں اور یوں حضرت صاحب کی محافل سماع کے احوال ارشاد فرماتے ہیں۔ راقم کے حافظے میں سماع سے متعلق آپ کے کئی ارشادات محفوظ ہیں۔ ذیل میں تین ملفوظ پیش خدمت ہیں۔ منڈی صادق گنج میں ایک بار دوران گفتگو فرمایا:

''ایک بار دوتھان (آزاد کشمیر) میں محفل سماع ہو رہی تھی۔ طفیل قوال ایک کلام پڑھ رہا تھا، جب اس نے یہ شعر پڑھا:

شب غم کی تلخیوں کا کوئی اس کے جی سے پوچھے
تیری راہ تکتے تکتے جسے صبح ہو گئی ہے

تو حضرت صاحب کو اس زور کی کیفیت ہوئی کہ ہمیں یہی لگتا تھا کہ آج شاید قطب صاحب (خواجہ قطب الدین بختیار کاکی) والا معاملہ دہرایا نہ جائے۔ صبح تک اسی شعر کی تکرار ہوتی رہی۔ اسی شعر کی تکرار میں سورج نکل آیا۔ بھولی صاحب جو صاحب ابھی اس محفل میں موجود تھے، حضرت صاحب کی کیفیت فرو ہوئی تو فرمایا: اوہ!! یہ تو سورج چڑھ آیا ہے۔ چلو تیمم ہوا اور یوں طلوع شمس کے بعد نماز باجماعت ادا کی گئی۔''

Marfat.com

یہاں ایک وضاحت مفید ہوگی کہ **صحیح مسلم** میں ایک حدیث مختلف طرق سے موجود ہے جس کے مطابق آں حضور ﷺ نے ایک سفر کے دوران بہ سبب نیند طلوع آفتاب کے بعد نماز فجر ادا فرمائی۔ احادیث کے دیگر مجموعوں میں بھی یہ حدیث آئی ہیں **صحیح مسلم** میں ہے:

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب غزوہ خیبر سے، واپس لوٹے تو (واپسی کے سفر میں) ایک رات چلتے رہے، یہاں تک کہ آپ کو اونگھ آ گئی تو آخر شب میں اترے اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آج رات تم ہمارے لیے پہرہ دو۔ چناں چہ بلال رضی اللہ عنہ حسب مقدور نماز پڑھتے رہے۔ رسول اللہ ﷺ اور صحابہ سو گئے، جب فجر کا وقت قریب ہوا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ اپنی سواری سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئے مشرق کی طرف منہ کر کے (تھوڑا سا ستانے کی غرض سے) بلال رضی اللہ عنہ کی آنکھوں میں نیند کا غلبہ ہو گیا اور ٹیک لگائے لگائے (سو گئے)۔ پھر نہ تو رسول اللہ ﷺ بیدار ہوئے اور نہ ہی بلال اور نہ ہی کوئی اور صحابہ، پھر جب ان پر سورج کی شعاعیں پڑیں تو بیدار ہوئے۔ سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ بیدار ہوئے تو گھبرا گئے (کہ نماز قضا ہو گئی) چناں چہ آپ ﷺ نے فرمایا: اے بلال! حضرت بلال رضی اللہ عنہ (اٹھ کھڑے ہوئے اور) فرمایا: میری جان کو بھی اسی ذات نے پکڑ لیا جس نے آپ کو پکڑا، یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اونٹوں کو ہانکو، انھوں نے اونٹوں کو کچھ (دیر یا دور) ہانکا۔ پھر حضور ﷺ نے وضو کر کے بلال کو حکم دیا تو انھوں نے اقامت کہی پھر سب کے ساتھ صبح کی نماز پڑھی، جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہو گئے تو فرمایا: ''جو شخص بھول جائے نماز پڑھنا (وقت پر) تو جب یاد آئے پڑھ لے کیوں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے: ''میرے ذکر کے لیے نماز قایم کرو' یونس کہتے ہیں کہ ابن شہاب زہری اس آیت میں للذکریٰ' کے بجائے للذکری پڑھتے تھے (یاد کے لیے)۔''(۲۳)

اسی طرح ایک بار کراچی میں ہونے والی محفل سماع کا واقعہ یوں سنایا:

''حضرت صاحب نے عمرے کے لیے سعودی عرب تشریف لے جانا تھا۔ کراچی آستانے پہ محفل سماع ہوئی، امان قوال تھا، حضرت صاحب کچھ وقت کے بعد کمرے میں تشریف لے گئے اور لالا جی کو مسند پہ بٹھا گئے۔ اتنے میں امان

Marfat.com

نے نیا کلام شروع کیا اور جب اس نے یہ شعر پڑھا:

اپنے مریضِ غم سے وہ یہ کہہ کے چل دیے
اللہ پھر ملائے گا گر زندگی رہی

تو تمام محفل میں ایک کہرام سا مچ گیا، سب کو اتنے زور کا حال آیا کہ حضرت صاحب اپنے کمرے سے محفل میں تشریف لے آئے، اہلِ محفل پہ ایک نگاہ ڈالی اور مسکرا کر واپس تشریف لے گئے۔ صبح دم جب حضرت صاحب ہوائی اڈے کے لیے رخصت ہونے لگے تو لالا جی سے پشتو میں ہنس کے استفسار فرمایا: لالا! رات کیا ہو گیا تھا سب کو؟ لالا جی نے جواب میں ہنس کے عرض کیا: ان سب کی ماں مر گئی تھی، رات کو تار آیا تھا۔ حضرت صاحب مسکرا کر رخصت ہو گئے۔''

سماع سے متعلق تیسرا واقعہ پاک پتن کا ہے۔ بابا فرید کے سالانہ عرس پہ محفلِ سماع کے دوران یہ واقعہ پیش آیا۔

''امان اللہ قوال نے پاک پتن میں چادر کے وقت کراچی کے صوفی شاعر عاقل ریواڑوی کی غزل پڑھی۔ جب اس نے مطلع کا پہلا مصرع پڑھا اور چند ایک بار اسے دہرایا یعنی:

ارادہ ہے اس عالمِ رنگ و بو میں کوئی ہم بھی کارِ نمایاں کریں گے

تو لالا جی نے ہم (مجھے اور بھائی صاحب) سے فرمایا یہ کیا پڑھتا ہے؟ بھلا انسان اس دنیا میں کیا کارِ نمایاں کر سکتا ہے؟ اتنے میں امان قوال نے شعر پڑھا اور دوسرا مصرع پڑھا یعنی:

چل اے دل لگا کر محبت کی بازی فدا دین و ایماں کریں گے

ادھر امان نے دوسرا مصرع پڑھا ادھر لالا جی کو اتنے زور کی کیفیت ہوئی کہ انھوں نے خاصی دیر تک حال کھیلا اور قوال دوسرے مصرعے کو دہراتا رہا۔ اس کے بعد جب ہم کمرے میں واپس پہنچے تو ہم نے عرض کیا لالا جی! آپ اعتراض کر رہے تھے کہ یہ کیا پڑھتا ہے اور پھر خود ہی؟ لالا جی نے عرض کیا وہ تو پہلے مصرعے میں نہیں، مگر یہ تو اپنے بس اور اختیار میں ہے کہ خدا پر دین و ایمان نچھاور کر دے۔''

یہاں ضمناً ایک اور واقعہ جو اسی غزل کے مقطع سے متعلق ہے یاد آیا۔ امان اللہ قوال نے

Marfat.com

ایک بار یہ بتایا تھا کہ پاک پتن میں ہی، میں نے حضرت صاحب کے سامنے عاقل کا یہی کلام پیش کیا. جب میں نے اس غزل کا مقطع:

گئے جب گلستاں میں عاقل سے وحشی تو صیاد اہل گلستاں سے بولا
نکالو انھیں جلد صحن چمن سے، یہ وحشی چمن کو بیاباں کریں گے

پڑھا تو اس پر حضرت صاحب مسکرا کر فرمانے لگے: اس کے ساز اٹھواؤ اور اسے باہر نکالو یہ سارے چمن کو اپنی قوالی سے بیابان بنادے گا.

ذیل میں چچا صاحب کے چند پسندیدہ کلام نقل کیے جاتے ہیں:

تنم فرسودہ جاں پارہ ز ھجراں یا رسول اللہ
دلم پژمردہ آوارہ ز عصیاں یا رسول اللہ
چوں سوے من گزر آری من مسکیں ز ناداری
فدائے نقش نعلینت کنم جاں یا رسول اللہ
ز جام حب تو مستم بزنجیر تو دل بستم
نمی گویم کہ من ہستم سخنداں یا رسول اللہ
ز کردہ خویش حیرانم سیاہ شد رو زعصیانم
پشیمانم پشیمانم پشیماں یا رسول اللہ
چوں بازوے شفاعت را کشای بر گنھگاراں
مکن محروم جامی را در آں آں یا رسول اللہ

(مولانا عبدالرحمان جامی)

بتا دوں عشق میں دیوانہ بن جانے سے کیا ہو گا
وہ بے پردہ ملیں گے پردہ دیوانے سے کیا ہو گا
''ملے گی شیخ کو جنت ہمیں دوزخ عطا ہو گا
بس اتنی بات ہے جس کے لیے محشر بپا ہو گا''
ہمیں معلوم ہے ہم سے سنو محشر میں کیا ہو گا
سب اس کو دیکھتے ہوں گے وہ ہم کو دیکھتا ہو گا
یہ نسبت عشق کی بے رنگ لائے رہ نہیں سکتی

Marfat.com

جو محبوب خدا کا ہے وہ محبوب خدا ہو گا
سمجھتا کیا ہے تو دیوانگان عشق کو زاہد!
یہ ہو جائیں گے جس جانب اسی جانب خدا ہو گا
یہ مانا بھیج دے گا ہم کو محشر سے جہنم میں
مگر جو دل پہ گزرے گی وہ دل ہی جانتا ہو گا
جگر کا ہاتھ ہو گا حشر میں اور دامن حضرت
شکایت ہو کہ شکوہ جو بھی ہو گا برملا ہو گا

(جگر مراد آبادی)

نسیم صبح گلشن میں کسی سے کھیلتی ہو گی
کسی کی آخری ہچکی کسی کی دل لگی ہو گی
تمھیں دانستہ محفل میں جو دیکھا ہو تو مجرم ہوں
نظر آخر نظر ہے بے ارادہ اٹھ گئی ہو گی
بتا دوں گا سر محفل دکھا دوں گا سر محشر
وہ میرے دل میں ہوں گے اور دنیا دیکھتی ہو گی
سب کچھ تو ہے آنکھیں جو کھلی ہیں مرنے والے کی
نگاہ شوق شاید ان کا رستہ دیکھتی ہو گی
چلے جاتے ہیں پی کر میکدے سے یہ خرد والے
ہماری رات تو ساقی کے قدموں میں بسر ہو گی
قیامت میں ترا داغ محبت لے کے اٹھوں گا
کلیجے سے تری تصویر اس دن بھی لگی ہو گی
مزا آ جائے گا محشر میں کچھ سننے سنانے کا
زباں تو میری ہو گی اور کہانی آپ کی ہو گی
تعجب کیا لگی ہے آگ اے سیماب! سینے میں
ہزاروں دل میں انگارے بھرے تھے لگ گئی ہو گی

(سیماب اکبر آبادی)

Marfat.com

نہ جاؤ گھر ابھی تو رات ہے بادل بھی کالے ہیں
اذاں سمجھے ہو تم جس کو کسی بیکس کے نالے ہیں
مریض سوز غم اے چارہ گر! کب بچنے والے ہیں
کہ ہر آنسو کی رنگت کہہ رہی ہے دل میں چھالے ہیں
تری نیچی نظر ظالم! مسیحا بھی ہے ظالم بھی
ہزاروں کو جلایا ہے ہزاروں مار ڈالے ہیں
مریضوں کا دم آنکھوں میں ہے وہ ہیں محو آرائش
وہاں ہونٹوں کی لالی ہے یہاں جانوں کے لالے ہیں
ہجوم حشر کو گھبرا کے مجھ سے پوچھتے کیا ہو
ستایا ہے جنھیں تم نے یہ وہ فریاد والے ہیں
عیادت کو جو روز آتے ہو اس کا شکریہ لیکن
ستایا ہے جنھیں تم نے یہ وہ فریاد والے ہیں
نہ جانے حشر کیا ہو رہرو راہ محبت کا
ہے منزل دور سر پر شام ہے پاؤں میں چھالے ہیں
ہوا کچھ تم کو اپنے ظلم کا محشر میں اندازہ
خدا کے سامنے جتنے ہیں سب فریاد والے ہیں
بہاروں کی خبر سن کر قفس میں رو تو دیتا ہوں
کسی سے یہ نہیں کہتا مرے پر کاٹ ڈالے ہیں
قمر تسبیح پڑھتے جا رہے ہیں سوئے بت خانہ
کوئی دیکھے تو یہ سمجھے بڑے اللہ والے ہیں

(قمر جلالوی)

ارادہ ہے اس عالم رنگ و بو میں کوئی ہم بھی کار نمایاں کریں گے
چل اے دل! لگا کر محبت کی بازی فدا یار پہ دین و ایماں کریں گے
یہ راہِ محبت تو اے عشق والو! کچھ ایسی زیادہ کٹھن بھی نہیں ہے
مگر خوف یہ ہے کہ ہر ہر قدم پر یہ اہل زمانہ پریشاں کریں گے

Marfat.com

اٹھائے گا کون اتنی بیکار زحمت جلائے گا کون آ کے شمعیں لحد پر
کریں گے تو تربت کی تاریکیوں میں مرے داغ دل ہی چراغاں کریں گے
وہ دادِ ستم دیں کہ توڑیں قیامت بہر طور سب کچھ گوارا ہے مجھ کو
کرم تو محبت میں پھر بھی کرم ہیں ستم بھی کریں گے تو احساں کریں گے
بدل سکتا ہے کون مرضی کسی کی خیال اپنا اپنا سمجھ اپنی اپنی
سجائیں گے وہ غیر کی انجمن کو ہم آباد گورِ غریباں کریں گے
گئے جب گلستاں میں عاقل سے وحشی تو صیاد اہلِ گلستاں سے بولا
نکالو انھیں جلد صحنِ چمن سے یہ وحشی چمن کو بیاباں کریں گے

(عاقل ریواڑوی)

آنکھ دیدار کی منتظر ہے اور آہوں میں جذبہ نہیں ہے
حسن بے پردہ آیا تو لیکن سر ندامت سے اٹھتا نہیں ہے
پائے جاناں پہ سر کو جھکا کر کر لوں تکمیل رسمِ وفا کی
لاکھ چاہا منا لوں صنم کو بس مقدر پہ چلتا نہیں ہے
تھی کبھی سر کو کعبے کی حسرت اب ہے کعبے کو سر کی تمنا
یہ عنایت ہے میرے صنم کی عشق ہے یہ تماشا نہیں ہے
رہ گزر پہ تیری سجدہ ریزی، عین ایماں ہے مجھ بے نوا کا
گر ہو سجدہ ترے آستاں پر پھر تمنائے کعبہ نہیں ہے
شیخ تجھ کو مبارک ہو کعبہ میرا کعبہ ہے چوکھٹ صنم کی
جب سے دل ان کا شیدا ہوا ہے کوئی آنکھوں میں جچتا نہیں ہے
توڑ کر کفر و ایماں سے بندش آ پڑا ہوں تیری رہ گزر [illegible]
اب بچاؤ نہ [illegible] دامن کوئی دنیا میں میرا نہیں ہے
اے کمال! ہے یہ دستورِ الفت جب بھی [illegible]
لاکھ چاہا [illegible] اٹھتا نہیں ہے

([illegible])

[illegible]

کسی کے ہاتھ میں ساغر تھا کوئی گل بداماں تھا
محبت میں مری ناکامیاں بس اس سے ظاہر ہیں
ہجوم یاس سے بدلا جو کوئی دل میں ارماں تھا
مٹایا دل کو کیا بس ڈھا دیا بنیاد الفت کو
وہی دل تھا کہ جس دل میں تمھارا درد پنہاں تھا
جنوں میں کیا کہوں دیکھا تھا کیا صحرا نوردی میں
بیاباں خار تھا ہر خار میں پنہاں بیاباں تھا
جنوں میں جامۂ ہستی کو بالکل چاک کر ڈالا
کہاں اس بے خودی میں امتیاز جیب و داماں تھا
بہار آتے ہی تازہ ہو گئے سب داغ دل ایسے
کہ گویا دامن دل میں چھپا کوئی گلستاں تھا
محبت میں کہاں کا ضبط اور کیسا سکوں ہم دم
فغاں بن کر نکلتا تھا جو دل میں درد پنہاں تھا
نگاہ ناز نے کی وہ خلش پیدا مرے دل میں
کہ گویا زخم کے اندر کوئی پوشیدہ پیکاں تھا
اسیران قفس کو یاد بھی آتی نہیں قدسی!
فضائے بوستاں کیا تھی کہاں صحن گلستاں تھا

(قدسی کلکتوی)

کریں ہم کس کی پوجا اور چڑھائیں کس کو چندن ہم
صنم ہم دیر ہم بت خانہ ہم بت ہم برہمن ہم
کیا کرتے تھے جس کی رات دن پوجا وہ خود ہم تھے
پجاری ہم صنم ہیں ہم بھجن ہم ہر کہ درشن ہم
در و دیوار ہیں نظروں میں اپنی آئینہ خانہ
کیا کرتے ہیں گھر بیٹھے ہوئے آپ اپنا درشن ہم
نہ قیل و قال سے مطلب نہ شغل اشغال سے مطلب

Marfat.com

مراقب اپنے رہتے ہیں جھکا کر اپنی گردن ہم
کب اٹھتے ہیں اٹھانے سے کسی شیخ و برہمن کے
در دلبر پہ اپنے مار کر بیٹھے ہیں آسن ہم
ہی قوال و ہم صوفی، ہمی رقاص و ہم وجدی
صدا ہم تال ہم سر ہم تنانہ تا تنا تن ہم
ہوا ہے فیض! معلوم ایک مدت میں ہمیں تھے وہ
جپا کرتے تھے جس کے نام کی دن رات سمرن ہم
(فیض دکنی)(۲۴)

معاصرین

☆-خواجہ صوفی ملک امان شاہ معروف بہ لالا صاحب

آپ ۱۹۰۴ء کو بہ مقام بٹل (ضلع: مان سہرہ/خیبر پختون خوا) میں جناب بوستان خان کے ہاں یوسف زئی قبیلے کی شاخ نامی سواتی میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۵۶ء کو کوئٹہ میں حضرت صاحب کے ہاتھ پہ بیعت ہوئے۔ حضرت صاحب نے اپنے شیخ طریقت سلطان الاولیا خواجہ محمد حسن شاہ سے دعا کرائی تھی کہ لالا صاحب ان سے بیعت ہوں۔ ۱۲ ذیقعد ۱۳۷۹ھ ۸ مئی ۱۹۶۰ء کو خلافت سے سرفراز ہوئے۔ آپ نے ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۱ء کو وفات پائی اور بہ مقام نواکلی کوئٹہ آپ کا مزار زیارت گاہ خلائق ہے۔(۲۵) ان کے خاصے احوال راقم کی نو مطبوع تالیف **گوجر خان کے سہروردی مشائخ** میں آ چکے ہیں نیز ان کے احوال و تعلیمات پہ ایک مفصل تذکرہ (تذکرہ لالا صاحب) بھی زیر ترتیب ہے جو ان شاء اللہ اسی سال مکمل ہو جائے گا۔

صوفی محمد اقبال جمیل شاہ جب پہلی بار چچا صاحب کے ساتھ بستی گھوکھ ان آئے تو یہاں آپ کے برادران کلاں میاں غلام محی الدین اور میاں جان محمد کے پاس گھوڑے دیکھے۔ انھوں نے حضرت صاحب کے سب سے بڑے صاحب زادے صاحب زادہ قدرت اللہ شاہ کے گھوڑوں کے بارے میں بتایا۔ صاحب زادہ صاحب کو گھوڑوں کا کافی شوق تھا۔ وہ بستی گھوکھ ان تشریف لائے۔ دو گھوڑے صاحب زادہ صاحب کو پسند آ گئے جنھیں بعد میں امام دین (صوفی جمیل شاہ کے برادر کلاں) آستانے پہنچوا دیا گیا۔ صاحب زادہ صاحب اور لالا صاحب میں جب سے مراسم اور دوستانہ تھا۔ یوں صاحب زادوں کی معرفت چچا صاحب اور لالا صاحب کا آپس میں تعارف

Marfat.com

ہوا، راہ ورسم بڑھی جو گہرے تعلقات میں تبدیل ہوگئی. لالا صاحب آپ پہ کتنی شفقت فرمایا کرتے تھے اس کا اندازہ ایک واقعے سے ہوتا ہے. صوفی سائیں محمد شاہ (۱۹۳۲-۱۱۲ اکتوبر۲۰۱۲ء، بھٹھہ سرداراں/تحصیل وضلع: حافظ آباد) فرمایا کرتے تھے:

''صوفی امین شاہ صاحب سے پہلی بار کوئٹہ میں ملاقات ہوئی. وہ لالا صاحب کے زیرِاہتمام عرس شریف میں شرکت کے لیے کوئٹہ آئے. رات کو لالا جی، امین صاحب کے ساتھ لنگر پہ آئے. لالا مجھ سے کہنے لگے، سائیں جی! آؤ کچھ چہل قدمی کر آئیں، میں بھی ساتھ ہولیا. ہم چند قدم ہی چلے ہوں گے کہ لالا جی نے مجھ سے کہا: سائیں صاحب! یہ امین صاحب ہیں. میں نے عرض کیا: جی اچھا. اس پر انھوں نے دوبارہ کہا: سائیں صاحب! یہ امین صاحب ہیں. میں نے عرض کیا: بہت بہتر. اس پر لالا جی نے تیسری بار کہا: سائیں جی! یہ امین صاحب ہیں. اس پر میں نے امین صاحب کی قدم بوسی کی. لالا جی بہت خوش ہوئے اور امین صاحب کی بہت تعریف کی.''

لالا صاحب موسم سرما میں ہر سال منڈی صادق گنج تشریف فرما ہوا کرتے تھے. کبھی مہینہ بھر اور کبھی اس سے زیادہ بھی آپ کا وہاں قیام ہوتا تھا. لالا صاحب منڈی میں قیام کے دوران شدید سردی میں بھی نمازِ تہجد (مسجد بند ہونے کے سبب) مسجد کے صحن میں ادا فرماتے. وہ کوئٹہ سے پانی گرم کرنے کا برقی راڈ لے کے آئے تھے اور خود ہی پانی گرم کرلیا کرتے تھے. چچا صاحب لاکھ عرض کرتے کہ مجھے جگا دیا کریں میں پانی گرم کردیا کروں گا، لیکن آپ نے کبھی بھی چچا صاحب کو نہیں جگایا. چچا صاحب کی جب تک آنکھ کھلتی لالا صاحب تہجد کی ادائیگی کے لیے مسجد جاچکے ہوتے. آپ فرماتے: یہ تو میرے اور خدا کا معاملہ ہے سو میں اپنی سہولت کے لیے کسی اور کو زحمت کیوں کر دوں. شریعت کی پابندی اور آپ کے گفتار و کردار کے سبب منڈی بھر کے وہ حضرات جو تصوف و اہلِ تصوف کے قائل نہیں وہ بھی آپ کی شان میں رطب اللسان پائے گئے کہ اگر کوئی ولی ہوتا ہے تو لالا جی جیسا ہی ہوگا.

منڈی صادق گنج میں قیام کے دوران لالا جی بہت ہشاش بشاش رہتے تھے. اگر اتفاق سے کبھی بابا صاحب بھی وہاں پہنچ جاتے تو پھر تینوں بزرگوں کا زیادہ وقت باہمی گپ شب میں گزرتا. صبح یا شام کے وقت ریلوے اسٹیشن پہ پیدل تشریف لے جاتے، اسٹیشن کے کسی بھی بینچ پہ

Marfat.com

بیٹھ جاتے اور پھر جانے کتنے موضوعات پہ گفت گو رہا کرتی۔ لالا صاحب اسٹیشن کے علاوہ صادقیہ نہر پہ بھی بہت رغبت کے ساتھ تشریف لے جاتے، کبھی چچا صاحب کے ساتھ، کبھی کبھی تنہا بھی چلے جایا کرتے تھے اور وہاں کئی کئی گھنٹے بیٹھے رہتے تھے۔ منڈی میں جب غلہ فروخت کرنے والوں کا رش بڑھ جاتا تو نم کے درخت کے نیچے اپنی کرسی ڈال کے بیٹھ جاتے اور کسی کتاب کا مطالعہ فرمایا کرتے۔

☆-خواجہ صوفی محمد نواز شاہ

آپ ۱۰ دسمبر ۱۹۳۶ء کو شاہ اللہ دتا سہروردی (م: ۱۶ دسمبر ۱۹۶۸ء) کے ہاں بہ مقام منزالی (تحصیل: گوجر خان / ضلع: راول پنڈی) اعوان کھوکھر برادری میں پیدا ہوئے۔ آپ اپنی عمر کے بارہویں سال میں تھے کہ آپ کے والد گرامی عالم قدس کو سدھار گئے۔ آپ نے مڈل تک تعلیم حاصل کی اور گھر کے حالات کو دیکھتے ہوئے ۱۰ مئی ۱۹۵۴ء کو فوج میں بھرتی ہو گئے۔ بعد ازاں دوران ملازمت میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ آپ فوج میں ملازمت کے دوران ہی بہ مقام [illegible] ۲۳ اپریل ۱۹۵۵ء / ۲۹ شعبان ۱۳۷۴ھ بروز جمعرات، حضرت صاحب کے ہاتھ پہ بیعت ہوئے۔ ۱۲ ذیقعد ۱۳۷۸ھ / ۲۰ مئی ۱۹۵۹ء کو بہ مقام کوٹلہ شاہ مخلص الرحمان جہاں پیر کے سالانہ عرس کے موقع پر آپ کو خلافت سے سرفراز فرمایا گیا۔ ۳۰ دسمبر ۱۹۵۸ء کو حضرت صاحب نے [illegible] خیر باد کہا اور بالترتیب واہ کینٹ، کھوئی رٹہ (ضلع: کوٹلی آزاد کشمیر)، میرپور (آزاد کشمیر) میں مقیم رہے اور ۱۹۹۸ء میں اسلام آباد منتقل ہو گئے اور آج کل وہیں رہائش پذیر ہیں۔ (۲۶) [illegible] میں ہونے والی اپنی تالیف گوجر خان کے سہروردی مشائخ میں آپ کے احوال و تعلیمات [illegible] کیے ہیں یہی وجہ ہے کہ یہاں نہایت اختصار کے ساتھ بنیادی شخصی احوال پر اکتفا کیا ہے۔ گوجر خان کے سہروردی مشائخ میں راقم نے [illegible] بابا صاحب کے خلفاء کی مکمل فہرست [illegible] اس وقت مزید چند نام بھی ذہن میں آرہے ہیں جن کا اندراج [illegible] صوفی منیر احمد شاہ (خالق آباد، ضلع میرپور آزاد کشمیر)، صوفی محمد رمضان شاہ [illegible] (تحصیل [illegible] ضلع کوٹلی آزاد کشمیر) (۲۷)، صوفی [illegible] شاہ [illegible] خان شاہ (صوابی)، صوفی محمد ایاز شاہ (پشاور) (۲۸)، صوفی [illegible] اور صوفی محمد [illegible] شاہ (پشاور) (۳۰)۔

چچا صاحب اور بابا صاحب سے [illegible]

Marfat.com

''ایک بار آستانے پہ عرس کے علاوہ قدم بوسی کے لیے جانا ہوا تو وہاں بھائی صاحب سے ملاقات ہوئی. گپ شپ ہوئی اور یوں خط و کتابت کا سلسلہ چل نکلا صوفی بشیر صاحب نے دوتھان میں عرس کرایا تو پہلی بار کشمیر جانا ہوا. ڈاکٹر اقبال جمیل، شیخوپورہ سے نذیر صاحب اور ہیڈ ماسٹر عاشق بھی اس سفر میں ہم راہ تھے. عرس پہ حضرت صاحب بھی تشریف لائے تھے. بعدازاں صوفی روشن دین مرحوم کے ہاں محفل سماع پہ ان کے گانو منڈھول گئے اور اس کے بعد پہلی بار کھوئی رٹے بھائی صاحب کے پاس گئے. پھر یوں ہوا کہ سال میں کئی بار ملاقات ہو جایا کرتی تب سے اب تک یہ سلسلہ یوں ہی قایم ہے، اب بھی سال میں دو بار ملاقات ہو جاتی ہے.''

۱۹۹۳ء میں صوفی مراد حسین شاہ (بابا صاحب کے خلیفہ) کے سوال کے جواب میں فرمایا:

''ہماری ان [بابا صاحب] سے پہلی ملاقات ہوئی تو اس وقت سے ہم اکٹھے رہے. ہمارا اور ان کا تعلق جیسا اب ہے ویسا ہی ملاقات ہونے کے بعد بھی تھا اور اسی طرح رہا، ہمیں آج تک ایک دوسرے پہ شکوہ یا گلہ نہیں ہے، قدرتی بات ہے کہ بناوٹ والی بات نہ ان میں تھی اور نہ مجھ میں.''

جدید لہجے کے نوجوان شاعر جناب مبشر سعید (ملتان)(۳۱) کی منقبت جو گوجر خان کے سہروردی مشائخ میں شامل نہیں ہو پائی تھی، ذیل میں نقل کی جاتی ہے:

روح پر پڑ گئی روشنی آپ کی
مشعل راہ ہے زندگی آپ کی
اک نظر دیکھ کر، اک نظر سوچ کر
دل کو بھا سی گئی دل کشی آپ کی
شفقتوں کے امیں، میرے دل کے قریں
چاہیے مجھ کو بھی، رہبری آپ کی
فیض جاری رہا، سب کو سب مل گیا
میں نے دیکھی ہے، با برکتی آپ کی
میں نے اس دن کیا، شکر رب کا ادا
مل گئی جس گھڑی، آگہی آپ کی

Marfat.com

دور ہیں، پاس ہیں، میرا احساس ہیں
بات کرتا رہوں، ہر گھڑی آپ کی
ہے یہ میری دعا، آپ کی ہو رضا
تو کروں رات دن، چاکری آپ کی
ہے مجھے یہ خوشی، یہ ہے خوش قسمتی
مل گئی ہے مجھے، نوکری آپ کی
ہر ستم دور ہو، ہر الم دور ہو
ہو جو نظر کرم، دائمی آپ کی
اس قدر محو ہوں آپ کے عشق میں
ہر گلی میں دکھی، ہر گلی آپ کی
آپ ہی بخش دیں یہ سلیقہ مجھے
بات کرتا رہوں، آپ کی، آپ کی
ہاتھ جوڑے ہوئے، عرض کرتا ہوں میں
اذن دیجے کروں بندگی آپ کی
میں جہاں بھی گیا، میں جہاں بھی رہا
میں نے پائی ہے موجودگی آپ کی
یہ مبشر کہے، سچ ہی شاہ نواز
دید ہے با خدا دائمی آپ کی

☆-صوفی ولی محمد شاہ

آپ ۱۱ مارچ ۱۹۴۲ء کو بہادر خان ولد جہان خان ولد وہاب خان کے ہاں بمقام بڈھ فاضل کا، وٹو (گوت: سامن کے) برادری میں پیدا ہوئے۔ قیام پاکستان کے بعد اپنے والدین کے ہمراہ پہلے نصرانہ اور اس کے بعد ہارون والا میں قیام اختیار کیا۔ ۱۹۶۲ء میں منڈی صادق گنج سکول سے میٹرک کیا۔ میٹرک کے بعد آپ ہارون آباد چلے گئے اور وہاں مزدوری کرنے لگے۔ آپ بتاتے ہیں دو روپے دیہاڑی ہوا کرتی تھی۔ آپ جس کے پاس مزدوری کرتے تھے جب اسے معلوم ہوا کہ آپ نے میٹرک کیا ہوا ہے تو آپ کو بطور منشی کام جاری رکھنے کا کہا۔

۱۹۶۸ء میں جب آپ واپس اپنے گاؤں آئے تو اپنے ہمراہ [illegible] روپے لائے۔ ہارون والا

Marfat.com

میں صوفی محمد حسن شاہ کی شراکت میں کریانے کی دکان ڈال لی. وہیں دکان پہ اور گانو کے ڈیرے پہ چچا صاحب سے آپ کی ملاقاتیں ہوئیں اور بعد ازاں راہ رسم بڑھنے لگی. یوں ایک دن چچا صاحب نے آپ سے فرمایا: ہم منڈی میں آڑھت کی دکان کرتے ہیں. اس پر آپ نے عرض کیا: وہاں تو سیٹھ لوگ بیٹھے ہیں، ہم قلیل سرمائے سے کیسے جگہ بنا پائیں گے؟ اس پر چچا صاحب نے فرمایا: میں جانتا ہوں، آپ بے فکر رہیے. اور یوں ۲-۱۹۷۱ء میں مشترکہ کاروبار کا آغاز ہوا جو تا حال برقرار ہے. ۱۹۷۸ میں آپ رشتۂ ازدواج میں منسلک ہوئے. خدا تعالا نے آپ کو چار بیٹوں: ارشد ندیم، میاں عامر وٹو، محمد عمران، شاہ رضوان اختر سہروردی اور تین بیٹیوں سے نوازا. آپ ۱۲ ذیعقد ۱۳۹۲ھ/ ۱۸ دسمبر ۱۹۷۲ کو حضرت صاحب کے ہاتھ پر بیعت ہوئے اور ۱۲ ذیعقد ۱۳۹۴ھ/ ۲۷ نومبر ۱۹۷۴ کو خلافت سے نوازے گئے. ۱۹۹۵ء میں حج کی سعادت حاصل کی اور ان دنوں بھی عمرے پہ ہیں.

☆ -صوفی محمد اقبال جمیل شاہ

آپ ۳۱ مئی ۱۹۳۴ء کو چودھری شیر محمد حمید کے ہاں بہ مقام چک نمبر ۵۰۷ گ ب ماموں کانجن (تحصیل: سمندری/ضلع: فیصل آباد) ارائیں برادری میں پیدا ہوئے. میٹرک تک تعلیم حاصل کی اور بری فوج کی میڈی کل کور میں بھرتی ہو گئے. ملازمت سے سبک دوشی کے بعد کچھ عرصہ بہ طور منشی حضرت صاحب کے ساتھ رہے. غالباً ۱۹۶۷ء میں چچا صاحب کے پاس موضع ہرن والا تشریف لائے اور بالترتیب ہرن والا، پپل خلصانہ اور بستی کھوکھراں میں بہ طور ڈسپنسر اور ہومیو ڈاکٹر اپنا کلینک چلاتے رہے. اس دوران انھیں دوبارہ فوج میں طلب کر لیا گیا اور اس کے بعد وہ مستقلاً شورکوٹ منتقل ہو گئے. تادم وفات وہاں کلینک بنائے رکھا اور کسب معاش کرتے رہے. کچھ عرصہ ٹویوٹا سک گلاس فیکٹری شیخوپورہ میں بھی ملازمت کی.

فوج کی ملازمت کے دوران ہی ۲۳ اپریل ۱۹۵۵ء/ ۲۹ شعبان ۱۳۷۴ھ بروز جمعرات بہ مقام فورٹ سنڈیمن (موجودہ: ژوب) سلسلے میں داخل ہوئے اور ۱۲ ذیقعد ۱۳۸۱ھ/ ۱۷- اپریل ۱۹۶۲ء کو خلافت واجازت بیعت سے سرفراز فرمائے گئے. آپ نے حضرت صاحب کی وفات کے بعد کچھ لوگوں کو سلسلے میں داخل بھی کیا لیکن ان کے وابستگان کے بارے میں راقم کو معلومات نہیں.

اردو اور پنجابی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے. نقیب آباد میں سالانہ عرس پہ منعقدہ طرحی مشاعرے کے انتظامات آپ ہی کی ذمے داری ہوا کرتی تھی. ابتدائے شعرگوئی میں کس سے اصلاح لیتے رہے یہ معلوم نہیں ہو پایا. راقم الحروف کے نام اپنے مکتوب (محررہ: ۲۶ مارچ ۱۹۹۶ء) میں

Marfat.com

اپنی شاعری کے بارے میں لکھا:

''بیٹے! پہلی بات یہ کہ میں کون سا شاعر ہوں جو اتنے اچھے [و] معیاری کلام لکھ سکتا، یہ تو سرکار کی محبت تھی اور سرکار نے ہی مجھے اس قابل بنایا کہ اتنے بھرے مجمع میں (جہاں لوگ سرکار کے قریب جانے کو ترستے ہیں) میرے جیسے کم ظرف، گنہ گار سے انسان کو سرکار نے اپنے قریب بٹھانے کا ایک بہانہ بنادیا. میں اپنے دل کی بات، اپنی آرزو، اپنی تمنا پہلے کم ہی سرکار کو سناتا [تھا] اور نہ ہی اس قدر وقت ملتا مگر عرس کے پہلے دن جہاں اس قدر گہما گہمی، رش، دھکم دھکا ہوتا ہے، مجھے سرکار کے قدموں میں بیٹھ کر چند باتیں کرنے کا موقع ملتا.''

آپ کے کلام کی بیاضات صادق آباد (ضلع: رحیم یار خان) میں آپ کی دختر نیک اختر محترمہ ناہید امتیاز کے پاس محفوظ ہیں. چچا صاحب نے ان کے مکمل کلام کا عکس محترمہ ناہید امتیاز سے منگوالیا ہے اور ان کی خواہش ہے کہ آپ کے کلام کا مجموعہ شایع ہو. آٹھ صفحات پر مشتمل حضرت صاحب کی اولین سوانح عمری (مطبوعہ: ۱۹۶۵ء) آپ ہی کی کاوش تھی. ذیل میں چند اشعار بہ طور نمونہ گلے از چمن پیش خدمت ہیں:

تمھارے در سے وابستہ مری تقدیر ہے ساقی
ازل سے لوح قسمت پر یہی تحریر ہے ساقی
خدا رکھے قیامت تک ترا آباد مے خانہ
ترے رندوں کی دنیا میں بڑی توقیر ہے ساقی
ترے بیمار غم کی اور کیا چارہ گری ہوگی
تری چشم کرم ان کے لیے اکسیر ہے ساقی

☆☆☆

میں اپنے آوارہ پن دی وکھری طرز بنائی سی
میری بدنامی دے اندر تیری وی رسوائی سی
جد وی کدھرے دل دا شیشہ الٹ پلٹ کے ویکھیا سی
ہر پاسے ہی تیری صورت مینوں نظری آئی سی

عمر کے آخری سالوں میں دل کے عارضے میں مبتلا ہو گئے. اسی کے سبب مورخہ ۱۰ مارچ ۲۰۰۳ء بروز پیر کو وفات پائی اور چک ۲۹۳ ۔ ۳۵ گ ب (ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ) میں آپ کی تدفین

Marfat.com

عمل میں لائی گئی. چچا صاحب نے جنازے میں شرکت فرمائی. آپ کا آخری مکتوب چچا صاحب کو بہ تاریخ ۱۹ اپریل ملا اور اسی رات ان کی وفات کا فون بھی آ گیا. چچا صاحب کے نام اپنے آخری خط میں تحریر فرماتے ہیں:

''خیال تھا کہ عید کے بعد حاضر ہو کر افسوس کے لیے آؤں گا بلکہ نواز صاحب سے بھی یہی مشورہ کیا تھا مگر ۱۲ فروری کو عید تھی، ۱۶-۱۷ تک گھریلو مصروفیات میں [مصروف] رہا، پھر اچانک ۱۸ فروری کو صبح نماز فجر کے ساتھ سینے میں اس قدر شدید درد اٹھا، ٹیکے وغیرہ لگے مگر بے سود. صبح ہونے پر بچیاں مجھے شورکوٹ لے گئیں وہاں ڈاکٹر کو پہلے تو دل کا شک ہوا مگر پھر تبخیر کی دوا دے دی، گھر آنے پر طبیعت خراب تھی، ڈرپ لگی تو سکون ہو گیا. دوسری صبح پھر افضال بھائی موٹر سائیکل پر آہستہ آہستہ شہر لے گیا، پھر اس ڈاکٹر نے دیکھا، ایکس رے کا مشورہ دیا، ایکس رے میں پھیپھڑے پر نمونیہ کا نشان بتایا کہ شاید سردی میں سفر کیا ہو [تو] سردی کا اثر ہوا ہو. مزے کی بات بخار بھی نہیں تھا، کھانسی بھی نہیں تھی، سینہ میں نشان والی جگہ پر درد بھی نہ تھا پھر بھی ٹیکے، فی ٹیکا-۵۵، گولیاں، فی گولی-۴۰ روپے استعمال ہوئیں. آخر ۲ مارچ تک یہ حالت ہو گئی کہ نیند ختم اور چند قدم چلنے سے سانس بند ہونا اور بے حد تکلیف، ۲ مارچ کی دوپہر حالت دگرگوں تھی، محسوس ہو رہا تھا کہ اب سرکاری ٹکٹ کٹ چکا ہے. بچی اور داماد موٹر سائیکل پہ آہستہ آہستہ پی اے ایف کے فوجی ہسپتال میں لے گئے، اتفاق سے ڈاکٹر حاضر تھے. جاتے ہی پہلے آکسی جن اور منہ کے راستے گیس کی بھاپ دی، کچھ سانس کھلا تو خون ٹسٹ کے لیے لینا تھا اور اسی نس میں ٹیکے لگانے تھے مگر حالت یہ کہ تمام خون کی شریانیں سکڑ گئیں تھیں. آدھا گھنٹہ کی کوشش میں کم از کم پچاس جگہ سوئیاں چبھیں تو نس ملی. خون بھی لیا اور اسی سوئی کی جگہ ٹیکے لگے پھر دوبارہ ایکس رے، ای سی جی ہوئی. ڈاکٹر نے دوائیاں لکھ دیں اور ساتھ ہی مشورہ دیا کہ کسی دل کے ماہر کو چیک کرا لیں. اب اتفاق ہے کہ شورکوٹ میں ہر اتوار کو دل کا ماہر ڈاکٹر آتا ہے، اب ہفتے [کی] شام تک دوا جاری ہے، اتوار کو دوبارہ چیک اپ ہوگا. اب جو نسخہ دیا گیا ہے اس میں ۲ سانس کی گولیاں، دو دل کی گولیاں، ایک پیشاب آور، کمزوری ہو چلی ہے. محسوس ہوتا ہے کہ اب آپ کی ملاقات نصیب نہ ہو سکے

Marfat.com

گی، یہ گاڑی بہت جلد اپنی منزل کو پہنچ جائے گی، اگر وقت ہو تو چند گھنٹوں کے لیے آ کر مل جائیں بعد میں شاید وقت نہ ملے. ایک دوسرے سے معافیاں مانگ لیں. ولی بھائی کو خصوصی قدم بوسی، سعید صاحب ملیں تو سلام دیں.''

چچا صاحب اور ان کے درمیان نہایت دیرینہ اور گہرے تعلقات رہے. ان کے ساتھ پہلی ملاقات کب اور کیسے ہوئی، اس بارے میں چچا صاحب کا ارشاد ہے:

''ایک دفعہ میں ایک مہینے کے بعد آستانہ عالیہ پر گیا. وہاں ڈاکٹر اقبال جمیل حضرت صاحب کے ساتھ ڈیوٹی کرتے تھے. ہمارے ایک پیر بھائی نائب صوبے دار عبدالشکور صاحب جو فوج میں ملازمت کے دوران بھارت میں بہ طور جاسوس اپنے فرائض سرانجام دے چکے تھے. وہ وہاں ایک پان کی دکان پہ کام کرتے تھے. اس دوران وہیں یہ ایک برہمن زادے کو دل دے بیٹھے اور خود کو برہمن ظاہر کرنا شروع کر دیا. شکور صاحب کے نیچے کچھ لوگ کام کرتے تھے، اُن میں سے ایک ذات کا میواتی تھا. اس کا ان کے ساتھ کسی بات پر جھگڑا ہوا تو اس نے پاکستان آ کر ان کی شکایت کر دی کہ شکور صاحب بک گئے ہیں اور وہ بھارتی فوج کو پاکستان کے راز دے رہے ہیں. شکور صاحب کو واپس بلا کر انھیں گرفتار کر لیا گیا. وہ گنڈھا سنگھ بارڈر قصور سے پاکستان آئے. جب وہ گرفتار ہوئے تو قصور کے قریب ہی تھے. ملٹری پولیس سے انھوں نے گزارش کی کہ یہاں قریب ہی بھلو میں میرے پیر صاحب مقیم ہیں لہٰذا مجھے ان سے ملاقات کا موقع دیا جائے. انھیں اجازت مل گئی اور یوں انھوں نے تمام معاملہ حضرت صاحب کے گوش گزار کیا. حضرت صاحب نے فرمایا: اگر تم پہ لگایا گیا الزام جھوٹا ہے تو تمھیں کچھ بھی نہیں ہونے والا. جاؤ! جو حقیقت ہے سچ سچ بتا دو. ان کے مقدمے کا فیصلہ نواز ڈوگر (یہ فیصل آباد کے رہنے والے تھے) نے کرنا تھا جو ایف آئی یو میں افسر تھے. وہ ان دنوں بہاول نگر میں تعینات تھے. حضرت صاحب نے شکور صاحب سے متعلق ایک رقعہ بہ نام نواز ڈوگر، ڈاکٹر جمیل صاحب کو دیا. جب وہ جانے لگے تو اتنے میں، میں نے بھی حضرت صاحب کی قدم بوسی کی. مجھے دیکھ کر فرمانے لگے لڑکے! تم کیسے آئے؟ میں نے عرض کیا: محض قدم بوسی کے لیے حاضر ہوا ہوں. اس پر فرمایا: تم بھی اقبال جمیل کے ساتھ واپس جاؤ، وہاں اسے کام ہے. میں اور

Marfat.com

ڈاکٹر جمیل بہاول نگر پہنچے اور وہ خط نواز ڈوگر کو دیا۔ انھوں نے رقعہ وصول کرنے کے بعد چوما اور کہنے لگے : میں تو شکور صاحب کو تفتیش میں پہلے ہی بری کر چکا ہوں۔ انھوں نے ہمیں چائے پلائی اور رخصت کر دیا۔ اس دوران ہمیں معلوم ہوا کہ نواز ڈوگر بھی ہمارے پیر بھائی ہیں۔ اس کے بعد ہم بستی کھوکھراں آ گئے۔''

☆ صوفی حشمت علی شاہ

آپ ۱۹۳۳ء کو جناب مولا بخش کے ہاں بہ مقام آدم وال (ضلع: ہوشیار پور/ شرقی پنجاب) جاٹ برادری میں پیدا ہوئے۔ میٹرک (سال : ۱۹۴۸ء) تک تعلیم حاصل کی۔ ۱۱۰ اکتوبر ۱۹۶۳ء کو آکسفورڈ کالج لاہور سے ایم، ڈی، ایچ کا ڈپلوما کیا۔ قیامِ پاکستان کے بعد ٹوبہ ٹیک سنگھ میں زمین کی الاٹمنٹ کے سبب قیام کیا۔ بعد ازاں منچن آباد میں زمین الاٹ ہوئی تو بہکاں بودلہ میں مستقل رہائش اختیار کر لی۔ پہلے ریاست بہاول پور کی فوج میں ملازم تھے۔ ریاست کے پاکستان سے الحاق کے سبب ریاست کی فوج کو پاک فوج میں ضم کر دیا گیا۔ آپ پاک فوج میں کلرک تھے۔ حضرت صاحب کے خلیفہ صوفی نور محمد شاہ (چک ۱۰۰ اگ ب، رحیم یار خان) (۳۲) بھی وہیں ہیڈ کلرک تھے۔ ۱۴ نومبر ۱۹۶۴ء کو ملازمت سے سبک دوش ہوئے لیکن ۱۸ جولائی ۱۹۷۱ء کو دوبارہ فوج میں طلب کر لیا گیا۔

فوج میں ملازمت کے دوران ہی حضرت صاحب سے بیعت ہوئے۔ بیعت کی تاریخ معلوم نہیں ہو پائی البتہ ۱۲ ذیقعد ۱۳۹۳ھ/ ۷ دسمبر ۱۹۷۳ء کو خلافت سے سرفراز ہوئے۔ ۲۹ مارچ ۲۰۰۱ء میں عالم خاک و باد کو خیر باد کہا اور بہکاں بودلہ میں آپ کی تدفین عمل میں لائی گئی۔ ان کی اولاد نے انھیں عام قبرستان میں ہی دفن کر دیا جس پر بابا صاحب اور چچا صاحب نے خاصی برہمی کا اظہار فرمایا تھا کہ انھیں الگ کسی جگہ دفن کیوں نہیں گیا تا کہ ان کا مزار بھی بنایا جاتا۔

ان کے بابا صاحب کے ساتھ بھی بہت اچھے مراسم تھے۔ ۱۹۸۹ء میں دادی صاحب کے چہلم پہ آپ نڑالی تشریف لائے تھے۔ بہت نفیس انسان تھے، ٹھہر ٹھہر کے شیریں انداز میں گفت گو فرماتے تھے۔ حضرت صاحب سے بہت زیادہ عقیدت تھی۔ آپ کے بڑے بیٹے ظفر اقبال (۱۹۵۶-۱۴ جون ۲۰۱۲ء) کی نسبت بیعت حضرت صاحب کے ساتھ تھی۔ جب کہ آپ کے چھوٹے بیٹے رشید احمد (پ: ۱۹۷۱ء)، بابا صاحب سے بیعت ہیں۔

چچا صاحب کے ساتھ ان کے نہایت گہرے مراسم تھے۔ اکثر آپ سے ملاقات کے لیے

Marfat.com

منڈی صادق گنج تشریف لایا کرتے تھے۔ چچا صاحب فرماتے ہیں:

> ''صوفی حشمت صاحب بڑے اچھے انسان تھے۔ پہلے وہ نواب صاحب کی فوج میں تھے۔ پھر پاک فوج میں آ گئے۔ یہ فوج میں کلرک تھے، صوفی نور محمد صاحب کی یونٹ میں تھے۔ وہ ہیڈ کلرک تھے اور یہ کلرک۔ بہت پیار کرنے والے تھے، یہاں ہر سال عرس پہ آتے، بل کہ زاہد کی شادی پر بھی وہ آئے تھے۔''

☆-صوفی بشیر احمد شاہ

آپ غالباً ۱۹۳۲ء میں الہ دین کے ہاں بہ مقام مرزے والا (ضلع: گنگا نگر/ ریاست: بیکانیر) قایم خانی راج پوت برادری میں پیدا ہوئے۔ حافظ شیر محمد سے قرآن مجید اور دینی تعلیم حاصل کی۔ آپ کا گھرانہ زراعت سے وابستہ تھا، آپ نے بھی ہوش سنبھالا تو اپنے والدین کا ہاتھ بٹانے لگے۔ قیام پاکستان کے بعد براستہ ہیڈ ہجرت کر کے ڈنگوریاں (تحصیل: چیچن آباد) میں دس دن قیام کے بعد ہرن والا میں مستقل رہایش اختیار کی۔

آپ اور چچا صاحب ایک ہی دن بیعت ہوئے تھے جس کی تفصیل پچھلے صفحات میں گزر چکی ہے۔ آپ خلافت سے بھی سرفراز ہوئے البتہ آپ نے سلسلہ نہیں چلایا۔ آپ کے برادر خرد صوفی محمد حسن شاہ (۱۹۳۸-۱۶ دسمبر ۲۰۰۰ء)(۳۳) بھی حضرت صاحب کے خلیفہ تھے۔ ان سے البتہ سلسلے کا اجرا ہوا۔ ان کا مزار چیچن آباد میں ہے۔

چچا صاحب اور آپ کے درمیان گہرا رشتہ مواخات رہا ہے اور آج تک ویسے ہی گرم جوشی کے ساتھ تعلقات قایم ہیں۔ صوفی بشیر احمد شاہ کے بہ قول: ''میری اور امین صاحب کی یاری بڑی پرانی ہے اور آج تک ہم دو منٹ کے لیے ایک دوسرے سے ناراض نہیں ہوئے۔''

☆-صوفی محمد یاسین شاہ

آپ ۱۵ فروری ۱۹۴۲ء کو جناب عزیز محمد کے ہاں بہ مقام موجیہ (ضلع: فاضلکا) ... برادری (گوت: رحموں کا) میں پیدا ہوئے۔ آپ چچا صاحب کے قریبی رشتے دار ہیں۔ آپ کا خاندان بھی چچا صاحب کے خاندان کے ہمراہ پاکستان پہنچا۔ آپ نے قرآن پاک ناظرہ اور دینی تعلیم سید روشن علی شاہ سے پائی۔ میٹرک تک تعلیم حاصل کی اور مئی ۱۹۶۵ء میں بہ حیثیت سپروائزر محکمہ صحت میں ملازمت کی اور ۱۹۹۰ء تک اس ملازمت سے وابستہ رہے۔ آج کل چک ۳۳۵-ای بی (بورے والا، ضلع وہاڑی) میں رہایش پذیر ہیں۔

Marfat.com

۱۹۶۹ء میں بہ مقام نقیب آباد/قصور میں بیعت ہوئے اور ۱۹۸۰ء میں خلافت سے نوازے گئے۔ ۱۹۷۴ء میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے۔ شادی کے موقعے پر محفل سماع ہوئی۔ حضرت صاحب بھی تشریف لائے نیز لالا صاحب، صوفی اقبال جمیل شاہ، صوفی عبداللطیف شاہ (میلسی) اور صوفی محمد حسن شاہ (منچن آباد) بھی شریک ہوئے۔ صوفی محمد طفیل نقیبی قوال نے قوالی کی۔

آپ نے ۲۰۰۸ء میں صرف ایک آدمی کو بیعت کیا۔ خود آپ کے بیعت ہونے کی روداد بہت دل چسپ ہے۔ چچا صاحب بیان فرماتے ہیں:

''یاسین صاحب یہاں آتے رہتے تھے۔ جب بھی آتے تو کہتے کہ میں بھی عرس پہ آپ کے ساتھ چلوں گا اور بیعت بھی ہوں گا۔ ایک بار میں نے تاریخ بتا دی کہ فلاں تاریخ کو عرس ہے، پہنچ جانا۔ وہ پہنچ گئے اور ہم عرس میں شرکت کے لیے نقیب آباد پہنچے۔ رات محفل سماع ہوئی، صبح جب بیعت ہونے کا وقت آیا تو کہنے لگے اور تو سب کام ٹھیک ہے پر یہ حال کھیلنے والا کام پسند نہیں آیا۔ خیر! چادر پوشی کی رسم بابا بلھے شاہ کے مزار پر ہوا کرتی تھی۔ زائرین بسوں، ویگنوں اور تانگوں پہ مزار پہ پہنچنا شروع ہو جاتے تھے اور چادر کی رسم کے وقت سب جمع ہو جایا کرتے۔ ہم بھی پہلے پہنچ گئے اور ایک ہوٹل میں چائے کے لیے رک گئے۔ چائے نوشی کے دوران میں نے یاسین صاحب سے کہا: یہاں سے ٹرین جاتی ہے، آپ چلے جائیں۔ وہ ہم سے رخصت ہوئے اور ہم مزار پہ جا پہنچے۔ محفل سماع کے دوران جب میں حضرت صاحب کے پاس نذر پیش کرنے پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں کہ یاسین صاحب اوندھے پڑے ہیں اور حضرت صاحب نے ان کا ناک بند کیا ہوا ہے اور فرما رہے ہیں: لڑکے! ہماری طرف دیکھو۔ جب انھیں ہوش آیا تو میں ان کو پیچھے لے کر آ گیا اور کہا: خدا کے بندے! تمھیں تو اسٹیشن پہ بھیجا تھا اور تم یہاں آ نکلے۔ وہ کہنے لگے میں نکلا تو اسٹیشن کے لیے تھا، سوچا آپ سے ملتا چلوں اور یہاں پہنچ گیا، پھر کیا ہوا مجھے کچھ خبر نہیں۔ میں نے کہا: چلو! اب آپ کو اسٹیشن پہ چھوڑ آتے ہیں۔ اس پر کہنے لگے نہیں، اب تو مرید ہو کے ہی جاؤں گا اور اسی دن نقیب آباد میں داخل سلسلہ ہوئے۔''

☆-خواجہ صوفی لعل محمد شاہ

آپ ۸ ستمبر ۱۹۳۰ء کو جناب محمد حسن لون (م: ۱۴ اگست ۱۹۹۴ء) کے ہاں بہ مقام دھمول

Marfat.com

(کوٹلی/آزاد کشمیر) لون برادری میں پیدا ہوئے. مڈل تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد ۸ مارچ ۱۹۴۸ء میں فوج میں بھرتی ہوئے. دوران ملازمت ہی بہ تاریخ یکم جنوری ۱۹۵۳ء، کوئٹہ میں حضرت صاحب کے ہاتھ پہ بیعت ہوئے. ۱۹۵۴ء میں آپ کا تبادلہ بالترتیب لاہور اور پھر جیسور (بنگلا دیش) میں ہوا. جیسور چھاؤنی میں قیام کے دوران ہی آپ کو حضرت صاحب کا مکتوب ملا جس میں حکم تھا کہ وہ مرزا کھیل پیران سلسلہ کے مزارات پہ حاضری دیں. آپ بنا چھٹی لیے مرزا کھیل تشریف لے گئے اور گیارہ دن وہاں قیام کیا. واپسی پہ آپ کو سزا بھی ملی اور ۱۹۵۶ء میں آپ نے فوج کی ملازمت ترک کر دی.

۱۹۵۶ء میں بہ تاریخ ۱۱ ربیع الثانی بڑی گیارہویں کے موقعے پر آپ کی خلافت کا اعلان کیا گیا. آپ اس وقت بہ سلسلہ ملازمت جیسور میں ہی مقیم تھے. آپ کو خلافت کی اطلاع آپ کے برادر طریقت صوفی بشیر احمد شاہ (۱۹۲۷-۲ جمادی الاول ۱۴۲۵ھ/۱۰ جون ۲۰۰۵ء، دوتھان آزاد کشمیر، مدفون: لاہور) (۳۴) نے بہ ذریعہ خط دی تھی. ۱۹۵۷ء میں حضرت صاحب نے آپ کو سلسلے کی اشاعت کے لیے کراچی بھیجا. آپ چھے ماہ کراچی میں رہے اور اس دوران ریڈیو بنانے کا کام سیکھا. کراچی میں آپ کا قیام اپنے برادر طریقت صوفی محمد جمشید شاہ (۱۳۴۶-۱۰ جمادی الثانی ۱۳۹۸ھ/۱۹۲۷-۱۶ مئی ۱۹۷۹ء) (۳۵) کے پاس رہا اور اسی سال آپ نے بیعت لینے کا آغاز کیا.

۱۹۶۰ء میں آپ کی شادی باباصاحب کی ہمشیرہ خورد محترمہ پروین سلطانہ سے ہوئی. ۱۹۶۲ء میں چند ماہ آپ نڑالی (تحصیل گوجر خان) میں بھی قیام پذیر رہے. خدا تعالیٰ نے آپ کو چار بیٹوں اور چار بیٹیوں سے نوازا. اولاد کے نام بہ لحاظ ولادت درج ذیل ہیں: راحیلہ سلطانہ، صاحب زادی (بہ عمر: سولہ دن، مدفون: نڑالی)، صاحب زادہ طلعت محمود شاہ، صاحب زادہ محمد زبیر شاہ، صاحب زادہ اسد محمود شاہ (م: ۱۳ ستمبر ۱۹۹۳ء، دھمول کوٹلی)، صاحب زادہ محمد طاہر بلال شاہ (پ: یکم نومبر ۱۹۷۶ء)، رسیلہ ناز (پ: یکم جنوری ۱۹۷۹ء) اور رابعہ ناز (پ: ۱۱ نومبر ۱۹۸۱ء).

آپ نے ۱۹۸۶ء کو پاکستانی چوک، چھلی روڈ حیدر آباد میں موجودہ خانقاہ کی بنیاد رکھی. ۱۹۸۶ء میں ہی خانقاہ کا قیام عمل میں آیا. آپ کے پچاس سے قریب خلفائے کرام اندرون و بیرون ملک سلسلے کی اشاعت میں سرگرم عمل ہیں. چند خلفائے کرام کے اسماء درج ذیل ہیں:

صوفی محمد حنیف شاہ (م: ۱۱ شعبان ۱۳۹۷ھ/۲۸ جولائی ۱۹۷۷ء، مدفون: میرپور خاص) (۳۶)، صوفی سلطان احمد شاہ (م: ۶ جمادی الاول ۱۴۲۱ھ/۵ ستمبر ۲۰۰۰ء، مدفون: حیدر آباد)، صوفی

Marfat.com

شوکت حسین شاہ (م: ۲۱ شعبان ۱۴۲۲ھ/ ۱۱ نومبر ۲۰۰۱ء، مدفون: حیدر آباد)، صوفی سراج الدین شاہ (م: یکم ربیع الثانی ۱۴۱۴ھ/ ۱۸ ستمبر ۱۹۹۳ء، مدفون: میر پور خاص) (۳۷)، صوفی اللہ بخش شاہ مرحوم، صوفی حسین بخش شاہ (مدفون: حیدر آباد)، صوفی عبدالرزاق شاہ (مدفون: حیدر آباد)، صوفی محمد دین شاہ مرحوم (۳۸)، صوفی عبدالسلام شاہ مرحوم، صوفی عبدالسلام شاہ پرچون والے مرحوم (۳۹)، صوفی بڑے میاں مرحوم، صوفی محمد رمضان شاہ مرحوم، صوفی سعید احمد شاہ ولد صوفی محمد حنیف شاہ (مدفون: میر پور خاص) (۴۰)، صوفی موز دین شاہ (مدفون: کھپرو)، صوفی احمد علی شاہ (مدفون: کھپرو)، صوفی بابو دین شاہ مرحوم (۴۱)، صوفی محمد حسن شاہ مرحوم (نارووال)، صوفی اللہ دین شاہ مرحوم (بدین)، صوفی اسلام الدین شاہ (مدفون: حیدر آباد) (۴۲)، صوفی اخلاق احمد شاہ مرحوم، صوفی عبدالمجید شاہ مرحوم (۴۳)، صوفی شیر محمد شاہ مرحوم، صوفی مقبول احمد شاہ (مدفون: حیدر آباد).
صوفی عبدالرحمان شاہ، ماسٹر صوفی محمد اسماعیل شاہ، صوفی بابو دین شاہ، صوفی نذیر احمد شاہ (راول پنڈی)، صوفی محمد سلطان شاہ، صوفی عبدالصمد شاہ، صوفی محمد نذیر شاہ (روہڑی)، صوفی عبدالغفار شاہ (کراچی)، صوفی عبدالرزاق شاہ (کراچی)، صوفی محمد دین شاہ (کراچی)، صوفی محمد رشید شاہ (روہڑی)، صوفی ممتاز احمد شاہ (حیدر آباد)، صوفی محمد منیر شاہ (سیال کوٹ)، صوفی محمد ضمیر شاہ (حیدر آباد)، صوفی محمد اسحاق شاہ (حیدر آباد)، صوفی علی محمد شاہ (کراچی) اور صوفی محمد ظہیر شاہ (ڈھوک مقدم - داخلی: چوہا خالصہ/ تحصیل کلر سیداں: حال مقیم: لندن/ برطانیہ) (۴۴).

نفیس اقتباسات سماعت (۱۹۹۰ء) کے نام سے ایک تالیف آپ سے یادگار ہے. آپ اپنے شیخ طریقت کی مفصل سوانح عمری تحریر کرنے کا بھی ارادہ رکھتے تھے، راقم نے اپنے بچپن میں آپ کی ایک بیاض میں حضرت صاحب کی سوانح حیات کا مفصل خاکہ ملاحظہ کیا تھا، کاروبارِ حیات نے شاید اس منصوبے کی تکمیل نہ ہونے دی. سلسلے کے حوالے سے آپ کو ایک اعزاز یہ بھی حاصل ہے کہ سب سے پہلے آپ ہی نے شجرہ طریقت طبع کرایا تھا. آپ کے بعد لالا صاحب (صوفی ملک امان شاہ) اور صوفی نور محمد شاہ (رحیم یار خان) نے بھی اس کارِ خیر میں حصہ ڈالا.

آپ میں موسیقی کا بھی بہت اچھا ذوق تھا. کوٹلی میں ایک ہارمونیم بھی آپ کے پاس تھا جسے بعض اوقات استعمال میں لایا کرتے. کبھی کبھار ہارمونیم کے ساتھ کوئی غزل بھی گنگنا لیا کرتے تھے. ۳۱ جولائی ۱۹۸۸ء کو مجھے ایک کتاب مکمل ہارمونیم گائیڈ (چراغ دین میوزک ڈائریکٹر، لاہور، جہانگیر بک ڈپو، س ن) عنایت کی تھی، جو اب مخدومہ امیر جان لائبریری میں محفوظ ہے.

Marfat.com

آپ نے اپنی حیات میں ہی اپنا مزار اپنی نگرانی میں تعمیر کرایا تھا. ۶ نومبر ۲۰۱۳ء کو حرکت قلب بند ہو جانے کے سبب کراچی میں آپ نے عالم خاک و باد کو خیر باد کہا اور ۷ نومبر کو حیدرآباد میں آپ کی تدفین آپ کے اپنے بنائے ہوئے مزار میں عمل میں لائی گئی. آپ نے اپنی زندگی میں ہی اپنے سب سے چھوٹے بیٹے صاحب زادہ محمد طاہر لال شاہ (۴۵) کو اپنا سجادہ نشین مقرر کیا تھا، خدا تعالا انھیں سلسلے کی اشاعت اور اپنے والد و مرشد کے نقش قدم پہ چلنے کی توفیق عطا فرمائے. (۴۶)

۲۰۰۳ء میں آپ نے سالانہ عرس پہ منعقدہ طرحی مشاعرے کے لیے راقم کو مدعو کیا تھا، میں مشاعرے میں شریک تو نہیں ہو پایا البتہ اس منقبت سے دو اشعار یاد آ رہے ہیں، جو مشاعرے کے لیے کہی تھی:

جہان بھر میں جو بٹتا ہے، وہ ہے "حال" نقیب
زمیں پہ قریہ بہ قریہ ہے، یعنی "آل" نقیب
ہے کس میں تاب کہ دیکھے وہ اک جھلک ان کی
کہ "شاہِ لال" تو ہیں جلوہ و جمال نقیب

چچا صاحب نے آپ سے ملاقات کے بارے میں فرمایا:

"ہم ان کے بارے میں سنتے تھے کہ صوفی لال محمد شاہ صاحب حضرت صاحب کے کوئی خلیفہ ہیں. ان دنوں وہ کچھ اختلافات کے سبب حضرت صاحب سے نہ ملتے ہیں اور نہ آستانے پر آتے ہیں. ہماری پہلی ملاقات سالانہ عرس کے موقعے پہ اس وقت ہوئی جب بھائی صاحب (خواجہ صوفی محمد نواز شاہ) انھیں آستانے پہ لے کے آئے. اس کے بعد ان سے ملاقاتیں ہونے لگیں. چوں کہ ہمشیرہ صاحبہ (محترمہ پروین سلطانہ) ان کے عقد میں تھی اس لیے بھی ہم ان کی تکریم کرتے تھے نیز وہ کئی بار یہاں منڈی صادق گنج تشریف لائے. ہم بھی بھائی صاحب اور اباجی کی معیت میں کئی بار حیدرآباد عرس میں شریک ہوئے. پھر ایک بار ان کے آبائی گاؤں جھول (کوٹلی آزاد کشمیر) میں بھی جانے کا اتفاق ہوا. سالانہ عرس کے موقعے پر بھی ان سے ملاقات ہو جایا کرتی. آخری ملاقات بھی ۲۶ شوال ۲۰۱۳ء کو نقیب آباد میں ہی ہوئی. حال احوال لیا اور بھائی صاحب (خواجہ صوفی محمد نواز شاہ) کی صحت کے بارے میں دریافت کیا. یہ پوچھا ان سے کب ملاقات ہوئی تھی؟ باقی وقت خاموش ہی رہے. بیماری کے سبب کافی کمزور ہو گئے تھے اور پھر ۶ نومبر کو ان کے وصال کی خبر ملی." (۴۷)

Marfat.com

سجادہ نشین وخلفاے کرام

☆-سجادہ نشین صاحب زادہ شہزاد فرید شاہ

آپ چچا صاحب کے نبیرہ ہیں اور میاں زاہد اقبال کے صاحب زادے. آپ ۱۵ فروری ۱۹۹۲ء کو منڈی صادق گنج میں پیدا ہوئے. میٹرک تک تعلیم حاصل کی اور آج کل آڑھت کے کاروبار کو دیکھ رہے ہیں. ۱۲ جنوری ۲۰۰۷ء کو چچا صاحب کے ہاتھ پہ بیعت ہوئے اور ۶ فروری ۲۰۱۰ء کو خلافت سے سرفراز فرمائے گئے. ۱۷ نومبر ۲۰۱۲ء کو حضرت فرحت اللہ شاہ مخاطب بہ حسن دوست کے سالانہ عرس کے موقعے پر آپ کی سجادہ نشینی کا اعلان کیا گیا اور بابا صاحب کے ہاتھوں آپ کی دستار بندی ہوئی. خدا انھیں پیران سلسلہ کے نقش قدم پہ چلنے کی توفیق عطا فرمائے.

=روہانہ (تحصیل: منچن آباد، ضلع: بہاول نگر)

☆-صوفی سعید احمد شاہ

آپ یکم مئی ۱۹۷۵ء کو محمد یار کے ہاں بہ مقام بہاول نگر ارائیں (گوت: بھٹہ) برادری میں پیدا ہوئے. مڈل تک تعلیم حاصل کی اور کسب معاش کے لیے مختلف کام کرتے رہے. یکم فروری ۲۰۰۱ء کو بیعت ہوئے اور ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء کو ان کی خلافت کا اعلان کیا گیا. آج کل روہانہ داخلی منڈی صادق گنج میں رہایش پذیر ہیں.

=رینالہ خرد (ضلع: اوکاڑہ)

☆-صوفی محمد صادق شاہ

آپ ۱۹۵۴ء کو منو خان (برادر: صوفی بشیر احمد شاہ/ ہرن والا) کے گھر بہ مقام ہرن والا قایم خانی راج پوت برادری میں پیدا ہوئے. آج کل بہ سلسلہ روزگار سعودی عرب میں مقیم ہیں اور ان کی مستقل رہایش چک ۳، تحصیل رینالہ خرد/ ضلع اوکاڑہ میں ہے. ۶ فروری ۲۰۱۰ء کو آپ کی خلافت کا اعلان کیا گیا.

=مرزے کی (تحصیل: منچن آباد، ضلع: بہاول نگر)

☆-صوفی محمد عارف شاہ

آپ ۱۹۷۴ء کو ہاشم علی کے ہاں بہ مقام مرزے کا، شیخ برادری میں پیدا ہوئے. مڈل تک تعلیم حاصل کی اور کئی سال چچا صاحب کے پاس ہی بہ طور پلے دار کام کیا. آج کل آڑھت کے

Marfat.com

کاروبار سے منسلک ہیں۔ آپ ۱۱ نومبر ۱۹۹۹ء کو بیعت ہوئے اور ۲۱ فروری ۲۰۰۴ء کو خلافت سے نوازے گئے۔

☆ - حافظ صوفی غلام حسین شاہ

آپ ۱۳ اگست ۱۹۸۶ء کو بمقام مرزے کا، کالو کے وٹو برادری میں پیدا ہوئے۔ پرائمری تک تعلیم حاصل کی اور کاشت کاری سے وابستہ ہو گئے۔ ۱۵ جنوری ۲۰۰۹ء کو بیعت ہوئے اور ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء کو آپ کی خلافت کا اعلان کیا گیا۔

= منڈی صادق گنج (تحصیل: منچن آباد، ضلع: بہاول نگر)

☆ - صوفی رضوان اختر شاہ

آپ ۴ جنوری ۱۹۹۲ء کو میاں ولی محمد شاہ کے ہاں ساہمن کے وٹو برادری میں بمقام منڈی صادق گنج پیدا ہوئے۔ آپ میاں ولی محمد شاہ کے سب سے چھوٹے صاحب زادے ہیں۔ بی اے سی کے بعد آج کل بہاول نگر سے اردو میں ایم اے کر رہے ہیں۔ ۱۲ جنوری ۲۰۰۷ء کو بیعت ہوئے اور ۲۶ فروری ۲۰۱۰ء کو خلافت سے سرفراز فرمائے گئے۔ بفضل ایزد و التفات شیخ کی بدولت تصوف و ادب کے نہایت اعلیٰ ذوق کے حامل ہیں۔ چچا صاحب کے حالات اور ملفوظات کی جمع آوری میں نہایت مستعد ہیں۔ شیدائے مطالعہ ہیں اور ان کا ذاتی ذخیرہ کئی ہزار کتب پر مشتمل ہے۔ آپ سلسلے کی اشاعت کے سلسلے میں چچا صاحب کے مریدوں میں سب سے زیادہ سرگرم عمل ہیں۔

☆ - صوفی محمد اکرم شاہ

آپ ۷ جولائی ۱۹۷۰ء کو محمد لطیف عرف جھوک کے ہاں بمقام بہاول آباد ضلع بہاول نگر چوہان راجپوت برادری میں پیدا ہوئے۔ مڈل تک تعلیم حاصل کی اور کئی سال بسلسلۂ حصول معاش پنجاب کی سادات سے زراعت کے کام سے وابستہ ہیں۔ آپ ۱۰ اگست ۱۹۹۹ء کو بیعت ہوئے اور ۲۱ فروری ۲۰۰۴ء کو آپ کی خلافت کا اعلان کیا گیا۔ آپ چچا صاحب کے مقرب خاص میں سے ہیں۔ چچا صاحب اور بابا صاحب کی آپ پر خصوصی نگاہ ہے۔ کئی سالوں سے مستقلاً منڈی صادق گنج میں رہائش پذیر ہیں۔ آج کل (۲ مارچ سے) چچا صاحب کے ساتھ عمرے پہ گئے ہوئے ہیں۔

☆ - صوفی امجد حسین شاہ

آپ ۱۲ اپریل ۱۹۷۶ء کو جناب خورشید احمد (مرید چچا صاحب) کے ہاں بمقام [illegible] (ضلع: بہاول پور) چوہان راجپوت برادری میں پیدا ہوئے۔ مڈل کے بعد حصول معاش کے [illegible]

Marfat.com

منسلک ہو گئے۔ اب کئی سالوں سے منڈی میں ہی رہائش پذیر ہیں۔۱۲ مارچ ۲۰۰۲ء کو بیعت ہوئے اور ۲۶ اکتوبر ۲۰۱۰ء کو بہ مقام مزرے کا آپ کی خلافت کا اعلان کیا گیا۔

☆-صوفی محمد حسین شاہ

آپ ۱۹۸۹ء میں محمد دین کے ہاں بہ مقام منڈی صادق گنج محلہ نظام پورہ میں چوہان راج پوت برادری میں پیدا ہوئے۔ پرائمری تک تعلیم حاصل کی اور فاسٹ فوڈ کی دکان چلاتے ہیں۔۲۱ اکتوبر ۲۰۰۳ء کو بیعت ہوئے اور ۲۶ فروری ۲۰۱۰ء کو خلافت سے سرفراز فرمائے گئے۔

☆-صوفی اشفاق احمد شاہ

آپ ۱۹۸۰ء کو میاں محمد منیر کے ہاں بہ مقام منڈی صادق گنج محلہ کنور سٹریٹ وارڈ نمبر ۹ میں راٹھ قریشی برادری میں پیدا ہوئے جو جموں برادری کی عرفیت سے معروف ہے۔ پرائمری تک تعلیم حاصل کی اور زمین داری سے وابستہ ہو گئے۔ راقم الحروف کے قریبی دوستوں میں سے ہیں، میرا جب بھی منڈی جانا ہوتا ہے تو خاصا وقت ان کے ساتھ گزرتا ہے۔ آپ راقم سے بہت محبت رکھتے ہیں، خدا تعالا انھیں ہمیشہ خوش وخرم رکھے۔ آپ ۲۲ مارچ ۲۰۰۱ء کو بیعت ہوئے اور ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء کو خلافت سے سرفراز فرمائے گئے۔

☆-صوفی محمد عمران شاہ

آپ ۱۰ جنوری ۱۹۸۳ء کو شیخ نعیم احمد کے ہاں بہ مقام محلہ قصاباں وارڈ نمبر ۴ منڈی صادق گنج میں شیخ (بھنڈے والے) برادری میں پیدا ہوئے۔ پرائمری تک تعلیم حاصل کی اور پان اینڈ کولڈ کارنر کے نام سے دکان ڈال کر کسب معاش کرنے لگے۔ آپ ۱۰ مئی ۱۹۹۹ء کو بیعت ہوئے اور ۲۱ فروری ۲۰۰۴ء کو خلافت سے نوازے گئے۔

☆-صوفی ارشد ندیم شاہ

آپ میاں ولی محمد شاہ کے بڑے صاحب زادے ہیں اور ۱۵ اگست ۱۹۸۰ء کو بہ مقام سوبھے والا عالم وجود میں آئے۔ مڈل تک تعلیم حاصل کی اور فصلوں کی سپرے کے کاروبار سے منسلک ہو گئے۔ ۱۱ نومبر ۱۹۹۹ء کو بیعت ہوئے اور ۱۲ فروری ۲۰۰۴ء کو خلافت سے نوازے گئے۔

☆-صوفی محمد عمران شاہ

آپ میاں ولی محمد شاہ کے منجھلے صاحب زادے ہیں۔۱۲ جون ۱۹۸۵ء کو منڈی صادق گنج میں پیدا ہوئے۔ میٹرک تک تعلیم حاصل کی اور آڑھت کے کاروبار سے وابستہ ہو گئے۔۳ اپریل

Marfat.com

۲۰۰۱ء کو بیعت ہوئے اور ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء کو خلافت سے سرفراز فرمائے گئے۔

☆۔صوفی محمد خان شاہ

آپ ۱۹۴۵ء کو ملک جہان خان کے ہاں بہ مقام اوچھالی (تحصیل و ضلع: خوشاب) اعوان برادری میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد گرامی فوج میں ملازم تھے۔ ۱۹۵۰ء میں ان کی تعیناتی امروکا اسٹیشن پر ہوئی اور یوں وہ اپنے اہل خانہ کو بھی ساتھ لے آئے۔ ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء کو خلافت سے سرفراز فرمائے گئے۔ ملازمت سے سبکدوشی کے بعد منڈی میں مستقل رہائش اختیار کر لی۔

☆۔صوفی محمد آصف شاہ مرحوم

آپ صوفی محمد خان شاہ کے صاحبزادے تھے۔ ۷ مئی ۱۹۸۶ء کو جوڑ کی سکھاں میں پیدا ہوئے۔ میٹرک تک تعلیم حاصل کی اور اپنے والد صاحب کے ساتھ کاروبار میں ان کا ہاتھ بٹانے لگے۔ ۱۱ اپریل ۲۰۰۲ء کو بیعت ہوئے۔ چچا صاحب نے ایک دن جب وہ ان کی خدمت میں حاضر تھے، فرمایا: یہ میرا خلیفہ تھا لیکن سالانہ عرس پہ باضابطہ اعلان سے قبل ہی ۲۰۰۶ء کو بروز عید ایکسیڈنٹ سے ان کی وفات ہوگئی۔ منڈی صادق گنج میں ان کی تدفین عمل میں لائی گئی۔

☆۔صوفی محمد ساجد شاہ

آپ ۲۵ اکتوبر ۱۹۸۵ء کو غلام نبی کے ہاں بہ مقام منڈی صادق گنج محلہ اسلام پورہ ہمدانی برادری میں پیدا ہوئے۔ پرائمری تک تعلیم پائی اور سائیکلوں کے کام سے منسلک ہو گئے۔ ان کی دکان چچا صاحب کے پرانے مکان کی ڈیوڑھی سے متصل ہے اور یہ وہ خوش نصیب مرید ہیں جو روز سب سے پہلے دیدِ شیخ سے سرفراز ہوتے ہیں۔ این سعادت بزورِ بازو نیست۔ آپ ۱ جون ۲۰۰۶ء کو بیعت ہوئے اور ۲۶ فروری ۲۰۱۰ء کو خلافت سے سرفراز ہوئے۔ محفل سماع میں [illegible] کھیلتے ہیں۔

☆۔صوفی پرویز اختر شاہ

آپ ۲۱ مارچ ۱۹۵۶ء کو روشن دین کے ہاں بہ مقام منڈی صادق گنج محلہ [illegible] برادری میں پیدا ہوئے۔ پرائمری تک تعلیم حاصل کی اور [illegible]۔ آپ کی دکان منڈی بازار میں واقع ہے۔ آپ ۱۱ نومبر ۱۹۹۹ء کو بیعت ہوئے اور ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء کو خلافت سے نوازے گئے۔

Marfat.com

☆-صوفی محمد حنیف شاہ

آپ ۱۹۸۲ء کو محمد منشا کے ہاں بہ مقام قبر پٹ، چوہان برادری میں پیدا ہوئے. آپ امی محض ہیں اور بہ طور پلے دار منڈی میں کام کرتے ہیں. ۱۰ اپریل ۲۰۰۲ء کو بیعت ہوئے اور ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء کو انھیں خلافت عطا کی گئی. آپ مستقل طور پر منڈی میں ہی رہائش پذیر ہیں.

☆-صوفی عبدالرشید شاہ

آپ ۱۹۸۶ء کو محمد یوسف کے ہاں بہ مقام منڈی صادق گنج، ماکھو کے بھیلم برادری میں پیدا ہوئے. آپ نے دو چار جماعتیں پڑھیں اور بہ طور مزدور کسب معاش کرنے لگے. ۱۷ مارچ ۲۰۰۴ء کو آپ بیعت ہوئے اور ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء کو ان کی خلافت کا اعلان ہوا.

☆-صوفی دل شاد اختر شاہ

آپ ۱۲ اگست ۱۹۸۵ء کو جناب سردار محمد عرف دار (مرید: حضرت صاحب) کے گھر بہ مقام محلہ نوری وارڈ نمبر ۵ منڈی صادق گنج ڈھڈی قبیلے میں پیدا ہوئے. مڈل تک تعلیم حاصل کی اور بہ طور منشی کسب معاش کرنے لگے. آپ ۹ جون ۲۰۰۳ء کو بیعت ہوئے اور ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء/ ۲۹ ذی الحجہ ۱۴۳۰ھ کو خلافت سے سرفراز ہوئے.

☆-صوفی فقیر حسین شاہ

آپ ۲۵ دسمبر ۱۹۸۴ء، محمد یاسین کے ہاں بہ مقام منڈی صادق گنج، شیخ برادری میں پیدا ہوئے. میٹرک تک تعلیم حاصل کی اور بہ طور منشی منڈی میں کام کرنے لگے. ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء کو ان کی خلافت کا اعلان کیا گیا.

☆-صوفی محمد سجاد شاہ

آپ ۱۹۸۸ء کو لالا کے ہاں بہ مقام منڈی صادق گنج، دین دار برادری میں پیدا ہوئے. محض امی ہیں اور تجارت کے پیشے سے منسلک ہیں. ۱۱ نومبر ۱۹۹۹ء کو بیعت ہوئے اور ۲۶ فروری ۲۰۱۰ء کو ان کی خلافت کا اعلان کیا گیا.

☆-صوفی محمد مصطفا شاہ

آپ ۲۵ جولائی ۱۹۸۱ء کو مشتاق احمد کے ہاں بہ مقام منڈی صادق گنج، جوئیہ برادری میں پیدا ہوئے. پرائمری تک تعلیم حاصل کی اور بہ طور گھڑی ساز کام کرنے لگے. ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء کو ان کی خلافت کا اعلان کیا.

Marfat.com

☆-صوفی محمد اسماعیل شاہ

آپ ۱۹۶۵ء کو نور محمد کے ہاں بہ مقام منڈی صادق گنج محلہ نظام پورہ میں چوہان راج پوت برادری میں پیدا ہوئے. پرائمری تک تعلیم حاصل کی اور بہ طور پلے دار منڈی میں کام کرتے ہیں. آپ ۹ ستمبر ۲۰۰۰ء کو بیعت ہوئے اور ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء کو خلافت سے نوازے گئے.

☆-صوفی محمد سرفراز شاہ

آپ ۵ جنوری ۱۹۸۵ء کو محمد عباس کے ہاں بہ مقام منڈی صادق گنج ڈھڈی برادری میں پیدا ہوئے. مڈل تک تعلیم حاصل کی اور بہ طور حجام کسب معاش کرنے لگے. آپ کی دکان منڈی میں ہی واقع ہے. آپ ۱۹ جون ۲۰۰۳ء کو بیعت ہوئے اور ۲۶ نومبر ۲۰۱۱ء کو خلافت سے نوازے گئے.

=ہارون آباد (ضلع، بہاول نگر)

☆-صوفی محمد وکیل شاہ

آپ ۶ جنوری ۱۹۷۷ء کو محمد رمضان غوری کے ہاں غوری برادری میں بہ مقام دنیا پور لودھراں پیدا ہوئے. پرائمری تک تعلیم پائی اور قرآن پاک بھی حفظ کیا. ۱۸ جولائی ۲۰۰۳ء کو بیعت ہوئے اور ۲۶ فروری ۲۰۱۰ء کو خلافت سے سرفراز فرمائے گئے. آج کل بہ سلسلہ روزگار ملتان میں مقیم ہیں.

☆-صوفی مظہر فرید شاہ

آپ یکم اکتوبر ۱۹۹۰ء کو محمد طفیل کے ہاں بہ مقام خان کالونی ہارون آباد میں چوہان برادری میں پیدا ہوئے. پرائمری تک تعلیم حاصل کی اور کریانے کی دکان کے ذریعے کسب معاش کرتے ہیں. آپ ۹ جنوری ۲۰۰۱ء کو بیعت ہوئے اور ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء کو آپ کی خلافت کا اعلان ہوا.

☆-صوفی محمد آصف شاہ

آپ ۳۱ دسمبر ۱۹۹۲ء کو نذیر احمد کے ہاں بہ مقام خان کالونی ہارون آباد پیدا ہوئے. پرائمری تک تعلیم حاصل کی اور بہ طور مزدور کسب معاش کرنے لگے. آپ ۳۰ اکتوبر ۲۰۰۹ء کو بیعت ہوئے اور ۲۶ نومبر ۲۰۱۱ء کو خلافت سے سرفراز ہوئے. (۲۸)

Marfat.com

حوالہ جات وحواشی

صوفی شیر محمد صاحب ہنومان گڑھ (ریاست بیکانیر- بھارت) کے رہنے والے تھے۔ قیام پاکستان کے بعد اپنی ہمشیرہ کے ہمراہ موضع ہرن والا میں آ کر سکونت پذیر ہوئے۔ ان کا تمام خاندان ہنومان گڑھ میں ہی رہا۔ یہاں آ کر وہ فوج (ایم۔ پی) میں بھرتی ہو گئے۔ دوران ملازمت زیادہ تر بہاول پور میں رہے۔ یہ ملتان میں حضرت صاحب کے دامن سے وابستہ ہوئے۔ انھیں حضرت صاحب سے بہت لگاؤ تھا۔ آپ کئی دفعہ بہاول نگر شہر سے ہرن والا ذکر کرانے کے لیے پیادہ پا تشریف لائے۔ بہاول نگر سے ہرن والا اندازاً پینتالیس کلو میٹر کے فاصلے پہ واقع ہے۔ آپ سلسلے کے نہایت متحرک کارکن تھے۔ حضرت صاحب نے ایک باران کے بارے میں فرمایا تھا: یہ ہمارا قلندر ہے۔ ملازمت سے سبک دوشی کے بعد آپ اوکاڑہ میں رہائش پذیر ہو گئے اور وہیں وفات پائی۔ آپ کا مزار دیپال پور چوک کے جنوب میں ایک فرلانگ کے فاصلے پر اوکاڑہ شہر میں ہی واقع ہے۔

۲۔ امین شاہ، صوفی محمد، **مکالمہ از شاہ رضوان اختر سہروردی** منڈی صادق گنج، ۲۴ نومبر ۲۰۱۳ء

۳۔ ایضاً

۴۔ بہ مطابق سند خلافت

۵۔ احمد دہلوی، سید، **فرہنگ آصفیہ**، لاہور، اسلامیہ پریس، جنوری ۱۸۹۸ء، اول، ۳/۱۶۳-۱۶۴

۶۔ صدیقی وارثی، مولوی شیخ فضل حسین، **مشکوٰۃ حقانیت المعروف معارف وارثیہ**، بانکی پور، مطبع اخلاق، ۱۹۱۹ء، اول، ص ۱۲۶

وارثی، اوگھٹ شاہ، **وارث گن پرکاش**، بانکی پور/ پٹنہ، برقی پریس، س ن، ص ۹

۷۔ قاضی محمد عبدالسبحان ہزاروی (۱۸۹۸-۲ مئی ۱۹۵۸/ ۱۲ شوال ۱۳۷۷ھ) ایک مناظرے کے سلسلے میں ایک بار گولڑہ تشریف لے گئے۔ جب آپ محفل سماع میں پہنچے تو واعظ قوال آپ کی طرف متوجہ ہوئے اور آپ کے مزاج کے مطابق گرہ لگانے لگے۔ بعد ازاں آپ نے واعظ قوال کے بارے میں فرمایا: ''واعظ صاحب قوال صاحب کشف آدمی ہیں کہ میرے باطنی حال کو از راہ کشف دیکھ کر واعظ صاحب نے میری طرف دیکھ کر میرے حسب حال اشعار پڑھے ہیں۔'' (ہزاروی، قاضی غلام محمود، مرتب، **فیوضیات سبحانیہ**، جہلم، مکتبہ غوثیہ مہریہ، س ن، اول، ص ۱۶۷) طارق مسعود اپنی تالیف **عزیز میاں** میں واعظ قوال کے بارے میں رقم طراز ہیں: ''۱۹ویں صدی میں عظیم المرتبت علی بخش المعروف واعظ الوقت نے اس فن کی ترویج وترقی میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ واعظ الوقت حافظ قرآن تھے اور انھیں فارسی، عربی، ہندی اور اردو کا بہت زیادہ کلام از بر تھا۔'' (ظفر مسعود، **عزیز میاں**، راول پنڈی، ٹیمکو انٹرنیشنل، یکم اگست

Marfat.com

۱۹۹۵ء، ص ۲۶) اشفاق سلیم مرزا اپنے ایک مضمون میں لکھتے ہیں: ''بیس ویں صدی کے اوائل کے قوالوں میں سے علی بخش واعظ کا نام سب قوال احترام سے لیتے ہیں۔ حافظ عطا محمد صاحب کے بیان کے مطابق وہ حیدر آباد کے محلہ نام پلی میں رہتے تھے۔ انھوں نے قوالی کے فن میں کئی اضافے کیے خصوصاً قوالی میں گرہ انھیں کے نام کے ساتھ منسوب ہے۔ انھیں قوالوں کا استاد کہا جاتا ہے۔ ان کے متعلق زیادہ معلومات حاصل نہیں ہو سکیں۔ حاجی محبوب پاک پتن والے قوالی میں ان کے شاگرد ہیں۔ حافظ عطا محمد صاحب بھی کہتے ہیں کہ انھوں نے قوالی ان سے سیکھی۔'' (مرزا، اشفاق سلیم، **اسلام میں موسیقی اور قوالی کی روایت**، مشمولہ، ماہ نامہ احساس، **رقص و موسیقی نمبر (حصہ اول)**، پشاور، ج ا، ش ۶-۷، ص ۱۷۹-۱۸۰) طارق مسعود نے ہندستان کے معروف قوال عبدالرحمان کانج والا کا ایک بیان بہ روایت عزیز میاں اپنی کتاب میں درج کیا ہے: ''رمضان خان صاحب اور محفل میں موجود قوال برادری میرا فیصلہ سن لو نوجوان قوال عزیز میاں کی قوالی سن کر آج مجھے اپنے استاد علی بخش واعظ یاد آ گئے۔ یہ نوجوان قوال مستقبل کا عظیم قوال ہوگا۔'' (طارق مسعود، ص ۷۳)

۸. عبدالحیٔ چشتی، محمد، مرتب، **مکتوباتِ طیبات معروف بہ مہر چشتیہ**، گولڑہ، غلام معین الدین شاہ، س ن، ص ۲۲۵

۹. تھانوی، مولانا شاہ اشرف علی، **التکشف عن مہمات التصوف**، کراچی، کتب خانہ مظہری، س ن، ص ۲۶۸

۱۰. صدیقی، منصور احمد، **انساب صدیقی**، اسلام آباد، سن رائز پبلی کیشنز، دسمبر ۱۹۹۵، ص ۲۳۱

۱۱. اسلام آبادی، **یادگار جہاں گیری مع آئینۂ جہاں گیری**، ص ۶۳

خانقاہ نقش بندیہ مجددیہ گھملول (کوہاٹ) کے خلیفہ جناب صوفی رب نواز (پ: ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۲ء، دویاں ضلع چک وال) نے اپنی تالیف **تصورِ شیخ** میں اس شعر کو خود سے منسوب کیا ہے۔ (رب نواز، تصورِ شیخ، کوہاٹ، س ن، ص ۳) قبل ازیں وہ پوری غزل (جس کا یہ شعر ہے) کو اپنے شعری مجموعے ضیائے نقشبند میں نقل کر چکے ہیں۔ (رب نواز، ضیائے نقشبند، کوہاٹ، س ن، ص ۲۴۷) یہ الگ بات کہ غزل کا متن بھی پوری صحت کے ساتھ نقل نہیں ہو پایا۔ یہ غزل پہلی بار ربیع الاول ۱۳۳۵ھ جنوری ۱۹۱۷ء میں یادگار جہاں گیری مع آئینۂ جہاں گیری (دہلی، شاہ عبدالقدیر قادری جہاں گیری، ص ۶۳-۶۴) میں شائع ہوئی تھی اب یہ کیسے ممکن ہے کہ صوفی صاحب نے اپنی ولادت سے پندرہ سال قبل یہ غزل کہہ دی ہو اور وہ بھی کئی فنی اغلاط کے ساتھ مزید تفصیلات کے لیے دیکھیے

حسن نواز شاہ، ضیاءِ نقش بند کی ایک غزل، مشمولہ سہ ماہی سوز و گداز، ۱۱۵ اپریل تا جون ۲۰۰۶ء، ج ۶، ش ۲، ص ۶۲-۶۵

مصطفیٰ آباد (ضلع قصور) کے حافظ امانت علی عطر چشتی نے بھی اپنی تالیف **عرفان (خدا کی پہچان)** میں اس شعر کو غلطی سے حضرت صاحب (صوفی محمد نقیب اللہ شاہ) سے منسوب کیا ہے (مصطفیٰ آباد، مؤلف خود،

Marfat.com

[۱۹۸۰ء]، ص ۱۱

۱۲. سہروردی، شاہ رضوان اختر، **گفتارِ شاہِ امین**، غیر مطبوعہ

۱۳. یہ صاحب سیال کوٹ سے آیا کرتے تھے اور چاول کے بیوپاری تھے۔

۱۴. سہروردی، **گفتارِ شاہِ امین**، غیر مطبوعہ

۱۵. ایضاً

۱۶. رہتکی، مولانا مولوی محمد انور علی، **پوتھی لا الٰہ الا اللہ**، لاہور، ملک فضل الدین وچنن الدین وتاج الدین ککے زئی، ۱۳۴۰ھ، پنجم ص ۸

۱۷. ہری اودھ، **کبیر وچناولی**، اردو ترجمہ، سرسوتی سرن کیف، دہلی، ساہتیہ اکادمی، ۱۹۹۰ء، اول ص ۴۵

۱۸. سہروردی، **گفتارِ شاہِ امین**، غیر مطبوعہ

۱۹. **تلسی رامائن** (دہلی، دیہاتی پستک بھنڈار، س ن، ۷۰۸ص) کا یہ نسخہ اب مخدومہ امیر جان لائبریری نزالی میں محفوظ ہے۔

۲۰. جعفری، رئیس احمد، **انوارِ اولیا**، لاہور، شیخ غلام علی اینڈ سنز، س ن، ص ۳۸۱

۲۱. آپ ۲۸ اگست ۱۹۵۲ء میں نور محمد کے ہاں بہ مقام لالیکا (تحصیل: منچن آباد/ضلع: بہاول نگر) قریشی برادری میں پیدا ہوئے۔ میٹرک تک تعلیم حاصل کی اور گائیکی کے فن سے وابستہ ہو گئے۔ ۱۹۶۸ء میں بخشی سلامت قوال (م: ۱۷ دسمبر ۱۹۹۳ء) کے آگے زانوے تلمذ طے کیا اور دو سال استاد کے ساتھ رہے۔ ان کی نسبت بیعت بابا صاحب (خواجہ صوفی محمد نواز شاہ) سے ہے۔ ۱۹۷۰ء میں پہلی بار اپنے فن کا مظاہرہ چچا صاحب کے استاد سید روشن علی شاہ مداری کے مزار پہ ان کے عرس کے موقعے پر کیا۔ چچا صاحب نے ان کو مدعو فرمایا۔ انھوں نے حضرت صاحب (خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ) اور چچا کے صاحب کے سامنے پہلی بار قوالی کی۔ ۱۹۷۳ء میں باقاعدہ اپنی پارٹی بنائی اور ملک کے طول و عرض میں اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ ان کے اب تک پچاسی کے قریب لوک گیتوں اور قوالیوں کے والیمز آ چکے ہیں۔ اردو، فارسی، پنجابی اور سرائیکی میں کلام پڑھتے ہیں۔ پنجابی اور سرائیکی کلام بہت مہارت سے پڑھتے ہیں، بالخصوص سسی تو بہت ڈوب کے گاتے ہیں۔ (محمد حسین قوال، **ٹیلی فونک مکالمہ از شاہ رضوان اختر سہروردی**، بہاول نگر، ۲۲ دسمبر ۲۰۱۳ء)

۲۲. سہروردی، **گفتارِ شاہِ امین**، غیر مطبوعہ

۲۳. امام مسلم، جامع، **تفہیم المسلم مترجم مع شرح صحیح مسلم شریف**، ترجمہ و شرح، مولانا محمد زکریا اقبال، کراچی، دارالاشاعت، [۱۴۲۶ھ]، ۱/۶۵-۷۶۶

۲۴. نارنگ، ڈاکٹر گوپی چند، **اردو غزل اور ہندستانی ذہن و تہذیب**، دہلی، قومی کاونسل برائے فروغ زبان اردو،

Marfat.com

جولائی ۲۰۰۲ء، اول، ص ۲۷۶

- ایضاً، لاہور، سنگ میل پبلی کیشنز، ۲۰۰۵ء، ص ۲۷۶

نواز شاہ، خواجہ صوفی محمد، **بیاض**، نزالی، مخدومہ امیر جان لائبریری، ۱۹۵۵ء

ممتاز اشرفی، **مکتوب بہ نام راقم**، کراچی، ۱۵ جنوری ۱۹۹۵ء

راقم الحروف نے بھی جب اول اول شعر کہنا شروع کیا تو اس زمین میں بھی طبع آزمائی کی اور ایک طویل غزل کہی. اس زمانے میں ممتاز اشرفی قوال سے بھی سلسلہ مراسلت تھا، ان سے بھی فرمائش کر کے اس زمین میں غزل کہلوائی تھی. (**مکتوب بہ نام راقم**، کراچی، ۲۴ اکتوبر ۱۹۹۴ء) ذیل میں ممتاز اشرفی مرحوم کی غزل اور اپنے چند اشعار نقل کیے جاتے ہیں:

کہیں زاہد، کہیں واعظ کہیں شیخ و برہمن ہم
ذرا دیکھو تو کس کس رنگ کی ڈالے ہیں چلمن ہم
کہیں پر حسن یوسف ہیں کہیں عشق زلیخا ہیں
کہیں محمل نشیں ہیں اور کہیں پھرتے ہیں بن بن ہم
کہیں گم گشتہ راہی ہیں کہیں پر خضر منزل ہیں
کہیں ہیں رہبر کامل کہیں ہیں خود ہی رہزن ہم
فقیر بے نوا ہم ہی ہیں ہم ہی حاکم و سلطاں
کہیں پر بے ہنر ہیں ہم کہیں پر صاحب فن ہم
کہیں پر باعمل نوری کہیں پر بے عمل ناری
ہیں اپنے دوست اپنے اور ہیں اپنے آپ دشمن ہم
کہیں مخدوم ہیں ہم اور کہیں پر ہم ہی خادم ہیں
کہیں تو بیٹھ کر ہر روپ کا کرتے ہیں درشن ہم
کہیں منصور و سرمد ہیں، کہیں پر شمس تبریزی
کہیں ممتاز مفتی ہیں، کہیں پر ہیں مؤذن ہم

ذرا دیکھو تو کیا کیا روپ کر لیتے ہیں احسان ہم
کہیں مسجد میں عابد ہیں کہیں مندر میں برہمن ہم
عجب مجموعۂ اضداد ہستی اپنی ہستی ہے
کہیں ہیں رام کی صورت کہیں پر شکل راون ہم

Marfat.com

کہ اس ہونے نہ ہونے کا معمہ کس طرح حل ہو
اگر وہ ہم سے یہ کہہ دیں کہ ظاہر ہم ہیں باطن ہم!
غبار راہ میں گم ہیں، کہیں منزل نشیں لیکن
کہیں رستہ، کہیں رہبر، کہیں ہیں خود ہی رہزن ہم
یہ ہیں سب روپ اپنے ہی نہ کھانا نام سے دھوکا
کہ رند و زاہد و صوفی جو ہم، شیخ و برہمن ہم
کہیں پر شیخ اکبر ابن العربی کے تکلم میں
وجودی سر مخفی کو کیا کرتے ہیں روشن ہم
کہیں پر شیخ سرہندی کی صورت میں ہوئے ظاہر
شھودی راز پنہاں کے عیاں ہونے کا کارن ہم
ہماری عمر دشت عشق میں ہر دور سے گزری
کہیں مجنوں، کہیں وامق، کہیں فرہاد و رانجھن ہم
حقیقت قرب و دوری کی اگر پوچھو تو اتنی ہے
کہیں ہیں معتقد اپنے، کہیں ہیں خود سے بدظن ہم
اذان مسجد و ناقوس مندر میں حسن ہر دن
محاسن اپنے دھراتے ہیں یوں، شیخ و برہمن ہم

۲۵۔ حسن نواز شاہ، گوجر خان کے سہروردی مشائخ ص ۴۱۶-۴۲۳

۲۶۔ ایضاً ص ۳۲۶، ۳۳۱-۳۳۲، ۳۴۰-۳۴۱، ۳۵۳، ۳۷۱

۲۷۔ آپ ۳ مئی ۱۹۵۷ء کو چودھری محمد کے ہاں بہ مقام گیدرسونا (تحصیل: چڑھوئی، ضلع: کوٹلی) کلیال جاٹ برادری میں پیدا ہوئے۔ مڈل تک تعلیم حاصل کی اور بہ سلسلہ روزگار پندرہ برس سعودی عرب میں مقیم رہے۔ واپسی پر تقریباً پچیس سال میر پور میں ہوٹل چلایا۔ آپ ۳ نومبر ۲۰۱۱ء کو شوگر کے مرض کے سبب فوت ہوئے اور اپنے آبائی گانو میں آپ کی تدفین عمل میں لائی گئی۔ صوفی محمد رشید شاہ، صوفی عبدالرحمان شاہ اور صوفی طارق محمود شاہ صاحبان نے جنازے میں شرکت کی۔

۲۸۔ آپ صوفی دلاور خان شاہ اور صوفی رئیس خان شاہ (راول پنڈی) ہر دو برادران کے خالو اور سسر ہیں۔

۲۹۔ آپ صوفی زاہد خان شاہ (پشاور) کے برادر خرد ہیں۔

۳۰۔ آپ صوفی زاہد خان شاہ (پشاور) کے ہم زلف ہیں۔

۳۱۔ آپ ۱۴ جون ۱۹۸۳ء کو جناب محمد سعید بھٹہ کے ہاں بہ مقام ملتان، بھٹہ برادری میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۹۹ء

Marfat.com

میں گورنمنٹ پائلٹ سیکنڈری سکول ملتان سے میٹرک اور ۲۰۰۱ء میں گورنمنٹ کالج (اب: ایمرسن کالج) ملتان سے ایف ایس سی کے امتحانات پاس کیے۔ ۲۰۰۴ء میں بہ طور پرائیویٹ امیدوار بہاء الدین زکریا یونی ورسٹی سے بی اے اور ۲۰۰۲-۲۰۰۶ء میں زرعی یونی ورسٹی فیصل آباد سے بی ایس سی (آنرز) کیا۔ ۲۰۰۷-۲۰۰۸ء Institute Des Suprargo Montpellier 2 (UM2) فرانس سے ایم فل کیا اور ۲۰۱۰ء میں، واپس پاکستان آ گئے۔ ۲۰۱۱ء سے تاحال جی سی یونی ورسٹی فیصل آباد میں ملازمت کر رہے ہیں۔ آپ نے ۲۰۰۵-۶ء میں باقاعدہ شعر کہنے کا آغاز کیا اور ابتدا میں جناب مرتضیٰ اشعر (ملتان) سے رہ نمائی اور ۲۰۰۷ء تک جناب ثناء اللہ ظہیر (فیصل آباد) سے مشاورت کرتے رہے۔ آپ کی طبیعت شروع سے ہی غزل کی طرف مائل ہے اور اب تک آپ نے غزل ہی کہی ہے۔ البتہ ابتدا میں غزل کے ساتھ ساتھ کچھ اردو ماہیے بھی کہے جو جدید ادب (جرمنی، جولائی-دسمبر ۲۰۰۹ء، شمارہ مسلسل ۱۳، ص ۳۱۸) میں شائع ہوئے۔ آپ کا کلام اب تک جن اردو مجلات میں شائع ہو چکا ہے ان کے نام درج ذیل ہیں: جدید ادب (جرمنی)، دبستان (لاہور)، کینوس (کراچی)، حرف (کوئٹہ)، اوراق (سرگودھا)، قرطاس (گوجرانوالا)، ماہِ نو (کراچی)، سرخاب (ایبٹ آباد)، اجرا (کراچی)، بیاض (لاہور)، فنون (لاہور)، طلوعِ اشک (شیخوپورہ)، سمبل (راولپنڈی)، عکاس انٹرنیشنل (اسلام آباد)، صبح بہاراں (دوتالہ) اور قومی ڈائجسٹ (لاہور)۔ آپ کا کلام روزنامہ نوائے وقت، روزنامہ جنگ، روزنامہ دن اور روزنامہ پاکستان کے ادبی صفحات کی زینت بھی بن چکا ہے۔ (مبشر سعید، ٹیلی فونک مکالمہ از راقم، ملتان، ۲۵ جنوری ۲۰۱۴ء)

۳۲۔ آپ ۲۷ ستمبر ۱۹۲۷ء کو p-۱۰۰ ضلع رحیم یار خان میں چودھری رحیم بخش صابری (م ۱۹۷۵ء) کے ہاں جٹ برادری میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والدین قیامِ پاکستان سے قبل موضع بینال ضلع ہوشیار پور (بھارت) سے ہجرت کر کے رحیم یار خان میں آ کر رہائش پذیر ہو گئے تھے۔ حصولِ تعلیم کے بعد آپ فوج میں بھرتی ہو گئے اور ۱۹۷۵ء میں بہ طور صوبے دار میجر ملازمت سے سبک دوش ہوئے۔ آپ کی ۱۹۵۶ء میں سیالکوٹ چھاؤنی میں خواجہ صوفی نقیب اللہ شاہ سے ملاقات ہوئی اور ۱۹۵۹ء میں آپ ان سے بیعت ہوئے۔ ۱۹۶۰ء میں آپ کو خلافت سے نوازا گیا۔ ۱۲ رمضان ۱۴۱۸ھ / ۱۰ جنوری ۱۹۹۸ء کو آپ نے وفات پائی۔ آپ کا مزار چک p-۱۰۰ ضلع رحیم یار خان میں ہے۔ (نفیس صوفی شبیر، ٹیلی فونک مکالمہ از راقم، چک p-۱۰۰ ضلع رحیم یار خان، ۲۳ ستمبر ۲۰۰۹ء)

۳۳۔ آپ ۱۹۳۶ء کو چک مرزے والا (ضلع لائل پور) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں سے حاصل کی اور دینی تعلیم سید روشن علی شاہ مداری سے حاصل کی۔ تعلیم کے بعد کاشت کاری میں اپنے والد صاحب کا ہاتھ بٹانے لگے۔ بعد ازاں جہان والا میں چوہدری صاحب کی امامت سے بعد منڈی صادق گنج میں امامت سے

کاروبار سے منسلک ہو گئے ۔۱۹۷۲ء میں حضرت صاحب سے بیعت ہوئے اور ۲۷ نومبر۱۹۷۴ء کو خلافت سے سرفراز فرمائے گئے ۔۸ اگست ۱۹۹۴ء کو بیعت لینے کا آغاز کیا اور ۱۹۹۶ء میں منچن آباد میں مستقل رہائش اختیار کی۔ (نقیبی ،سید انور سعید، **گلزارِ نقیب**، ماناں والا/ شیخوپورہ، مولف خود، ۸ ذیقعد ۱۴۱۵ھ/ ۹ اپریل ۱۹۹۵ء، اول، ص ۲۱۷-۲۱۹) مورخہ ۱۹ رمضان ۱۴۲۰ھ/ ۱۶ دسمبر ۲۰۰۰ء کو آپ نے وفات پائی اور منچن آباد میں ہی آپ کی تدفین عمل میں لائی گئی ۔مولانا فضل الرحمان مہتمم انوار الاسلام منچن آباد نے نماز جنازہ پڑھائی۔آپ نے اپنے بیٹے صاحب زادہ عمر دراز شاہ (پ:۱۵ جون ۱۹۶۸ء) کو اپنا سجادہ نشین مقرر کیا تھا۔آپ کے مکاشفات اور اپنی آبائی بولی پر مشتمل آپ کی شاعری کی بیاضیں آپ کے سجادہ نشین کے پاس محفوظ ہیں۔

۳۴۔ آپ ۱۹۲۷ء کو بہ مقام سلواہا (تحصیل: مینڈر/ضلع: پونچھ-مقبوضہ کشمیر) میں میاں محمد حسن کے گھر گوجر کھٹانہ برادری میں پیدا ہوئے۔مڈل تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد ۱۹۴۱ء میں ہندستانی فوج میں بھرتی ہو گئے اور ۱۹۶۹ء میں بہ طور صوبے دار ملازمت سے فارغ ہوئے۔قیامِ پاکستان کے بعد آپ دوتھان (تحصیل: راولاکوٹ/ضلع: پونچھ-آزاد کشمیر) منتقل ہو گئے اور ۱۹۸۲ء میں لاہور میں مستقل سکونت اختیار کر لی۔آپ ۱۹۵۳ء کو کوئٹہ میں بیعت ہوئے اور ۱۹۵۳ء میں ہی خلافت سے سرفراز فرمائے گئے۔آپ نے ۱۹۶۴ء میں بیعت لینے آغاز کیا۔آپ نے ۲ جمادی الاول ۱۴۲۵ھ/ ۱۰ جون ۲۰۰۵ء کو لاہور میں وفات پائی اور بستی عظمت پورہ بیدیاں روڈ لاہور میں زیرِ خاک آسودہ ہیں۔آپ اردو اور گوجری زبان میں شعر بھی کہتے تھے۔گوجری کلام کے بارے میں تو معلوم نہیں البتہ آپ کا اردو کلام جواب تک نظر سے گزرا ہے اس میں کافی فنی مسائل ہیں۔آپ کے صاحب زادے صوفی جلیل الرحمان شاہ (پ:۱۹۶۴ء) آپ کے سجادہ نشین ہیں۔ (جلیل الرحمان شاہ، صوفی، **ٹیلی فونک مکالمہ از راقم**، لاہور، ۱۲ نومبر ۲۰۰۹ء) بابا صاحب کی ایک بیاض جو فوج میں ملازمت کے دوران کی ہے اس میں صوفی بشیر احمد شاہ کی بھی کچھ منظومات درج ہیں ،ذیل میں ایک غزل کے چند اشعار درج ہیں:

پڑھی تکبیر تحریمہ تو کعبہ روبرو آیا
بندھی نیت جو سجدے کی تو مولا روبرو آیا
اٹھائے ہاتھ کانوں تک، کہا اللہ اکبر جب
کہوں پھر میں نے کیا دیکھا، خدا خود روبرو آیا
وہ تھا مسجود، میں ساجد، ہوا سجدہ عجب ایسا
نہ سجدہ تھا، نہ ساجد تھا کہ جلوہ روبرو آیا

Marfat.com

ہوئی مستی عیاں ایسی کہ بھولے فرض و سنت بھی
نہ تھی تعداد سجدوں کی، جو جلوہ چار سو آیا

(نواز شاہ، خواجہ صوفی محمد، بیاض، نزالی، مخدومہ امیر جان لائبریری، ۱۹۵۵ء، ص ۳۴)

۳۵. صوفی محمد جمشید شاہ کے بارے میں بابا صاحب کا ارشاد ہے: ''وہ بہت اچھے اور سمجھ دار صوفی تھے۔ حضرت صاحب کے ابتدائی خلفا میں سے تھے۔'' راقم نے سلسلے کے ہی کسی بزرگ سے سنا تھا کہ ان کا تعلق راہ برادری سے تھا۔ ان کا مزار ماڈل کالونی پرانا قبرستان ملیر کراچی میں ایک چار دیواری کے اندر ہے۔ قبر پختہ ہے اور اس پر کتبہ بھی نصب ہے۔ ۱۰-۱۱ جمادی الثانی ۱۴۰۲ھ/ ۵-۶ اپریل ۱۹۸۲ء کی تواریخ میں منعقد ہونے والے ان کے سالانہ عرس کے دعوت نامے میں ان کا اسم گرامی صوفی محمد جمشید علی شاہ طبع ہوا ہے اور بہ طور میزبان ان کے ایک خلیفہ کا نام: ''خادم آستانہ عالیہ صوفی محمد عمر جمشیدی'' درج ہے۔ قبر کے کتبے پر ان کی تاریخ وفات ۱۴ مئی ۱۹۷۹ء/ ۱۰ جمادی الثانی ۱۳۹۸ھ کندہ ہے۔ ذیل میں کتبہ نقل کیا جاتا ہے:

یا اللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یا محمد

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

فکر عقبی کر کے ناحق عمر کیوں ضائع کروں
اس کو خود ہی لاج ہوگی جس کا کہلاتا ہوں میں

لٹ گئی کامل جہاں ساری متاعِ زندگی
کیا قیامت ہے وہیں سے زندگی پاتا ہوں میں

مزار پر انوار

الحاج صوفی محمد جمشید

قادری ابوالعلائی جہانگیری چشتی صابری

خلیفہ حضرت صوفی الحاج محمد نقیب اللہ شاہ صاحب

در یار پہ لٹا دے تو متاعِ زیست خادم
یہی رسم عاشقاں ہے یہی شانِ بندگی ہے

وقت وصال عمر ۵۲ سال

سنہ پیدائش ۱۳۴۶ھ

تاریخ وفات ۱۰ جمادی الثانی ۱۳۹۸ھ

۱۴ مئی ۱۹۷۹ء بروز پیر

اس چار دیواری میں کسی محمد فرید ولد خورشید حسن کی بھی پختہ قبر ہے۔ ان کی قبر کے کتبے پر تاریخ وفات ۲۲

Marfat.com

ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ/ ۷ نومبر ۲۰۱۲ء بروز بدھ کندہ ہے۔دونوں قبور کے درمیان بھی ایک کچی قبر ہے جسے شاید کسی نے اپنے لیے رکھا ہوا ہے۔(ظہیر احمد، **ٹیلی فونک مکالمہ از راقم**، کراچی، ۵ جنوری ۲۰۱۳ء)

۳۶۔ صوفی عبداللطیف شاہ (م: ۲۷ ربیع الاول ۱۴۲۲ھ/ ۲۰۰۲ء، مدفون: کراچی)، صوفی محمد یاسین شاہ مرحوم اور صوفی محمد عبداللہ شاہ عرف عبدل بھائی (مدفون: نقیب آباد) کی نسبت بیعت تو صوفی حنیف شاہ مرحوم سے تھی البتہ انھیں خلافت اپنے دادا مرشد خواجہ صوفی لعل محمد شاہ سے حاصل ہوئی۔ ہر سہ حضرات تادم حیات سلسلے کی اشاعت میں سرگرم عمل رہے۔خواجہ صوفی لعل محمد شاہ نے اپنی تالیف میں جہاں اپنے چند خلفا کے اسما لکھے ہیں وہیں صوفی عبداللطیف شاہ اور صوفی عبداللہ شاہ کے نام بھی بہ طور روحانی نبیرہ کے تحریر کیے ہیں۔(لعل محمد شاہ، صوفی نقیبی **اقتباسات سماعت**، حیدرآباد، مولف خود، ۱۹۹۰ء، اول، ص ۲۴)

۳۷۔ ان چاروں کی خلافت کا اعلان ۱۹۶۰ء میں بہ مقام کوئٹہ، شاہ مخلص الرحمان جہاں گیر کے سالانہ عرس پہ ہوا۔

۳۸۔ ان چاروں کی خلافت کا اعلان ۱۹۶۱ء میں بہ مقام کوئٹہ، شاہ مخلص الرحمان جہاں گیر کے سالانہ عرس پہ ہوا۔

۳۹۔ ان تینوں کی خلافت کا اعلان ۱۹۶۹ء میں بہ مقام نقیب آباد/قصور، شاہ مخلص الرحمان جہاں گیر کے سالانہ عرس پہ ہوا۔

۴۰۔ ان دونوں کی خلافت کا اعلان ۱۹۷۰ء میں بہ مقام نقیب آباد/قصور، شاہ مخلص الرحمان جہاں گیر کے سالانہ عرس پہ ہوا۔

۴۱۔ یہ تینوں ۱۹۷۵ء میں خلافت سے سرفراز ہوئے۔

۴۲۔ ان تینوں کو ۱۹۷۹ء میں خلافت عطا کی گئی۔

۴۳۔ ان دونوں کو ۱۹۸۲ء میں خلافت عطا کی گئی۔

۴۴۔ آپ ۲۶ دسمبر ۱۹۶۴ء کو جناب محمد نصیر کے ہاں بہ مقام ڈھوک مقدم (تحصیل: کلر سیداں-ضلع: راول پنڈی) چوہان راج پوت برادری میں پیدا ہوئے۔ایف ایس سی تک تعلیم حاصل کی۔آپ ۱۸ مارچ ۱۹۸۱ء کو بیعت ہوئے اور ۲۰ فروری ۱۹۸۳ء کو آپ کی خلافت کا اعلان کیا گیا۔۳۰ مارچ ۱۹۹۴ء سے تا حال برطانیہ میں مقیم ہیں۔گذشتہ کئی سالوں سے بیعت لے رہے ہیں۔(ظہیر شاہ، صوفی محمد، **ٹیلی فونک مکالمہ از راقم**، ۷ فروری ۲۰۱۴ء) آپ شعر بھی کہتے ہیں۔ذیل میں آپ کے چند اشعار نقل کیے جاتے ہیں:

اپنی ہر سانس ترے نام ہے لکھی جاناں!
ہر نظر تیری محبت پہ ہے رکھی جاناں!
ہر نیا چاند ترے رخ کو جو سجدہ نہ کرے
ایسے ہر چاند کو ڈھک لے کوئی بدلی جاناں!

Marfat.com

یہ جہاں ہی نہیں ہر شے ہے مرے ہاتھوں میں
کیسے کہہ دوں کہ فقط ایک ستارا ہے مرا
چڑھ کے سولی پہ یہ کہتا ہوں کہ حق ہوں، میں ہوں
اب تو ہی جان کہ کس سمت اشارا ہے مرا
میرے اقبال کو پہنچو گے تو یہ سمجھو گے
کیا تجلی ہے مری کیسا نظارا ہے مرا

آرزوئے بہار کیا کرتے
ہم ترا انتظار کیا کرتے
دل تو پہلے ہی ان کی نذر ہوا
وہ نظر سے شکار کیا کرتے
ان کے وعدوں کا تذکرہ کر کے
ہم انھیں شرمسار کیا کرتے
ذرے ذرے کو چومتے تھے ظہیرا
ہم ہر کوئے یار کیا کرتے

۶۵۔ آپ یکم نومبر ۱۹۷۶ء کو بہ مقام دھمول، کوٹلی میں پیدا ہوئے۔ گریجوایشن کے علاوہ مختلف [illegible] تیں اور کچھ عرصہ جامعہ منہاج القرآن لاہور میں بھی زیرِ تعلیم رہے۔ آپ کے والد گرامی و پیر و مرشد نے بہ تاریخ ۵ ربیع الاول ۱۴۱۸ھ/ ۱۱ جولائی ۱۹۹۷ء آپ کو خلافت عطا کی اور اپنا سجادہ نشین بھی مقرر کیا (اعجاز [illegible] ایاز شاہ، صاحب زادہ محمد، ٹیلی فونک مکالمہ از راقم، کوٹلی، ۵ فروری ۲۰۱۴ء)

۶۶۔ [illegible]ل محمد شاہ، خواجہ صوفی، ٹیلی فونک مکالمہ از راقم، حیدرآباد، ۲۴ ستمبر ۲۰۰۹ء۔

[illegible]ل محمد شاہ، نقیبی، اقتباسات ساعت، ص ۱۲-۱۳، ۲۶۔

منیب [illegible]ل شاہ، برقی مکتوب بہ نام راقم، کوٹلی آزاد کشمیر، ۶ جنوری ۲۰۱۴ء۔

نقیبی، سید انور سعید، گلزار نقیب، ص ۲۲۰-۲۲۳

۶۷۔ امین شاہ، صوفی محمد، ٹیلی فونک مکالمہ از راقم، منڈی صادق گنج، یکم جنوری ۲۰۱۴ء۔

۶۸۔ خلفائے کرام کی فہرست مؤلف برادرم شاہ نعمان اختر ہمدانی نے مہیا کی ہے

Marfat.com

باب چہارم

افکار و تعلیمات

تفہیم قرآن

آپ کا ارشاد ہے: قرآن کی تلاوت کے ساتھ ساتھ اس کی تفہیم بھی از حد ضروری ہے، کیوں کہ قرآن نسل انسانی کے لیے خدا کا آخری پیغام ہے اور اس کی تفہیم جتنی بہتر انداز میں ہوگی اس پہ عمل کرنا اتنا ہی سہل ہو جائے گا. پس قرآن کو ترجمے کے ساتھ پڑھو اور اس پہ اپنی استعداد کے مطابق غور و فکر بھی کیا کرو.(۱)

امام عالی مقام، پیکر رضا و تسلیم

شاہ رضوان اختر سہروردی رقم طراز ہیں:

''آپ جب بھی امام حسین رضی اللہ عنہ کا ذکر فرماتے ہیں تو آپ کی آنکھوں میں نمی اتر آتی ہے. آپ فرماتے ہیں: امام حسین رضی اللہ عنہ نے رضا و تسلیم کی وہ مثال قایم کی کہ اب قیامت تک عاشقان با صفا خدا کی رضا میں راضی رہنے کا سبق آپ کے اسوہ سے لیتے رہیں گے. امام حسین مراد رسول ہیں، حضور پاک ﷺ بہ حالت سجدہ آپ کے پیٹھ پہ سوار ہو جانے کی وجہ سجدے طویل فرما لیا کرتے تھے. آپ ﷺ کا ارشاد ہے: ''حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں'' امام حسین نے اتنی فضلیت ہونے کے باوجود رضا و تسلیم کی راہ پہ چلتے ہوئے نہ صرف اپنی جان خدا کی راہ میں قربان کردی بل کہ اپنا کنبہ بھی خدا کی راہ میں فدا کر دیا. اگر وہ میدان کربلا میں بددعا فرماتے تو ان کے مخالفین نیست و نابود ہو جاتے، ان کا نام و نشان تک نہ ملتا مگر مرضی مولیٰ از ہمہ اولیٰ.''(۲)

Marfat.com

سب کی مانگے خیر

مذہب مسلک نوں نہ ویکھو، سب نال کرو پیار
درس محبت امن صبر دا، دیندے نیں سرکار
(قاسم اقبال جلالی)

چچا صاحب کا مشرب یہی رہا ہے، نہ کسی پہ کبھی تنقید کی اور نہ ہی کسی کو برا بھلا کہا۔ ہمیشہ سب کے ساتھ شفقت کا برتاؤ رکھا، چاہے اس کا مذہب و مشرب کچھ بھی ہو۔ یہی وجہ ہے کہ صبح سے شام تلک ہر مسلک و مشرب سے تعلق رکھنے والے حضرات آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں، اور ہر ایک کو اپنے مسلک کے تحت کلام کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔ ایک بار منڈی صادق گنج کے ایک اہل حدیث (محمد حسن جوئیا) نے آپ سے عرض کیا: ''ہمارا طریق وہابی ہے لیکن ہمیں آپ کا طریقہ بہت پسند ہے، کیوں کہ آپ نے کبھی کسی کو برا نہیں کہا، بس اپنے کام سے کام رکھتے ہیں۔''

آپ کا ارشاد ہے:

''اپنے شیخ کے نقش قدم پہ چلنے کی کوشش کرو۔ کسی کے ساتھ فضول میں جھگڑا یا بحث و مباحثہ کی ضرورت نہیں۔ ہمارا کسی کے ساتھ جھگڑا ہے ہی نہیں۔ بس یہ کہو کہ بھائی! جاؤ اپنا کام کرو، فضول میں تنگ مت کرو، کیوں کہ صوفی فضول گو نہیں ہوتا۔''

اسی ضمن میں چچا صاحب کا ایک ملفوظ یاد آگیا۔ آپ نے کئی بار یہ بات ارشاد فرمائی:

''ایک بار حضرت صاحب سالانہ عرس پہ منڈی تشریف فرما تھے۔ عرس کے اختتام پہ آپ پاک پتن تشریف لے جانے والے تھے اور کار میں بیٹھنا ہی چاہتے تھے کہ راستے میں حاجی محمد یعقوب مرحوم اور منشی رحمت الٰہی مرحوم اپنے تبلیغی ساتھیوں کے ہمراہ حضرت صاحب کی ملاقات کو پہنچے۔ مصافحے کے بعد عرض گزار ہوئے کہ حضور! کوئی بات ارشاد فرمائیں۔ حضرت صاحب نے برجستہ امجد حیدر آبادی کا یہ شعر سنایا:

خوش ہم سے رہے جہاں ہم ایسے رہتے ہیں
بس ایک کا ہو رہنا تو ہم ایسے رہتے ہیں

اس پر وہ عش عش کر اٹھے اور فوراً وہ شعر اپنے پاس لکھ لیا، اور پھر کئی دن اس کا

Marfat.com

تذکرہ کرتے رہے. حضرت صاحب شعر سنا کر روانہ ہو گئے.''(۳)

چچا صاحب جب بھی یہ واقعہ سناتے ہیں تو آپ کے روئیں روئیں سے اپنے شیخ طریقت کے ساتھ عقیدت جھلکتی ہے. اور ان کے چہرے پہ ذکرِ شیخ کے وقت جو بشاشت ٹپکتی ہے بہ زبان حال اپنے مرشد طریقت کی حکمت پسندی اور مختلف مسالک و مشارب کے درمیان فاصلے کم کرنے کی صوفیانہ فلاسفی پہ داد دے رہی ہوتی ہے.

کئی سال پہلے آپ نے سالانہ عرس پہ منڈی کے تمام مسالک کے ایمہ و علمائے کرام کو ختم خواجگان پہ مدعو فرمایا اور سبھی کو ایک ہی دستر خوان پہ ایک ساتھ کھانا کھلایا. آپ کی وسیع المشربی اور شفقت کا ہی یہ اعجاز ہے کہ سبھی مسالک کے علما و پیروکار آپ کا احترام کرتے ہیں اور نیازمندی ظاہر کرتے ہیں. منڈی میں واقع مساجد میں جب بھی کوئی انتظامی یا مسلکی مسئلہ ہوتا ہے تو سبھی حضرات اس کے حل کے لیے آپ کے پاس تشریف لاتے ہیں.

منڈی میں ایک ایم بی بی ایس ڈاکٹر، دکتر محمد شریف طور (م: ۲۲ دسمبر ۲۰۱۲ء) ہوئے ہیں. ان کے چچا صاحب کے ساتھ بہت اچھے مراسم تھے. ڈاکٹر شریف پہلے بریلوی المسلک تھے بعد ازاں وہ اہل حدیث ہو گئے. اس کے باوجود آپ کی شفقت دکتر شریف کے حال پہ قایم رہی اور آپ نے کبھی بھی ان پہ نہ تو خفگی کا اظہار فرمایا اور نہ ہی کبھی اس مسئلے پہ ان سے بات کی. دکتر شریف تا حیات آپ کے نیازمند رہے اور انھوں نے بھی تکریم و احترام میں کوئی کمی نہیں کی.

چچا صاحب اکثر نمازیں اور جمعے کی نماز النقیب کارپوریشن کے بالمقابل دیوبندی حضرات کی مسجد میں ادا فرماتے ہیں. راقم الحروف نے چند ایک بار ریلوے اسٹیشن منڈی صادق گنج کے قریب واقع مدینہ مسجد میں مدفون مولانا محمد رمضان (مرید و خلیفہ: شاہ عبد القادر رائے پوری) کا ذکر احترام کے ساتھ کرتے ہوئے پایا. اسی طرح بریلوی مکتب فکر کے علما بھی آپ کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوتے رہتے ہیں اور آپ بھی مقدور بھر ان کے مدارس کی امداد فرمایا کرتے ہیں. آپ کا ایک اور ملفوظ ہے:

> ''صوفیہ کے پاس ایسی کون سی فورس ہے جو ہر آدمی کو بلا تفریق مذہب و ملت ان کے پاس جانے پہ مجبور کرتی ہے. ان حضرات نے بلا تفریق مذہب و ملت سب سے پیار کیا، سب کے سروں پہ دستِ شفقت رکھا. ایسی محبت جس میں ہندو، مسلم، سکھ عیسائی، یہودی کی کوئی قید نہیں. ایک صوفی کی مثال ایک شجر کی سی

Marfat.com

ہوتی ہے جس پر حلال و حرام ہر قسم کے پرندے آ کر بیٹھتے ہیں، اور اس کی چھاؤں میں ہر مذہب اور ہر قماش کے لوگ آ کر راحت پاتے ہیں۔ ایسے ہی ایک صوفی ہر قماش کے لوگوں کو اپنے پاس آنے دیتا ہے، ان پہ شفقت کرتا ہے اور پھر ان کی کایا کلپ کرتا ہے، جس سے ان کی زندگی میں تبدیلی آ جاتی ہے۔''

تصوف و صوفی

آپ کا ارشاد ہے:

''تصوف ہر وقت اُس کی یاد، اس کی جستجو میں رہنے اور اسے پہچاننے کا نام ہے۔ صوفیہ کی بنیادی تعلیم انسانوں سے پیار اور انسانیت کی بھلائی رہی ہے۔ اگر تم صوفی ہو تو بلا امتیاز مذہب و ملت سب کے ساتھ شفقت اور محبت سے پیش آؤ، لوگ تم سے مل کے اندر سے جی اٹھیں، ان میں ہمت اور حوصلہ پیدا ہو، وہ بار بار تمھاری شفقت اور اللہ واسطے کے پیار کے سبب تمھارے پاس آئیں اور سیراب ہو کر جائیں۔ صوفیہ کہتے ہیں: جو بھی انسانیت کا بھلا کرے گا، مالک اُسے اجر دے گا، صوفیہ تو انسانیت کے قائل ہوتے ہیں۔'' (۴)

کبیر داس و گورو نانک

آپ اپنی گفت گو میں کبیر کے اشعار کا برمحل استعمال فرمایا کرتے ہیں۔ کبیر کے بارے میں آپ کا ارشاد ہے:

''وہ بزرگ تھے۔ ہندو کہتے ہیں: وہ ہندو تھے اور مسلمان انھیں مسلمان سمجھتے ہیں۔ یہ الگ بات کہ کبیر عربی زبان کا لفظ ہے اور ان کے بیٹے کا نام کمال اور بیٹی کا نام کمالی تھا۔''

گورو نانک کے بارے میں آپ کا ارشاد ہے:

''انھوں نے جس قسم کی تعلیم دی اس سے یہ اندازہ کرنا مشکل ہوتا ہے کہ وہ ہندو تھے یا مسلمان؟''

گورو نانک کے بارے میں ایک اور ملفوظ ہے:

''مسلمان کہتے ہیں کہ وہ مسلمان تھے جب کہ ہندوؤں میں سے ان کے پیروکار جو بعد ازاں سکھ کہلائے انھیں ہندو سمجھتے ہیں۔ انھوں نے [illegible]

Marfat.com

سارے کا سارا تصوف پر ہی مبنی ہے۔ انھوں نے خدا کی وحدانیت کا درس دیا۔ وہ ہندو مسلم اتحاد کے خواہش مند تھے۔ ان کے بہ قول: یہ دوئی اور تفریق تو ہماری پیدا کردہ ہے ورنہ سب کا مالک و خالق تو ایک ہی ہے تو اسی ایک کی بنیاد پہ سب میں اتفاق ہونا چاہیے۔ اسی ایک کا نور ہی سب میں ہے: ایک نور سے سب جگ اپجا کوݨ مندے کوݨ چنگے۔'' (۵)

جمہوریت یا بادشاہت

ایک سوال کے جواب میں فرمایا: جمہوریت ہی بہتر ہے، اسلام جمہوریت کا ہی قایل ہے اگر بادشاہت ہوتی تو حضور ﷺ کے بعد حضرت فاطمہ الزہرا جانشین ہوتیں۔ (۶)

سفر العشق یعنی قصہ سیف الملوک

شاہ رضوان اختر سہروردی راوی ہیں: آپ سال بھر میں جس کتاب کو سب سے زیادہ ملاحظہ فرماتے ہیں وہ میاں محمد بخش قادری کی شہرۂ آفاق تصنیف **سیف الملوک** ہے۔ چچا صاحب کے زیرِ مطالعہ **سیف الملوک** کا وہ نسخہ ہے جسے مولوی محبوب علی پریشاں (م: ۱۹۸۵ء) نے ترتیب دیا تھا اور محکمۂ اوقاف مظفر آباد کا (۱۹۷۸ء کی) شایع شدہ ہے۔ **سیف الملوک** کا یہی اڈیشن بابا صاحب کے بھی زیرِ مطالعہ رہا ہے۔

موسیقی

موسیقی کے بارے میں آپ کا ارشاد ہے:

''بزرگانِ دین نے موسیقی کا انکار نہیں کیا اور نہ ہی اسے حرام کہا ہے۔ داتا صاحب نے کشف المحجوب میں سماع اور موسیقی پہ باقاعدہ ایک باب باندھا ہے۔ داتا صاحب، صاحبِ شرع بزرگ تھے اور ہندستان میں آنے والے اولین بزرگوں میں سے تھے۔ بے راہ روی صرف موسیقی ہی کی وجہ سے فروغ نہیں پاتی، جس نے غلط کاری کرنی ہے اس نے بہ ہر حال کرنی ہے، اس کے لیے اسے کسی وجہ کی ضرورت نہیں شعر اور سماع میں دراصل صوفی کے احوال و کیفیات کی ترجمانی ہوتی ہے، وہ مختلف علامتوں سے اپنے حال کا ابلاغ کرتے ہیں، جیسے خواجہ صاحب (خواجہ غلام فرید/کوٹ مٹھن) نے اپنے حال کے بیان میں اکثر سسی کی علامت کا استعمال کیا۔ اب اگر کوئی یہ سمجھے کہ خواجہ صاحب نے مجازی

Marfat.com

عشق یعنی عورتوں سے عشق کا جواز مہیا کیا ہے تو یہ اس کی اپنی سمجھ ہے۔ صوفیہ کرام اگر سماع و موسیقی کے جواز کے قائل ہیں تو اس کے لیے انھوں نے احتیاطاً شرایط بھی نہایت کڑی مقرر کی ہیں۔ یہ الگ بات کہ وقت کے ساتھ ساتھ ضرورتاً شرایط میں سختی یا نرمی کر لی جاتی ہے۔"(۷)

عشق نہ دیکھے این و آں

عشق کے بارے میں آپ کا ارشاد ہے:

"عشق ہمیشہ روایت سے ہٹ کے رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس جذبے کا حامل کبھی بھی سود و زیاں کی پرواہ نہیں کرتا۔ یہ عشق ہی کے سبب ہے کہ ایک بندہ جان کی پرواہ کیے بغیر اسلام کی سربلندی کے لیے اپنی جان خدا کی راہ میں قربان کر دیتا ہے۔ وہ اقبال کا کیا شعر ہے؟ ہاں! یاد آیا:

بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق
عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی

عشق مجازی ہو یا حقیقی، ہمیشہ روایت شکن ہوتا ہے۔ عشق بے باکی کا نام ہے اور انسان طبعاً مصلحت پسند واقع ہوا ہے اور عشق وہی ہے جو کبھی نہیں۔"(۸)

سجدۂ تعظیمی

سجدۂ تعظیمی کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں آپ نے فرمایا:

"کسی شے کے جواز یا عدم جواز پر فتوا دینا مفتیوں کا کام ہے اور فتوا کسی بھی عالم کی ذاتی رائے ہوتی ہے جس سے اتفاق اور اختلاف کی گنجائش ہر حال موجود ہوتی ہے۔ کسی بھی فتوے میں مفتی کے ذاتی عقیدہ و مکتب فکر کی چھاپ بھی کسی نہ کسی پہلو موجود ہوتی ہے اور وہ اس سے انحراف نہیں کرتا۔ اب میرا ذاتی خیال سجدۂ تعظیمی کے بارے میں یہ ہے کہ سجدۂ عبادت اور سجدۂ تعظیمی میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ سجدۂ عبادت کے لوازمات میں بدن کا پاک ہونا، لباس کا پاک ہونا، نیت کرنا اور تسبیحات وغیرہ شامل ہیں۔ جب کہ اگر کوئی اپنے والدین، استاد یا پیر کی قدم بوسی یا زمیں بوسی کرے تو اسے سجدہ نہیں کہیں گے۔ تعظیم کے معاملات کا تعلق تہذیب سے ہے مذہب سے نہیں۔"(۹)

Marfat.com

زہد و تقویٰ چیست اے مرد فقیر؟

آپ فرماتے ہیں:

''پہلے بزرگان کی بھی زہد و تقوا سے مراد اول اپنی اصلاح کرنا، پھر دین کے پیغام کو اوروں تک پہنچانے کے لیے کوشش کرنا اور اس راہ میں مشکلات کو برداشت کرنا تھا بل کہ ہر دور کے صوفیہ کا یہی نقطہ نظر رہا ہے یعنی: جو دم غافل سو دم کافر اور ہتھ کار ول، دل یار ول. اب تک اہل تصوف اسی ڈگر پر چل رہے ہیں .کوئی بھی گھر بار کو ترک نہیں کرتا، نہ ایسی تعلیم دیتا ہے اور اسلام نے بھی اس سے منع کیا ہے .صوفیہ فکر معاش کے لیے بھی تگ و دو کرتے ہیں، عیال داری بھی نبھاتے ہیں اور مخلوق کی خدمت و تربیت بھی کرتے ہیں. صحیح معنوں میں جو عقیدہ ہے اُس میں ہرگز یہ نہیں ہے کہ اپنے آپ کو بے کار کرلو، بزرگ مزدوری بھی کرتے رہے ہیں. ہاں! جب اتنا ہو جاتا تھا کہ تبلیغ سے فرصت نہیں ملتی تو عقیدت مند جو نذرانہ دیتے تھے، اُس سے خود بھی کھاتے ہیں اور مخلوق کو بھی کھلاتے ہیں. بزرگوں کا دستور ہے کہ طمع مت کرو، جمع مت کرو اور منع مت کرو. یہ نہیں کہ بھوکے ننگے رہو اور جنگل میں چلے جاؤ، اس سے تو سینکڑوں حقوق العباد رہ جاتے ہیں. یہ تو رہبانیت ہے اور اسلام نے اس سے منع کیا ہے .ایسا چلن تو ہندوؤں کے ہاں رائج ہے کسی مستند صوفی کے ہاں ایسی روایت نہیں ملتی. زہد و تقوا اصل میں اس چیز کا نام ہے کہ دنیا میں رہتے ہوئے اس کی یاد سے لحہ بھر بھی غفلت نہ ہو اور حقوق و فرائض کو برابر انجام دیتے رہو. ہمارے حضرت صاحب نے شروع میں ملازمت بھی کی ٹھیکے داری بھی کی، زمین دارہ بھی کیا ہے اور کرواتے بھی رہے ہے، اولاد کا بھی خیال رکھا، انھیں پڑھایا بھی ہے، دنیا کے مطابق کام بھی کیے اور تبلیغ بھی کی.''(۱۰)

چیدہ و چنیدہ

ذیل میں آپ کے ملفوظات میں سے ایک انتخاب جس کا تعلق آپ کے سلسلے اور علاقائی تاریخ سے ہے، پیش خدمت ہے:

☆ - خواجہ نظام الدین تونسوی اور ان کے بیٹوں سے ہڑپہ (ضلع: ساہی وال) میں ملاقات ہوئی تھی.

☆ - پیر غلام احمد شاہ (موضع نصرانہ) میرے ہم جماعت تھے. ان کے والد پیر حیات

Marfat.com

خاں صاحب سے بھی ملاقات رہی۔

☆- پیر سید محمد اسوار شاہ گیلانی (۱۱) اور سید روشن علی شاہ مداری نے اکٹھے jv کی تھی۔ ان سے بھی اکثر ملاقات رہتی تھی، کبھی بستی کھوکھراں میں اور کبھی مرزیکا میں۔ ان سے کبھی تفصیلی گفت گو نہیں ہو پائی، کیوں کہ وہ اکثر دم کرانے اور تعویذات لینے والوں میں گھرے رہتے تھے۔

☆- جب سیڈ و سلطان پور میں رقبے پہ ہوتا تھا تو اس وقت شب کو جس وقت بھی آنکھ کھلتی تھی تو وضو کر کے ذکر خفی چار ضربی کرتا اور حبس دم بھی۔

☆- جمعرات کو محفل ذکر ہرن والا کی مسجد میں ہوا کرتی، میں ہی تمام حضرات کو ذکر کروایا کرتا تھا۔

☆- پہلے پہل تقریباً سات آٹھ سال حضرت فرحت اللہ شاہ کا عرس تین تا چار محرم کو منڈی میں منایا جاتا تھا۔ پھر حضرت صاحب نے فرمایا کہ محرم کے پہلے دس دنوں میں صرف پاک پتن میں ہی محفل ہوگی۔ یوں منڈی صادق گنج والا عرس ۲۸ تا ۲۹ ذی الحجہ کو منایا جانے لگا۔

☆- حضرت صاحب، بابا سائیں پیر کے عرس پہ دو بار تشریف لائے تھے۔ جس سال سید روشن علی شاہ کا وصال ہوا، اس سال بھی حضرت صاحب وہاں تشریف لائے۔ شاہ صاحب کی شریک حیات زندہ تھیں، حضرت صاحب نے شاہ جی کی زوجہ سے فرمایا آپ ہماری بہن ہیں، آپ ہمارے ساتھ قصور چلیں، یہاں اکیلی نہ رہیں۔ اس پہ اماں جی نے کہا: بابا جی! ہمیں شاہ جی کا حکم ہے کہ اس جگہ سے باہر نہ جانا۔

☆- زاہد (میاں زاہد اقبال) کی شادی ۲۷ مارچ ۱۹۶۷ء کو ہوئی۔ ملک جی (خواجہ صوفی ملک امان شاہ)، نواز صاحب (خواجہ صوفی محمد نواز شاہ)، حشمت صاحب (صوفی حشمت علی شاہ بہکاں بودلہ)، نیاز شاہ (سید نیاز حسین شاہ ملتان)، صوفی لطیف صاحب (صوفی عبداللطیف حاصل پور)، صوفی بشیر (صوفی بشیر احمد شاہ جہان والا)، صوفی حسن (صوفی محمد حسن شاہ منچن آباد) اور ڈاکٹر یاسین (صوفی محمد یاسین شاہ بورے والا) بھی شریک ہوئے۔ امان قوال رات کافی تاخیر سے پہنچا تھا، اس کے پہنچتے ساتھ ہی محفل سماع ہوئی۔

☆- جو لوگ ہجرت کر کے آئے انھوں نے وہاں کے رسم و رواجات کو نہیں چھوڑا اب

Marfat.com

بہت مشکل سے رواجات میں کچھ کچھ کمی آ رہی ہے.

☆ - مجھے اور نواز صاحب کو لالا جی سے بہت پیار تھا.

☆ - پہلے بہت غربت تھی، لوگوں کے پاس پیسہ بہت کم ہوتا تھا. حضرت صاحب ۱۹۶۵ء سے قبل بہت کم نذر قبول فرمایا کرتے تھے. اس کے بعد خوش حالی آنے لگی. حضرت صاحب نے یہ اعلان فرما دیا تھا کہ ہم جہاں بھی جائیں گے وہاں صرف ایک ہی کھانا پکایا جائے گا ہمارے لیے بھی اور ہمارے ہمراہ جو ہوں ان کے لیے بھی. مقامی حضرات اپنے گھروں سے کھا کے آئیں گے، صرف جو باہر سے ہمارے ساتھ ہوں گے وہ کھانا کھائیں گے.

☆ - امان بہت اچھا قوال تھا، اسے سرِ محفل کوئی بھی کلام لکھ کے دے دیا جائے وہ اسی وقت پڑھ دیتا تھا.

☆ - منشی رحمت الٰہی (۱۲) برطانیہ گئے تو وہاں سے ان کا ایک خط آیا. انھوں نے لکھا کہ ایک دن وہ اپنے بھتیجے کے ساتھ کہیں سفر پر جا رہے تھے، ان کا بھتیجا گاڑی چلا رہا تھا کہ اچانک اس نے بہت زور کی بریک لگائی. میں نے اس سے پوچھا: بیٹا! کیا بات ہے؟، اس نے کہا کہ آگے چڑیا برف کی وجہ سے ٹھٹھری ہوئی پڑی ہے. اس نے اسے اٹھا لیا اور اپنے تولیے سے اسے صاف کیا اور گھر لے آیا. گھر پہنچ کر اس نے تحفیظ حیوانات کے دفتر فون کیا، تھوڑی دیر میں محکمے کا عملہ آ گیا اور چڑیا کو لے گئے. وہاں کے بچوں کو شروع سے ہی انسانیت کی قدر کی تعلیم دی جاتی ہے. وہ انسان تو انسان جانوروں سے بھی بے پناہ محبت کرتے ہیں ان کے ہاں جانوروں کے ایسے ایسے ہسپتال ہیں کہ ہمارے ہاں انسانوں کے بھی نہیں.

☆ - لالا جی زیادہ تر پنجابی میں گفت گو کیا کرتے تھے.

☆ - لالا جی کے مریدوں میں فاروق اور طفیل نے ان کی بہت خدمت کی.

☆ - کراچی میں حضرت صاحب کی ایک پیر بہن مقیم تھیں. وہ پیشے کے اعتبار سے ڈاکٹر تھیں. میں، حبیب اللہ شاہ صاحب اور صوفی اسلم صاحب ایک بار ان سے ملنے ان کے گھر گئے تھے. انھوں نے ایک بھتیجا اپنے پاس رکھا ہوا تھا جو ان کی خدمت کرتا، کیوں کہ اس وقت ان کی عمر خاصی ہو چکی تھی. ان کے گھر میں ایک شیشے کے فریم میں ایک مولی اور

Marfat.com

سنگترہ رکھا ہوا تھا، دونوں سوکھ چکے تھے. اسلم صاحب نے مولی اور سنگترے کی بابت استفسار کیا، تو انھوں نے فرمایا: ایک بار نقیب بھائی سے ملنے نقیب آباد گئی تو انھوں نے یہ مولی اور سنگترہ اپنے ہاتھ سے توڑ کے دیے تھے، اس وقت آستانے پہ سبزیاں اور پھلوں کے پودے لگے ہوئے تھے. میں مولی و سنگترہ گھر لے آئی اور انھیں محفوظ کرلیا. اب تو نقیب بھائی ہی ہمارے لیے سرکارِ حسن پیا ہیں. جبیب اللہ شاہ صاحب نے ان سے سوال کیا: پھوپھی صاحبہ! اب تو آپ کی کافی عمر ہو چکی ہے پھر ڈاکٹر حضرات خصوصی طور پر آپ کو آپریشن کے بلواتے ہیں اس کا کوئی خاص سبب؟. اس پر وہ مسکراتے ہوئے فرمانے لگیں: دوسرے ڈاکٹرز آنکھیں کھول کے آپریشن کرتے ہیں اور میں آنکھ بند کر کے بسم اللہ کرتی ہوں. میں یہ تصور کرتی ہوں کہ یہ آپریشن میں نہیں بل کہ ہمارے سرکارِ حسن پیا فرمارہے ہیں، اور خدا تعالا کامیابی عطا کرتا ہے، بس یہی فرق ہے.

☆ - مرزیکا کے قبرستان میں ایک بزرگ رحمت شاہ کا مزار ہے. میں جب ان کے مزار کے پاس سے گزرا تو ایک بہت اچھی خوش بو آئی اور ایسا دو تین بار ہوا، لیکن وہ خوش بو ایک قدم تک آتی تھی. میں نے اس کا ذکر بھائی جادی محمد صاحب اور ڈاکٹر اقبال جمیل سے کیا تو انھوں نے بھی اس کی تائید کی.

☆ - حضرت صاحب حقہ بھی پیتے تھے اور سگریٹ بھی. میں نے پانچ کلو تازہ تمباکو لیا، اس میں الائچی ڈلوائی اور نقیب آباد کے لیے عازمِ سفر ہوا قصور سے مٹھائی لی اور نقیب آباد پہنچ ، قدم بوسی کے بعد نذر پیش کی تو حضرت صاحب نے پوچھا: لالا! یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کیا: سرکار! تمباکو ہے. اس پر حضرت صاحب نے فرمایا: ہم نے حقہ پینا تو ترک کر دیا. بعد ازاں خادمین سے معلوم ہوا کہ ایک بار حقے پہ آگ رکھنے میں چھوتا نیر ہوئی تو آپ نے فرمایا: آج سے حقہ نہیں پینا.

☆ - حضرت صاحب پان کا بھی شوق فرمایا کرتے تھے. ایک بار صوفی روشن دین صاحب (۱۳) کے ہاں منڈھول (تحصیل: ہجیرہ، ضلع: پونچھ - آزاد کشمیر) تشریف فرما تھے اس دور افتادہ پہاڑی علاقے میں پان کے پتے کہاں دست یاب ہوتے تھے، روشن دین صاحب نے بندہ بھیجا اور راول پنڈی سے پان منگوا کر پیش کیے. حضرت صاحب نے پوچھا: لالا! پان یہاں مل جاتے ہیں؟ اس پر انھوں نے عرض کیا: حضور! راول پنڈی سے

Marfat.com

منگوائے ہیں. اس پر حضرت صاحب نے فرمایا: آج کے بعد پان نہیں کھائیں گے. آج [۱۳ مئی ۲۰۱۱ء] ہی کے دن صوفی نواز صاحب منڈھول میں تھے اور انھوں نے صوفی روشن دین صاحب کے مزار پہ چادر چڑھائی، فاتحہ پڑھی، مجھ سے بھی فون پہ بات کی اور بتایا کہ یہاں موسم میں کافی خنکی ہے.

☆ - مجھے تین بار بہشتی دروازے سے گزرنے کا اتفاق ہوا لیکن ایسے ہی کہ مجھے خود بھی گزرنے کا پتا نہ چلا.

☆ - کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ وٹو حضرات سکھوں سے مسلمان ہوئے ہیں، وہ سب غلط کہتے ہیں کیوں کہ وٹو سکھ مت کے اجرا سے بہت پہلے مسلمان ہو گئے تھے.

☆ - فنا بلند شہری بہت اچھا شاعر تھا وہ اکثر امان قوال کے ساتھ ہوتا تھا.

☆ - عاقل ریواڑوی شاعر کو بھی میں نے دیکھا ہے. وہ اس وقت کافی بوڑھا ہو چکا تھا. اس کا پان سگریٹ کا کھوکھا تھا. اس کا تعلق وارثیہ سلسلے سے تھا. امان قوال بتایا کرتا تھا کہ میں اکثر اس کے پاس جایا کرتا، کبھی تو وہ کلام دے دیتا اور کبھی کہتا: چل بھاگ! گٹا سا آ جاتا ہے، روز کہاں سے دوں میں تجھے کلام.

☆ - طفیل قوال کے ساتھ امبر ہوشیار پوری شاعر ہوا کرتا تھا. وہ حضرت صاحب کے آخری ایام میں ان سے بیعت ہوا تھا. طفیل قوال نے اپنی ایک کیسٹ نکالی تھی جس میں اسی کا کلام گایا تھا.

☆ - چودھری فضل حسین نوشاہی (ساکن: موضع چیت سنگھ) (۱۴) کا ذکر آیا تو آپ نے فرمایا: میں اور فضل حسین صاحب دونوں جنرل ایوب خان کے دور میں بی ڈی ممبر منتخب ہوئے تھے. وہ پنجابی زبان میں شعر بھی کہتے ہیں.

☆ - علامہ عنایت اللہ خان مشرقی بہت سمجھ دار رہنما تھے. لالا جی ابتدا میں خاکسار تحریک کے رکن تھے اور جس وقت پاکستان بنا وہ اس وقت اسی سلسلے میں دہلی جیل میں قید تھے، پاکستان بننے کے بعد ۱۹۴۸ء میں رہا ہو کر آئے.

☆ - جب نواب محمد صادق کی ولادت ہوئی تو اس دن کی مناسبت سے منڈی صادق گنج کی بنیاد رکھی. اس سے پہلے یہ منڈی بھولے والا کے نام سے معروف تھی. بھولے والا گانو اس سے پہلے کا آباد ہے. جب اسٹیشن بنا تو اردگرد آبادی ہونا شروع ہو گئی لیکن اسٹیشن کا

Marfat.com

نام میکلوڈ گنج ہی تھا. جب مولانا عبدالعزیز صاحب ممبر منتخب ہوئے تو انھوں نے قرارداد پاس کرا کے ارباب اختیار کو بھیجی اور یوں اسٹیشن کا نام تبدیل ہوا.(۱۵)

ارشادات

☆ - خدا تعالا رب العالمین ہے نہ کہ رب المسلمین، اسی طرح حضور ﷺ رحمۃ اللعالمین نہ کہ رحمۃ اللمسلمین.

☆ - تصوف اور خونی رشتہ یہ دو متضاد چیزیں ہیں. بیٹے تو اس لیے خوش ہوتے ہیں کہ انھیں گدی مل گئی، لوگ ان کے ہاتھ چومتے ہیں، نذر پیش کرتے ہیں اور وہ اسی پر خوش رہتے ہیں لیکن اس کا اصل وارث وہی ہوتا ہے جو یہ سوچتا ہے کہ اگر میں مرشد کے پاس زیادہ جاؤں گا تو کہیں کوئی بے ادبی نہ ہو جائے. وہ جاتا بھی ہے تو کسی کونے میں سر جھکائے بیٹھا رہتا ہے. نظر اٹھا کر نہیں دیکھتا، مبادا کہیں بے ادبی نہ ہو جائے. اصل میں وہی وارث ہوتا ہے. بیٹوں کے پاس صرف سجادگی ہوتی ہے لیکن وہ اس نعمت سے محروم رہتے ہیں. یہ نعمت تو اسی کے پاس ہوتی ہے جو فیض یاب ہوتا ہے. جو مرید بن کے رہے وہی اصل فیض پاتا ہے.

☆ - بات تبھی بنتی ہے جب انسان اپنے قلب کو صاف کرے.

☆ - ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ دیو بندی اور وہابی میں مناظرہ ہے، بریلوی اور دیو بندی میں مناظرہ ہے لیکن کبھی یہ نہیں دیکھا کہ چشتی اور قادری میں مناظرہ ہوا ہو. کیوں کہ تصوف میں مناظرہ نہیں ہے. اسی لیے تو حضرت بلھے شاہ نے فرمایا علموں بس کریں او یار!

☆ - جس آدمی کے لین دین کے معاملات ٹھیک ہوں گے اس کا اندر بھی ٹھیک ہوگا.

☆ - ایک بار دوران گفتگو اپنے ہاتھ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا اس کے نیچے بھی خلا ہے اور اوپر بھی خلا. اسی طرح اس کے اطراف میں بھی خلا ہے. لیکن جب اسے چھوڑیں گے تو یہ نیچے ہی جائے گا. اب اگر ایک چراغ روشن کیا جائے تو اس کی روشنی اوپر کی طرف ہی جائے گی. بالکل اسی طرح جو لوگ یہ روشنی حاصل کر لیتے ہیں وہ اسی کے ساتھ اوپر جاتے ہیں.

☆ - شیخ کا تصور لازمی ہے. تصور شیخ کے بغیر کامیابی ناممکن ہے.

☆ - ایک بیوپاری کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا اصول پسندی اپناؤ. اپنا ایک اصول ہو

Marfat.com

تو سب ٹھیک چل سکے گا۔

☆ - جو شخص ایک دفعہ حلقہ طریقت میں داخل ہو جاتا ہے اُسے اپنا پچھلا سبق بھولنا پڑتا ہے ، یہاں سے نیا سبق شروع ہوتا ہے اور اسی سبق کو یاد رکھنا ہوتا ہے۔

☆ - ایک دفعہ حضرت صاحب [خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ] سے کسی نے پوچھا: اگر کسی درویش کے پاس ایک سو روپے ہوں تو اس پر کتنی زکوٰۃ فرض ہے؟ حضرت صاحب نے فرمایا: اس پر دو سو روپے ہوگی، اس لیے کہ اس نے سو روپے رکھے ہی کیوں۔

☆ - شاہ رضوان اختر سہروردی کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: دیکھو بیٹا! بات تبھی بنتی ہے، اگر انسان اپنے قلب کو صاف کرے۔ میں نے عرض کی: حضور! روز رات کو تہیہ کر کے سوتے ہیں کہ صبح سے ٹھیک کریں گے لیکن پھر ویسا ہوتا نہیں جیسا ارادہ باندھتے ہیں۔ اس پر آپ نے فرمایا: یہ بات بھی اُسے پکا کرنے کا تہیہ کرواتی ہے، جب بھول جائے تو یاد آنے پہ دوبارہ شروع کر دے، بس ہر دم مالک کو یاد کرے۔ سب سے پہلے قلب کی صفائی کرے پہلے قلب سلیم کی صفائی ہوتی ہے پھر قلب منیب کی صفائی ہوتی ہے اور پھر قلب شہید پر پہنچتا ہے پھر اُسے تسبیح پکڑنے کی ضرورت نہیں ہے جیسے شاعر نے یوں کہا:

مالا کہے ہے کاٹھ کی تو کیا پھیرے موہے
من کا منکا پھیر لے سُو ترت ملا دوں توھے

☆ - طریقت ہے ہی اتباعِ شیخ کا نام، اس کے بغیر طریقت نامکمل ہے۔

☆ - جب سے ہوش سنبھالا ہے تینوں اوقات میں ایک ایک ہی روٹی کھائی ہے اس سے اوپر ایک نوالا بھی خود پہ بوجھ سمجھا ہے۔

☆ - اکثر یہ اشعار ارشاد فرمایا کرتے ہیں: (۱۶)

جو کافر عشق کے ہیں ان کے مندر اور ہوتے ہیں
نرالی ان کی پوجا ان کے ٹھاکر اور ہوتے ہیں

حضرت صاحب کی مجلس میں تقریباً دس یا بارہ لوگ تھے۔ حضرت صاحب نے پوچھا: بتاؤ دنیا میں سب سے مشکل کام کیا ہے؟ پہلے تو ہمیں پتا نہیں تھا اگر کسی کو معلوم ہو بھی تو حضرت صاحب کے سامنے کس کی مجال کہ لب کشائی کر سکے۔ حضرت صاحب نے کچھ وقت توقف کے بعد خود ہی فرمایا: دنیا میں سب سے مشکل کام اپنے اوپر اعتبار کرنا ہے۔

Marfat.com

بندہ دوسروں پر تو اعتبار کر لیتا ہے لیکن اپنے اوپر نہیں کرتا. اور حقیقت بھی یہی ہے، انسان بالکل ایسا ہی کرتا ہے.

☆ - اپنا جو کچھ بھی ہو اُسی مالک کے لیے ہونا چاہیے، جو اس دنیا کا حقیقی خالق و مالک ہے. دنیا کی چیزوں سے پیار کرنے کے بجائے، جس نے ان چیزوں کو بنایا اُس سے پیار کرنا چاہیے، اُسی کی جستجو کرنی چاہیے.

☆ - مرید بہت کم ہوتے ہیں، مریض زیادہ ہوتے ہیں. ایسے بہت کم ہیں جو صحیح معنوں میں عاشق بھی ہوں.

☆ - بچوں کے سماع نہ سننے کے متعلق آپ نے فرمایا: دیکھو بیٹا! ایک بچہ ہے اگر ہم اس کو الف، ب نہ پڑھائیں اور اُس کے بڑے ہونے پر اسے کہیں کہ قرآن پاک سناؤ تو وہ نہیں سنا پائے گا، یہاں سے آہستہ آہستہ سیکھے گا تو پختہ ہو جائے گا.

☆ - اپنا جو کچھ بھی ہو اُسی مالک کے لیے ہونا چاہیے، جو اس دنیا کا حقیقی خالق و مالک ہے، دنیا کی چیزوں سے پیار کرنے کے بجائے جس نے ان چیزوں کو بنایا اس سے پیار کرنا چاہیے، اُسی کو جستجو کرنی چاہیے.

☆ - دین فروش ملاؤں سے بچو، انھوں نے مذہب کے نام پہ ڈھونگ رچا رکھا ہے. یہ اپنے پیٹ کی خاطر لوگوں کے معصوم بچوں کو ورغلا کر، ان سے دھماکے کرواتے ہیں اور انھوں نے دین کی اصل سے لوگوں کو محروم کیا ہوا ہے.

☆ - دل درخت تو نہیں کہ ہر کوئی اس کی چھاؤں میں آکے بیٹھ جائے. اس میں بس ایک ہی کی گنجائش ہے کسی دوسرے کی نہیں.

☆ - جو اپنے پیشوا سے جتنا پیار کرتا ہے وہ اتنا ہی زیادہ فیض یاب ہوتا ہے.

☆ - پیروں اور علما کی اولادوں کو عزت ان کے بزرگوں کی وجہ سے ملتی ہے. لوگ اس لیے تکریم کرتے کہ فلاں بزرگ یا عالم کی اولاد ہے. لیکن اس میں ان کا اپنا کیا ہے؟

☆ - تلسی داس کا شعر ہے:

نیند ـــ نہ پر سو بھنت نا ہیں لعنت ایسی زند
تلسی اس سنسار کو جیسا ـ تیا بند

ایک ہندو نے ہم سے اچھی بات کہہ لیا ہے اور ہم ہیں کہ ابھی تک جھگڑوں میں پڑے ہوئے ہیں.(۱۷)

Marfat.com

-مکتوبات

به نام

مخدومہ امیر جان

خواجہ صوفی محمد نواز شاہ

میاں سعید احمد

حسن نواز شاہ

---

[۱]

(۱۹۸۰ء-۰۲-۰۱)

منڈی صادق گنج

قبلہ والدہ صاحبہ(۱)

لاکھ لاکھ قدم بوسیاں قبول فرمائیں.صوفی صاحب کا لکھا ہوا خط ملا.تایا صاحب کی فوتگی کا پڑھ کر بڑا افسوس ہوا(۱)، اللہ تبارک وتعالا کے سامنے کوئی زور نہیں.میں ابھی آتا مگر کئی بھائی اور تیار ہو گئے اور انھوں نے کہا کہ اکٹھے جائیں گے کیوں کہ صوفی صاحب کی والدہ کی برسی ہے(۲) اور تایا صاحب کا چہلم ہے.سب سے زیادہ یہ دکھ ہوا کہ بھائی صاحب(۳) کے سر بہت بڑی ذمہ داری پڑ گئی [ہے]. باقی میرے طرف سے ہمشیرہ صاحبہ کو سلام،بچوں کو پیار. آپ کا بیٹا/محمد امین(۴)

---

۱. مخدومہ امیر جان، والدۂ ماجدہ باباصاحب خواجہ صوفی محمد نواز شاہ مدظلہ العالی

۲. صوفی محمد اشرف شاہ معروف بہ سائیں صاحب

۳. صوفی لال محمد شاہ (کوٹلی/آزاد کشمیر) کی والدہ کی برسی

۴. باباصاحب خواجہ صوفی محمد نواز شاہ مدظلہ العالی

[۲]

(۱۹۸۴ء-۵-۱۳)

منڈی صادق گنج

بحضور قبلہ صوفی محمد نواز صاحب

لاکھ لاکھ قدم بوسیاں قبول فرمائیں.آپ کا خط ملا،حالات سے آگاہی ہوئی.جو کچھ بھی آپ

Marfat.com

نے خط میں لکھا ہے اس کا شاید آپ کو علم ہو، میرے دل میں کوئی بات نہیں، صرف آپ کی بے رخی کی وجہ سے خط نہیں لکھا، باقی کوئی بات نہیں. اور پھر یقین اس بات سے ہو گیا کہ لالا جانی دفعہ کہ گیا تھا کہ کراچی سے فوراً خط لکھوں گا مگر آپ نے مشورہ سے اکٹھے ہی خط لکھے.(۱) خیر جس طرح بھی ٹھیک ہے. لالا کا خط آیا ہے مگر میں کام کی زیادتی کی وجہ سے شاید نہ جا سکوں. باقی میری طرف سے سب کو سلام عرض کر دیں.

امین

۱۔ لالا صاحب نے بابا صاحب کے نام اپنے ایک خط میں چچا صاحب کو خط بھیجنے کا ذکر کیا ہے: ذیل میں اس خط کا متن نقل کیا جاتا ہے:

(۲۶-۴-۱۹۸۴ء)

کوئٹہ

برادرم و عزیزم محترمی صوفی محمد نواز شاہ صاحب

اسلام علیکم، بعد از قدم بوسی کے معروض ہوں، امید ہے کہ آپ خیر و عافیت سے ہوں گے بمع اہل سلسلہ و اہل خانہ. میں کراچی سے اخیری مارچ کو کوئٹہ آگیا تھا، دیگر ۲۴ کو عرس شریف کی تاریخ ہے میں نے آپ ہی محترمی صوفی محمد امین صاحب کو بھی خط کے ذریعہ اطلاع کر دیا ہے [illegible] ڈب میں حافظ کو بھی مطلع کر دیں. اگر ہو سکے تو ساتھ لے آنا دیگر پٹواری صاحب سے بھی میری طرف سے عرض کر دینا تابع داری طرف سے جملہ وابستہ و وابستگان سلسلہ کو دعا سلام عرض کر دینا

تابع دار ملک امان اللہ

[۳]

(؟-۱۰-۱۹۹۱ء)

منڈی صادق گنج

برخوردار سعید احمد (۱)

اسلام علیکم، مزاج شریف، آپ کا خط ملا، پڑھ کر معلوم ہوا. مجھے تو یہ یاد نہیں [illegible] بعد میں ہو صرف یہ لکھا تھا کہ مرزے کا پتا کر لینا. آنے کی تاریخ ۱۳ جولائی ہی ہے [illegible] لکھنا تو بے کار ہے مگر لکھ دیتا ہوں [illegible] وقت سے پہلے نہیں پہنچے گا [illegible] جولائی پہنچ جائے. باقی سب ٹھیک ہیں اور سلام عرض کرتے ہیں

محمد امین

۱۔ صوفی سعید احمد نقشی ۱۱۲ قمبر ۱۹۵۰ء [illegible]

رحمو کے وٹو برادری میں پیدا ہوئے۔ مڈل تک ساہی وال میں پڑھا اور میٹرک منچن آباد سے کیا۔ ۱۹۷۲ء سے تا حال منچن آباد میں ہی رہائش پذیر اور آڑھت کے کاروبار سے وابستہ ہیں۔ آپ ۱۹۷۵ء میں خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ سے بہ مقام منڈی صادق گنج بیعت ہوئے۔ آپ چچا صاحب کے اعزا میں سے ہیں۔

[۴]

(۱۹۹۵ء-۰۳-۳۰)

منڈی صادق گنج

بحضور قبلہ صوفی محمد نواز شاہ صاحب

لاکھ لاکھ قدم بوسیاں قبول فرمائیں۔ خط اس لیے نہیں لکھا کہ عطا محمد ڈرائیور نے کہا تھا کہ شاید آپ آئیں۔ میں انتظار کرتا رہا کہ یا تو خط آئے اور پتا چلے کہ آپ کی صحت کا کیا حال ہے۔ میں آ جاتا مگر روز یہی سوچ تھی کہ میں ادھر جاؤں وہ ادھر آ جائیں۔ خیر! اب لکھیں صحت کا کیا حال ہے؟ باقی یہاں دکانیں توڑ پھوڑ کی ہیں اور میری بھی طبیعت خراب ہی ہے۔ ولی محمد (۱) ۲۴ اپریل کو حج پر جا رہا ہے۔ خیر! عرس پر ملاقات ہوگی۔ فقط - والسلام

محمد امین

۱۔ مراد، صوفی ولی محمد شاہ

[۵]

(۱۹۹۵ء-۰۴-۳۰)

منڈی صادق گنج

حضور قبلہ صوفی محمد نواز شاہ صاحب

لاکھ لاکھ قدم بوسیاں قبول فرمائیں۔ آپ کا خط ملا اور ڈاکٹر جمیل صاحب (۱) کی زبانی بھی پتہ چلا کہ آپ کی صحت خراب تھی۔ [میں نے] تیاری بھی کر لی [تھی] مگر کچھ نہ کچھ ایسا ہوتا رہا کہ نہ سکا۔ اب عرس مبارک میاں صاحب (۲) پر بھی آنا مشکل ہے، کیوں کہ فصل شروع ہے اور ولی محمد حج پر چلا گیا ہے، شاید زاہد آئے۔ باقی صحت کے متعلق لکھنا کہ اب کیسی ہے اور میری طرف سے سب کو سلام عرض کریں۔ اور حسن بیٹے کو مبارک باد دیں، سنا ہے مشاعرہ میں نمبر ون آیا ہے۔ (۳) اللہ تعالیٰ ہر میدان میں انھیں ایسی ہی کامیابیاں عطا فرمائے۔ امین

امین

۱۔ صوفی محمد اقبال جمیل شاہ

۲۔ میاں محمد بخش قادری قلندری (کھڑی شریف/تحصیل و ضلع میر پور - آزاد کشمیر)

Marfat.com

۳. ۱۱اپریل ۱۹۹۵ء کو نقیب آباد/ضلع قصور میں منعقدہ شاہ مخلص الرحمان جہاں گیر کے سالانہ عرس کے طرحی مشاعرے کی طرف اشارہ ہے۔

[۶]

(۱۵-۰۵-۱۹۹۵ء)

منڈی صادق گنج

بحضور قبلہ صوفی محمد نواز شاہ صاحب

لاکھ لاکھ قدم بوسیاں قبول فرمائیں۔ میاں صاحب کا عرس مبارک تو بڑی دھوم دھام سے ہو گیا ہو گا۔ میں تو نہیں پہنچ سکتا تھا یعنی ولی محمد کے نہ ہونے سے کہیں بھی نہیں جا سکتا۔ باقی لکھیں کہ آپ کی صحت کا اب کیا حال ہے؟ گرمی اس علاقے میں بڑے زوروں پر ہے۔ ولی محمد تو جون کو آ رہا ہے۔ اس کے بعد آئیں گے۔ باقی میری طرف سے سب کو سلام عرض کریں۔

محمد امین

[۷]

(۲۹-۰۵-۱۹۹۴ء)

منڈی صادق گنج

برخوردار محمد حسن نواز

السلام علیکم۔ مزاج شریف۔ احوال آں کہ خالد مسعود چک چوڑہ والا(۱) کی گاڑی میں ایک من چنے سفید اور چنے پیلے بھیجے ہیں اس نے اطلاع دی ہے تو ٹھیک ورنہ وہاں جا کر [illegible] آنا۔ باقی آپ کے ابو جی کی صحت سے متعلق لکھنا کہ اب کیسی ہے؟ ان کو میں نے خط لکھا تھا اور عرض کرنا کہ پرہیز کریں۔ باقی میری طرف سے حامد، غزالہ اور نفیس کو(۲) پیار دیں اور بچیوں کو سلام والسلام

فقط محمد امین

---

۱. بابا صاحب کے دست راست، چک چوڑہ (تحصیل [illegible] چکوال)

۲. [illegible] بھائی [illegible]

[۱]

(۳۰-۰۱-۱۹۹۵ء)

منڈی صادق گنج

برخوردار محمد حسن سلامت رہو

السلام علیکم۔ [illegible]

[illegible]

Marfat.com

گا. اگر نہ آئے ہوں تو یہ چٹ دوبارہ اس خط میں ڈال رہے ہیں کوئی جاتا ہو یا خط میں بھیج دیں اور جس وقت آ جائیں تو بتا دیں. باقی میری طرف سے سب کو سلام عرض کریں اور بچوں کو پیار دیں. صوفی صاحب (۲) کا خط میرپور سے مل گیا تھا اور میں نے بھی جواب لکھ دیا تھا. خیال تھا کہ شاید لاہور حضرت صاحب (۳) کی آمد پر آئیں مگر نہیں آئے، میں اس خیال سے لاہور ائرپورٹ پر گیا تھا. سب کو سلام عرض کریں. والسلام

فقط/محمد امین

---

۱. صاحب زادہ حامد نواز شاہ

۲. باباصاحب خواجہ صوفی محمد نواز شاہ مدظلہ العالی

۳. خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

Marfat.com

-مناقب

سهرورد نامه

پیک عرفان و ادب باشد رضای سهرورد
رونق کار و هنر آمد صدای سهرورد

نور دین غزنوی سید امیر دهلوی
آن حسینی شد خلیفه رهنمای سهرورد

مشعل راهِ هدایت نور دین غزنوی
مؤمن و محسن شده پیک هدای سهرورد

گوهر جود و سخا و رهبر لطف و عطا
آیت قرآن حق شمس الضحای سهرورد

صاحب حسن عمل باشد حسن ناز و نور
شاه ما آمد حسن ناز و نوای سهرورد

در گهر خان یونس ز سهروردی مدد
کاشف اسرار حق کوشش نمای سهرورد

این رهای خسته دل شد خادم شیخ الشیوخ
خوشه چین از خرمنش هستم گدای سهرورد

(داکتر محمد حسن مسیحی "رهائی")

Marfat.com

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

نام نامی باعث صد افتخار
دست شفقت رحمت پروردگار

روے روشن آفتاب بے مثال
ذات کامل با مقام و با کمال

آں نقیب خواجہ ہر دو سرا
حامل عشق محمد مصطفی

مرد حق نقطہ شناس و راز داں
محو مولیٰ بے نیاز دو جہاں

باغی بے چارہ گدائے کوے تو
حج اکبر شد ز دیدن روے تو

(باغی)(۱۹)

گلشن میں جب ہے دل کے بہار نقیب ہے
ہر غنچۂ حیات نکھار نقیب ہے

Marfat.com

ہر سمت حق کے نور کی چادر تنی ہوئی
''جنت نما جہاں میں دیار نقیب ہے''

عرفان و آگہی کا سمندر ہے موج زن
فیضان زندگی کا مزار نقیب ہے

پہچان اپنے نفس کی جس کو بھی ہو گئی
اللہ کا حبیب ہے، یار نقیب ہے

اس در سے آج تک کوئی خالی نہیں گیا
جود و سخا کا شہر دیار نقیب ہے

ہم پر بھی مہرباں ہیں اجالے حیات کے
ہم پر عطائے خاص نثار نقیب ہے

باطن کی آنکھ سے ذرا دیکھے اگر کوئی
ہر نقش زندگی کا نگار نقیب ہے

نازک حسین مرشد کامل کے ہیں طفیل
عارف شریک جشن دیار نقیب ہے

(صوفی عارف ادیب بیانی، کرنالی تحصیل گوجر خان)(۲۰۰۱)

Marfat.com

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

حضرت جی دی ہوئی ولادت وچ نگری پنجاب
نور حسن دے گھر وچ آئے نورانی مہتاب

نیکاں بی جد غم لگایا رہ گئی کھلی جان
جنت بی نے نال محبت رکھیا خوب دھیان

سید روشن شاہ مداری خاص عنایت کیتی
ہرن والا وچ حضرت جی دی پاک جوانی بیتی

دین دنی دا علم پڑھایا روشن شاہ مداری
ہو گئے قلبوں پاک مصفا کیتی دور بیماری

صدق امانت قایم رکھے اندر فکر معاش
نال دیانت، وفا داری جاری بود و باش

ویکھ کے حضرت صاحب تائیں ہرن والا دے اندر
مضطر دل گواہی دتی حضرت ہین قلندر

دل اتے جد آن کے لگے نظر پاک دے تیر
شاہ نقیب اللہ نوں قلبوں منیاں اپنا پیر

نال حبیباں حاضر ہوئے مرشد دے دربار
بیعت کیتی نال صدق دے جھولی پائی بہار

Marfat.com

حضرت شاہ جی رتبہ پایا اعلا وچ گیان
سہ سالاں دے بعد خلافت والا ملیا دان

مرشد اتے کیتا شاہ جی تن من دھن قربان
ہر پل حضرت صاحب تائیں رکھدے وچ دھیان

کر کے سفر حجاز مقدس حج سعادت پائی
ولیاں دے درباراں اتے نالے نذر چڑھائی

صورت ورگی سیرت پائی پاک جوانی ساری
مرشد دے فیضانوں کیتا درس محبت جاری

مذہب مسلک نوں نہ ویکھو سبھ نال کرو پیار
درس محبت امن صبر دا دیندے نے سرکار

منڈی صادق گنج دے اندر جاری اے فیضان
ہر طبقے ہر مسلک والا آپ تے واری جان

پیار محبت صدق امانت شاہ جی دا پیغام
جو وی نال خلوص دے آندا بھر کے دیندے جام

(قاسم اقبال جلالی/کلیاہ۔ ضلع اسلام آباد)(۲۱)

تجھ کو دیکھا تھا دور آنکھوں سے
ہو گیا تھا قصور آنکھوں سے

Marfat.com

بے نیازی سے کام لے کر تم
بانٹ دینا سرور آنکھوں سے

چاند تارے بھی ناز کرتے ہیں
جب ٹپکتا ہے نور آنکھوں سے

تھی منادی کہ پینی کیسے ہے
میں پکارا حضور! ، آنکھوں سے

تیرے ظاہر کا تیرے باطن کا
ہو نظارا ضرور آنکھوں سے

اک قیامت سُی مجھ پہ طاری ہے
ایسا پھونکا ہے صور آنکھوں سے

سارے حسن و جمال کا بیچ میں
نظر آیا غرور آنکھوں سے

زیست کرنے کا دنیا والوں کو
دان کر دو شعور آنکھوں سے

ہے زمینی ہی فلسفے سارے
کون رہتا ہے دور آنکھوں سے

Marfat.com

ہم دیوانوں کی آگہی کے لیے
بات کرنا ضرور آنکھوں سے

جتنے دریا ہیں فرقتوں کے سعید!
سارے کرنا عبور آنکھوں سے

(مبشر سعید/ ملتان)

(صنعت توشیح)

خ-خاص المقام رتبہ ہے حق کے ولی ہیں وہ
لطف خدائے پاک کی کھلتی کلی ہیں وہ

و-وجدان و فہم و دانش و رفعت نشان ہیں
احکام ذوالجلال کے آگے کمان ہیں

ا-اس فانی کائنات میں اپنی مثال آپ
اور زہد و فقر و عشق میں کامل کمال آپ

ج-جہالت دین سے سدا رکھتے ہیں خار وہ
مخلوق لم یزل سے گو کرتے ہیں پیار وہ

ہ-ہاتھوں میں لے کے خاک کو سونا بنا دیا
فہم و ذکا کا دیپ سر راہ جلا دیا

Marfat.com

ص-صرف ہنر میں آپ کا ثانی نہیں کوئی
یہ بات حق ہے اور کہانی نہیں کوئی

و-والعصر ہے خسارے میں انسان آج کا
لیکن وہ درد رکھتے ہیں سارے سماج کا

ف-فکر و عمل میں یعنی سدا لا جواب ہیں
سب کی سمجھ میں آئے جو، ایسی کتاب ہیں

ی-یا رب! ہمارے سر پہ گھنی چھاؤں یہ رہے
نقشِ قدم پہ ان کے سدا پاؤں یہ رہے

م-مہکار اتنی لفظوں میں، سب رنگ پھول ہیں
ان کے چمن میں جتنے ہیں ہم رنگ پھول ہیں

ح-حلم و گداز ان کی طبیعت میں ہے رچا
اور رنگ. ان کا، ان کے مریدوں پہ ہے چڑھا

م-مجھ کو عطا ہوئی ہے یہ مدحت سرائی بھی
ہے کل جہان میرا، یہ میری کمائی بھی

د-دین خدا کو آپ نے پھیلایا اس طرح
ضو روشنی بکھیرتا اک دیپ جس طرح

Marfat.com

ا-ان پر خدا کی خاص عنایات ہوں سدا
ایسے ہی ان کے واسطے جذبات ہوں سدا

م-مثلِ فلک ہے آپ کا کردار اوج پر
کامل ولی ہیں آپ کی گفتار اوج پر

ی-یہ آپ کا کرشمہ ہے قدرت کی ہے سخا
دل میں جو مرے عشق محمد کا ہے بسا

ن-نیرنگیٔ خیال بھی ہے آپ سے ملی
سوچوں کو یہ مثال بھی ہے آپ سے ملی

ش-شہرِ وفا میں نام رہے گا سدا بلند
قسمت کا یہ ستارہ رہے یوں ہی ارجمند

ا-اخلاص ہر عمل میں وہ رکھتے ہیں اس طرح
جھرنے سے گرتا پانی ہو شفاف جس طرح

ہ-ہوتا ہے زندگی کا اثاثہ یہی ذکا!
مدحت سرائی میں نہ ہو کوئی کمی ذرا

(ذکا اللہ شیخ چکوالیاں-ضلع ... ووس)(۲۲)

Marfat.com

حضرت شاہِ امین نیں پیر کامل، ستے ہوئے نصیب جگا دیندے
اکو نگہ دے نال مرید تائیں، اتے ''منزل مقصود'' پہنچا دیندے
کر کے دان عرفان دے گنج مخفی، ہر ''مقام'' نوں سوکھا بنا دیندے
''حضرت صاحب'' دا فیض اقبال سارا، ایہہ مخلوق دے وچ ورتا دیندے

ساری زندگی حضرت امین شاہ جی، مرشد پاک دا رہے احترام کردے
دیندے ہین اخلاق دا درس دایم، رہندے پیار محبت نوں عام کردے
کدی کسے دے مسلک نوں چھیڑیا نئیں، انسانیت نوں سدا ملحوظ رکھیا
جیہڑا حلقہ بگوش اقبال ہوندا، اس نوں پاک کر کے نجم بام کردے

کامل ولی، ولایت دے نگر اندر، پایا مرتبہ ارفع علا ''شاہ جی''
شمع وانگ محبت دا نور ونڈدے، ہیون پیکر جود و سخا ''شاہ جی''
دنیا دین دا علم سکھا دیندے، اکر کرم والی نظر پا ''شاہ جی''
قلب و نظر نوں صاف اقبال کر کے، درد دل کر دیندے عطا ''شاہ جی''

اطمینان دی دولت عطا کر کے، ختم کر دیندے اضطراب ''شاہ جی''
مشکل بحر سلوک دے سفر اندر، کر دیندے نے دور گرداب ''شاہ جی''
مخفی رہندے نہ کوئی اسرار باقی، دسدے علم دا ہر ہر باب ''شاہ جی''
سچے طالب دے قلبوں اقبال واللہ، چک دیندے نے سارے حجاب ''شاہ جی''

(قاسم اقبال جلالی، کلیاہ/ضلع: اسلام آباد)

Marfat.com

حوالہ جات وحواشی

۱. سہروردی، شاہ رضوان اختر، گفتارِ شاہِ امین، غیر مطبوعہ

۲. ایضاً

۲. ایضاً

۳. ایضاً

۴. ایضاً

۵. ایضاً

۶. ایضاً

۷. ایضاً

۸. ایضاً

۹. ایضاً

۱۰. ایضاً

۱۱. ان کے احوال کے لیے دیکھیے

معصومی، محمد عبداللہ، گلدستہ سلطان الاولیا، لاہور، [illegible] نومبر ۲۰۱۲ء

ہاشمی، [illegible] مقصود، تذکرہ سلطان اولیا قطب عالم حضرت پیر سید محمد اسوار شاہ قادری گیلانی [illegible]

انوار الاسلام، [illegible] آباد، ۲۰۰۹ء، شمارہ ۱۰، ص ۶-۱۱

۱۲. چپی صاحب کے ساتھ نقشی صاحب کے نہایت گہرے مراسم تھے جو نقشی صاحب کی وفات تک [illegible]

نقشی صاحب ۲۰ اکتوبر ۱۹۲۰ء کو جناب فضل الٰہی کے ہاں [illegible] (تحصیل [illegible])

[illegible] میں پیدا ہوئے [illegible] تعلیم حاصل کی اور ۱۹۴۲ء [illegible]

۱۹۶۲ء [illegible] ابتدا میں مولوی [illegible] کے ہاں [illegible] نقشی [illegible] بعد ازاں [illegible]

وابستہ ہوئے نقشی صاحب [illegible] تھے ۱۳ اپریل ۱۹۹۳ء کو وفات پائی [illegible]

ان کے بیٹے [illegible] اور بعد ازاں [illegible] میں ان کی [illegible]

چپی صاحب راقم الحروف [illegible]

۱۳. آپ ۱۹۲۹ء کو جناب [illegible] کے ہاں [illegible] (تحصیل [illegible] ضلع [illegible]) [illegible]

Marfat.com

راج پوت برادری میں پیدا ہوئے. ۲۸ دسمبر ۱۹۴۲ء کو ہندستانی فوج میں بھرتی ہوئے اور ۹ مئی ۱۹۵۸ء کو ڈس چارج. آپ ۳ ستمبر ۱۹۵۶ء کو کوئٹہ میں بیعت ہوئے اور ۱۸-اپریل ۱۹۶۲ء میں آپ کو خلافت و اجازت سے سرفراز فرمایا گیا. ۱۹۹۵ء کے بعد آپ نے بیعت لینے کا آغاز کیا اور تادم وفات تقریباً پونے صد نفوس آپ سے بیعت ہوئے. ۱۸-اگست ۲۰۰۴ء / ۳۰ جمادی الثانی ۱۴۲۵ھ کو آپ نے منڈھول (تحصیل: ہجیرہ/ضلع: پونچھ-آزاد کشمیر) میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے. آپ کی وفات کے بعد آپ کے بیٹے جناب سلطان محمود آپ کے سجادہ نشین مقرر ہوئے. (نقیبی، ڈاکٹر محمد اقبال، **ٹیلی فونک مکالمہ ازراقم**، کوٹلی، یکم اکتوبر ۲۰۰۹ء)

۱۴. چودھری فضل حسین نوشاہی، چچا کے دست گرفتہ چودھری عبد الحسین کے برادر خرد ہیں. بابا گوہر علی شاہ نوشاہی (چک شنکر/فیصل آباد) کے مرید و خلیفہ ہیں. پنجابی زبان میں شعر کہتے ہیں. ان کے کلام کی ایک بیاض مخدومہ امیر جان لائبریری میں محفوظ ہے. راقم الحروف، شاہ رضوان اختر سہروردی کی معیت میں ۱۵ نومبر ۲۰۱۲ء میں آپ سے ملا تھا اور کافی دیر تک ان کے احوال حیات و کلام سماعت کیا. ان کے کلام کی ایک بیاض مخدومہ امیر جان لائبریری میں محفوظ ہے.

۱۵. سہروردی، **گفتارِشاہِامین**، غیر مطبوعہ

۱۶. راقم الحروف نے اسی زمین میں ممتاز اشرفی مرحوم سے بھی ایک غزل کہلوائی تھی جو انھوں نے ۷ اگست ۱۹۹۴ء کو بذریعہ ڈاک ارسال کی تھی. ذیل میں ان کی غزل نقل کی جاتی ہے:

ہر اک در پر جو جھک جاتے ہیں وہ سر اور ہوتے ہیں
جہاں سر خود بخود جھکتے ہیں وہ در اور ہوتے ہیں
حضور حسن میں نظروں سے سجدے کرتے ہیں عاشق
حریم حسن کے آداب یکسر اور ہوتے ہیں
جبین عجز کی خود ان کا در تعظیم کرتا ہے
خلوص دل سے جو جھکتے ہیں وہ سر اور ہوتے ہیں
انھیں دیدار کرنا ہو تو آنکھیں بند کرتے ہیں
حضور! ان عاشقوں کے سارے چکر اور ہوتے ہیں
ہے سر پر یاد کی چادر بچھونا یار کی چوکھٹ
جو بندے عشق کے ہیں ان کے بستر اور ہوتے ہیں
تمنا یوں تو ہر اک دل میں ہے منصور بننے کی
مگر جو دار پر چڑھتے ہیں وہ سر اور ہوتے ہیں

Marfat.com

پڑھا حسّان و خسرو اور بیدمؔ کو تو تب سمجھا
کرم ہوتا ہے جن پر وہ سخن ور اور ہوتے ہیں

بہت ہی زاہدوں اور عاشقوں میں فرق ہے ممتاز
الگ ان کی قیامت ان کے محشر اور ہوتے ہیں

مطبوعہ مجموعے میں درج ذیل شعر شامل نہیں ہو پایا:

پڑھا حسّان و خسرو اور بیدمؔ کو تو تب سمجھا
کرم ہوتا ہے جن پر وہ سخن ور اور ہوتے ہیں

(ہاشمی اشرفی، سید ممتاز، **یادِ صنم دیدِ صنم**، کراچی، محبوب حسن خان المخاطب پیر کرم علی شاہ اشرفی جیلانی، س ن، اول، ص ۱۶)

۱۷۔ سہروردی، شاہ رضوان اختر، **گفتارِ شاہِ امین**، غیر مطبوعہ

۱۸۔ ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی نے سہرورد نامہ کے عنوان سے ایک طویل منقبت کہی تھی ان کی یہ منقبت سہرورد [illegible] جولائی-ستمبر ۱۹۸۸ء، شمارہ ۷، ص ۴۵-۴۹) میں شائع ہوئی تھی۔ کتاب ہذا میں شامل مطلع اور مقطع اسی منقبت سے لیا گیا ہے اور وسط کے پانچ مزید اشعار انھوں نے ۲۹ جون ۲۰۰۳ء کو راقم سے ملاقات پر فی البدیہہ کہے اور اپنی قلم سے لکھ کر مجھے عنایت کر دیے۔

۱۹۔ **شجرہ طیبہ**، قادری وند، تحصیل و ضلع قصور، صوفی بشیر احمد شاہ، س ن، ص ۵

۲۰۔ مخزونہ مخدومہ مامیہ جان الاہمہ یری خزائل

عارف ادیب کیانی (م: ۲۱ نومبر ۲۰۱۱ء) نے یہ منقبت ۱۹۹۶ء میں بمقام [illegible] حضرت صاحب کے پہلے سالانہ عرس پر منعقدہ طرحی مشاعرے میں پیش کی تھی۔ مشاعرے کی صدارت جناب پروفیسر [illegible] نے کی تھی۔ راقم الحروف بھی اس مشاعرے میں شریک ہوا تھا۔ مشاعرے کی نظامت کے فرائض صوفی محمد [illegible] جمیل شاہ نے انجام دیے تھے۔ دیگر شعرا جنھوں نے کلام پیش کیا تھا ان میں جناب [illegible] حافظ آبادی، وارث قریشی اور محمد اسلم [illegible] کے نام حافظے میں محفوظ ہیں۔ صوفی عارف ادیب کی بیعت اول پیر عبداللہ شاہ نقش بندی (جنڈالی تحصیل گوجر خان) سے تھی۔ بعد ازاں انھوں نے حضرت صاحب کے خلیفہ صوفی نازک حسین شاہ (سابق تحصیل گوجر خان) کے ہاتھ پر تجدید بیعت کی اور خلافت سے بھی سرفراز ہوئے لیکن چند برس بعد اختلافات کے سبب ان سے علیحدہ [illegible] شاہ [illegible] سے منسوب کر لی۔ یہ منقبت صوفی نازک حسین شاہ [illegible] مقطع میں [illegible] کیف و کرب [illegible] موصوف [illegible]

اشعار یہاں نقل کیے جاتے ہیں:

دار القرار جب سے مزار نقیب ہے
جنت نما جہاں میں مزار نقیب ہے
دیکھی نقیب آباد میں بھینسوڑی کی بہار
واللہ! کیا بہار بہار نقیب ہے
جس نے شہ نقیب کی آنکھوں سے پی اسے
نشہ نقیب کا ہے خمار نقیب ہے

۲۱. آپ ۲۷ نومبر ۱۹۸۹ء کو جناب غلام فرید کے ہاں بہ مقام کلیاہ (ضلع: اسلام آباد) جنجوعہ راج پوت برادری میں پیدا ہوئے. اول تا سوم KRL ماڈل کالج کہوٹہ، چہارم تا پنجم گورنمنٹ ہائی سکول چراہ (ضلع: اسلام آباد) اور ششم تا دہم سلطانہ فاؤنڈیشن بوائز ہائی سکول لہتراڑ روڈ اسلام آباد میں پڑھا. ۲۰۰۵ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا اور ۲۰۰۷ء میں پنجاب کالج آف آئی ٹی راولپنڈی سے FSc کیا. ۲۰۰۸ء تا ۲۰۱۰ء BSc کے لیے سنٹر فار ایڈوانس سٹڈیز ان انجینئرنگ (CASE) اسلام آباد میں زیر تعلیم رہے مگر گھریلو مسائل کے سبب تعلیم جاری نہ رکھ پائے. ایک سال کے تعطل کے بعد ۲۰۱۱ء سے تا حال انٹرنیشنل اسلامک یونی ورسٹی اسلام آباد سے بی اے، ایل ایل بی (شریعہ اینڈ لا) کر رہے ہیں. ادبیات سے شغف لڑکپن سے ہی رہا. ۲۰۰۲ء میں جب آپ ساتویں جماعت میں تھے تو پہلی بار اپنی جماعت کے بارے میں نظم کہی. ابتدا میں کچھ وقت اردو میں طبع آزمائی کی اور ۲۰۰۴ء میں خود کو پنجابی شاعری اور پوٹھوہار میں پنجابی کی شعری روایت پہ تحقیق کے لیے وقف کر لیا. شاعری میں کسی کے آگے زانوے تلمذ طے نہیں کیا البتہ خطۂ پوٹھوہار کے معروف شاعر سائیں محمد صدیق (م: ۶ دسمبر ۱۹۸۱ء، چراہ) کو آپ اپنا روحانی استاد سمجھتے ہیں. اب تک آپ کی دو کتب شائع ہو چکی ہیں: **سانجھیاں سوچاں** (۲۰۰۹ء) اور **فقر و عشق** (۲۰۱۱ء). ان میں اول پوٹھوہار کے پنجابی شعرا کے تعارف اور منتخب کلام، جب کہ دوسری سائیں محمد صدیق کے احوال اور ان کے منتخب کلام پر مشتمل ہے. خطۂ پوٹھوہار میں پنجابی کی شعری روایات کے آثار کی تلاش، جمع آوری اور تدوین آپ کی تحقیق و توجہ کا خصوصی مرکز ہیں. ان کے دو تحقیقی منصوبے: **چومصرعہ اور پوٹھوہار کے شعرا**، **اسلام، ریاست اور جہاد - اسلامی تحریکوں کے تناظر میں** تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں. (جلالی، قاسم اقبال، **ٹیلی فونک** مکالمہ از راقم، کلیاہ/ اسلام آباد، ۲۵ جنوری ۲۰۱۴ء)

۲۲. مدیرِ اعلا، ماہ نامہ صبحِ بہاراں، دولتالہ/ تحصیل: گوجر خان

Marfat.com

اختتامیہ

تذکرہ ہذا محض تذکرہ نہیں بل کہ اس سلسلے کی ماضی قریب اور عہد موجود میں علمی، عرفانی اور ادبی تاریخ کے انضباط کی بھی کوشش ہے۔ اس تذکرے میں چچا صاحب کی حیات کے تمام پہلوؤں کے احاطہ کرنے کا دعوا قطعاً نہیں لیکن چیدہ چیدہ بنیادی تمام معلومات ضرور جمع کر دی گئی ہیں۔

مقدمے میں ضلع بہاول نگر میں سلسلہ سہروردیہ کے آثار کی تلاش میں بھی کاوش کی گئی لیکن اب تک صرف سخی شوق الٰہی کا اسم گرامی سامنے آیا ہے لیکن ان کی زندگی، ان کے زمانے کے تعین اور شجرۂ طریقت کے بارے میں بہت سے اشکالات ہیں جنھیں حل کرنے کی ضرورت ہے۔ سخی شوق الٰہی کے حوالے سے مزید کام کرنے والوں کے لیے ہدایت یہ ہے کہ سب سے پہلے ان کے زمانے کا تعین ضروری ہے اگر یہ طے ہو جائے تو پھر باقی امور خود بہ خود حل ہو جائیں گے۔ سخی شوق الٰہی کے بارے میں میاں فضل فرید لالیکا صاحب نے بہت تعاون و رہ نمائی کی۔ اس دوران میں نے بارہا انھیں ٹیلی فون پہ زحمت دی اور کوئی بھی سوال یا اشکال ان کے سامنے رکھا تو انھوں نے ہر بار نہایت خندہ پیشانی سے میرے اشکالات سماعت کیے اور ہمیشہ تشفی بخش جوابات فراہم کیے۔ انھوں نے سخی شوق الٰہی کی درگاہ سے متعلق محکمہ اوقاف اور درگاہ کے سجادہ نشین سید فیض کی شاہ بخاری کے درمیان مقدمے کی نہ صرف نشان دہی کی بل کہ مقدمے کے فیصلے کی تصدیق شدہ کاپی بھی بھجوادی اور خود اس کا عکس اپنے پاس رکھ لیا۔ نیز محکمہ مال سے ۲۲-۲-۱۹۶۲ء [illegible] ۱۳۱۰ھ کے شجرہ انساب مالکان موضع ماڑی شوق شاہ کی نقل بھی مہیا کی۔ ان کی شفقتوں کا اعتراف اور شکریہ ادا کرنا لازم ہے۔ راقم ان کی صحت اور درازی عمر کے لیے دعا گو ہے۔ بقول میرزا غالب
میں کیا اور میری دعا کیا؟

شاہ رضوان اختر سہروردی ایک نوجوان مستقبل ہیں سلسلے کی عرفانی روایت اور علمی و ادبی تاریخ منضبط کرنے کے لیے ایک روشن امید ہیں۔ راقم ان کا بھی شکر گزار ہے کہ اس تذکرے کی ترتیب میں انھوں نے دن رات ایک کیے رکھا اور یوں یہ تذکرہ اب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ شاہ رضوان کو منڈی صادق گنج کے علما و مشائخ کا تذکرہ مرتب کرنے [illegible] فکر معاش کے ساتھ ساتھ [illegible] ضلع [illegible] میں [illegible] صوفیانہ روایت و تحقیق بنیادوں پر ترتیب دینے

Marfat.com

کے لیے کمر کس لیں تو یہ نہایت خوش آیند ہو. کیوں کہ ایک بھرپور علمی وتحقیقی تذکرے کے ترتیب دینے کی ضرورت تذکرہ ہذا کی ترتیب کے دوران نہایت شدت سے محسوس ہوئی. اگر چہ اس سلسلے میں ایک اولین کاوش جناب ارشاد احمد خان عباسی کا تذکرہ **بزرگان دین ضلع بہاول نگر** ہے لیکن اس تذکرے میں کئی غیر محقق باتیں بھی در آئی ہیں جو تا ثریا می رود دیوار کج کا مصداق بن سکتی ہیں. گو مجھے یہ اعتراف بھی ہے کہ ایک غلطی ہی نئے محقق کو جنم دیتی ہے اور پہلے پہل کسی کام کا بیڑا اٹھایا جائے تو بہت سی خامیاں اور کمزوریاں منابع کی کم یابی اور نا تجربہ کاری کے سبب سرزد ہو سکتی ہیں.

ایک صوفی صرف روحانی آدمی ہی نہیں ہوتا وہ اور بھی بہت سے علایق سے بھی جڑا ہوتا ہے. پس ایک صوفی کی سوانح حیات محض فسانہ ہائے کرامات پر ہی مشتمل نہیں ہونی چاہیے بل کہ اس کی سوانح عمری میں اس کے ماحول، عوام اور عوامی رجحانات، طرز بود و باش، رسومات و رواجات، علمی وادبی پہلوؤں کو بھی ملحوظ رکھنا نہایت ضروری ہے. ایک مثال یہاں دینا چاہوں گا کہ حضرت صاحب یعنی چچا صاحب اور بابا صاحب کے شیخ طریقت جہاں ایک نہایت بزرگ روحانی انسان تھے وہیں وہ ایک بہت بڑے مصلح بھی تھے. انھوں نے ذات پات کے فرسودہ نظریات کو عملاً توڑا. جغرافیائی حوالے سے لوگوں کے اندر تعصبات کی اصلاح فرمائی. انھوں نے بالکل عام سے آدمیوں پہ محنت کر کے انھیں لوگوں کا پیشوا بنا دیا. اس طرح کے اور بہت سے پہلوؤں سے ان کی خدمات پہ کلام کیا جا سکتا ہے لیکن نہایت افسوس کا مقام ہے کہ اب تک ان پہ کوئی قابل ذکر کام نہیں ہو پایا. اب تک جو مضامین شایع ہوئے بھی ہیں ان میں وہی روایتی پن ہے جو عموماً برصغیر میں صوفیہ کے تذکروں میں پایا جاتا ہے. سلسلے کے نوجوانان اگر ان میں سے کسی کو اپنے شیخ طریقت کے ارشادات واحوال کی جمع آوری کی توفیق مل جائے تو جہاں وہ اپنے شیخ طریقت کے احوال و تعلیمات کو قلم بند کریں وہیں اپنے شیخ کی زبانی، حضرت صاحب کے بارے میں جو کچھ سنیں وہ بھی اپنی تالیفات میں سلیقے سے ضرور محفوظ کریں. سلسلے کے مشایخ چاہے وہ حسنی مشایخ ہوں یا شکوری ان کے علمی آثار کی جمع آوری میں بھی مستعدی دکھائیں. علمی کاموں میں تعصب اور جانب داری زہر قاتل ہے. اس کے قریب بھی نہیں پھٹکنا چاہیے اور غیر جانب دارانہ انداز میں اپنے نتایج کو پیش کر دینا چاہیے. ایک محقق کا دوران تحقیق اور لکھتے وقت نہ تو کوئی دوست ہوتا ہے اور نہ مخالف. اسے ہمیشہ معیار کو ضرور ملحوظ رکھنا چاہیے. غلو سے حتیٰ الامکان بچنا چاہیے کہ کہیں ان کی ساری محنت **پیراں نمی پرند، مریداں می پرانند** کا مصداق نہ بن جائے.

Marfat.com

اس اعتراف میں سبکی کا کوئی پہلو نہیں کہ ہر کام میں کچھ نہ کچھ خامیاں رہتی ہیں اور یہ تذکرہ بھی یقیناً اغلاط سے مبرا نہیں. علاوہ ازیں اختلاف نہ صرف تحقیق کا پہلا سنگ میل ہے بل کہ کئی الجھی ہوئی گتھیوں کے سلجھنے کا سبب بھی. میں اپنی غلطیوں کی نشان دہی نیز اختلاف کا خندہ پیشانی سے منتظر رہوں گا کہ اختلاف رہبر بھی ہے اور نیا راستہ بھی، جو مزید کئی نئی منازل تک رسائی کا موجب ہوسکتا ہے. سراج الدین ظفر نے کہا تھا:(۱)

کیا سنواریں گیسوئے تحقیقِ حق
اور کھل جاتے ہیں جوں جوں باندھیے

اسی سال ان شاء اللہ **تذکرہ لالا صاحب** (خواجہ صوفی ملک امان شاہ) **گلزارِ محبت** (عبداللہ سہام)، **اسنادِ سلاسلِ تصوف** اور **تذکرہ سائیں صاحب** (صوفی محمد اشرف شاہ معروف بہ سائیں صاحب) کی تکمیل واشاعت کا ارادہ ہے. خدا تعالا کرم کرے.

میں ان تمام احباب کا ایک بار پھر شکر گزار ہوں جنھوں نے کتاب کی تکمیل میں معاونت کی بالخصوص قاسم اقبال جلالی (کلیاوا، اسلام آباد)، محمد رمضان معینی (تونسہ)، مبشر سعید (ملتان)، آلوک سونی (دہلی)، پراگ اگروال (دھار) اور عدنان بشیر (چیچہ وطنی)۔ ارے! میں ہر بار اپنے اہل خانہ کا شکریہ ادا کرنا جانے کیوں بھول جاتا ہوں جو سب سے زیادہ تعاون کرتے ہیں اور میرا وہ وقت بھی جو ان کے لیے مختص ہونا چاہیے ان اوقات کو بھی خندہ پیشانی کے ساتھ میری تحقیق کی نذر کر دیا جاتا ہے. آخر میں جانے کیوں سراج الدین ظفر کے یہی اشعار یاد آ رہے ہیں:(۲)

اے حریفانِ سبو! گوش بر آواز رہو
دامنِ وقت میں الہام ابھی باقی ہیں
انتظار! اے دلِ دیوانہ کہ بزمِ اسرار
ساقی کی طرف سے جام ابھی باقی ہیں
سلسلہ سرمد و منصور کا منسوخ نہیں
اور فہرست میں کچھ نام ابھی باقی ہیں

حوالہ جات

۱۔ ظفر، سراج الدین، غزال و غزل، لاہور، فیروز سنز لمیٹڈ، مارچ ۱۹۶۸ء، ص ۱۳۶

۲۔ ایضاً، ص ۲۲

Marfat.com

ـمکتوبات

☆ ـخواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

بہ نام

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

---

[۱]

(۱۰-۱۱-۱۹۷۴ء)

نقیب آباد/قصور

برخوردار محمد امین، سلامت باشد

بعد از دعاے بسیار در دنیا و عقبیٰ بکار آید. ہم عرس مسہ کسوال (۱) کے بعد سفر سے کل ہی واپس ہوئے ہیں. تم عرس شریف سے ۵، ۶ دن پہلے آنے کی کوشش کریں، کیوں کہ کام زیادہ ہے. ہمیشہ یاد بود میں رہو. ہوش بردم، نظر برقدم، سفر در وطن کا دھیان رہے. (۲) سب کو دعا کہو.

دعا گو/صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

قادری ابوالعلائی جہانگیری حسنی

قدم بوسی عرض ہے. اسلم (۳)

---

۱ مسہ کسوال/تحصیل گوجر خان کا ایک گاؤں. یہاں ڈھوک کرم آباد میں حضرت صاحب کے خلیفہ صوفی عبد الرحمان شاہ (اپریل ۱۹۲۵ - ۷ جولائی ۲۰۱۲ء/ ۱۲ شعبان ۱۴۳۳ھ، مسہ کسوال) کے زیر اہتمام شاہ محمد عنایت حسن خاں کا عرس ہوتا تھا. پہلا عرس ۱۹۶۶ء میں منعقد ہوا. (نقیبی، **گلزار نقیب**، ص ۱۹۵)

۲ ''ہمیشہ یاد بود ... سفر در وطن کا دھیان رہے.'' یہ جملے صوفی اسلم کمال شاہ جو حضرت صاحب کے منشی تھے، اپنی طرف سے لکھ دیا کرتے تھے

۳ صوفی اسلم کمال شاہ (مدفون شیخوپورہ)

[۲]

(۱۳-۱-۱۹۷۵ء)

Marfat.com

مکہ معظمہ

برخوردار صوفی محمد امین، سلامت رہو

السلام علیکم، ہم بہ فضل خداوند کریم خیریت سے مدینہ منورہ سے روانہ ہو کر جدہ کو مورخہ ۷-۱-۷۵ [۱۹ء] کو پہنچے۔ وہاں سے مورخہ ۸-۱-۷۵ء کو پھر مکہ معظمہ آ گئے۔ اب یہاں بڑے آرام سے طواف کعبہ کر رہے ہیں اور نمازیں با جماعت پڑھتے ہیں۔ ان شاء اللہ ۱۸-۱-۷۵ء کو انگلینڈ روانہ ہو جائیں گے۔ اور اگر تم نے خط لکھنا ہو تو ہم کو انگلینڈ کے پتا پر روانہ کریں۔ سب وابستگان سلسلہ کو میری طرف سے دعا قبول ہو۔

دعا گو صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

[۳]

(۲۴-۹-۱۹۹۰ء)

حال بردورہ انگلینڈ

برخوردار صوفی محمد امین صاحب، سلامت رہو

بعد از دعائے بسیار در دنیا و عقبیٰ بکار آید۔ ہم خیریت سے ہیں اور آپ کی خیریت بارگاہ پیران عظام سے نیک خواہاں ہیں۔ احوال آں کہ گذشتہ دنوں میں ہماری بائیں آنکھ کا آپریشن ہوا تھا اب آنکھ بالکل ٹھیک ہے۔ اور ہم اپنا کام ٹھیک کر رہے ہیں۔ واپسی کا پروگرام فی الحال طے نہیں ہوا ہے۔ امید اور ارادہ بھی ہے کہ ہم اکتوبر کے آخر یا نومبر کے شروع میں وطن واپس لوٹ آئیں گے بہر حال پیشگی اطلاع کر دیں گے۔ اس دفعہ ہم راولپنڈی کی واپسی ہوں گے۔ وہاں ایک روز قیام کرنے کے بعد آستانہ عالیہ قصور نقیب آباد شریف روانہ ہو جائیں گے۔ سب [illegible] کو دعا [illegible] ہو۔

دعا گو فقیر صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

نویسندہ واخترہ حکیم اللہ، سلام و آداب عرض ہے [illegible] حکیم اللہ (۱) [illegible]

---

۱ صوفی حکیم اللہ [illegible] حضرت صاحب سے [illegible] ۱۹۰۰ [illegible] بیعت ہوئے۔ ۲۲ جون ۱۹۸۳ء [illegible] حضرت صاحب کی [illegible] صاحب کی وفات تک اس خدمت پر [illegible]۔ حکیم اللہ صوفی [illegible] حضرت خواجہ فقیر صوفی محمد نقیب اللہ شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی خالق ارض و سما کے حضور طلبی، سفر آخرت کی روئیداد [illegible] روزہ حق [illegible] اپریل ۱۹۹۵ء [illegible] ۱۹)

[۴]

Marfat.com

(۲۹-۹-۱۹۹۴ء)

حال بارکنگ، یوکے

برخوردار صوفی محمد امین شاہ، سلامت رہو

بعد از دعائے بسیار در دنیا و عقبیٰ بکار آید. ہم خیریت سے ہیں اور آپ سب وابستگان سلسلہ عالیہ کی خیریت بارگاہ پیران عظام سے نیک خواہاں ہیں. احوال آں کہ ہماری دائیں آنکھ کا آپریشن ہماری سرکاروں کے کرم سے کامیابی کے ساتھ ۲۷ ستمبر ۹۴ء کو ہو گیا ہے. اور ہم ایک دن و رات ہسپتال رہ کر واپس گھر آگئے ہیں. صرف دو تین دن احتیاط کی ضرورت ہے. ابھی ہماری صحت پہلے سے بہت بہتر ہے. آپ وابستگان سلسلہ اپنی جگہ تسلی رکھیں. فی الحال ہم نے دورہ کرنا بند کیا ہوا ہے. ڈاکٹر صاحب کے دوبارہ چیک اپ کرنے اور سفر کے قابل ہونے کی تسلی دینے پر دورہ شروع کریں گے. ہم اپنے وطن پاکستان میں جلدی واپسی کا ارادہ بھی رکھتے ہیں. جیسے ہی پروگرام واپسی کے لیے بنا ہم پیشگی اطلاع کر دیں گے. جملہ وابستگان سلسلہ عالیہ علاقہ ہذا میں ہماری دعائیں کہیں.

دعا گو/فقیر صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

نویسندہ: احقر، سلیم اللہ، آپ سب بھائیوں اور بہنوں کو سلام و آداب عرض ہے.

☆-سجادہ نشین، صوفی محمد عظمت اللہ شاہ

بہ نام

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

---

[۱]

(۹-۳-۱۹۹۵ء)

نقیب آباد/قصور

محترم صوفی محمد امین شاہ صاحب

اسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

بعدہٗ دعائے بسیار، ہم خیریت سے ہیں اور آپ کی خیریت بارگاہ بابا حضور سے نیک خواہاں ہیں. حامل رقعہ ہذا صوفی محمد صدیق ہمارا بھائی ہے. اسے فورٹ عباس ایریا میں زمین الاٹ ہوئی ہے، آپ کے پاس آتے رہیں گے، لہٰذا اس [کی] زمین کے بارے میں آپ ان کی ہر ممکن مدد کریں گے.

Marfat.com

دوسرے، ہم آج تک بہت مصروف رہے ہیں، کل ۱۰-۵-۹۵ء کو آستانہ عالیہ پہنچ جائیں گے۔ پھر وہاں بھی عرس کے معاملات میں مصروفیت ہی ہوگی۔ آپ حسب سابق ۴ بوری بڑے چنے بھیجنے کا بندوبست بھی کریں اور اگر ہو سکے تو ہفتے کے اندر اندر یہاں آستانہ عالیہ کا چکر ہی لگا جائیں .... (نامکمل)

[۲]

(۲۴-۸-۱۹۹۶ء)

حال: بارکنگ، انگلینڈ

برادرم صوفی محمد امین صاحب

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ، بعد از دعائے بسیار در دنیا و عقبیٰ بکار آید۔ ہم خیریت سے ہیں اور آپ کی خیریت بارگاہِ پیرانِ عظام سے نیک خواہاں ہیں۔ احوال آں کہ، ہم ۱۶- اگست بروز جمعۃ المبارک مکہ مکرمہ بیت اللہ شریف پہنچے، عمرہ مبارک کی سعادت حاصل ہوئی اور جمعۃ المبارک کی نماز بھی خانہ کعبہ ہی میں ادا کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ اس پر انوار موقع [موقعے] پر آپ سب لوگوں کے لیے خصوصی دعائیں پیش کرنے کی سعادت اور گھڑی نصیب ہوئی۔ بڑا پر کیف اور رقعت آمیز منظر تھا۔ بابا حضور کے قدموں کی خاک کے صدقے میں حاضری کا بڑا ہی اچھا موقع نصیب ہوا۔ اسی روز شام کو بارگاہ رسالت مآب سرکار دو عالم، فخر کون و مکاں، امام الانبیا، وجہ تخلیق کائنات، حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ میں حاضری کی سعادت نصیب ہوئی۔ یہ ایک ایسا موقع تھا جس کی شان اور عظمت الفاظ میں بیان کرنے سے قاصر ہیں۔ آپ یقیناً نسبت رکھنے والے بہت ہی خوش قسمت لوگ ہیں۔ ہم نے یہاں بھی آپ لوگوں کے لیے خصوصی دعائیں کیں۔ اللہ تعالیٰ بابا حضور کے قدموں کی خاک کے صدقے میں ہماری دعائیں قبول فرمائے، آمین

۲۱ اگست شام کے وقت ہم جدہ شریف سے لندن پہنچے۔ یہاں کے بھائیوں نے ائیرپورٹ پر ہمارا عظیم الشان استقبال کر کے وہ عزت بخشی جس کی مثال نہیں ملتی۔ بابا حضور کے ... آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ بڑا رقعت [رقت] آمیز منظر تھا۔ کیفیت کا ایک خاص عالم تھا ... کے کرم سے جلدی واپسی کا ارادہ رکھتے ہیں۔ آگے جیسے سرکاروں کی مرضی۔ یہاں بھی ہمارے بھائی ہیں ان کا بھی ہمارے اوپر کافی حق ہے۔ جملہ وابستگان سلسلہ عالیہ کو ہماری دعائیں کہیں۔

[illegible]

نویسندہ، احقر، سلیم اللہ عفی عنہ

۱. آپ نومبر۱۹۴۴ء (یا: ۱۹۴۵ء) کو خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ کے ہاں بہ مقام بٹل (ضلع مانسہرہ) پیدا ہوئے۔ پرائمری تک بٹل میں پڑھا اور ۱۹۶۲ء میں گورنمنٹ سپیشل ہائی سکول کوئٹہ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ بعد ازاں اسلامیہ کالج قصور سے ایف۔اے کیا۔ ۱۶ اکتوبر ۱۹۶۶ء میں جب آپ بی۔اے کے آخری سال میں تھے فوج میں کمیشن لے لیا اور ۱۹۹۲ء میں لیفٹیننٹ کرنل کے عہدے تک ترقی کی۔ (عثمان خان زادہ، کرنل صوفی محمد عظمت اللہ شاہ، مشمولہ حق گو، لاہور، س ن، ص ۳۱: اختر محمود، سجادہ نشین صوفی محمد عظمت اللہ شاہ، مشمولہ، روزنامہ پاکستان، لاہور، ۱۰ جنوری ۲۰۰۲ء) ۱۹۹۱ء میں آپ کو حضرت صاحب نے اپنا سجادہ نشین مقرر کیا۔ ۱۹۹۴ء میں آپ نے اپنے والد گرامی اور شیخ طریقت کے حکم کی تعمیل میں فوج سے ریٹائرمنٹ لے لی۔ (عظمت اللہ شاہ، صوفی محمد، انٹرویو، مشمولہ حق گو، لاہور، ۱۹۹۸ء، ص ۳۱: اختر محمود، سجادہ نشین صوفی محمد عظمت اللہ شاہ، مشمولہ، روزنامہ پاکستان، لاہور، ۱۰ جنوری ۲۰۰۲ء) آپ اردو زبان میں شعر بھی کہتے ہیں اور ابتدائے شعر گوئی میں کچھ عرصہ پرنم الٰہ آبادی (۱۹۴۲-۲۹ جون ۲۰۰۹ء، لاہور) سے اصلاح بھی لیتے رہے ہیں۔

[۳]

(۱۴۲۵ھ-۸-۷/۲۰۰۴ء-۹-۲۴)

نقیب آباد/قصور

محترم جناب صوفی محمد امین شاہ صاحب

السلام علیکم ورحمتہ اللہ، بعد از دعائے بسیار در دنیا و عقبیٰ بکار آید۔ کل ہی دورۂ یورپ سے واپس آستانہ عالیہ پر آئے ہیں۔ احمد یار صاحب کا بیٹا قتل ہوگیا ہوا ہے، ان کو آپ کے پاس بھیج رہے ہیں۔ ان کی ساری بات سن کر ان کے ساتھ جا کر ان کا مسئلہ حل کروائیں۔ ہماری طرف سے تمام وابستگان سلسلہ بھائیوں کو دعا کہیں۔

سگ در نقیب/عظمت

[۴]

(۲۰۰۴ء-۱۰-۱)

نقیب آباد/قصور

محترم صوفی محمد امین صاحب، سلامت رہیں

بعد از دعائے بسیار در دنیا و عقبیٰ بکار آید۔ احوال آں کہ ہمارے پاس حاجی احمد یار آئے ہیں ان کے بیٹے کے قتل کا مسئلہ ہے۔ آپ ان کے ساتھ جا کر ان کا مسئلہ حل کروائیں۔ پہلے بھی آپ

Marfat.com

کے پاس بھیجا تھا لیکن یہ پھر ہمارے پاس آئے ہیں. ابھی ہم پھر خط لکھ کر دے رہے ہیں ان کا مسئلہ ضرور حل کروائیں. ہماری طرف سے تمام وابستگان سلسلہ بھائیوں کو دعا کہیں.

سگ در نقیب/عظمت

☆-صاحب زادہ محمد حبیب اللہ شاہ

بہ نام

صوفی محمد امین شاہ

---

[۱]

(۱۰-۱۱-۱۹۷۴ء)

نقیب آباد/قصور

جناب امین صاحب

خدا کرے کے [کہ] آپ خیریت سے ہوں. ایک بس کے حادثے میں میری ایک پسلی ٹوٹ گئی تھی جس کی وجہ سے آپ کے پاس نہ جا سکا. عرس شریف سے پہلے آنے کی کوشش کریں، ضروری تاکید ہے. اور جتنے بھی آپ کے پاس خط ڈاکٹر (۱) کے یا ملک امان (۲) کے یا کسی اور کے ہوں ساتھ ضرور لاویں کیوں کہ ان لوگوں کو چھٹی دینے کا پروگرام ہے. (۳) جملہ وابستگان سلسلہ بھائیوں کی خدمت میں سلام علیکم عرض کریں.

والسلام محمد حبیب اللہ شاہ (۴)

---

۱. ہومیو ڈاکٹر صوفی محمد اقبال جمیل شاہ ۲. خواجہ صوفی ملک امان شاہ معروف بہ لالا صاحب

۳. لالا صاحب اور حضرت صاحب کے درمیان اختلافات در آئے تھے، جو بعد ازاں بڑے صاحب اور چھوٹے صاحب کی کوشش سے ختم ہو گئے. خط میں اسی کی طرف اشارہ دیا گیا ہے. اس اختلاف اور اس کے اختتام کی تفصیلات راقم نے اپنی تالیف گوجر خان کے سہروردی مشائخ میں درج کی ہیں

۴. خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ کے فرزند

[۲]

(۵-۲-۱۹۷۵ء)

نقیب آباد شریف

Marfat.com

ظل مرشدی ومولائی جناب امین صاحب

ہم سب خیریت سے ہیں، اللہ تعالا پیران عظام کے طفیل آپ لوگوں کو خیریت سے رکھے.
میں کل شام واپس آستانہ عالیہ پہنچا، گھر میں سب خیریت سے ہیں. حضرت صاحب لندن تشریف فرما ہیں، ۳۰ عدد شجرے منگوائے ہیں. ابھی واپسی کا کوئی پروگرام نہیں. میں راول پنڈی گیا تھا انھوں نے تسلی دی کہ ہم ہر ممکن کوشش کر کے آپ کو شفیع کی اطلاع دیں گے. میں نے آپ کا اور آستانہ عالیہ کا پتا دیا ہے، اگر ایف آئی یو ہیڈ کوارٹر اسلام آباد کا کوئی خط آئے تو مجھے اطلاع دیں. اسلم ابھی تک بھگوڑا ہے. جملہ اہل خانہ و وابستگان سلسلہ کی خدمت میں سلام علیکم عرض کریں.

والسلام/محمد حبیب اللہ شاہ

[پس تحریر]: میرا ملتان کا پروگرام ہے، پروگرام بننے کے بعد آپ کو اطلاع دوں گا.

☆ -صوفی محمد اقبال جمیل شاہ

بہ نام

صوفی محمد امین شاہ

---

[۱]

(۱۹۹۹ء-۳-۱۱)

بسم اللہ

[شورکوٹ]

جناب قبلہ صوفی صاحب

دلی محبت بھرا اسلام، قدم بوسی. یہ خط تو محض آپ کو ۳ ذوالحج کی یاددہانی کے لیے ہے. ویسے اطلاع تو میں نے گوش گزار کر دی تھی. اگر سعید بھائی (۱)، حشمت بھائی (۲) اور حافظ ارشد ولد صوفی بشیر صاحب قایم خوانی [خانی] ان کو دوبارہ اطلاع کر دیں تو مشکور ہوں گا.

اس کے علاوہ بہاول نگر کے قریب کوئی بیٹو قوم کا گانو ہے، وہاں کے ایک صاحب مقصود احمد بیٹو ٹوبہ ٹیک سنگھ میں اڈیشنل سیشن جج ہیں، اگر آپ کی کوئی واقفیت ان سے ہو سکے یعنی ان کے والدین سے رقعہ وغیرہ لیا جا سکے تو ذہن میں رکھیں. افضال بھائی نے دوبارہ کہا ہے آپ کو ایک اتوار فون کیا، آپ غالباً فیصل آباد گئے تھے، اب تاریخ ۲۲ مارچ ہے. بہاول نگر کے قریب ہی کوئی

Marfat.com

گانو ہے غالباً قبولہ کی طرف ضلع بہاول نگر ہے۔

محفل میں...... آپ کی شمولیت میرے لئے باعث برکت ہے۔ نینی خاص طور پر ٹوبہ سے آپ کو ملنے آئے گی، بل کہ اس نے مری حوصلہ افزائی کو محفل میں بھی حصہ ڈالا ہے۔

سعید پارٹی کو اطلاع لازماً کریں، اس نے کوئی ۲ ساتھی بیعت کرانے ہیں۔ ارے صاحب، میرے نہیں کرنل صاحب کے مرید ہوں گے، ہمیں تو پہلے والے ہضم نہیں ہو رہے۔ ولی بھائی کو سلام۔

آپ کا اپنا/محمد اقبال جمیل

---

۱. صوفی سعید احمد نقیبی (منچن آباد) ۲. صوفی حشمت علی شاہ (بہکاں بودلہ)

[۲]

(۲۰۰۱ء-۰۵-۱۹)

[شورکوٹ]

جناب محترم، صوفی محمد امین صاحب!

دلی محبت بھرا سلام قبول ہو۔ کافی دنوں سے ایک خلش تھی کہ خط لکھوں مگر نہ لکھ سکا۔ بس اپنی کوتاہی۔ سعید نے کہا تھا کہ میں شورکوٹ آؤں گا مگر وہ نہ آیا۔ میں دکان شفٹ کر کے ریلوے اسٹیشن کے قریب گوجرہ بازار میں لے آیا ہوں۔ دکان کے سامنے ایک فون ہے۔ دن کو ۱۰ بجے سے ۶ بجے شام تک کسی وقت ملائیں، جمعہ کو ان کا ناغہ ہوتا ہے۔ آپ پہلے والے تمام نمبر منسوخ کر کے یہ نمبر لکھیں تاکہ فون کی گھنٹی پر وہ مجھے صرف آواز دیں گے۔ ۲۵۱ ۶۳ ۰۴ یہ نمبر سعید(۱) کو بھی دیں۔ وہ مجھے خود فون کرے تاکہ بات چیت ہو سکے۔ امید ہے آپ کے مرید وہاں پہنچے ہوں اور استقبال بھی، اس کے بارے میں لکھیں تاکہ اگر مزید ضرورت ہو تو پتہ چل جائے۔ امید ہے آپ کی صحت ٹھیک ہو گی۔ ہے بذریعہ فون ۲۵۱ ۶۳ ۰۴ بات کرتے رہیں گے۔ شہدہ کے ہاتھ کو چوٹ لگی تھی پرانی مریضہ ہونے کے سبب اب ہاتھ بھی آہستہ آہستہ ہی جڑے گا۔ دعا کریں۔

کل ہی جہلم کے پاس دینہ سے ایک خط ۳۴ سال بعد آیا ہے۔ یہ صاحب میرے ... صاحب(۲)، شبیر صاحب رائٹر(۳) کے ساتھ قطار میں بیٹھ کر ... تھے پچھلے ... رہے۔ اب بوڑھے ہو کر ... آ گئے ہیں آج ہی ان کو خط لکھا ہے کہ

وہ کیا لکھیں گے پچھلے خط کے جواب میں

Marfat.com

میرا مطلب ہے کیا وہ نقیبی ہونے کے ناطے سے اب بھی سرکار کا دم بھرتے ہیں یا صرف انگلینڈ سے آکر انگلینڈ ہی کے نکلیں گے۔ ان کا نام نامی محمد صدیق ہے۔ یہ ۱۶ بلوچ میں اس دور میں تھے جب میں، نواز بھائی، شبیر صاحب بھی فورٹ سنڈیمن موجودہ نام ژوب میں تھے۔ اور لکھیں آپ کے تھیلے میں کوئی نئی تازی ہو.............خط کا ایڈریس وہی ہے۔ خط اسی (نیا دواخانہ، مین بازار شورکوٹ کینٹ) کے پتے پہ لکھیں۔ بچے اکثر آپ کو یاد کرتے ہیں، شاہدہ کا سلام۔ آپ کو گندم کی وجہ سے کافی مصروفیت ہوگی۔ برادرم ولی محمد صاحب کو سلام۔ عزیزم زاہد کو پیار۔ خدا حافظ

آپ کی دعاؤں کا طلب گار

محمد اقبال جمیل

---

۱. صوفی سعید احمد نقیبی (منچن آباد) ۲. بابا صاحب خواجہ صوفی محمد نواز شاہ

۳. آپ ۱۹۲۸ء کو رانا جمال دین کے ہاں بہ مقام موضع پر بھووالا (ضلع: حصار۔ بھارت)، پنوار راج پوت برادری میں پیدا ہوئے۔ قیام پاکستان کے بعد آپ بالترتیب بہاول پور، بورے والا میں مختصر قیام کے بعد گھسن کے (ضلع: قصور) میں آکر رہائش پذیر ہوئے۔ آپ نے چوتھی جماعت تک موضع پر بھووالا میں تعلیم حاصل کی، بعد ازاں فوج میں ملازمت کے دوران میٹرک کیا۔ آپ ۱۹۴۸ء میں فوج میں بھرتی ہوئے اور ۱۹۷۶ء میں بہ طور صوبے دار ریٹائر ہوئے۔ ۲۳ اپریل ۱۹۵۵ء/ ۲۹ شعبان ۱۳۷۴ھ بروز جمعرات بہ مقام فورٹ سنڈیمن (ژوب) بیعت ہوئے اور ۹ مئی ۱۹۵۹ء/ ۱۹ ذیقعد ۱۳۷۹ھ کو خلافت سے نوازے گئے۔ ۱۹۸۲ء میں بیعت لینے کا آغاز کیا اور ۳۱۔ اکتوبر ۲۰۰۵ء/ ۲۶ رمضان ۱۴۲۶ھ کو گھسن کے میں وفات پائی اور وہیں دفن بھی ہوئے۔ آپ کے چھوٹے فرزند محمد جعفر شاہ آپ کے سجادہ نشین ہیں۔ (جعفر شاہ، صاحب زادہ محمد [پ: یکم مئی ۱۹۸۶ء]، **ٹیلی فونک مکالمہ از راقم**، گھسن کے، ۱۲ اکتوبر ۲۰۰۹ء)

[۳]

(۲۰۰۳ء-۰۳-۰۶)

بسم اللہ

ھوالمرشدی

[شورکوٹ]

جناب محترم، برادرم صوفی امین صاحب!

قدم بوسی قبول ہو صوفی نواز صاحب کے عرس پر آپ کی آمد نہ ہو سکی، وجہ بھی معلوم ہوگئی۔

Marfat.com

باجی شمیم کی وفات کا دلی دکھ ہوا، خدا ان کو کروٹ کروٹ جنت میں جگہ دے۔

خیال تھا کہ عید کے بعد حاضر ہو کر افسوس کے لیے آؤں گا بلکہ نواز صاحب سے بھی یہی مشورہ کیا تھا مگر ۱۲ فروری کو عید تھی، ۱۶-۱۷ تک گھریلو مصروفیات میں [مصروف] رہا، پھر اچانک ۱۸ فروری کو صبح نماز فجر کے ساتھ سینے میں اس قدر شدید درد اٹھا، ٹیکے وغیرہ لگے مگر بے سود۔ صبح ہونے پر بچیاں مجھے شورکوٹ لے گئیں وہاں ڈاکٹر کو پہلے تو دل کا شک ہوا مگر پھر تجویز کی دوا دے دی، گھر آنے پر طبیعت خراب تھی، ڈرپ لگی تو سکون ہو گیا۔ دوسری صبح پھر افضال بھائی موٹر سائیکل پر آہستہ آہستہ شہر لے گیا، پھر اس ڈاکٹر نے دیکھا، ایکس رے کا مشورہ دیا، ایکس رے میں پھیپھڑے پر نمونیہ کا نشان بتایا کہ شاید سردی میں سفر کیا ہو [تو] سردی کا اثر ہوا ہو مزے کی بات بخار بھی نہیں تھا، کھانسی بھی نہیں تھی، سینہ میں نشان والی جگہ پر درد بھی نہ تھا پھر بھی ٹیکے، فی ٹیکا-۵۵، گولیاں، فی گولی-۴۰ روپے استعمال ہوئیں۔ آخر ۲ مارچ تک یہ حالت ہوگئی کہ نیند ختم اور چند قدم چلنے سے سانس بند ہونا اور بے حد تکلیف، ۲ مارچ کی دوپہر حالت دگرگوں تھی محسوس ہو رہا تھا کہ اب سرکاری ٹکٹ کٹ چکا ہے۔ بچی اور داماد موٹر سائیکل پہ آہستہ آہستہ پی اے ایف کے فوجی ہسپتال میں لے گئے، اتفاق سے ڈاکٹر حاضر تھے۔ جاتے ہی پہلے آکسیجن اور منہ کے راستے گیس کی بھاپ دی، کچھ سانس کھلا تو خون ٹسٹ کے لیے لینا تھا اور اسی نس میں ٹیکے لگانے تھے مگر حالت یہ کہ تمام خون کی شریانیں سکڑ گئیں تھیں۔ آدھا گھنٹہ کی کوشش میں کم از کم پچاس جگہ سوئیاں چبھیں تو نس ملی خون بھی لیا اور اسی سوئی کی جگہ ٹیکے لگے پھر دوبارہ ایکس رے، ای سی جی ہوئی۔ ڈاکٹر نے دوائیاں لکھ دیں اور ساتھ ہی مشورہ دیا کہ کسی دل کے ماہر کو چیک کرائیں۔ اب اتفاق ہے کہ شورکوٹ میں ہر اتوار کو دل کا ماہر ڈاکٹر آتا ہے۔ اب ہفتے [کی] شام تک دوا جاری ہے، اتوار کو دوبارہ چیک اپ ہوگا۔ اب جو نسخہ دیا گیا ہے اس میں ۲ سانس کی گولیاں، دو دل کی گولیاں، ایک پیشاب آور، کمزوری ہو چلی ہے۔

محسوس ہوتا ہے کہ اب آپ کی ملاقات نصیب نہ ہو سکے گی، یہ گاڑی بہت جلد اپنی منزل پہنچ جائے گی، اگر وقت ہو تو چند گھنٹوں کے لیے آکر مل جائیں بعد میں شاید وقت نہ ملے۔ ایک دوسرے سے معافیاں مانگ لیں۔ ولی بھائی کو خصوصی قدم بوسی۔ سعید صاحب میں تو ملے دیں

والسلام

آپ کا بھائی محمد اقبال نبیل

Marfat.com

-نامے میرے نام

☆ -ڈکٹر مختار الدین احمد

(۲۰۰۸ء-۰۱-۱۳)

علی گڑھ

مکرمی

اسلام علیکم ،اخبار الجمال (۱) کے اس قلمی نسخے کا عکس حاصل کرنے کے لیے مہینوں میں کوشش کرتا رہا. یہ بالائی قلعہ کے مشہور مدرسے کے سرپرست اور نگران کے کتب خانے میں ہے جو حضرت مولانا لطف اللہؒ (۲) کے اخلاف میں ہیں. ان کا نام مفتی عبدالقیوم ہیں [ہے] ، یہ مفتی شہر ہیں ، اور کچھ علیل. ان کے عزیز مفتی اسداللہ کے یہاں میں خود گیا، انھوں نے کتاب لانے کا وعدہ کیا، مہینوں گزر گئے ، میں ٹیلی فون پر ٹیلی فون کرتا رہا، لیکن مقصد حاصل نہ ہوا. صاف انکار بھی نہیں کیا. کچھ دنوں بعد...... یعنی مفتی اسداللہ کا انتقال ہوگیا. میں مایوس ہوکر بیٹھ گیا.

مولانا آزاد لائبریری میں اس کا ایک نسخہ ہے لیکن اس کی عکسی نقل لینا بہت دشوار ہے. آپ کی طرف سے درخواست آئے ، یونی ورسٹی لائبریری کو پیشگی ڈالر کے ذریعہ اب حکومت سے اجازت لے کر بھجوائیں ، پھر آگے کی منزل طے ہو. اتفاق سے ایک دوست سے اس کا ذکر آیا ، انھوں نے اطلاع دی کہ نواب مزمل اللہ خان مرحوم کے کتب خانے میں اس کا ایک نسخہ ہے. ان کے صاحب زادے نواب رحمت اللہ خان صاحب سے میرے بھی تعلقات ہیں. انھوں نے اجازت دے دی. میرے دوست نے اپنی طرف سے عکس بنوانے کا انتظام کیا اور ایک دن سارے اوراق میرے پاس آ گئے.

اب آپ کو یہ کتاب بھیجنے کے لیے پتا ڈھونڈتا ہوں تو آپ کا خط نہیں ملتا. آپ اس عرصے میں بالکل خاموش رہے. یاد دہانی کا خط آتا تو آپ کا پتا معلوم ہوتا. (۳) بہرحال آپ کے خط آنے پر اب یہ کتاب بھیج رہا ہوں بذریعہ رجسٹری آپ اطلاع دیجیے محمد راشد شیخ صاحب میرے کرم فرما ہیں ان کے وہاں کی ضروری کتابیں منگواتا رہتا ہوں بعض مخطوطات کے عکس بھی وہ بھیج دیتے ہیں. اس پر کوئی چار سو روپے علاوہ محصول خرچ ہوئے ہیں. یہ رقم مجھے بھیجنے کا تکلف نہ کریں ، اس

Marfat.com

سے پیچیدہ مسائل کبھی پیدا ہو جاتے ہیں. آپ انھیں بھیج کر مجھے اطلاع کر دیں. خدا کرے یہ کتاب آپ کے لیے ہر طرح مفید ہو. والسلام

مختار الدین احمد

عکس کے صفحات شاید ۲۶۳ ہیں. عکس بڑی تقطیع پر بنوایا گیا ہے کہ تحریر واضح ہو. دو صفحے ایک ساتھ نہیں بنوائے گئے، ان کا پڑھنا اور نقل کرنا مشکل ہوتا ہے. بعض اوراق دوبارہ بنوائے گئے.

---

۱. اخبار الجمال ملقب با شجار الجمال، مولفہ، راجی محمد، مورخہ ۲۹ جنوری ۲۰۰۸ء کو بذریعہ ڈاک مع: مکاتیب مفتی اعظم بنام ملک العلماء مولانا ظفر الدین قادری رضوی برکاتی (مرتبہ: پروفیسر مختار الدین احمد، علی گڑھ، مدرسہ فیضان مصطفیٰ زہرہ باغ، ۱۴۲۸ھ/۲۰۰۷ء) وصول ہوئی.

۲. مولانا لطف اللہ علی گڑھی معروف عالم اور کئی مشاہیر علما کے استاد

۳. رابطے کی صورت یوں ہوئی کہ ڈاکٹر مختار الدین احمد نے پیرزادہ اقبال احمد فاروقی کو ایک خط (محررہ ۱ اپریل ۲۰۰۷ء) لکھا. اس میں راقم کے بارے میں کچھ اس طور استفسار کیا: ''کیا آپ حسن نواز شاہ (اسلام آباد) سے واقف ہیں. انھیں علی گڑھ کے ایک بزرگ شاہ جمال کے حالات پر مشتمل ایک فارسی مخطوطہ ''اخبار الجمال'' کی ضرورت تھی. متعدد خط ان کے آئے. میں نے ایک ذاتی کتب خانے سے اس کا عکس بنوا دیا. اب عکس بنا رکھا ہے. تین چار سو روپے اس پر خرچ ہوئے اور وہ خاموش ہیں. چونکہ [illegible] ہیں. ان کا پورا پتا بھی اب یاد نہیں. محمد عالم مختار حق صاحب اور محمد اقبال مجددی [illegible] ان سے واقف ہوں گے. اپنے دوسرے احباب سے بھی پوچھیے. پتا چل جائے تو انھیں متوجہ کیجیے. [illegible] کی مدد [illegible] کبھی نقصان بھی ہوتا ہے.'' (مختار حق، محمد عالم، مرتب، مکتوبات ڈاکٹر مختار الدین احمد بنام پیرزادہ اقبال احمد فاروقی، لاہور، مکتبہ نبویہ، ۲۰۱۱ء، ص ۳۰۹) پیرزادہ فاروقی نے [illegible] ماہ نامہ جہان رضا ([illegible] الحجہ ۱۴۲۶ھ/ دسمبر ۲۰۰۵ء، ج ۱۵، ش ۱۵۰، ص ۱۹) میں شائع [illegible] آپ ڈاکٹر مختار الدین احمد سے رابطہ کیجیے. ایک اور خط میں (محررہ ۱۶ جنوری ۲۰۰۶ء) [illegible] فاروقی [illegible] ''حسن نواز شاہ صاحب [illegible] ''اخبار الجمال'' کی فوٹو کاپی [illegible]'' (مختار حق، ص ۳۱۱)

☆ -ڈاکٹر محمد اختر چیمہ

(۲۹-۱۲-۲۰۰۳)

فیصل آباد

بخدمت گرامی

Marfat.com

جناب صاحب زادہ حسن نواز شاہ صاحب!

اسلام علیکم، خیریت موجود، خیریت مطلوب. جناب کا یکم اکتوبر ۲۰۰۳ کا محررہ ،۶ دسمبر ۲۰۰۳ کا پوسٹ کیا ہوا مرقومہ شریفہ مجھے ۹ دسمبر ۲۰۰۳ کو موصول ہوا جسب ارشاد درج ذیل کتب، رسائل ومقالات بہ ذریعہ .v.p پوسٹ ارسال خدمت ہیں:

۱-مقالات اختر (اصل)، قیمت	۱۰۰ اروپے
۲-تجلیات غوثیہ (اصل)	۱۰۰
۳-انوار العاشقین (فوٹو کاپی)	۱۰۰
۴-وفیات الاخیارِ (فوٹو کاپی)	۱۰۰
پیکنگ وڈاک خرچ	۱۰۰
	۵۰۰

۵-احوال وآثار وعقاید عراقی (مقالہ)، اھدای

۶- دو رسالہ از عراقی (عکس)، اھدای

۷-امیر حسینی ہروی (عکس)، اھدای

علاوہ ازیں

-مخزن چشت سر دست دست یاب نہیں ہوسکی.

-''مقام شیخ عراقی در تصوف اسلامی'' کی بندہ نے جو تصحیح کی ہے وہ میرے اصل نسخہ کے ہمراہ consult کی جائے تو استفادہ کیا جاسکتا ہے. متأسفانہ ایرانی حکام نے تجدید اشاعت کے لیے اسے قبول نہیں فرمایا.(۱)

-شاہ صاحب! نسخہ جات اصل وعکسی کی .v.p قیمت بندہ نے اندازاً آپ کی آفر پر بندہ نے طلب کر لی ہے ورنہ میرے پیش نظر مالی منفعت قطعاً نہیں ہے. بندہ معافی کا خواست گار ہے.

-ماڈل ٹاؤن ہمک سہالہ روڈ اسلام آباد کے باسی دوست عزیزم ڈاکٹر عارف نوشاہی صاحب (۲) سے آپ کا تعارف ہوگا. ماشاءاللہ سکالر آدمی ہیں. انھیں بوقت ملاقات بندہ کا سلام پیش کیجیے گا.

-نسخہ جات کی رسید وصولی بواپسی ڈاک بندہ کو ضرور ارسال کیجیے تاکہ ترسیل سے اطمینان خاطر میسر آجائے. والسلام

محتاج دعا/ احقر، اختر چیمہ

Marfat.com

۱۔ مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد سے اس کی ترمیم شدہ دوسری اشاعت عمل میں آ چکی ہے۔

۲۔ معروف محقق و مخطوطہ شناس

☆ ۔ ڈاکٹر منیر الدین احمد

(۲۰۰۸ء-۱-۱۵)

کمر فیلڈ

جناب حسن نواز صاحب

جو باتیں دادا جان کے بارے میں عوام میں مشہور ہیں اور جن کا ذکر کتابوں میں بھی آ چکا ہے، ان کے بارے میں آپ کو محتاط رہنا چاہیے، کیوں کہ اکثر و بیشتر ان کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ مثلاً یہ کہ دادا جان مرزا غلام احمد قادیانی کے رضوان (دربان) تھے، جن کی اجازت کے بغیر کوئی شخص مرزا صاحب سے نہیں مل سکتا تھا۔ دادا جان کو قادیان میں بہت کم رہنے کا موقع ملا ہے۔ جب کہ دربان کو ہمہ وقت مرزا صاحب کی خدمت میں رہنا چاہیے۔ یا یہ کہ اگر آپ آخری ایام میں مرزائیت سے منحرف نہ ہو جاتے، تو خلیفہ بنتے اور نورالدین خلیفہ اول نہ ہوتے۔ مولوی حکیم نور الدین مرزا صاحب کی وفات پر ۱۹۰۸ء میں خلیفہ منتخب ہوئے تھے۔ اور دادا جان ۱۹۳۶ء میں احمدیت سے تائب ہوئے تھے۔ دوسری طرف آپ نے ۱۸۹۷ء کو قادیان میں پہلی ہی ملاقات میں مولوی حکیم نورالدین صاحب سے کہہ دیا تھا کہ ان کو مرزا صاحب کی خلافت ملے گی۔ اس چیز کا ذکر دادا جان کی سوانح حیات میں آ چکا ہے۔ پھر یہ کہنا کہ اخبار "الفضل" کا نام دادا جان کے نام کی مناسبت سے رکھا گیا تھا۔ یہ دعویٰ بھی بے بنیاد ہے۔ مرزا صاحب کے ایک الہام میں یہ فقرہ ملتا ہے "اس کے ساتھ فضل ہے۔ جو اس کے آنے کے ساتھ آئے گا"۔ ہو سکتا ہے کہ اس بنا پر مرزا بشیر الدین محمود احمد نے ۱۹۱۳ء میں اپنے اخبار کا نام رکھا ہو۔ بعض لوگوں نے اس سے یہ نتیجہ بھی نکالا تھا کہ یہاں پر دادا جان کی طرف اشارہ ہے۔ خود دادا جان والہی طور پر "فضل عمر" کا خطاب دیا گیا تھا، جس کو آپ استعمال کیا کرتے تھے۔

رہی یہ بات کہ دادا جان کے بیٹوں نے باپ کی نماز جنازہ نہیں پڑھی تھی یا ان کو خاندان نے ایسا کرنے سے روک دیا تھا، یہ چیز بھی ناممکنات میں سے ہے۔ ہمارے خاندان کی وجاہت کی پیش نظر کسی کو یہ جرأت نہ ہو سکتی تھی کہ ان کے بیٹوں کو نماز جنازہ میں شرکت سے روک سکتا۔ یوں بھی دونوں واقعوں میں سے مختلف آبادی ہمارے رشتہ داروں پر مشتمل ہے۔ جن کی اکثریت

Marfat.com

احمدی تھی پہلی نماز جنازہ احمدیوں نے پڑھی تھی. ہوسکتا ہے کہ دوسری نماز جنازہ میں بیٹے اس لئے شامل نہ ہوئے ہوں کہ وہ غیر احمدی امام کے پیچھے نہیں پڑھ سکتے تھے.

اگر آپ دادا جان کی سوانح حیات کو غور سے پڑھیں ("جماعت احمدیہ سے علاحدگی" ص ۱۰۸-۱۳۳)، تو اس میں آپ کے احمدیت کو چھوڑنے کی وجوہات سمجھنے میں دقت نہیں ہوگی. میں نے یہ تمام کوائف دادا جان کی اپنی تحریروں میں سے نقل کئے ہیں اور ہر جگہ پر حوالہ جات دیئے ہیں ،اس بارے میں مزید کچھ لکھنے کی گنجائش نہیں ہے.

میں پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی کے چنگا بنگیال میں دادا جان سے ملنے کے لئے آنے کے بارے میں اس سے قبل ایک مضمون میں تفصیل سے لکھ چکا ہوں. (حوالہ کے لئے دیکھیں: "ابن عربی، اقبال اور وحدت الوجود"، از منیر الدین احمد، "فنون"، لاہور، شمارہ ۳۵ ،جنوری - اپریل ۱۹۹۲ء، ص ۲۴۶-۲۵۳). قصہ یہ تھا کہ علامہ اقبال نے ابتداے کار ابن عربی کو ملحد جانتے ہوئے رد کر دیا تھا، مگر آگے چل کر انھیں ابن عربی کے بارے میں جاننے کا شوق پیدا ہوا. چناں چہ جب ان کو راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں شرکت کی خاطر انگلستان آنے کی دعوت ملی اور نھوں نے وہاں پر قیام کے دوران کچھ تقاریر کرنا چاہئیں، تو انھیں تحریک ہوئی کہ ابن عربی کے نظریات سے شدھ بدھ پیدا کی جائے. اس سلسلے میں انہوں نے پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی کی خدمت میں رہنمائی کی خاطر لکھا. بالخصوص وہ ابن عربی کے نظریات "وحدت الوجود" اور "زمان" کو جاننے کے خواہش مند تھے، جس کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ وہ زمان اور خدا میں کوئی فرق نہیں رکھتے تھے. اس بارے میں ایک حدیث بھی روایت کی جاتی ہے: "لاتسب الزمان فھو اللہ" (زمان کو گالی نہ دو، کیوں کہ وہی اللہ ہے). کہتے ہیں کہ پہلے تو پیر صاحب کی طرف سے یہ جواب دے دیا گیا کہ "اقبال پھر ایک بار دیر سے آیا ہے"، مگر پھر شاید یہ جانتے ہوئے کہ ابن عربی کی کتابوں کا خاص علم مولوی محمد فضل خان رکھتے ہیں، انھوں نے چنگا بنگیال جانے کا ارادہ کیا. مجھے ان کے چنگا میں آنے کے بارے میں چچا برکت حسین نے بتایا تھا. وہ اس وقت ۱۸-۱۹ برس کے نوجوان تھے. ایک روز سڑک پر ایک کار آ کر رکی، جس میں بیٹھے ہوئے بزرگ نے ان سے کہا کہ جاؤ اور مولوی محمد فضل خان سے جا کر کہو کہ پیر مہر علی شاہ گولڑوی ان سے ملنے کے لئے آئے ہیں. وہ دوڑے ہوئے اپنے تایا کے پاس پہنچے، جو حسب معمول لکھنے پڑھنے میں مصروف تھے. پیر صاحب کی آمد کی خبر سن کر انھوں نے فرمایا: "پیر صاحب کو مسجد میں لے جا کر بٹھاؤ، میں کپڑے بدل کر حاضر ہوتا ہوں."

مجھے مولانا علی محمد صاحب کے بارے میں علم نہیں ہے. ہمارے گانو میں گوجر خان سے کلر

Marfat.com

جانے والی سڑک پر ایک مسجد پائی جاتی ہے، جو گذشتہ صدی کی تیسری دہائی میں ابھی تعمیر نہیں ہوئی تھی جب پیر صاحب تشریف لائے تھے. امام مسجد غالباً پونچھ کے رہنے والے اور دادا جان سے کہیں چھوٹے اور ان کے بیٹوں کی عمر کے تھے. ان کے بیٹے مولوی سعید کا ذکر میرے ایک افسانے میں آتا ہے. اس کا دوسرا بھائی حفیظ (؟) انگلستان چلا گیا تھا، جہاں پر اس کے بچوں نے تعلیم پائی. ایک بیٹا میڈیکل ڈاکٹر ہے اور امریکہ کی ایک لیبارٹری میں کام کرتا ہے. چند برس ادھر اس نے مجھ سے رابطہ کیا اور بتایا تھا کہ اس کے دادا نے مصر کی الازہر یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کی تھی. انھوں نے کوئی کتاب نہیں لکھی. البتہ ایک مسودہ چھوڑا ہے. جس کو ان کا پوتا چھپوانا چاہتا تھا. کیا یہ صاحب مولانا علی محمد تھے؟ براہ کرم برادرم الطاف محمود سے اس بارے میں پوچھیں.

والسلام منیر الدین احمد

☆-دکتر عارف نوشاہی

(۲۰۱۴ء-۱-۴)

اسلام آباد، ہمک

مکرمی صاحب زادہ حسن نواز شاہ صاحب!

میں ایک ایرانی انسائیکلوپیڈیا کے لیے شاہ دولا گجراتی پر مقالہ لکھ رہا ہوں میرے پیش نظر حسب ذیل مآخذ ہیں: تذکرہ شاہ دولا، محمد چراغ، نسخہ گنج بخش، معارج الولایت، نسخہ [illegible]، خزینۃ الاصفیا مطبوعہ، صاحبیہ مطبوعہ. محمد چراغ نے انھیں شاہ سیدا یا شیدا کا مرید لکھا [illegible] ولی تک شجرہ پہنچایا ہے اور انھیں سلسلہ مجذوبیہ سے وابستہ لکھا ہے. معارج الولایت والے نے ان کا ذکر چشتیہ کے باب میں کیا ہے. خزینہ نے بہاء الدین سہروردی تک شجرہ [illegible] ہے اور چشتی نسبت بھی بیان کی ہے. سوال یہ ہے کہ ان کا اصل طریقہ کون سا ہے؟

بعض تذکروں میں ان کا نام کبیر الدین لکھا ہے اس سلسلے میں [illegible] متاخر ہی کیوں نہ ہو (محض کتابی حوالہ درکار ہے [illegible]) مجھے [illegible] نہیں پڑھا کہ ہندوستان میں بھی [illegible] شاہ دولا [illegible] دونوں شاہ دولا کو خلط ملط کر دیا گیا ہے [illegible] ہے؟ چوں کہ [illegible] آپ کا [illegible] ہے. جواب باصواب [illegible]

عارف نوشاہی

Marfat.com

Marfat.com

ضمیمہ جات

- ☆ شجرہ ہائے طریقت
- ☆ مطبوعہ کتب میں چچا صاحب کا ذکر
- ☆ غزل، تضمین (میر قاتل شاہ، میر فرزند علی علوی)
- ☆ بابا صاحب کے لیے (مبشر سعید)
- ☆ غزلیات (یوسف عسکری)
- ☆ مکتوب راقم
- ☆ استدراک
- ☆ کتابیات
- ☆ قطعہ تاریخ تالیف وطباعت
- ☆ عکس ہائے کتب ودستاویزات/تصاویر

Marfat.com

Marfat.com

ضمیمہ-الف

سہروردیہ غزنویہ-۱

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ

حاجی الحرمین الشریفین شاہ محمد عنایت حسن خاں

شاہ محمد نبی رضا شاہ معروف بہ دادا میاں وملقب بہ اسد جہاں گیری

فخر العارفین شاہ محمد عبدالحیٔ جہاں گیری

شیخ العارفین شاہ مخلص الرحمان ملقب بہ جہاں گیر شاہ

شاہ امداد علی بھاگل پوری

شاہ محمد مہدی فاروقی

مخدوم حکیم مظہر حسین شاہ بن حکیم فرحت اللہ شاہ فاروقی

مخدوم حکیم فرحت اللہ شاہ فاروقی مخاطب بہ حسن دوست کریم چپی

مخدوم شاہ حسن علی

مخدوم شاہ محمد منعم بن امان بن عبدالکریم بن عبدالنعیم فاروقی

میر سید خلیل الدین بن ابو سعید دیوان سید محمد جعفر الحسینی

ابو سعید دیوان سید محمد جعفر القطبی بن میر سید اہل اللہ الحسینی

میر سید اہل اللہ الحسینی معروف بہ سید مبارک حسینی

میر سید نظام الدین الحسینی

میر سید تقی الدین بن سید نصیر الدین الحسنی

میر سید نصیر الدین بن سید نیر الدین محمود الحسنی

Marfat.com

میر سید منیر الدین محمود بن میر سید فضل اللہ معروف بہ سید گسائیں

میر سید فضل اللہ بن نصیر الدین الحسنی معروف بہ سید گسائیں

شاہ قطب الدین فاروقی بینائے دل قلندر سر انداز غوثی

میر سید نجم الدین غوث الدہر قلندر

میر سید نظام الدین غزنوی

شیخ الاسلام میر سید نور الدین مبارک غزنوی معروف بہ میر دہلی

شیخ الشیوخ شہاب الدین عمر بن محمد سہروردی

ضمیمہ-ب

سہروردیہ-۲

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

سلطان الاولیاء خواجہ صوفی محمد حسن شاہ

حاجی الحرمین الشریفین شاہ محمد عنایت حسن خاں

شاہ محمد نبی رضا شاہ معروف بہ دادا میاں وملقب بہ اسد جہاں گیری

فخر العارفین شاہ محمد عبدالحیٔ جہاں گیری

شیخ العارفین شاہ مخلص الرحمان ملقب بہ جہاں گیر شاہ

شاہ امداد علی بھاگل پوری

شاہ محمد مہدی فاروقی

مخدوم حکیم مظہر حسین شاہ بن حکیم فرحت اللہ شاہ فاروقی

مخدوم حکیم فرحت اللہ شاہ فاروقی مخاطب بہ حسن دوست کریم چکی

مخدوم شاہ حسن علی

Marfat.com

مخدوم شاہ محمد منعم بن امان بن عبدالکریم بن عبدالنعیم فاروقی

میر سید خلیل الدین بن ابوسعید دیوان سید محمد جعفر الحسینی

ابوسعید دیوان سید محمد جعفر القطبی بن میر سید اہل اللہ الحسینی

میر سید اہل اللہ الحسینی معروف بہ سید مبارک حسینی

میر سید نظام الدین الحسینی

میر سید تقی الدین بن سید نصیر الدین الحسنی

میر سید نصیر الدین بن سید منیر الدین محمود الحسنی

میر سید منیر الدین محمود بن میر سید فضل اللہ معروف بہ سید گسائیں

میر سید فضل اللہ بن نصیر الدین الحسنی معروف بہ سید گسائیں

شاہ قطب الدین فاروقی بینائے دل قلندر سر انداز غوثی

شیخ شمس الدین ظفر آبادی

سید اسد الدین الحسینی الواسطی ظفر آبادی

ابوالفتح شاہ رکن الدین عالم ملتانی

شیخ صدر الدین عارف

شیخ الاسلام بہاء الدین ابومحمد زکریا اسدی قرشی

شیخ الشیوخ سیدنا شہاب الدین ابوحفص عمر بن محمد السہروردی

ضمیمہ-ج

قادریہ

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

Marfat.com

سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ

حاجی الحرمین الشریفین شاہ محمد عنایت حسن خاں

شاہ محمد نبی رضا شاہ معروف بہ دادا میاں وملقب بہ اسد جہاں گیری

فخر العارفین شاہ محمد عبدالحیٔ جہاں گیری

شیخ العارفین شاہ مخلص الرحمان ملقب بہ جہاں گیر شاہ

شاہ امداد علی بھاگل پوری

شاہ محمد مہدی فاروقی

مخدوم حکیم مظہر حسین شاہ بن حکیم فرحت اللہ شاہ فاروقی

مخدوم حکیم فرحت اللہ شاہ فاروقی مخاطب بہ حسن دوست کریم چکی

مخدوم شاہ حسن علی

مخدوم شاہ محمد منعم بن امان بن عبدالکریم بن عبدالنعیم فاروقی

میر سید خلیل الدین بن ابوسعید دیوان سید محمد جعفر الحسینی

ابوسعید دیوان سید محمد جعفر القطبی بن میر سید اہل اللہ الحسینی

میر سید اہل اللہ الحسینی معروف بہ سید مبارک حسینی

میر سید نظام الدین الحسینی

میر سید تقی الدین بن سید نصیر الدین الحسنی

میر سید نصیر الدین بن سید منیر الدین محمود الحسنی

میر سید منیر الدین محمود بن میر سید فضل اللہ معروف بہ سید گسائیں

میر سید فضل اللہ بن نصیر الدین الحسنی معروف بہ سید گسائیں

شاہ قطب الدین فاروقی بینائے دل قلندر سر انداز غوثی

Marfat.com

میر سید نجم الدین غوث الدہر قلندر

میر سید نظام الدین غزنوی

شیخ الاسلام میر سید نور الدین مبارک غزنوی معروف بہ میر دہلی

شیخ الشیوخ شہاب الدین عمر بن محمد سہروردی

غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی

ضمیمہ-د

کبرویہ فردوسیہ

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ

حاجی الحرمین الشریفین شاہ محمد عنایت حسن خاں

شاہ محمد نبی رضا شاہ معروف بہ دادا میاں وملقب بہ اسد جہانگیری

فخر العارفین شاہ محمد عبدالحئی جہانگیری

شیخ العارفین شاہ مخلص الرحمان ملقب بہ جہانگیر شاہ

شاہ امداد علی بھاگل پوری

شاہ محمد مہدی فاروقی

مخدوم حکیم مظہر حسین شاہ بن حکیم فرحت اللہ شاہ فاروقی

مخدوم حکیم فرحت اللہ شاہ فاروقی مخاطب بہ حسن دوست [illegible]

مخدوم شاہ حسن علی

مخدوم شاہ محمد منعم بن امان بن عبدالکریم بن عبدالرحیم فاروقی

میر سید مبارک حسین

Marfat.com

میر سید اشرف عرف میر سید میر

شاہ رکن الدین عبدالوہاب نظامیہ بن ابوالفتح ہدایت اللہ سرمست

شاہ ابوالفتح ہدایت اللہ پیر سرمست نظامیہ بن محمد علا تیغ لرزاں

مخدوم شاہ فیض اللہ محمد علا عرف شیخ قاضن منیری

شیخ محمد ایوب کاہی

مخدوم محمد بہرام بہاری

مخدوم حسین بن معز فاروقی بلخی معروف بہ نوشہ توحید

مخدوم مظفر بن شمس الدین فاروقی بلخی

مخدوم شرف الدین احمد بن یحییٰ منیری

شیخ نجیب الدین فردوسی

شیخ رکن الدین فردوسی

شیخ بدرالدین سمرقندی

شیخ سیف الدین باخرزی

ابوالجناب شیخ نجم الدین احمد بن عمر کبریٰ الخیوقی

ضمیمہ-۵

چشتیہ صابریہ

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ

حاجی الحرمین الشریفین شاہ محمد عنایت حسن خاں

Marfat.com

شاہ محمد نبی رضا شاہ معروف بہ دادا میاں وملقب بہ اسد جہاں گیری

فخر العارفین شاہ محمد عبدالحیٔ جہاں گیری

شاہ امداد حسین معروف بہ حاجی شاہ محمد امداد اللہ فاروقی مہاجر مکی

میاں جیو سید نور محمد علوی جھنجھانوی

الحاج سید عبدالرحیم الحسینی شہید ولایتی

شاہ عبدالباری بن شیخ ظہور اللہ صدیقی امروہوی

شاہ عبدالہادی بن شیخ ظہور اللہ صدیقی امروہوی

سید محمد عضدالدین متوکل بن سید حامد امروہوی

سید محمد مکی جعفری امروہوی

شاہ محمدی اکبرآبادی عرف شاہ فیاض

شاہ محب اللہ صدیقی الہ آبادی ملقب بہ شیخ کبیر

شاہ ابوسعید بن نورالدین نعمانی گنگوہی

شاہ نظام الدین بن عبدالشکور فاروقی بلخی

شیخ جلال الدین بن محمود فاروقی تھانیسری

شیخ عبدالقدوس گنگوہی نعمانی

شیخ محمد فاروقی ردولوی

شیخ احمد عارف فاروقی ردولوی

شیخ احمد عبدالحق فاروقی ردولوی

شیخ جلال الدین محمد کبیر الاولیا

شیخ شمس الدین ترک پانی پتی

Marfat.com

شیخ علاء الدین علی بن احمد صابر کلیری

شیخ فرید الدین مسعود اجودھنی

خواجہ قطب الدین بختیار کاکی

خواجہ خواجگان خواجہ معین الدین حسن سجزی چشتی اجمیری

خواجہ عثمان ہرونی

خواجہ حاجی محمد شریف زندنی

خواجہ قطب الدین مودود چشتی

خواجہ ناصر الدین ابو یوسف بن سمعان چشتی

خواجہ ابی محمد بن احمد چشتی

خواجہ قدوۃ الدین ابو احمد ابدال چشتی

خواجہ شرف الدین ابو اسحاق شامی

ضمیمہ-و

چشتیہ نظامیہ

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ

حاجی الحرمین الشریفین شاہ محمد عنایت حسن خاں

شاہ محمد نبی رضا شاہ معروف بہ دادا میاں وملقب بہ اسد جہاں گیری

فخر العارفین شاہ محمد عبد الحیٔ جہاں گیری

شاہ امداد حسین معروف بہ حاجی شاہ محمد امداد اللہ فاروقی مہاجر مکی

Marfat.com

میاں جیو سید نور محمد علوی جھنجھانوی

الحاج سید عبدالرحیم الحسینی شہید ولایتی

شاہ عبدالباری بن شیخ ظہور اللہ صدیقی امروہوی

شاہ عبدالہادی بن شیخ ظہور اللہ صدیقی امروہوی

سید محمد عضد الدین متوکل بن سید حامد امروہوی

سید محمد مکی جعفری امروہوی

شاہ محمدی اکبر آبادی عرف شاہ فیاض

شاہ محب اللہ صدیقی الہ آبادی ملقب بہ شیخ کبیر

شاہ ابوسعید بن نور الدین نعمانی گنگوہی

شاہ نظام الدین بن عبدالشکور فاروقی بلخی

شیخ جلال الدین بن محمود فاروقی تھانیسری

شیخ عبدالقدوس گنگوہی نعمانی

شیخ درویش بن محمد قاسم اودھی

سید بدھن شاہ علوی بہرائچی

سید اجمل بن امجد الحسینی بہرائچی

سید جلال الدین حسین معروف بہ مخدوم جہانیاں جہاں گشت

خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلی

خواجہ نظام الدین محمد اولیا محبوب الٰہی

شیخ فرید الدین مسعود اجودھنی

خواجہ قطب الدین بختیار کاکی

Marfat.com

خواجہ معین الدین حسن سجزی چشتی اجمیری

ضمیمہ-ز

شطاریہ

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ

حاجی الحرمین الشریفین شاہ محمد عنایت حسن خاں

شاہ محمد نبی رضا شاہ معروف بہ دادامیاں وملقب بہ اسد جہاں گیری

فخر العارفین شاہ محمد عبدالحیٔ جہاں گیری

شیخ العارفین شاہ مخلص الرحمان ملقب بہ جہاں گیر شاہ

شاہ امداد علی بھاگل پوری

شاہ محمد مہدی فاروقی

مخدوم حکیم مظہر حسین شاہ بن حکیم فرحت اللہ شاہ فاروقی

مخدوم حکیم فرحت اللہ شاہ فاروقی مخاطب بہ حسن دوست کریم چکی

مخدوم شاہ حسن علی

مخدوم شاہ محمد منعم بن امان بن عبدالکریم بن عبدالنعیم فاروقی

میر سید مبارک حسین

میر سید اشرف عرف میر سید میر

شاہ رکن الدین عبدالوہاب نظامیہ بن ابوالفتح ہدایت اللہ سرمست

شاہ ابوالفتح ہدایت اللہ پیر سرمست نظامیہ بن محمد علا تیغ لرزاں

Marfat.com

ضمیمہ-ح

مخدوم شاہ فیض اللہ محمد علا عرف شیخ قاضن منیری

شاہ عبداللہ شطار صدیقی

ابوالعلائیہ نقش بندیہ

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ

حاجی الحرمین الشریفین شاہ محمد عنایت حسن خاں

شاہ محمد نبی رضا شاہ معروف بہ دادا میاں وملقب بہ اسد جہاں گیری

فخر العارفین شاہ محمد عبدالحئی جہاں گیری

شیخ العارفین شاہ مخلص الرحمان ملقب بہ جہاں گیر شاہ

شاہ امداد علی بھاگل پوری

شاہ محمد مہدی فاروقی

مخدوم حکیم مظہر حسین شاہ بن حکیم فرحت اللہ شاہ فاروقی

مخدوم حکیم فرحت اللہ شاہ فاروقی مخاطب بہ حسن دوست میر یحییٰ

مخدوم شاہ حسن علی

مخدوم شاہ محمد منعم بن امان بن عبدالرحیم بن عبدالحکیم فاروقی

میر سید اسد اللہ شاہ

میرزا شاہ محمد فرہاد دہلوی

سید دوست محمد برہان پوری

میر سید ابوالعلا احراری

Marfat.com

میر سید عبداللہ احراری

خواجہ محمد یحیٰ احراری

محی الدین خواجہ عبدالحق احراری

خواجہ ناصر الدین عبید اللہ بن محمود احرار

خواجہ یعقوب بن عثمان چرخی

خواجہ بہاء الدین محمد نقش بند

ضمیمہ-ط

مجددیہ نقش بندیہ

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ

حاجی الحرمین الشریفین شاہ محمد عنایت حسن خاں

شاہ محمد نبی رضا شاہ معروف بہ دادامیاں وملقب بہ اسد جہاں گیری

فخر العارفین شاہ محمد عبدالحیٔ جہاں گیری

شاہ امداد حسین معروف بہ حاجی شاہ محمد امداد اللہ فاروقی مہاجر مکی

شاہ محمد اسحاق فاروقی محدث دہلوی

شاہ عبدالعزیز فاروقی محدث دہلوی

شاہ قطب الدین معروف بہ ولی اللہ فاروقی محدث دہلوی

شاہ عبدالرحیم فاروقی محدث دہلوی

سید عبداللہ

Marfat.com

سید آدم بنوری

شیخ احمد فاروقی سرہندی معروف بہ مجدد الف ثانی

خواجہ موید الدین محمد باقی باللہ

خواجہ محمد مقتدا املنگی

خواجہ درویش محمد

خواجہ محمد زاہد وخشی

خواجہ ناصر الدین عبید اللہ احرار

خواجہ یعقوب بن عثمان چرخی

خواجہ علاء الدین عطار

خواجہ بہاء الدین محمد نقش بند

ضمیمہ-ی

شاذلیہ

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ

حاجی الحرمین الشریفین شاہ محمد عنایت حسن خاں

شاہ محمد نبی رضا شاہ معروف بہ دادا میاں ملقب بہ احمد جہاں پیری

فخر العارفین شاہ محمد عبدالحی جہاں پیری

شاہ امداد حسین معروف بہ حاجی شاہ محمد امداداللہ فاروقی مہاجر مکی

شاہ محمد اسحاق فاروقی محدث دہلوی

Marfat.com

شاہ عبدالعزیز فاروقی محدث دہلوی

شاہ قطب الدین معروف بہ ولی اللہ فاروقی محدث دہلوی

شیخ ابوطاہر محمد بن ابراہیم کردی مدنی

شیخ ابراہیم کردی مدنی

شیخ احمد قشاشی

شیخ احمد بن قاسم

شیخ کمال الدین

علامہ محمد بن محمد بن جرزی

علامہ تاج سبکی

شیخ احمد بن عطاء اللہ اسکندری

شیخ ابوالعباس المرشی

شیخ نورالدین ابوالحسن علی بن عبداللہ الشاذلی

ضمیمہ-ک

عیدروسیہ مدینہ

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ

حاجی الحرمین الشریفین شاہ محمد عنایت حسن خاں

شاہ محمد نبی رضا شاہ معروف بہ دادا میاں وملقب بہ اسد جہاں گیری

فخر العارفین شاہ محمد عبدالحئ جہاں گیری

Marfat.com

شاہ امداد حسین معروف بہ حاجی شاہ محمد امداد اللہ فاروقی مہاجر مکی

شاہ محمد اسحاق فاروقی محدث دہلوی

شاہ عبدالعزیز فاروقی محدث دہلوی

شاہ قطب الدین معروف بہ ولی اللہ فاروقی محدث دہلوی

ابوطاہر محمد بن ابراہیم کردی مدنی

شیخ الحرم احمد نخلی المکی

شیخ عبدالرحمان بن علوی الحداد

شیخ عبداللہ بن علوی الحداد

شیخ محمد بن علوی الحداد

شیخ عبداللہ بن علی صاحب الوھط

شیخ ابن عبداللہ عیدروس الحسینی الحضرمی

شیخ عبداللہ بن الشیخ

شیخ ابوبکر العیدروس الحضرمی صاحب عدن

شیخ القطب العفیف الدین عبداللہ عیدروس الکبیر

شیخ عمر المحضار

شیخ عبدالرحمان بن محمد السقاف

شیخ محمد بن علی مولا الدویلہ

شیخ علی بن علوی

شیخ علوی بن محمد

شیخ الفقیہ المقدم محمد بن علی

Marfat.com

شیخ عبداللہ الصالح المغربی

شیخ قطب الشیخ المقتدا ابومدین شعیب بن حسن المغربی

ضمیمہ-ل

قلندریہ

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ

حاجی الحرمین الشریفین شاہ محمد عنایت حسن خاں

شاہ محمد نبی رضا شاہ معروف بہ دادامیاں وملقب بہ اسد جہاں گیری

فخر العارفین شاہ محمد عبدالحیٔ جہاں گیری

شیخ العارفین شاہ مخلص الرحمان ملقب بہ جہاں گیر شاہ

شاہ امداد علی بھاگل پوری

شاہ محمد مہدی فاروقی

مخدوم حکیم مظہر حسین شاہ بن حکیم فرحت اللہ شاہ فاروقی

مخدوم حکیم فرحت اللہ شاہ فاروقی مخاطب بہ حسن دوست کریم چکی

مخدوم شاہ حسن علی

مخدوم شاہ محمد منعم بن امان بن عبدالکریم بن عبدالنعیم فاروقی

میر سید خلیل الدین بن ابوسعید دیوان سید محمد جعفر الحسینی

ابوسعید دیوان سید محمد جعفر القطبی بن میر سید اہل اللہ الحسینی

میر سید اہل اللہ الحسینی معروف بہ سید مبارک حسینی

میر سید نظام الدین الحسینی

Marfat.com

میر سید تقی الدین بن سید نصیر الدین الحسنی

میر سید نصیر الدین بن سید منیر الدین محمود الحسنی

میر سید منیر الدین محمود بن میر سید فضل اللہ معروف بہ سید گسائیں

میر سید فضل اللہ بن نصیر الدین الحسنی معروف بہ سید گسائیں

شاہ قطب الدین فاروقی بینائے دل قلندر سر انداز غوثی

میر سید نجم الدین غوث الدہر قلندر

سید خضر رومی کھپر داری

ضمیمہ-م

مداریہ

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ

حاجی الحرمین الشریفین شاہ محمد عنایت حسن خاں

شاہ محمد نبی رضا شاہ معروف بہ دادا میاں وملقب بہ اسد جہاں گیری

فخر العارفین شاہ محمد عبدالحئی جہاں گیری

شاہ امداد حسین معروف بہ حاجی شاہ محمد امداد اللہ فاروقی مہاجر مکی

میاں جیو سید نور محمد علوی جھنجھانوی

الحاج سید عبدالرحیم الحسینی شہید ولایتی

شاہ عبدالباری بن شیخ ظہور اللہ صدیقی امروہوی

شاہ عبدالہادی بن شیخ ظہور اللہ صدیقی امروہوی

سید محمد عضد الدین متوکل بن سید حامد امروہوی

Marfat.com

سید محمد مکی جعفری امروہوی

شاہ محمدی اکبر آبادی عرف شاہ فیاض

شاہ محب اللہ صدیقی الہ آبادی ملقب بہ شیخ کبیر

شاہ ابوسعید بن نورالدین نعمانی گنگوہی

شاہ نظام الدین بن عبدالشکور فاروقی بلخی

شیخ جلال الدین بن محمود فاروقی تھانیسری

شیخ عبدالقدوس گنگوہی نعمانی

شیخ درویش بن محمد قاسم اودھی

سید بڈھن شاہ علوی بہرائچی

سید اجمل بن امجد الحسینی بہرائچی

شاہ بدیع الدین مدار مکن پوری

ضمیمہ-ن

رفاعیہ

خواجہ صوفی محمد امین شاہ

خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ

سلطان الاولیا خواجہ صوفی محمد حسن شاہ

حاجی الحرمین الشریفین شاہ محمد عنایت حسن خاں

شاہ محمد نبی رضا شاہ معروف بہ دادامیاں وملقب بہ اسد جہاں گیری

فخر العارفین شاہ محمد عبدالحئی جہاں گیری

شاہ امداد حسین معروف بہ حاجی شاہ محمد امداد اللہ فاروقی مہاجر مکی

Marfat.com

میاں جیو سید نور محمد علوی جھنجھانوی

الحاج سید عبدالرحیم الحسینی شہید ولایتی

شاہ عبدالباری بن شیخ ظہور اللہ صدیقی امروہوی

شاہ عبدالہادی بن شیخ ظہور اللہ صدیقی امروہوی

سید محمد عضدالدین متوکل بن سید حامد امروہوی

سید محمد مکی جعفری امروہوی

شاہ محمدی اکبر آبادی عرف شاہ فیاض

شاہ محب اللہ صدیقی الہ آبادی ملقب بہ شیخ کبیر

شاہ ابو سعید بن نور الدین نعمانی گنگوہی

شاہ نظام الدین بن عبدالشکور فاروقی بلخی

شیخ جلال الدین بن محمود فاروقی تھانیسری

شیخ عبدالقدوس گنگوہی نعمانی

شیخ درویش بن محمد قاسم اودھی

سید بڈھن شاہ علوی بہرائچی

سید اجمل بن امجد الحسینی بہرائچی

سید جلال الدین حسین معروف بہ مخدوم جہانیاں جہاں گشت

بطریق اویسیہ

شیخ احمد کبیر رفاعی

Marfat.com

ضمیمہ-س

مطبوعہ کتب میں چچا صاحب کا ذکر

حضرت صاحب کی حیات میں ان کے بارے میں جو مختصر کتابچے تحریر کیے گئے تھے ان میں سے جن میں چچا صاحب کا ذکر خیر آیا ہے، نیز چچا صاحب سے متعلق دیگر حوالہ جات کی ذیل میں نشان دہی کی جاتی ہے:

☆- اسلم حیات، محمد، **عرس مبارک حضرت شاہ مخلص الرحمان جہانگیر ہدا قادری**، لاہور، مئی ۱۹۹۲ء، ص ۷

☆- **جمال قطب عالم**، اردو ترجمہ، حافظ شاہ خدا بخش مینائی، ترتیب جدید و تدوین، خواجہ دلبر علی شاہ وارثی، کراچی، مکتبہ علیمیہ، اکتوبر ۲۰۱۰ء، ص ۲۳۲

☆- حسن نواز شاہ، **باباسید روشن علی شاہ، ضلع بہاول نگر میں سلسلہ مداریہ کی ایک کڑی**، مشمولہ، ماہ نامہ روہتاس رنگ، جہلم، جنوری ۲۰۱۱ء، ج ۴: ش ۱، ص ۱۰

☆- حسن نواز شاہ، **گوجر خان کے سہروردی مشائخ**، نڑالی/تحصیل گوجر خان، مخدومہ امیر جان لائبریری، دسمبر ۲۰۱۳ء، اول، ص ۴۲۳-۴۲۴-۴۲۵

☆- لعل محمد شاہ، صوفی نقیبی **اقتباسات سماعت**، حیدرآباد، مولف خود، ۱۹۹۰ء، ص ۲۳

☆- نقیبی، قادری محمد طفیل، **مجموعۂ تصوف فی مشاہدات نقیبی**، قصور، مؤلف خود، ۱۹۹۱ء، ص ۱۸

☆- وٹو، پروفیسر میاں محمد طفیل اختر، **وٹو قوم کا تاریخی ورثہ**، لاہور، دار الشعور، اگست ۲۰۱۰ء، اول، ص ۱۳۹-۱۴۰

ضمیمہ-ع

آن نور دین غزنوی سید حسینی دھلوی
باشد خلیفه اولین در حضرت شیخ الشیوخ

خورشید و ماه آسمان روشنگر راه خدا
در وصف و مدح شیخ ما وز حرمت شیخ الشیوخ

(دکتر محمد حسین تسبیحی "رھا")

Marfat.com

ضمیمہ-ف

غزل

بے خودی کھوئی گئی محو جمال یار میں
ہوشیاری جلوہ گر ہے طالب دیدار میں

ہے کمی کس بات کی اس در پہ اس دربار میں
ہاتھ پھیلا کر کوئی دیکھے تری سرکار میں

اور کیا ہے کیسہ ہائے طالبان یار میں
نقد دل لے لے کے آئے ہیں ترے دربار میں

زندگی اور موت دونوں ہیں تری سرکار میں
اک تری رفتار میں ہے اک تری گفتار میں

محویت بے جا نہیں ہے مجھ کو دید یار میں
صورت حق دیکھتا ہوں مصحف رخسار میں

ہو گا اک طوفان برپا دیدہ خوں بار میں
پھول نرگس کے نہ گوندھے جائیں ان کے ہار میں

ق

تشنگی بادہ [illegible] ہے مجھے
ساقی ملک اودھ کے خانہ خمار میں

ہے رگ و پے میں سرور بادہ [illegible]
شہر کے [illegible] کی سرکار میں

گرتے پڑتے ان کے قدموں میں پہنچ جاتا ہے سر
بے خودی بھی کام دے جاتی ہے بزم یار میں

Marfat.com

کار زار حشر سے کیا کام اے دیوانگی!
قبر سے اٹھے تو چل بیٹھیں گے کوئے یار میں
زندگی اور موت دونوں تیرے در کے ہیں غلام
تو وہ یوسف ہے کہ تیری دھاک ہے بازار میں
تو نے جب دیکھا تھا مجھ کو، تھی، محبت کی نظر
میں نے جب دیکھا تو برچھی تھی نگاہِ یار میں
نا خدائی قلزم عرفاں ہے اپنا ناخدا
اپنی کشتی ڈوب سکتی ہے کہیں منجدھار میں؟
گر پڑی جس دل پہ رشک طورِ سینا کر دیا
واہ! کیا اعجاز ہے برق جمال یار میں
شور بختی کے اترتے دور ہو جاتا ہے [درد]
آج تم ٹانکے لگا دو زخم دامن دار میں
میرا مضموں ہر بشر پر آئینہ ہو جائے گا
وصف روئے یار ہے قاتل مرے اشعار میں
(میر قاتل شاہ لکھنوی شکوری)(۱)

تضمین

رفعت سینا ہے شامل اوج بام یار میں
طور پر مدہوشیاں جو تھیں کلیم زار میں
ہو بھلا کب وہ تمھاری نرگس بیمار میں
بے خودی کھوئی گئی محو جمال یار میں
ہوشیاری جلوہ گر ہے طالب دیدار میں

Marfat.com

دو جہاں وابستہ تار گیسوئے خم دار میں
عیسوی اعجاز ہیں لب ہاے گوہر بار میں
دولت کونین بستہ ہے نظر کے تار میں
ہے کمی کس بات کی اس در پہ اس دربار میں
ہاتھ پھیلا کر کوئی دیکھے تری سرکار میں

قبر سے اٹھ کر کے جاؤں گا میں داور کے حضور
اہل محشر دیکھ کر پوچھیں گے مجھ سے یہ ضرور
صاف بتلاؤں گا ان کو ہوں نشے میں چور چور
ہے رگ و پے میں سرور بادۂ حبِّ شکور
شکر کے سجدے کروں گا حسن کی سرکار میں

ہاے ہم کو فخر ہے جو بے سر و سامانگی!
ہے ازل سے جب جنوں ہم پایۂ فرزانگی
بانیِ محشر نے ہی رکھی نہ کچھ بے رنگی
کار زار حشر سے کیا کام اے دیوانگی!
قبر سے اٹھے تو چل بیٹھیں گے کوئے یار میں

تم نے غرق بے خودی دل کا سفینہ کر دیا
خود نما ہو کر مجھے بھی اہل بینا کر دیا
مرگ تو کیا چیز ہے دشوار جینا کر دیا
گر پڑی جس دل پہ رشک طور سینا کر دیا
واہ! کیا اعجاز ہے برق جمال یار میں

Marfat.com

میری پیشانی کہاں ہے اور ان کا سنگ در
ان کی چشم فیض کا ہے ایک یہ ادنا اثر
یوں تو قسمت میں مری رسوائی لکھی تھی مگر
گرتے پڑتے ان کے قدموں میں پہنچ جاتا ہے سر
بے خودی بھی کام دے جاتی ہے بزم یار میں

نام الفت لب پہ آتا ہے الٰہی! الحذر
یار کی نظارہ بازی نے دکھایا یہ اثر
آخرش زخمی ہوا اپنا دل شوریدہ سر
اس نے جب دیکھا تھا مجھ کو تھی محبت کی نظر
میں نے جب دیکھا تو تھی برچھی نگاہِ یار میں

ابر چھا جاتا ہے، چھپ جاتی ہے سورج کی ضیا
بوئے گل بھی رہتی ہے گلشن میں محتاج صبا
کیوں نہ علوی حضرت قاتل نے سچ ہے یہ کہا
میرا مضموں ہر بشر پر آئینہ ہو جائے گا
وصف روئے یار ہے قاتل مرے اشعار میں

(سید فرزند علی علوی قاتلی اجمیری)(۲)

---

۱. روحی، شاہ محمد عمر، مرتب، دیوان قاتل، قلمی، حیدر آباد، شاہ محمد نظر رضا، ص۴۲-۴۳

۲. مخزونہ، مخدوم امیر جان لائبریری، نزالی

Marfat.com

ضمیمہ-ص

بابا صاحب کے لیے

میں نے دیکھا ہے اس کی آنکھوں میں
کوئی رہتا ہے اس کی آنکھوں میں

اس کی آنکھوں پہ لوگ مرتے ہیں
کچھ تو ایسا ہے اس کی آنکھوں میں

آنکھ تکتی نہیں ہے دیکھے سے
وہ اجالا ہے اس کی آنکھوں میں

اپنے ہونے پہ ناز کرنے کا
رقص دیکھا ہے اس کی آنکھوں میں

سب کی آنکھوں سے حل نہیں ہوتا
کیا معمہ ہے اس کی آنکھوں میں؟

رات زلفوں میں ڈوب جاتی ہے
دن نکلتا ہے اس کی آنکھوں میں

صبح ہونے کا خوش نما منظر
جھلکتا ہے اس کی آنکھوں میں

Marfat.com

شام جیسا مجبتی منظر
دیکھا بھالا ہے اس کی آنکھوں میں

وہ سمندر مثال ہے تب ہی
چاند ڈوبا ہے اس کی آنکھوں میں

کون تعبیر اس کی بتلائے
خواب دیکھا ہے اس کی آنکھوں میں

میں کنارے سے دیکھ سکتا ہوں
کوئی دریا ہے اس کی آنکھوں میں

باغ بھی اب تو اس سے جلتے ہیں
ایسا سبزہ ہے اس کی آنکھوں میں

ایک دنیا جو اس پہ مرتی ہے
کون جیتا ہے اس کی آنکھوں میں

وہ جو منزل کی اور جاتا ہے
ایسا رستہ ہے اس کی آنکھوں میں

سب کو اپنے قریب کرنے کا
وصف رکھا ہے اس کی آنکھوں میں

Marfat.com

شام ڈھلنے کا خوش نما منظر
میں نے دیکھا ہے اس کی آنکھوں میں

سب لگے ہیں تلاش کرنے میں
کیا خزانہ ہے اس کی آنکھوں میں

گر اجازت ہو ایک بات کہوں
فخر چھپتا ہے اس کی آنکھوں میں

حرف در حرف یاد ہے مجھ کو
جو بھی دیکھا ہے اس کی آنکھوں میں

میرے جیسے ہزار لوگوں کا
دل دھڑکتا ہے اس کی آنکھوں میں

یہ مبشر بھی دھیان جینے کا
بھول آیا ہے اس کی آنکھوں میں

جاؤ دیکھو سعید تو جا کر
شعر کہتا ہے اس کی آنکھوں میں

(مبشر سعید ملتان)

Marfat.com

ضمیمہ-ق

غزلیات

سر نیاز کو ہم جب بھی قبلہ رو کرتے
تمھارے نقش کفِ پا کی جست جو کرتے

نہ روبرو کبھی ہوتے نہ روبرو کرتے
ہمیشہ ان سے تصور میں گفت گو کرتے

دیار عشق میں کیا اور آرزو کرتے
تمام عمر سے اپنی ہی جست جو کرتے

ہمارے چاروں طرف جب کہ موسم گل تھا
ہم اپنے چاک گریباں کو کیا رفو کرتے

جبین شوق جو سجدوں سے آشنا ہوتی
ہم اپنے خون تمنا سے کیوں وضو کرتے

رموز عشق سے واقف جو ہوتے دیوانے
تمھارے حسن کا چرچا نہ کو بہ کو کرتے

رسائی جن کی فلک تک ترے کرم سے ہے
وہ چاند تاروں کی کس دل سے آرزو کرتے

Marfat.com

ہماری عرض تمنا کی بات رہ جاتی
اگر حضور کبھی پاس آرزو کرتے

طواف ساقیِ محفل کا عسکری کرتا
طواف عسکری پیمانہ و سبو کرتے

(یوسف عسکری)

اک ہجوم مے کشاں تھا رقص میں پیمانہ تھا
جس کو دیکھا مست تھا اور ہوش سے بے گانہ تھا

تیری چشم لطف تھی یا خود فراموشی کا جام
ہاتھ میں دامان ساقی سامنے مے خانہ تھا

تیرے ہر نقش قدم پر جھک گئی میری جبیں
مجھ کو اس سے کیا غرض کعبہ ہے یا بت خانہ تھا

اپنی ہستی کو مٹا کر پا لیا راز حیات
میرا ہر ہر سانس تیری یاد میں افسانہ تھا

اپنی ہستی ختم کر لینا ہی ہے عرفان عشق
اک قدم اور اس سے آگے سجدہ جانانہ تھا

دل میں تصویر صنم ہے لب پہ اسم یار ہے
سر مرا کعبے میں تھا اور دل مرا بت خانہ تھا

Marfat.com

تیرے پائے ناز پہ میری جبیں وقت نماز
میں ہی سجدہ ریز ہوں میں ہی در جانانہ تھا

لذت شوق شہادت کھینچ لائی تھی اسے
شمعِ محفل تھے وہی اور عسکری پروانہ تھا

(یوسف عسکری)(۲)

۱۔ نواز شاہ، خواجہ صوفی محمد، بیاض، نزالی، مخدومہ امیر جان لائبریری، ۱۹۸۵ء

۲۔ نواز شاہ، خواجہ صوفی محمد، بیاض، نزالی، مخدومہ امیر جان لائبریری، ۱۹۵۵ء

Marfat.com

ضمیمہ-ر

مکتوب راقم
بہ نام
صاحب زادہ شہزاد فرید شاہ
شاہ رضوان اختر سہروردی

اسلام آباد　　　　　　　　　　　　　　حوالہ نمبر: ۲۰۱۱/۱

۲۵ دسمبر-۲۰۱۱ء

عزیزی شہزاد و برادرم رضوان، سلامت باشد

سلام مسنون! برصغیر میں رائج وہ سلاسل جن میں سماع کا رواج ہے، ان کے ہاں سماع اور اعراس کی رسومات زیادہ تر چشتیہ سلسلے سے ماخوذ ہیں۔ برصغیر میں اب تک رواج پذیر سماع کے اکثر اصول، رسومات اور آداب خواجہ نظام الدین اولیا کے دور میں امیر خسرو کی بہ دولت طے پائے اور اب تک کسی نہ کسی صورت رائج ہیں۔

ہمارا سلسلہ جو کتابوں میں "سہروردیہ غزنویہ" کے نام سے معروف ہے، میں سماع کا رواج کب ہوا اس پہ کسی اور وقت گفت گو ہوگی۔ البتہ ہمارے ہاں رائج سماع کی اکثر رسومات: افتتاح، چادر پوشی (قوالوں کے ساتھ چادر کا اٹھایا جانا)، محفل رنگ وغیرہ چشتیہ سلسلے سے لی گئی ہیں۔ ذیل میں حضرت صاحب (خواجہ صوفی محمد نقیب اللہ شاہ) اور ان کے جملہ وابستگان کے رائج رسومات عرس کے بارے میں اب تک کی تحقیق میں سامنے آنے والی معلومات درج کی جاتی ہیں:

گروہوں کی آمد

بقول صوفی خاکسار احمد شاہ: سالانہ عرس پہ مختلف علاقوں سے جلوسوں کی آمد کا سلسلہ پہلی بار ۱۹۷۰ء میں انھوں نے شروع کیا اور پہلی بار وہ لاہور سے زائرین جلوس کی شکل میں لے کے آئے۔ انھوں نے یہ خیال مرزا تحصیل میں اپنے قیام کے دوران وہاں کے ایک دربار کے عرس کے موقع پر جس سے پچاس کی تعداد میں زائرین مختلف علاقوں سے ٹولیوں کی شکل میں دربار شریف کا ورد کرتے ہوئے حاضر ہوتے اور ہر ٹولی میں ایک آدھ بندے کے ہاتھ میں ایک جھنڈا ہوتا تھا (جھنڈے کا رنگ مخصوص نہیں تھا بس جس کے من جس رنگ کا پسند آیا وہ لے آتا

Marfat.com

نے جھنڈا بنا لیا)۔ انہی کا فرمانا ہے کہ اگلے سال صوفی ولایت علی شاہ (چنام/تحصیل: کلر سیداں) بھی راول پنڈی کے زایرین کا جلوس لائے جس میں لڈی والوں کی پارٹیاں شامل تھیں نیز آتش بازی کا سامان بھی تھا یعنی ان جلوسوں میں پنجاب و پوٹھوہار کا ثقافتی رنگ بھی شامل ہو گیا۔ اس بارے میں حضرت صاحب سے سوالات بھی ہوئے۔ حضرت صاحب کی حین حیات شایع ہونے والے ہفتہ روزہ حق گو (لاہور) میں اس کی تفصیلات ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

رسم افتتاح

افتتاح کی موجودہ رسم سلطان الاولیا صوفی محمد حسن شاہ کے پاکستان سے تعلق رکھنے والے خلفاے کرام میں صرف حضرت صاحب کے اور ان کے خلفا کے ہاں رائج ہے۔ موجودہ رسم بھی ۱۹۷۱ء کے بعد ہی شروع کی گئی اس سے قبل نہ تو پانچوں جھنڈے تھے اور نہ ہی قوال افتتاحی کلام پڑھتے تھے۔ موجودہ جھنڈے اور ان کے لیے رنگوں کا انتخاب بہ قول بابا صاحب (خواجہ صوفی محمد نواز شاہ): صوفی بشیر احمد شاہ (لاہور) چوں کہ فوجی تھے اور ان کا کہنا تھا کہ ہر پلاٹون کا اپنا جھنڈا ہوتا ہے سو چاروں سلاسل کے لیے ایک ایک جھنڈا ہونا چاہیے، اس تجویز کو حضرت صاحب نے بھی قبول کیا اور اس طرح یہ پانچوں جھنڈے (مع کلمہ طیبہ کے جھنڈے کے) رائج ہو گئے"۔

